باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

97

# ماہنامہ عبقری لاہور ®

جولائی 2014ء رمضان المبارک 1435 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل۔

قیمت فی شمارہ 45 روپے

## ناممکن روحانی مشکلات
## لاعلاج جسمانی بیماریاں

آزمودہ اور یقینی علاج کے لئے ماہنامہ عبقری سے دوستی

رمضان المبارک سپیشل ایڈیشن

## تربوز کے ساتھ گزاریں رمضان خوشگوار
## ہر قسم کے یرقان اور ہیپاٹائٹس کا آزمودہ
## رمضان کے بعد زندگی کیسے گزاریں؟
## خوشگوار صحت کیلئے ناک کو وقت دیں
## بواسیر کیلئے عجیب مگر زبردست عمل
## شادی کی بندش ایک ماہ میں ختم
## رمضان کا شکوہ مسلمانوں سے۔۔۔
## عید سے پہلے لیں گوری رنگت کا راز

## ''جنات کا پیدائشی دوست''
خاص شمارہ آپ کے ہاتھوں میں

- ستائیس سال سے جنی میرے ساتھ ہے
- سات صدیوں سے زیادہ آزمایا وظیفہ
- جن کی موت کا آنکھوں دیکھا واقعہ
- موتی مسجد میں ملا روحانی سکون
- سورۂ والضحیٰ سے فائدہ ہی فائدہ
- کیا آپ کے گھر میں خزانہ ہے؟
- جنات کے معاشقے اور افیئرز
- یَاقَھَّارُ اور جن سے لڑائی
- صحابی بابا سے ملاقات
- کالے جادو سے نجات
- بیٹے کو ملازمت مل گئی!
- رشتوں کے مسائل ختم
- رزق میں اضافہ کیلئے
- بے اولاد کو اولاد ملی!
- ہر اٹکا کام ہو جائے




الرجی کی تمام بیماریوں کیلئے نہایت اہم کتاب جو آپ کیلئے بہترین معاون اور رہبر ثابت ہوگی




قبض کب کیوں اور کیسے ہوتی ہے؟ اور اس کا علاج قبض کے متعلق سب سوالوں کا مفصل اور شافی جواب

لاکھوں لوگ اس سے گھریلو الجھنوں کے سلسلے میں استفادہ کرتے ہیں
www.ubqari.org facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari
موبائل پر FOLLOW UBQARI لکھ کر 40404 پر میسج کریں

حضرت حکیم صاحب کا لاہور کے علاوہ کسی اور شہر میں کلینک نہیں ہوتا۔ ملتے جلتے ناموں سے دھوکہ نہ کھائیں۔ عبقری اکیڈمی سے صرف عبقری ہی کی ادویات لیں اور دوسری ہرگز نہ لیں۔ حضرت کا کسی بھی شہر میں مشورہ کیلئے کوئی نمائندہ نہیں۔ بیرون شہر درس اور کلینک کا اعلان رسالہ میں ہوتا ہے۔ حضرت کا فیس بک، ٹیوٹر یا انٹرنیٹ پر ذاتی اکاؤنٹ اور تصویر موجود نہیں۔ رابطہ کیلئے عبقری کے پتے پر خط یا فون کریں۔

قدم قدم پر ٹینشن، پریشانیوں کے پہاڑ چاہتے ہیں آج یا کل ختم ہو جائیں تو پڑھیے عبقری کی کتاب ''ٹینشن میں ٹینشن سے کیسے بچیں'' پڑھیں بھی اور گفٹ بھی کریں، عمدہ صدقہ جاریہ ہے۔

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

**بیاد** حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

**زیر سرپرستی** حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت) حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

**شمارہ نمبر** 1 **جلد نمبر** 9 جولائی 2014ء رمضان المبارک 1435 ہجری

# فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور

جولائی 2014ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

**(ایڈیٹر) حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی** (پی ایچ ڈی (امریکہ))

**مشاورت** حکیم محمد خالد محمود چغتائی، تجمل الٰہی شمسی، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

**قیمت فی شمارہ 45 روپے** | **سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 690 روپے بیرون ملک سالانہ 63 امریکی ڈالر**

## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | روزہ اطہر کا سبز غلاف | 27 | جنات کے ہاں خطرناک ترین کیس |
| 4 | آخری چھ سورتوں کے فوائد | 28 | جنات کی موت کی کہانی پڑھیں |
| 5 | میں نے "جنات کا پیدائشی دوست" سے کیا فیض پایا | 29 | جنات کے معاشقے اور افیئرز |
| 6 | یاقہار کی برکت سے معذور بھائی ٹھیک | 30 | جنات کا لازوال اور بے مثال عشق |
| 7 | یَاقَهَّارُ نے اسی فیصد مسائل حل کردیئے | 31 | اولیاء کی نسلوں کی خدمت کرنے والے جنات |
| 8 | ہر معاملے میں غیب سے مدد | 32 | کیا آپ کے گھر میں خزانہ ہے؟ |
| 9 | یاقہار نے ناامیدی کو امید میں بدل دیا | 33 | محبت کے دبے خزانے نکالنے کیلئے |
| 10 | موتی مسجد میں جنات نے مجھ سے بات کی | 34 | ترقی رزق اور مغفرت ایک ساتھ پائیے |
| 11 | یَاقَهَّارُ اور جن سے لڑائی | 35 | ہائی بلڈ پریشر، کینسر اور شوگر کا پھلیوں سے علاج |
| 12 | ہفتہ میں کئی سال کا بیمار صحت یاب | 37 | تربوز کے ساتھ گزاریں رمضان خوشگوار |
| 13 | سورۂ اخلاص کے عمل نے رنگ دیا | 38 | درود شریف سے تنگدستی، فقر اور غربت بالکل ختم |
| 14 | بے سکونی سکون میں بدل گئی | 39 | خوشگوار صحت کیلئے ناک کو وقت دیں |
| 15 | یَاقَهَّارُ پڑھیں جلد شادی کروائیں | 40 | گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ |
| 16 | موتی مسجد کا عمل اور شاندار رزلٹ | 41 | قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں |
| 18 | 12 سے 15 سکیل میں ترقی | 44 | بیٹے نے دادا کا بدلہ باپ سے لے لیا |
| 19 | موتی مسجد میں نوافل کا طریقہ عمل | 45 | رمضان کا شکوہ مسلمانوں سے۔۔۔ |
| 20 | جنات کا پیدائشی دوست (خاص نمبر) | 46 | رمضان کے بعد زندگی کیسے گزاریں؟ |
| 21 | مایوسی، پریشانی، تنگدستی دور | 47 | قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے |
| 23 | صلہ رحمی نہ کرنے کا بھیانک انجام | 49 | عید سے پہلے لیں گوری رنگت کا راز |
| 24 | بے اولادوں کو اولاد بے گھروں کو گھر ملے | 50 | عبقری رسالہ، کتب، ادویات آپ کے شہر میں مایوس لاعلاج مریضوں کیلئے آزمودہ ادویات |
| 25 | بغدادی جن نے دیا طاق راتوں کا شاندار عمل | | |


**ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں**

## رمضان کے مقدس لمحات حضرت حکیم صاحب کے ساتھ

صحابہ کرامؓ واہل بیتؓ اولیاء کرام اور بزرگان دین رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی خود کو اور اپنے اوقات کو رمضان کے قیمتی لمحات کیلئے فارغ کر لیتے تھے۔ ان قیمتی گھڑیوں، بابرکت لمحات، اصلاح نفس، تزکیہ باطن، اور اپنی زندگی سنوارنے والوں کیلئے حضرت حکیم صاحب کی صحبت اور زیر نگرانی تسبیح خانہ میں وقت گزارنے کا نادر موقع۔ پورا مہینہ، چند دن یا آخری عشرہ بھی قیام کی اجازت ہے۔ خواہش مند حضرات دفتر ماہنامہ عبقری میں رابطہ فرمائیں۔

**نوٹ:** حسب موسم بستر ہمراہ لائیں، سحری اور افطاری کا مکمل انتظام ہوگا۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

**صرف ایک میسج کریں سامان ہم خود وصول کرلینگے 0343-8710009**

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ درج بالا نمبر پر مکمل پتہ لکھ کر میسج کریں اور موبائل جو آپ کے استعمال میں ہے دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں

**صرف ایک میسج کریں کتابیں ہم خود وصول کرلینگے**

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ اس نمبر 0343-8710009 پر مکمل پتہ لکھ کر میسج کریں اور موبائل جو آپ کے استعمال میں ہے لکھیں منگوانے کا انتظام ہم خود کرینگے یا پھر آپ ازراہ کرم ارسال فرمادیں۔ نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

## حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کیلئے آنے سے پہلے

صرف اس نمبر 0322-4688313 پر وقت لیکر آئیں۔ حضرت حکیم صاحب صرف (پیر، منگل، بدھ، جمعرات) کو ملاقات کرتے ہیں۔ بغیر وقت لینے آنیوالے حضرات سے معذرت، بحث سے گریز کریں۔ وقت پر نہ آنے والے حضرات کی باری کینسل ہوجائیگی، یہ شیڈول تمام ملاقاتیوں کیلئے ہے۔ (روحانی وجسمانی دونوں)

**خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" مرکز روحانیت وامن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور** (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

**نقشہ** مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

**فون / فیکس** 042-34725801-37425802-37425803-37552384-37597605-37586453

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

حال دل۔ ایڈیٹر کے قلم سے

جو میں نے دیکھا' سنا اور سوچا

# روضہ اطہر کا سبز غلاف

13 اپریل 2014ء کراچی کا درس' بہت زیادہ مصروفیات تھیں۔ کراچی کی معروف شخصیت جناب محترم حاجی مسعود پاریکھ صاحب نے دوپہر کے کھانے کی دعوت دی' محترم حاجی صاحب کے پاس گزشتہ 16 فروری 2014ء (بحوالہ: روزنامہ امت' کراچی) روضہ اطہر ﷺ کے خاندانی خادم یعنی ایسے خدام جو نسل در نسل حضور سرورکونین ﷺ کے روضہ اطہر یعنی جالیوں کے اندر جاروب کشی اور خدمت کرتے ہیں (صفائی' جھاڑ پھونک وغیرہ) ان کا نام فضیلۃ الشیخ احمد علی نوری حبشی حفظہ اللہ کراچی میں محترم حاجی صاحب کی دعوت پر پہلی دفعہ پاکستان تشریف لائے۔ خادم روضہ اطہر ﷺ آتے ہوئے آقا ﷺ کے روضہ کے اندر کا سبز ریشمی غلاف جس کی لمبائی تیس انچ مربع کا ایک مبارک ٹکڑا جس پر قرآنی آیات اور حضور اقدس ﷺ کی شان میں جو آیات تھیں وہ لکھی ہوئی ہیں۔ محترم حاجی صاحب کیلئے ہدیۃً تبرکاً ساتھ لائے۔ حاجی صاحب کی دریا دلی شفقت' سخاوت اور فیاضی کا سمندر کہ بجائے اس کے کہ وہ سبز غلاف مبارک کے حصے کر کے مختلف احباب میں تقسیم کرتے وہ سارے کا سارا غلاف مجھے عطا فرمایا۔ بس یہ اتنی بڑی دولت ہے کہ اس دولت کو میں گمان نہیں کر سکتا۔ آقا کے روضہ اطہر کے اندر کا سبز غلاف مبارک روز اول سے بابرکت اور قابل احترام رہا ہے۔ اس کے چند واقعات میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں: تبرکات کی عظمت کا بڑوں کے ہاں کیا مقام تھا اور کیا عظمت تھی؟ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس روضہ اطہر ﷺ کا سبز غلاف مبارک کا ایک ٹکڑا تھا جمعہ کے دن اسے چومتے' درود پاک پڑھتے' آنکھوں سے لگاتے' سینے سے لگاتے اور باقاعدہ جمعہ کے دن مخلوق خدا اس کی زیارت کیلئے آتی۔ (بحوالہ: الشہاب الثاقب ص نمبر 52) اسی طرح جناب محترم صوفی محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں روضہ اطہر ﷺ کے اندر کی خاک شفاء اور سبز غلاف مبارک کا ادب تکریم تعظیم اور اس کی برکت باقاعدہ حاصل کی جاتی تھی۔ وہ کیا عظیم غلاف مبارک کا سبز ٹکڑا ہوگا جو آقا ﷺ کے روضہ اطہر کے یعنی جالیوں کے اندر چاروں طرف لٹکایا جاتا ہے۔ جہاں اربوں کھربوں درود و سلام انسان جنات اور فرشتے ہر وقت پڑھتے رہتے ہیں۔ اس غلاف مبارک کی کیا برکت ہوگی اور اس کی کیا شان ہوگی۔۔۔؟؟؟ بیماریوں کیلئے تکلیفوں کیلئے' بندشوں کے خاتمہ کیلئے' مشکلات کے حل کیلئے' مسائل کو دور کرنے کیلئے اس غلاف مبارک کو دیکھنا آنکھوں کو ٹھنڈا کرنا اور دیکھتے ہوئے درود پاک پڑھنا یقیناً یقیناً بلکہ سو فیصد یقیناً مشکلات و مسائل کا حل' پریشانیوں کی دوری' گھریلو الجھنوں کا سو فیصد حل اور سو فیصد حل ہی ہے۔ بس یقین کی بات ہے۔ **چند واقعات:** چند واقعات سبز غلاف مبارک کے بارے میں عرض کرتا ہوں سلطان نورالدین زنگی رحمۃ اللہ علیہ نے جب روضہ اطہر کی حفاظت کیلئے چاروں طرف سیسہ کی دیوار چنی تو انہیں اس وقت کے روضہ اطہر ﷺ کے خادم نے ایک غلاف مبارک کا ٹکڑا دیا' سلطان اس کی حفاظت اپنی جان سے زیادہ کرتے تھے۔ ہر جمعہ کے دن اور شب جمعہ کو باقاعدہ اس کی زیارت ہوتی سلطان کا اصول تھا کہ پہلے ایک تسبیح درود شریف پڑھتے پھر اس کی زیارت کرتے اور سلطان خود فرماتے ہیں' میں نے جب بھی جس مقصد کیلئے اس کی زیارت کی میرے تمام مقاصد پورے ہوئے فتوحات ملیں رزق ملا عزت ملی' شان و شوکت ملی۔ ملتان کے حاکم سلطان ملک مظفر ایک عادل حاکم تھے۔ جن کے نام کی وجہ سے مظفر گڑھ ہے۔ ان کے پاس ایک روضہ اطہر ﷺ کے غلاف مبارک کا ٹکڑا تھا ان کا معمول تھا جب بھی سفر و حضر میں جاتے وہ اس کو اپنے ساتھ رکھتے اور جب بھی کوئی مشکل پیش آتی درود شریف پڑھ کر اس کی زیارت کرتے اللہ سے دعا کرتے اور اللہ تعالیٰ ان کے تمام مقاصد پورے کرتا اور تمام مشکلات حل کرتا۔ شاہ عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرزندان کے بارے میں یہ روایت ہے کہ شیخ کو روضہ اطہر ﷺ کا سبز غلاف مبارک کا ٹکڑا سفر مدینہ میں میسر ہوا بہت زیادہ اس کا اکرام اور تکریم کرتے تھے بلکہ تواتر سے واقعات ہیں کہ لوگ مشکلات کے حل اور حصول مراد کیلئے ان کے دروازے پر دستک دیتے اور وہ غلاف مبارک کی زیارت کراتے اور غلاف مبارک کی زیارت اور درود پاک کی برکت سے لوگوں کی مشکلات اور پریشانیاں دور ہوتیں۔ میرے شیخ حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمہ اللہ ایک واقعہ فرمایا کرتے تھے کہ دہلی کے قیام کے دوران کوچہ کاشغری میں ایک بزرگ مجذوب ہوا کرتے تھے' ان کی کیفیات بہت اچھی ہوتی تھیں بعض اوقات ان پر جذب کی کیفیت ہوتی تھی ان کے پاس روضہ اطہر ﷺ کا سبز غلاف مبارک کا ٹکڑا تھا انہوں نے اس غلاف مبارک کے ٹکڑے کو ایک چمڑے کے باکس میں بند کیا ہوا تھا بس وہ سارا دن ان کے سر پر پگڑی کی طرح بندھا ہوا ہوتا تھا اور ہر وقت درود پاک پڑھتے رہتے تھے۔ صرف اس وقت اتارتے جب رفع حاجت کیلئے جانا ہوتا تھا اس کے علاوہ نہیں۔ حتیٰ کہ رات کو سوتے ہوئے ان سرہانے وہ چمڑے کا باکس موجود ہوتا تھا۔ میرے شیخ مرشد حضرت ہجویری رحمہ اللہ فرماتے تھے مجھے ایک دفعہ بخار ہوا جو تقریباً اڑھائی مہینے تک باقی رہا کسی علاج سے نہیں جاتا تھا میری پھوپھی جو خود میرے والد سے بھی بڑی تھی' انہوں میری انگلی پکڑی اور ان مجذوب کے گھر لے گئی ان کے گھر میں ہر وقت زیارت اور غلاف مبارک سے برکت حاصل کرنے والوں کا ہجوم رہتا تھا دور دور سے لوگ حتیٰ کہ یہاں تک سننے میں آتا ہے اتنی دور سے بھی لوگ آتے ہیں جو نو نو دن تک سفر کر کے اپنے مریض لاتے تھے یا پھر دل کی کوئی مراد یا مقصد ہوتا تھا جو بھی جس مقصد کیلئے آتا درود شریف پڑھتا غلاف مبارک کی زیارت کرتا اور اس کا مقصد پورا ہوتا' مرادوں کی تکمیل ہوتی اور مشکلات حل ہوتیں۔ میرے مرشد حضرت ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس غلاف کی برکت سے اللہ نے مجھے شفاء عطا فرمائی۔ **قارئین!** یہ اس مبارک غلاف کی برکات ہیں جو آقا ﷺ کے روضہ اطہر ﷺ کی چاروں طرف جالیوں کے اندر لٹکا ہوا۔ برصغیر میں 1935 سے قبل ایک ایسا المناک واقعہ ہوا کہ پورے ملک کو طاعون کی بیماری نے لپیٹ لیا' محلوں کے محلے بستیوں کی بستیاں اور گھروں کے گھر خالی ہو گئے' سینکڑوں علاج' ٹوٹکے آزمائے گئے۔ آقا ﷺ کے روضے اطہر کا سبز غلاف اس وقت پورے برصغیر میں صرف دو جگہ تھا ایک دلی میں اور ایک بہاولپور کے ایک بزرگ کے پاس۔ یہ بات تصدیق شدہ ہے جنہوں نے بھی سبز غلاف مبارک کے قریب جا کر دعا مانگی ان کی دعائیں قبول ہوئیں' بیماریاں ختم ہوئیں اور وباء نے انہیں لپیٹ میں نہ لیا۔ قدرت اللہ شہاب اپنے شہاب نامے میں لکھتے ہیں کہ 1960ء میں اور صدر ایوب خان کے ساتھ عمرہ میں گئے وہاں انہیں صدر ایوب خان کے ساتھ مدینہ منورہ میں روضہ اطہر ﷺ کے حجرہ مبارک میں جانے کی سعادت نصیب ہوئی' اندر داخل ہوتے ہی صدر ایوب پر ہیبت اور رقت طاری ہوگئی' لمحہ بھر کیلئے انہوں نے دونوں ہاتھوں سے روضہ اطہر ﷺ کا غلاف تھام لیا' آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے قدرت اللہ شہاب مزید لکھتے ہیں کہ میں نے زندگی بھر انہیں صرف ایک بار اتنے زیادہ آنسو بہاتے دیکھا۔ قارئین! میری چاہت ہے یہ برکت صرف مجھ تک نہ رہے بلکہ دکھی انسانیت اور مشکلات میں گھری مدینے والے ﷺ کی امت بھی اس سے فیض حاصل کرے۔ انشاء اللہ عنقریب جلد ہر ماہ مخلوق خدا کو بغیر ٹوکن اور وقت لیے میرا دم کرنے کا پروگرام ہے کوشش ہوگی کہ ساتھ اس غلاف مبارک کی زیارت بھی ہو جائے۔ واضح رہے کہ غلاف مبارک کی برکات اور اس کی تاثیر چودہ صدیوں کی تاریخ میں بے شمار واقعات رکھتی ہے جس نے بھی ادب سے دیکھا درود پاک پڑھتے ہوئے اور دل میں جو مراد اور مشکل کو ذہن میں رکھا اللہ تعالیٰ نے وہ پوری کی اور وہ مشکل حل ہوئی۔ **نوٹ:** اگر آپ کے پاس مزید کوئی واقعہ' تجربہ ہو تو ضرور لکھیں۔

اگر گھر کے آٹے پر سورۂ یٰسین 3 بار سورۂ مزمل 7 بار سورۂ فاتحہ 7 بار چاروں قل تین تین بار آیت الکرسی 3 بار آیت کریمہ 11 بار روزانہ پڑھیں پھر اسی آٹے کو گوندھیں اور روٹی پکا کر گھر میں کھلائیں جو روٹی بچ جائے پرندوں کو ڈالیں گھر کے جھگڑے اور اولاد کی نافرمانی کے لیے آزمودہ ہے۔ بحوالہ کتاب: مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات

سورۂ حشر کی آیت 21 تا 24 تک سفید پلیٹ پر لکھ کر آب باراں سے دھو کر پینے سے ذکاوت اور فطانت بہت زیادہ ہو جاتی ہے اس کے علاوہ کسی بھی قسم کا درد ہو کسی بھی عضو میں ہو باوضو اس کے پڑھنے سے درد رفع ہو جاتا ہے۔ بحوالہ کتاب: گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے

درس روحانیت وامن

# آخری چھ سورتوں کے

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

**چھ سورتوں سے بیماریوں کے نظام لپٹ گئے:** چھ سورتوں کے ذریعے سے بیماریوں کے نظام لپٹ گئے۔ایک صاحب میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ: دن رات میرے اندر نافرمانی کی طلب تھی۔ میں نے اُن سے کہا کہ اپنی سنتوں میں آخری چھ سورتیں پڑھ ،پہلی رکعت میں تین پھر دوسری رکعت میں تین۔ مجھے ایک دفعہ کہنے لگے: جب میں سورتیں پڑھتا ہوں تو میری زبان بند ہو جاتی ہے۔ میں نے کہا تجھے شیطانی چیزیں کیسے پڑھنے دیں گی؟ جو لوگوں کو نافرمانی کرانے پر مسلّط ہیں۔ ہمت کر کے پڑھ۔ پھر ایک دن وہ صاحب کہنے لگے: اب میری زبان بند نہیں ہوتی۔ میں نے کہا زبان کو درود شریف کا ہدیہ دے۔ وہ صاحب کہنے لگے کیسے۔۔۔؟ میں نے کہا: طریقہ یہ ہے کہ درود شریف دس مرتبہ، بیس مرتبہ یا تیس مرتبہ پڑھ کر یہ کہو کہ اے زبان تجھے درودِ پاک کا ہدیہ ہے۔ کیونکہ اعضاء بھی زندہ ہیں' قیامت کے دن ہر عضو بولے گا۔ فرمایا: قیامت کے دن صرف زبان چپ ہوگی باقی سب اعضاء بولیں گے۔ آج زبان بول رہی ہے اور جسم سارا خاموش ہے تو قیامت کے دن ہر عضو بولے گا۔ اللہ والے تو زبان سے کہہ تجھے ہدیہ ہے مہربانی کر تو میرے اللہ کی توفیق سے درود کے نور سے میرے لیے کھل جا۔ کہنے لگے: میں نے جب سے زبان کو درود کا ہدیہ دیا ہے اب میری زبان کھل گئی ہے اور میں چھ سورتیں پڑھ لیتا ہوں اور اب عالم یہ ہے کہ نافرمانی سے مجھے ایسی گھن اور نفرت ہے کہ شاید دنیا میں سب سے نفرت ترین چیز میرے لیے یہی ہے۔ میرے محترم دوستو! آخری چھ سورتیں جلد کی بیماریوں، معدے کی لاعلاج بیماریوں، کینسر کی لاعلاج بیماریوں، جسم کی لاعلاج بیماریوں کے لیے شفاء ہیں۔

ایک بات یاد رکھیے گا کہ کبھی مسنون اعمال کے فوائد و مشاہدات بتاتے ہوئے مت شرمایئے گا۔۔۔! جب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم زندگی پر چل ہی پڑے ہیں اور مسنون اعمال کو مسلسل کرنے کی کوشش کر ہی رہے ہیں تو پھر ان پر سو فیصد مطمئن بھی رہیے گا۔ کبھی آپ نے خواجہ سرا کو دیکھا ہے وہ اپنی غیر فطری زندگی پر مضبوطی سے جما ہوتا ہے اور اس پر فخر کرتا ہے' کسی کا طنز' کسی کا طعنہ اسے ہرگز متاثر نہیں کرتا تو پھر ہم حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مبارک اور فطری زندگی پر کیوں فخر اور اطمینان محسوس نہ کریں۔ اس پر فخر اور سکون کا احساس ہر پل' ہر لحہ جسم و جاں میں رہنا چاہیے۔ ایسا سکون ہو جس سے متاثر ہو کر دوسرے بھی اس مبارک زندگی کو اپنانے کی کوشش اور چاہت کریں۔ نہ کہ آپ کی بے اطمینانی اور شرمساری کو دیکھ کر مزید بدظن ہوں۔

مجھے ایک دوست کہنے لگے کہ میں پشاور اور سوات ہر مہینے کولیکشن کے لیے جاتا ہوں، جانے سے پہلے آیۃ الکرسی اور چھ سورتیں پڑھ کے جاتا ہوں، الحمدللہ کبھی نقصان نہیں ہوا ایک دفعہ موٹر وے پر میں نے کسی کو ساتھ لینا تھا اُسے ڈھونڈتے ڈھونڈتے میں اوور سپیڈ ہو گیا تو میرا چالان ہو گیا۔ اب وہ چالان کا کاغذ انہوں نے جب مجھے تھمایا تو میں نے سوچا کہ میں نے تو چھ سورتیں پڑھیں تھیں اعمال کی طاقت گھر سے لے کر نکلا تھا میرا چالان تو نہیں ہونا چاہیے تھا۔۔۔؟ میں گاڑی میں بیٹھتے بیٹھتے پولیس والے سے بات چیت کرنے لگا۔ اُس نے چالان کا کاغذ واپس لے لیا اور کہنے لگا جاؤ۔ میں جس کو بتاتا ہوں احباب مانتے نہیں کہ کٹا ہوا چالان اور موٹر وے پولیس والے واپس لے لیں؟ ممکن ہی نہیں! لیکن یہ حقیقت ہے۔ اعمال سے بننے اعمال سے پلنے اور اعمال سے بچنے کا یقین ہو تو پھر ایسے ہی کرم ہوتا ہے۔

**آخری پیغام:** دو انمول خزانہ جس کو یاد نہیں وہ یاد کرے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پنجابی بول سکتے ہیں، انگلش میں بات کر سکتے ہیں، کیونکہ انگلش بولنا ضرورت تھی، بولنا سیکھ لی' ایسی سیکھی کہ گورے بھی شرمائیں لیکن اُردو نہیں بول سکتے ۔ دو انمول خزانے ہماری دنیا و آخرت کی ضرورت ہیں، عزمِ صمیم سے یاد کریں۔ 70 سال کے بوڑھے کو جذبہ آ گیا کہ میں نے انگلش میں ایم۔اے کرنا ہے' پی۔ ایچ۔ ڈی کرنی ہے اور وہ کر لیتا ہے۔ بہت سے لوگ ایسے دیکھے ہیں میں نے یہ ڈگری لینی ہے وہ لے لیتے ہیں' حالانکہ اصل ڈگری بعد میں آتی ہے اور عزرائیل اپنی ڈگری لے کر چلا جاتا ہے۔ اکثر پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری بعد میں آتی ہے۔ عزرائیل اسے قبر میں پہنچا کے بالکل مطمئن ہو کر کپڑے جھاڑ کر بیٹھ جاتا ہے۔ تو اللہ والو! جو لوگ آخرت کے نظام کو لے کر چلیں گے وہ دنیا میں بھی پلیں گے، آخرت میں بھی اللہ پاک اسکے ذریعے سرخرو کریں گے۔ تو قرآن کے ہر حرف پر نیکی ہے جہاں دنیا کا فائدہ دیتی ہے وہاں آخرت کا بھی فائدہ بھی ہے۔ دو انمول خزانے کی آخری دُعا حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہٗ کی ہے۔ اللہ اکبر۔۔۔! اسکے بے شمار فائدے ہیں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہٗ سے کسی نے کہا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے گھر میں آگ لگ گئی ہے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا: آگ نہیں لگی۔ ایک اور فرد نے کہا: کہ آگ لگی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا: نہیں لگی، الغرض بہت سے احباب کہتے رہے، آپ رضی اللہ عنہٗ فرماتے رہے کہ نہیں لگی۔ احباب نے پوچھا کیا وجہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اتنے یقین کامل سے کہتے ہیں کہ آگ نہیں لگی آپ رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا! میں نے حدیث کی یہ دُعا: **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ**۔۔۔۔ پڑھی ہوئی تھی مجھے اس دُعا پر کامل یقین تھا۔ اس لیے میں کہتا ہوں مال بچے اسباب سے بچیں، مشکلات سے بچیں گناہوں کی آگ سے بچیں، پریشانیوں کی آگ سے بچیں، بیماریوں کی آگ سے بچیں، دکھوں کی آگ سے بچیں، غموں کی آگ سے بچیں، اولاد کی نافرمانی کی آگ سے بچیں، گھر کے جھگڑوں کی آگ سے بچیں، غربت فاقوں کی آگ سے بچیں۔ اللہ ہمیں دنیا کی آگ سے بچائے، آخرت کی آگ سے بھی محفوظ فرمائے۔ تو بس یقین سے روزانہ پڑھیں۔ (جاری ہے)

## درس سے فیض پانے والے

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** عبقری رسالہ سے میرا تعارف میری ایک دوست نے کروایا اور میں عبقری رسالہ 2009ء سے پڑھ رہی ہوں۔ رسالہ سے آپ کی ویب سائٹ کا اڈریس دیکھا تو آپ کا درس پہلے نیٹ پر کبھی کبھی سن لیا کرتی تھی لیکن پچھلے رمضان المبارک سے اب تک باقاعدگی سے سن رہی ہوں' بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ بہت کچھ سیکھا ہے' آپ کے بتائے ہوئے اعمال اور آپ کے درس سے بہت کچھ ملا ہے۔ زندگی کا مقصد مل گیا ہے۔ بہت سکون ملتا ہے۔ جیسے آپ دعا مانگتے ہیں میں نے آپ سے دعا مانگنی سیکھ لی ہے۔ مجھے آپ کا دعا مانگنے کا طریقہ بہت پسند ہے۔ دل کرتا ہے سنتے رہو' دعاؤں میں رونا آ گیا ہے۔ خدا سے مانگنا سیکھ رہی ہوں۔ نماز پڑھنے میں مزہ آتا ہے' یہ سب میرے والدین کی دعائیں اور آپ کی وجہ سے خدا کا مجھ پر فضل ہے۔ (م۔ل۔رحیم یار خان)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے خطبات عبقری مکمل سیٹ کا مطالعہ کریں۔

**جہنم کے درمیان تین خندقیں:** جو شخص اللہ کی خوشنودی کیلئے ایک دن کا اعتکاف کرے اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان 3 خندقیں حائل کردے گا جس کی مسافت آسمان وزمین کے فاصلے سے زیادہ ہوگی۔ (بخاری) **بحوالہ کتاب: رمضان المبارک کے جسمانی وروحانی ٹوٹکے**

منقول ہے کہ ایک شخص نے جو معاصی میں منہمک اور مبتلا رہتا تھا ایک دن رمضان میں اپنے گناہوں پر غور کیا اور نادم ہو کر کہا اللھم الغفرلی غفرانك۔۔ تین مرتبہ ہی کہا تھا کہ دم نکل گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا اور اس کو شہیدوں کا مرتبہ عطا فرمایا۔ **بحوالہ کتاب: ندامت کے آنسو۔**

# میں نے ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ سے کیا فیض پایا...؟

ایسے لوگوں کے مشاہدات کی سچی آپ بیتیاں جنہوں نے ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ سے زندگی کا سُکھ پایا۔۔۔ان کی کہانی انہی کی زبانی پڑھیں.

## یَاقَھَّارُ کے ورد سے بہتری ہی بہتری

(حسن امین‘ ٹیکسلا)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ رب العزت آپ کے درجات بلند کرے‘ آپ کو صحت اور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین۔**محترم حکیم صاحب!** میں آپ کا ماہنامہ عبقری باقاعدگی سے پڑھتا ہوں‘ عبقری کے ایڈیشن نمبر 84 میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں ایک ورد یَاقَھَّارُ کے متعلق پڑھا‘ میں نے اُسی ترتیب سے وہ ورد آج سے تین مہینے پہلے شروع کیا‘ اُس رسالہ میں ورد کے دو تین طریقے شائع ہوئے تھے جن میں سے میں نے ایک طریقہ اپنایا وہ یہ تھا کہ صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھنا ہے اس کے علاوہ سارا دن جتنا پڑھ سکیں پڑھیں‘ جتنا زیادہ پڑھیں گے‘ اتنا زیادہ نفع حاصل ہوگا۔ میں نے ورد شروع کیا لیکن اگر کسی وجہ سے ورد میں کوئی کوتاہی آجاتی تو صبح وشام لازمی طور پر گیارہ سو کی تعداد پوری کرتا ہوں جیسا کہ رسالہ میں ذکر کیا گیا تھا کہ جب ہم یہ ورد شروع کریں گے تو اس ورد کو کرنے سے ایک انوکھی طاقت خواب کے ذریعے ہمیں روکے گی۔ لیکن ہمیں ورد کو جاری رکھنا ہوگا۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ مجھے بھی رات کو خواب میں یہ اشارہ ملا کہ میں اس ورد کو ترک کردوں لیکن میں نے اب تک اس ورد کو جاری رکھا ہوا ہے اور باقاعدگی سے کرتا ہوں اور الحمدللہ اس کے بہت اچھے نتائج دن بدن سامنے آرہے ہیں اور میرے مسائل حل ہورہے ہیں۔

## یَاقَھَّارُ اور محمد رسول اللہ کے کمالات

(ج،ر)

بندہ ناچیز کا قرآن وحدیث اور روحانی وظائف سے بچپن سے تعلق ہے‘ اللہ کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اللہ نے قرآن وحدیث اور روحانی وظائف کی نسبت والدین اور اساتذہ کرام کی دعاؤں سے بہت کچھ دیا ہے۔ اللہ پاک نے حکمت کا علم بھی عطا فرمایا ہے۔ بزرگوں‘ اہل اللہ‘ علماء کرام قاری قرآن‘ نیک لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے اور ان کی خدمت کے عوض اللہ پاک نے بہت کچھ عنایت فرمایا ہے۔ مزید دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے علم میں اضافہ فرمائے آمین۔ فروری 2013ء میں ماہنامہ عبقری سے تعارف ہوا۔ تعارف کیا ہوا‘ بس عبقری رسالہ اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور حضرت حکیم صاحب سے عقیدت اور محبت سی ہوگئی ہے۔ اللہ پاک مزید عبقری ادارہ‘ عبقری رسالہ‘ عبقری ادویات اور علامہ لاہوتی پراسراری کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے۔ آمین۔ اسم یَاقَھَّارُ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے‘ اس کا معنی ہے (زوروالا) اور واقعی ہر مسلمان کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ وہ ہستی وہ ذات ہے جو سب سے زیادہ طاقت ور اور زبردست زوروالا ہے۔ اللہ کے آگے کل کائنات‘ کل جہان‘ زمینوں‘ آسمانوں‘ پہاڑوں‘ سمندروں‘ ریگستانوں کی تمام مخلوقات چاہے جن ہوں یا انسان سب کی سب چیزیں کوئی حیثیت و وقعت نہیں رکھتی ہیں کیونکہ سب جہانوں کا پیدا کرنے والا اللہ ہے۔ اللہ کا ہر چیز پر قبضہ ہے۔ اللہ جیسے چاہتا ہے بس وہ فوراً ہوجاتا ہے اور اگر اللہ جو نہیں چاہتا زمین و آسمان کی تمام مخلوقات زور لگا کر دیکھ لیں کہ وہ ہوجائے وہ نہیں ہوگا۔ محترم قارئین! یہ روحانی وظائف‘ روح اور جسم انسانی کی نشوونما اور پاکیزگی کا ذریعہ خاص طور پر قرب الٰہی کا ذریعہ ہیں۔ یہ روحانی وظائف اور قرآنی آیات اللہ کا ذکر ہی ہیں۔ ان وظائف کی افادیت و اہمیت‘ طاقت صرف وہی لوگ جانتے ہیں جو اہل علم‘ اہل عمل‘ اللہ پر پختہ یقین اور اپنے پیرومرشد شیخ کامل کی اتباع اللہ اور اللہ کے حبیب سرورکونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکموں اور طریقوں پر زندگی گزارنے والے ہوتے ہیں جو یہ چاہے کہ میں خود اکیلے پیرومرشد کے بغیر منازل طے کرلوں گا یہ نہیں ہوسکتا بلکہ وہ الٹا نقصان اٹھائے گا اور ایسے کئی لوگ اس دنیا میں ہم نے دیکھے ہیں جنہوں نے پیرومرشد کے بغیر روحانی علوم میں ترقی ومنازل طے کرنے کی کوششیں کیں یا تو وہ پاگل ہوگئے ہیں یا پھر اپنا ایمان دے بیٹھے ہیں۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب‘ حضرت حکیم صاحب نے عبقری رسالہ میں چونکہ افادہ عام کی خاطر عبقری رسالہ پڑھنے والے تمام قارئین کو ان وظائف کی اجازت دے رکھی ہے۔ لہٰذا مجھے امید ہے جو انسان یہ وظائف نہایت ذوق وشوق محبت اور لگن‘ حلال وحرام کا فرق پہچانتے ہوئے‘ نماز‘ روزہ کی پابندی کرتے ہوئے پڑھے گا وہ ضرور روحانی دنیا میں ترقی کرے گا۔ اگر کسی کو یہ وظائف کرتے ہوئے تکلیف ہو تو وہ ضرور حضرت علامہ لاہوتی پراسراری اور حضرت حکیم صاحب سے بذریعہ خط رابطہ میں رہیں۔ خیر المختصر اسم یَاقَھَّارُ اور **محمد رسول اللہ** کو بندہ ناچیز نے اپنے خاص روحانی‘ جسمانی‘ کاروباری لوگوں کی بھلائی کیلئے پڑھا ہے اور پڑھ بھی رہا ہے۔ ماشاءاللہ بہت بابرکت وظیفے ہیں۔ میں نے خاص یَاقَھَّارُ اگر کسی مریض کو پڑھنے کیلئے دیا یا یَاقَھَّارُ کے نقش کو بنا کر دیا وہی مریض صحت یاب ہوا ہے۔ میں نے نقش میں اسم اعظم یَاقَھَّارُ کو عربی لغت وگرائمر کی اصل کی وجہ سے ایک ھ کا اضافہ کیا ہے کیونکہ ھ کے اوپر شد ہے اور اصل میں یَاقھْھَارُ تھا ھ کا ھ میں ادغام ہوا تو یَاقَھَّارُ بن گیا۔ نقش ملاحظہ فرمائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ی | ا | ق | ھ |
| ھ | ا | ر | |

واقعی اس طرح اس نقش کا جلدی اثر ہوتا ہے واقعی چوڑھے‘ خرمغز‘ کافر جن جو مریضوں پر حاوی ہوتے ہیں اس نقش کی برکت اور یَاقَھَّارُ کے پڑھنے سے ایسے بھاگتے ہیں جیسے رائفل سے گولی نکلتی ہے۔ تین مرتبہ جنات نے اس اسم اور نقش کو لوگوں میں پھیلانے کی وجہ سے رات کو بندہ پر حملہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ تو ایسا زبردست حملہ کیا ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ خیر بندہ نے یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ اور یَاقَھَّارُ کا ورد کیا یہ ورد کرنے سے پہلے جنات نے پورے جسم اور خاص طور پر گردن کو ایسا دبایا کہ مجھے جینے کی امید نہیں تھی۔ منہ اور گلے سے غرغر کی آوازیں تمام گھر والوں نے بھی سنیں‘ سب گھر والے پریشان‘ ڈرے اور سہمے ہوئے تھے۔ جب میں نے بار بار اللہ کی توفیق سے یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَاقَھَّارُ پڑھا تو جنات کو آگ لگ گئی اور یہ سب میں نے اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھا۔ کچھ جنات جن کو میں نے اپنے ہاتھوں میں پکڑا ہوا تھا صابن کی ٹکیوں کی طرح چھوٹے چھوٹے ہوکر چیخ چیخ کر مرگئے۔ جنات کی مدد کیلئے سینکڑوں کی تعداد میں اور

**تقویت باہ کیلئے عجیب چیز:** تخم گاجر 4 ماشہ‘ تالمکھانہ 4 ماشہ۔ پیس کر روزانہ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھانا تقویت باہ کیلئے عجیب چیز ہے۔ 2: رات کو چنے 2 تولہ پانی میں بھگو کر صبح مقشر کرکے کھانا تقویت باہ کیلئے مفید ہے۔ **بحوالہ کتاب: جنسی پاکیزگی۔**

**دوسروں کو خوش کرنے کا گر:** اگر آپ بچوں کو اسکول جاتے ہوئے‘ شوہر کو دفتر جاتے ہوئے لنچ بکس دیتی ہیں تو اس میں محبت بھرا پیغام بھی رکھ دیں تو یہ خوشی کا باعث ہوگا‘ مثلاً جلدی گھر آنا یا اپنا خیال رکھنا‘ وغیرہ وغیرہ۔ **بحوالہ کتاب: صوفی ازم اور باطنی سکون**

جنات آ گئے۔ میں نے مزید یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَاقَھَّارُ کا ورد اونچی اونچی آواز میں کرنا شروع کر دیا۔ بس میرے اللہ نے آسمان سے میری مدد کیلئے ایسی عجیب وغریب مخلوق بھیجی جو میری سمجھ سے باہر تھی۔ اُس مخلوق کی شکل (کینگرو) جانور کی طرح دُم لمبی اور موٹی تھی اور ساتھ آسمان سے ایسی روشنی‘ میرے گھر میں پھیل گئی جو بیان سے باہر ہے۔ اس روشنی کا فائدہ یہ ہوا کہ (کینگرو) جانور کی شکل سے مشابہ مخلوق نے جنات کو پکڑ پکڑ کر آگ میں جلا دیا۔ تمام شریر جنات مَر گئے۔ یہ سب یَاقَھَّارُ کی برکت سے ہوا اور اُس دن کے بعد آج تک اس بات کو چار ماہ ہونے والے ہیں کسی دوسرے شریر جنات نے مجھ پر حملہ نہیں کیا ہے۔

## یَاقَھَّارُ سے گھر میں سکون

(ص،س)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں رسالہ عبقری پچھلے دو سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ رسالے میں موجود تمام مضامین بہت اچھے ہیں لیکن خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ بہت ہی زبردست ہے۔ اس میں موجود وظائف نے بہت سوں کی طرح ہماری زندگی میں بھی سکون بھر دیا ہے۔

عبقری رسالہ میں یَاقَھَّارُ کا پڑھا۔ ہم نے یَاقَھَّارُ ہزاروں کی تعداد میں پڑھا‘ سارے گھر والے مل کر ایک دن میں کبھی پچیس ہزار‘ کبھی چالیس ہزار بھی پڑھ لیتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے ہمارے گھر میں بے حد سکون آ گیا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے ہر روز کوئی نہ کوئی لڑائی ضرور ہوتی تھی‘ عجب ٹینشن زدہ ماحول تھا۔ مگر اب الحمدللہ سکون ہی سکون ہے۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام شائع مت کیجئے گا۔

## موتی مسجد میں عود کی خوشبو

(ر۔ش)

**محترم حکیم صاحب اور محترم علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں‘ خاص کر علامہ صاحب کا مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ کی تو میں دیوانی ہوں‘ جب بھی رسالہ آتا ہے سب سے پہلے یہی مضمون پڑھتی ہوں۔ اس مضمون میں میں نے موتی مسجد کا عمل پڑھا تھا‘ بہت بے چین ہوئی کہ کسی بھی طرح لاہور جاؤں‘ بہت کوشش کے باوجود حضرت حکیم صاحب تک تو نہ پہنچ سکی مگر موتی مسجد تک پہنچ گئی۔

میں مسجد میں جیسے ہی گئی بادل آ گئے اور ہلکی بارش شروع ہو گئی‘ صحن میں ہاتھ سے پانی صاف کر کے بیٹھ کر نفل شروع کیے۔ جیسے ہی پڑھنا شروع کیا تو عود کی خوشبو آنا شروع ہوئی میں پاگلوں کی طرح نہ جانے کیا کیا بولتی رہی‘ بھائی‘ والد‘ والدہ اور تمام مسلمانوں کیلئے دعائیں مانگی ہیں۔ مسلسل پڑھتی رہی‘ ایسی خوشبو کہ میں بتا نہیں سکتی‘ میں نے آج تک ایسی خوشبو نہ سونگھی‘ اتنی پیاری کہ اللہ اللہ۔۔۔۔

## یا قہار کی برکت سے معذور بھائی ٹھیک

(ثوبیہ اکرم‘ واہ کینٹ ٹیکسلا)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** مجھے آپ کے بارے میں ایک ڈاکٹر سے معلوم ہوا اور اس کے بعد میں نے آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری پڑھا۔ ایک دن رات کو ہم سب سوئے آدھی رات کو بارش آئی اور ہم سب گھر والے اٹھے اور چارپائی اٹھا کر کمرے میں جانے لگے۔ میرے ایک بھائی جن کا نام نعمان ہے اس نے اپنی چارپائی اٹھائی اور گر گیا پھر اس نے کوشش کی پھر گر گیا۔ ہم سب بھاگ کر اس کے پاس گئے پوچھا کیا ہوا ہے تو اس نے بتایا کہ اس کے پاؤں میں جان نہیں ہے اور پاؤں اٹھ نہیں رہا۔ ہم نے اسے پکڑ کر چلانے کی کوشش کی مگر پھر گر گیا اور اس نے رونا شروع کر دیا۔ پھر ہم نے اپنے بھائی کا علاج بڑے بڑے ڈاکٹروں‘ نیورو سرجنز سے کروایا مگر صرف ٹیسٹ ہوتے‘ ادویات لکھی جاتیں لیکن کہیں سے بھی شفاء نہ ملی۔ پھر ایک نیورو سرجن نے ہمیں علاج کے ساتھ ایک ”دوانمول خزانہ“ دی اور کہا تم سب گھر والے اسے پڑھو اور میرے بھائی کو کہا کہ وہ خود اکتالیس دن ”یَاقَھَّارُ“ 3400 مرتبہ پڑھے اور پاؤں پر پھونک مارے۔ میرا بھائی واپس آیا اور اس نے امی کو بتایا تو امی نے اسے تسلی دی اور کہا پڑھو۔ میرے بھائی نے پہلے ہی دن پڑھا اور پھونک ماری اور ڈاکٹر کے پاس اگلے دن گیا اور واپس آیا تو بہت خوش تھا۔ اس کا پاؤں تھوڑا تھوڑا اوپر اٹھ رہا تھا۔ امی نے اسے کہا یہ اللہ کے کلام کا اثر ہے۔ وہ بہت خوش تھا۔ اس کے بعد اس نے پورے اکتالیس دن ہر صبح اٹھتے ہی 3400 مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھا۔ ان اکتالیس دنوں میں اس کا پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا۔ اب وہ بالکل ٹھیک چلتا ہے۔ الحمدللہ یَاقَھَّارُ کی برکت سے میرا بھائی بالکل ٹھیک ہو گیا۔

**دوانمول خزانہ کا فیض:** آج سے تقریباً آٹھ سال پہلے میرا آپریشن ہوا تھا‘ میرے جگر میں پانی کی ایک تھیلی تھی جو ڈاکٹروں نے تقریباً آٹھ گھنٹے کے طویل آپریشن کے بعد نکالی تھی۔ اس کے بعد آٹھ سال ٹھیک رہی‘ اب دوبارہ پھر مجھے وہی تکلیف شروع ہو گئی۔ ڈاکٹروں نے دوبارہ آپریشن تجویز کیا۔ میں آپریشن نہیں کرانا چاہتی تھی۔ میں نے دوانمول خزانے میں موجود دوسرے نمبر والا وظیفہ یَالَطِیْفًام بِخَلْقِهٖ یَاعَلِیْمًام بِخَلْقِهٖ یَاخَبِیْرًام بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِیْ یَا لَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ پڑھنا شروع کر دیا۔ پانچ چھ ماہ سے روز کھلا پڑھتی ہوں‘ اس سے مجھے یہ فائدہ ہوا ہے کہ درد بالکل نہیں ہوتا‘ اگر نہ پڑھوں تو اگلے دن درد شروع ہو جاتا ہے‘ اگر پڑھتی رہوں تو ایسے لگتا ہے جیسے مجھے یہ مرض کبھی تھا ہی نہیں۔

## پیدائشی دوست کا فیض

(عنایت اللہ‘ سیالکوٹ)

**قابل صد عزت و احترام حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کے نیک مشن کو کامیاب فرمائے۔ آمین! چھ سات ماہ سے عبقری پڑھ رہا ہوں۔ دینی و دنیاوی معلومات سے پُر عبقری اپنی مثال آپ ہے۔ عبقری میں موجود مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ میں ایک مرتبہ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ﴿والضحیٰ ۵﴾ والا عمل چھپا تھا۔ میں نے اٹھتے بیٹھتے ہر وقت کھلا پڑھنا شروع کر دیا۔ کافی دیر سے کر رہا ہوں اور کاروبار میں بہت فائدہ ہوا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے میرا کاروبار تقریباً ختم ہی ہو چکا تھا۔ ایک دو جاننے والوں کو بتایا اللہ نے ان پر بھی بڑی مہربانی فرمائی ہے۔ میری دعا ہے یہ فیض کا سلسلہ یونہی چلتا رہے اور مخلوق خدا یونہی فیض یاب ہوتی رہے۔

## غیب سے مدد آ گئی!

(غلام رسول‘ گجرات)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** مجھے مسجد کی تعمیر کیلئے مالی امداد کی سخت ضرورت تھی‘ میں نے ”جنات کا پیدائشی دوست“ والے مضمون میں بتایا ہوا وظیفہ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ﴿والضحیٰ ۵﴾ سوا لاکھ مرتبہ پڑھا۔ غیب سے مدد ہوئی کہ ایک صاحب آئے جنہیں میں نہیں جانتا تھا انہوں مسجد کی تعمیر مکمل کرنے کا بیڑہ اپنے سر اٹھا لیا اور بہت خوبصورت مسجد تعمیر ہوئی۔

## حالات اچھے ہو گئے!

(ق،ر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں تقریباً ایک سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں‘ اس میں بہت ہی اچھے وظیفے اور نسخہ جات ہوتے ہیں جن سے ہمیں کیا ہمارے ہمسائیوں کو بھی بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ میں اس میں سے نسخے اور وظیفے

دعا کی شرائط: 1۔صدق دل۔ 2۔رزق حلال۔ 3۔قطع رحمی سے اجتناب۔ 4۔سنجیدگی و احتیاط۔ 5۔گناہ کی دعا نہ ہو۔ 6۔خشوع وخضوع۔ 7۔اول وآخر درود شریف اور رزق حلال قبولیت کیلئے شرط ہے۔ بعض اوقات مطلوبہ شے کے بدلے میں کوئی دوسری خیر عطا کر دی جاتی ہے۔ **بحوالہ کتاب: صوفی ازم اور قبولیت**

روزمرہ کیلئے پروگرام بنائیں‘ صبح جلدی جاگیں‘ وقت پر دفتر‘ فیکٹری یا کالج کیلئے تیار ہو جائیں‘ جوش اور جذبہ پیدا کریں‘ ذہن کو بھٹکنے نہ دیں‘ خود فریبی سے بچیں۔ اپنی بات کو حرف آخر نہ سمجھیں۔ دوسروں کی سنیں۔ ان کی رائے کا احترام کریں۔ اس پروگرام پر عمل کر کے مسرت کا خزانہ آپ کا ہو گا۔ **بحوالہ کتاب: صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف**

اپنی ہمسائیوں کو بتاتی ہوں جن پر وہ عمل کرتی ہیں اور مجھے اور ادارہ عبقری والوں کو بہت دعائیں دیتی ہیں۔

**محترم حکیم صاحب!** ہمارے حالات پہلے بہت خراب تھے' آپ کے رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ایک وظیفہ چھپا تھا **وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى﴿والضحیٰ۵﴾** ہروقت پڑھتی ہوں' میں نے کچھ ہی عرصہ پابندی سے سارا دن کھلا اس وظیفے کو پڑھا تو ہمارا کاروبار جو کہ پہلے بہت ہی خراب تھا اب دن بدن بہتر ہو رہا ہے اور ہمارے حالات بہت اچھے ہوگئے ہیں۔

## یَاقَھَّارُ نے اسی فیصد مسائل حل کردیئے

(رقیہ خادم بٹ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں الحمدللہ خیریت سے ہوں اور آپ کی خیریت نیک مطلوب ہے' سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے ابتدا کروں' ہم چھ بہن بھائی ہیں' پانچ بہنیں اور ایک بھائی ہے' والدہ صاحبہ 22 سال پہلے اس دنیا سے رخصت ہوکر ابدی نیند سو رہی ہیں اور الحمدللہ والد صاحب حیات ہیں۔ میں بہن بھائیوں میں پانچویں نمبر پر ہوں۔ الحمدللہ سب شادی شدہ ہیں۔ اپنے اپنے گھر سب آباد اور خوش ہیں' بات کچھ یوں ہے کہ والدہ کی وفات کے بعد میری سب سے بڑی باجی کی شادی ہوئی لیکن لڑکا کچھ ٹھیک نہ تھا' رات کو دیر سے آتا تھا اور شراب وغیرہ بھی پیتا تھا۔ باجی شادی کے تین ماہ بعد واپس آگئی' ابھی فیصلہ نہیں ہوا تھا۔ صلح کی کوششیں جاری تھیں' باجی نے گھر واپس آکر پڑھائی شروع کردی اور ساتھ میں سلائی وغیرہ بھی سیکھنا شروع کردی۔ الحمدللہ سے اللہ تعالیٰ نے باجی کو ایک خوبصورت بیٹے سے نوازا۔ بیٹے کی پیدائش کے بعد اُس نے طلاق دے دی۔ باجی ہمارے پاس رہتی تھیں اور ان کا بیٹا بھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ باقی بہنوں کی شادیاں ہوتی گئیں۔ پھر باجی کیلئے بھی ایک رشتہ آیا اور ہم نے شادی کردی لیکن بیٹا ہمارے پاس ہی ہے۔ ان کا دوسرا شوہر اس شرط پر رکھنے پر رضامند ہے کہ اس کو کام پر ڈالنا ہے جبکہ میں راضی نہیں باجی کی پہلی شادی کے 9 سال بعد دوسری شادی ہوگئی اور بیٹا ہمارے پاس ہی ہے اور الحمدللہ بیٹا گیارہویں جماعت کا طالب علم ہے اور لاہور کے سب سے اچھے کالج میں پڑھتا ہے۔ اس کا سارا خرچہ ہمارے سر پر ہے۔ بھائی کی بھی شادی کردی وہ بھی خوش ہے گھر میں بس میں احمد اور ابو ہوتے ہیں۔ اب میں اپنی طرف آتی ہوں میرا نام رقیہ ہے' میں نے بی ایس سی کیا ہے' حکیم صاحب! مجھے شروع سے ہی اللہ تعالیٰ کی طرف ایک الگ رجحان ہے۔ الحمدللہ! شروع سے ہی صوم و صلوٰۃ کی پابند ہوں۔ قرآن پاک کی بھی باقاعدہ تلاوت کرتی ہوں۔ حکیم صاحب میں آٹھویں جماعت کے سالانہ پرچے دے رہی تھی جب میری طبیعت میں تبدیلی واقع ہوئی۔ گھر والے اور میں سمجھی کہ بیمار ہوں لیکن بیمار نہیں تھی' سب ڈاکٹرز اور حکیموں کو بھی دکھایا کوئی فرق نہ پڑا پھر تھک ہار کر کسی نے ایک بزرگ کا پتہ بتایا میں اس وقت زندگی میں پہلی بار کسی بزرگ کے پاس گئی انہوں نے مجھے دم کیا اور میں الحمدللہ ٹھیک ہوگئی۔ پھر یوں ہونے لگا کہ میں ہر سال فروری مارچ میں آکر بیمار ہوجاتی اور تین تین ماہ کچھ کھاتی پیتی نہیں بیمار رہتی۔ مجھ پر رقت طاری ہوجاتی میں نعتیں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پڑھتی اور اللہ تعالیٰ کے نام پڑھتی۔ ایک عجیب سی کیفیت مجھ پر طاری ہوجاتی تھی۔ گھر والے سب پریشان رہتے تھے پھر کسی نے کہا کہ اس کو حاضری دلوا دو۔ لیکن ابو نہ مانے کہ کنواری بچی ہے۔ کل کو شادی بھی کرنی ہے۔ میں ایک ایسے انسان کی تلاش میں تھی جو میری صحیح رہنمائی کرے' اس دوران میری تعلیم بھی ساتھ ساتھ جاری تھی۔

حکیم صاحب! میں اپنی پھپھو کے گھر کسی کام سے گئی وہاں آپ کا میگزین ''عبقری'' دیکھا۔ پھپھو سے نہ مانگا کیونکہ اچھا نہیں لگتا تھا۔ لیکن عبقری کا نام نوٹ کرلیا۔ مجھے پہلی نظر میں بہت اچھا لگا تھا۔ میں نے گھر آکر ابو سے کہا اور پھر اخبار والے انکل کو کہہ دیا وہ ہر ماہ عبقری دے جاتے تھے۔ میں دو سال سے آپ کا میگزین پڑھ رہی ہوں اس نے میری بہت رہنمائی کی۔ حکیم صاحب! میں نے جب آپ کی ویب سائٹ دیکھی تو اور زیادہ خوش ہوئی کیونکہ انٹرنیٹ کی سہولت ہمارے گھر موجود ہے' آپ کے درس سننے میں اور زیادہ آسانی محسوس ہوئی۔ الحمدللہ میں نے انٹرنیٹ پر آپ کی بیعت کی تھی اور آپ کی بتائی ہوئی تسبیح بھی روزانہ صبح و شام پڑھتی ہوں۔ حکیم صاحب! میں کافی عرصہ سے بیروزگار تھی جہاں بھی اپلائی کرتی تھی' کوئی جواب نہیں آتا تھا۔ کافی زیادہ مقابلے کے امتحان بھی دیئے لیکن کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی اور ناکام ہوجاتی۔ لیکن آپ کی بتائی ہوئی تین تسبیحات' پہلی تسبیح تیسرا کلمہ' دوسری تسبیح درود شریف اور تیسری تسبیح استغفار پڑھ رہی تھی۔

حکیم صاحب! مجھ پر جنات کا سایہ بھی کافی عرصہ رہا۔ عجب سی کیفیت ہوجاتی تھی' پھر عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھا۔ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو بہت دعائیں دیتی ہوں۔ ان کی اس اشاعت سے میرے تقریباً 80 فیصد مسائل حل ہوگئے۔ میں نے اس میں **یَاقَھَّارُ** کا عنوان پڑھا۔ اس کے فوائد پڑھے۔ میں نے اُس کے نقش بنا کر گھر کے ہر کمرے میں لگائے اور اس کی کثرت بھی زبان پر جاری رکھی۔ حکیم صاحب میں آپ کو کیا بتاؤں کہ جب سے میں نے **یَاقَھَّارُ** پڑھنا شروع کیا میں نے خواب میں دیکھا کہ دو گندی چیزیں قے کے ذریعے منہ سے نکلی ہیں جن کا سائز تقریباً ایک ایک فٹ لمبا ہے اور کالی چیزیں ہیں اور تڑپ تڑپ کر مر رہی ہیں اس وقت حالانکہ میں خواب کی کیفیت میں تھی میں نے خود کو محسوس کیا کہ میں جیسے بالکل ہلکی ہوگئی ہوں' اندر جو وزن تھا' وہ ختم ہوگیا ہے۔ میں نے اس کی کثرت جاری رکھی۔ پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ بہت سی بلائیں' چڑیلیں میرے پاس آرہی ہیں' حملہ کرنے اور میں جیسے ہی ان کو دیکھتی ہوں تو میں اونچی اونچی گلا پھاڑ کر **یَاقَھَّارُ یَاقَھَّارُ** پڑھتی ہوں' وہ واپس مرجاتی ہیں۔ مطلب مجھے خواب کے راستے میری صحت یابی ہو رہی تھی اور ابھی بھی ہو رہی ہے اور واقعی میں بہت بہتر ہوں۔

## موتی مسجد میں اقامت

(ع،ا)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** جب سے عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھ رہا ہوں اور موتی مسجد والا عمل سامنے آیا ہے تو اور بھی دل میں شوق' محبت اور عظمت بڑھ گئی ہے۔ ایک واقعہ عرض کروں میں شاہی قلعہ گیا تو موتی مسجد بند تھی' ظہر کے بعد گیا تھا تو میں دوسری جو بہت پرانی مسجد ہے وہاں چلا گیا' وہاں جا کر مسجد کی صفائی کی اور جھاڑو وغیرہ دے کر دو رکعات نفل پڑھے اور موتی مسجد والا عمل وہاں کیا اور دل میں دعا کی کہ یااللہ کسی جن سے میری بھی دوستی کروا دے تو جب میں نفل ادا کررہا تھا' دوپہر کا وقت تھا' گرمی بہت زیادہ تھی' اچانک اتنی تیز ہوا چلی اور میرے اردگرد بھگولے سے اڑنے لگے اور ہوا کی تیزی کی وجہ سے میں پورا ہل گیا۔ میں نفل پڑھ رہا تھا تب مجھے لگا کہ میرے پیر کی انگلی کو کوئی دبا رہا ہے اور میں انگلی اٹھا رہا ہوں مگر وہ اُٹھ نہیں رہی اور میں دل میں حیران ہو رہا ہوں اور سکون اتنا مل رہا ہے کہ جس کی کوئی حد نہیں۔ نہ مجھے ڈر لگا اور ڈر مجھے ویسے بھی نہیں لگتا کیونکہ میرا اللہ میری شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ خیر مجھے نہیں معلوم کوئی جن میرا دوست بنا بھی کہ نہیں۔۔۔! لیکن محسوس سب کچھ ہوا' پھر میں نے نفل پڑھ کر دوبارہ نفل پڑھے اور اب دعا کی یااللہ موتی مسجد کھل جائے

فرمایا: اگر کسی کی طرف دنیا کا رخ ہوجائے اور اسے دولت ملے تو خرچ کرے' خرچ کرنے سے وہ کم نہیں ہوگی اور اگر دنیا اس سے منہ موڑلے تو پھر بھی خرچ کرتا رہے۔ جب وہ اس سے منہ موڑ رہی ہے تو بہتر ہے کہ لوگوں کو اپنے ہاتھ سے دے دے۔ **بحوالہ کتاب: صوفی ازم سے روشنی کا سفر**

جس شخص کی بیٹی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز کا پورا نہ ہو یا کسی جگہ سے کوئی رشتہ یا پیغام نہ آتا ہو وہ شخص **یَامُعْطِیُ** گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات کے دن سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے۔ **بحوالہ کتاب: بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف**

کیونکہ وہ نماز سے پہلے کھولتے نہیں‘ بس نماز کے وقت کھولتے ہیں۔ میں نے وہی موتی مسجد والا عمل کیا اور دل میں دعا کی موتی مسجد کھل جائے مجھے ایسے لگا کہ موتی مسجد کھل گئی۔ میں نے نفل پڑھ کر سلام پھیرا اور واپس آیا تو موتی مسجد کھل چکی تھی۔

دروازہ کھلا پڑا تھا‘ بہت خوش ہوا اندر گیا‘ سلام کیا‘ کوئی بھی نہیں تھا۔ پھر بعد میں لوگ آنا شروع ہوگئے۔ میں نے آدھی مسجد میں سجدے کیے کہ شاید میرا سجدہ بھی اُس جگہ پر ہوجائے۔ اب اللہ بہتر جانتا ہے کہ سجدہ ہوا کہ نہیں اور نفل پڑھے‘ موتی مسجد والا عمل کیا اور عصر کا وقت ہوگیا۔ اللہ کا مجھ پر فضل دیکھیں میں نے اذان دی‘ عصر کی نماز کیلئے لوگ آنا شروع ہوگئے اور پھر باجماعت میں نے موتی مسجد میں عصر کی نماز پڑھائی‘ خدا کا شکر ادا کیا کہ یا اللہ تو نے مجھ جیسے گناہ گار کو توفیق دی کہ موتی مسجد میں نماز باجماعت ادا کروائی اور مجھ سے امامت کروائی۔ دعا کے بعد پتہ نہیں کیا ہوا‘ لوگ میری طرف ایسے آئے جیسے پتہ نہیں کیا ہوگیا ہو‘ سب مجھ سے سلام کرنے لگے‘ کوئی کندھے پر ہاتھ لگا رہا ہے‘ کوئی شاباش دے رہا ہے‘ بہت رونا آیا کہ عبدالمعیز یہ تو ہے۔۔؟؟؟ اللہ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ مجھ جیسے گناہ گار کے ساتھ یہ سب کچھ ہوا۔

## ہر معاملے میں غیب سے مدد

(پ۔ش)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالے کی 2006ء سے قاری ہوں‘ میرے پاس عبقری کے تمام سابقہ شمارے ہیں اور میں وقتاً فوقتاً ان کا مطالعہ کرتی رہتی ہوں۔ محترم حکیم صاحب! آپ کے اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے قدردان ماشاء اللہ دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ لوگ آپ دونوں کو اپنا مسیحا سمجھتے ہیں۔ آپ دونوں کے ہوتے ہوئے بڑی سے بڑی پریشانی‘ بیماری‘ دکھ‘ درد‘ تکلیف سے نہیں گھبراتے۔ اس دور میں آپ دونوں کا وجود کل عالم کیلئے اللہ کی رحمت اور اس کا خاص انعام ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ دونوں کو ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔ آمین

عرض یہ ہے کہ مئی 2012ء میں ماہنامہ عبقری رسالے میں محترم علامہ پراسراری لاہوتی صاحب نے کچھ وظائف عطا فرمائے تھے‘ اُن وظائف میں ایک وظیفہ **وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيكَ رَبُّكَ فَتَرۡضَىٰ﴿والضحیٰ ۵﴾** تھا جو ہر مشکل کیلئے اور زندگی کو دکھوں پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہنے کا تھا۔ میں نے اس وظیفے کو لاکھوں کی تعداد میں کھلا پڑھنا شروع کردیا۔ اس وظیفے نے میرے بے شمار سالوں کے اٹکے ہوئے کام دنوں میں کردیئے‘ میری ہر معاملے میں غیب سے مدد ہوئی۔ الحمدللہ

## یاقھار کے عمل سے کمر درد ٹھیک

(عابد حسین‘ جہلم)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میرا آپ سے اور ماہنامہ عبقری سے زیادہ پرانا تعارف نہیں ہے۔ میری کمر میں ہر وقت شدید درد رہتا تھا جس کی وجہ میں بہت پریشان تھا‘ ہماری مسجد کے امام صاحب نے مجھے ایک دفعہ **یَاقَھَّارُ** کا عمل بتایا اور ساتھ عبقری رسالے کا تعارف کروایا‘ میں نے اس میں سے پڑھ کر **یَاقَھَّارُ** کا تھال والا عمل کیا۔ میں نے ٹھنڈا پانی ایک پرات یا تھال میں لے کر اس میں پاؤں ڈبو کر روزانہ صبح وشام وقت اور جگہ ایک ہونا چاہیے۔ گیارہ دن گیارہ سو مرتبہ اول و آخر 21 مرتبہ درود پاک پڑھنا شروع کیا تو تیسرے روز خواب میں ایک کتا میری طرف دم ہلاتا ہوا آیا اور میرے ہاتھ میں چیز تھی چھیننے کی کوشش کی یہاں تک کہ اس نے میرا دایاں ہاتھ پکڑ لیا‘ میری آنکھ کھل گئی اس دن کے بعد سے کمر درد ٹھیک ہوگیا ہے۔

## اللہ ہے اور اللہ اپنی پوری طاقت کیساتھ ہے

(ایک بہن)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** مجھے عبقری رسالہ بہت پسند ہے‘ پورا مہینہ اس کے آنے کا انتظار کرتی ہوں اور جب رسالہ آتا ہے تو سب سے پہلے ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ پڑھتی ہوں۔ حکیم صاحب! علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون نے مجھے جینے کا نیا ڈھنگ دیا ہے۔ ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ کی ایک قسط میں جس کا نمبر مجھے یاد نہیں جس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب سورۂ مزمل کے ایک چلے کیلئے قبرستان میں تھے‘ جہاں قبر کھلنے کے بعد وہ اندر چلے گئے تھے اور وہاں اندر جو مخلوق ان کو ملی تھی انہوں نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں بہت زیادہ اور زبردست باتیں کی تھیں‘ ان کا اللہ پر بہت زیادہ یقین تھا‘ وہ قسط بہت متاثر کن تھی‘ اس میں انہوں نے ایک جملہ کہا تھا ’’اللہ ہے اور اللہ اپنی پوری طاقت کے ساتھ ہے‘‘ ایک دفعہ میں کچن میں کام کررہی تھی مجھے بہت الٹے‘ سیدھے خیالات آرہے تھے بہت زیادہ۔۔۔! اچانک میں نے یہی کہہ دیا ’’اللہ ہے اور اللہ اپنی پوری طاقت کے ساتھ ہے‘‘ بس یہی کہا پھر مجھے بھول ہی گیا کہ میں کیا الٹا سیدھا سوچ رہی تھی ایسا لگا جیسے کوئی الٹا سیدھا میرے دماغ میں ڈال رہا تھا اور وہ چلا گیا۔ حکیم صاحب! یہ میرا آزمودہ ہے مجھے جب بھی کوئی الٹا سیدھا خیال آئے میں فوراً اندر ہی اندر یہ جملہ بولتی ہوں‘ وسوسے ایسے جاتے ہیں باقاعدہ میں بالکل ہی بھول جاتی ہوں کہ میں کیا سوچ رہی تھی؟

**’’کہف‘‘ کے کمالات:** حکیم صاحب! گزشتہ رمضان میں میرے بھائی ضد کررہے تھے کہ روم کولر اوپر کمرے میں رکھنا ہے میں بضد تھی کہ نہیں رکھنا‘ پہلے ہی کھچڑی پکی ہوئی ہے اور راستہ بند ہوجائے گا اور تم لوگ ہر جگہ کیچڑ کرکے رکھو گے۔ یو۔پی۔ایس پر ہی گزارہ کرو۔ اگر میں کسی کام سے منع کروں تو میرے بھائی ضد میں آکر وہ کام ضرور کرتے ہیں۔ اس نے نیچے جاکر کولر کو چیک کرنا شروع کیا کہ ٹھیک چلا ہے یا

## مجھے ضرور پڑھیں!!!

**① الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ ② ایڈیٹر کی کتابیں‘ رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔**

**③ حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔ نوٹ: بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من وعن نقل کرکے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)**

گھی تیل سے گھی تیل بنانے والا عمل: جب گھر میں داخل ہوں جاتے وقت دن میں جتنی دفعہ آنا جانا ہو تو ایک بار درود شریف ایک بار تسمیہ ایک بار سورۂ اخلاص پڑھ کر گھر میں داخل ہوں اور گھر والوں کو سلام کریں چاہے بیوی ہو بچے ہوں یا گھر میں کوئی فرد بھی نہ ہو لیکن سلام ضرور کریں۔ بحوالہ کتاب: حال دل۔

آپ خون بنانا چاہتے ہیں رنگت میں نکھار چاہتے ہیں اور طبیعت میں ہر وقت فرحت چاہتے ہیں۔ ہوالشافی: گلوٹی پچاس گرام‘ چھلکا اسبغول پچاس گرام‘ تخم سوگرام۔ گلوٹی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر گلوٹی تخم میں ملا لیں۔ ایک چمچ ناشتے اور رات کھانے کے بعد۔ بحوالہ کتاب: میرے طبی رازوں کا خزانہ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی ہر جائز دعا قبول ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَامُجِیْبُ کو 220 مرتبہ روزانہ سوتے وقت پڑھنے کا معمول بنالے۔


نہیں؟ مجھے فکر پڑ گئی' میں نے اوپر والے پورشن سے سات مرتبہ ''کہف'' پڑھ کر کولر پر پھونک ماری کہ یا اللہ کولر چلے ہی نہ۔۔۔ آخر کار بھائی نے کولر ٹھیک کرلیا اور کولر بالکل ٹھیک چل گیا۔ میں نے کہا یہ کیا ہوگیا؟ اب ہوا یہ کہ کولر تو صحیح چل گیا مگر آپ یقین کریں کولر وہیں کا وہیں پڑا ہے۔ کوئی اس کو وہاں سے ہلا نہیں سکا۔ چھوٹی عید آئی گزر گئی' بڑی آئی گزر گئی اور اب سردی آرہی ہے کولر کی ضرورت ہی نہیں رہی۔

ہم نے سرگودھا سلائی کیلئے دس عدد سوٹ بھیجے (مردانہ)' وہ ہم نے بس میں بک کروائے تھے اب جتنا ٹائم سرگودھا جانے میں لگتا ہے اس سے کافی زیادہ وقت ہوگیا وہ سوٹ نہیں پہنچے۔ ہم پریشان کہ ہزاروں کے سوٹ ہیں۔ میں اور امی کہتے تھے کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ سوٹ ادھر اُدھر ہوجائیں کیونکہ ہم نے ان کے اوپر سات مرتبہ ''کہف'' پڑھا تھا۔ ہم نے سوٹ اپنے بھائی کے پاس بھیجے تھے وہ فون پر کہہ رہے تھے کہ سوٹ ابھی تک نہیں پہنچے۔ پھر کافی دیر کے بعد پتہ چلا کہ گاڑی کا کوئی شاید مسئلہ بن گیا تھا اس لیے سوٹ دیر سے پہنچے۔ کچھ ہی گھنٹوں بعد سوٹ بخیر و عافیت بھائی تک پہنچ گئے۔

## یاقہار اور بوڑھی چڑیل

(محمد عباس' بھکر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ رب العزت آپ کو صحت' تندرستی سے رکھے۔ ہم آپ کے رسالہ عبقری کے جنوری 2011ء سے قاری ہیں' جتنا آپ کے رسالے میں چاشنی ہے شاید ہی دنیا کے کسی اور رسالہ میں ہو۔ ہر مہینے کے شروع میں بڑی شدت سے عبقری کا انتظار رہتا ہے جب مل جاتا ہے تو جان میں جان آجاتی ہے۔

**محترم حکیم صاحب!** ہم عرصہ 18 سال سے جادو کی لپیٹ میں ہیں' کتنی بار دل میں تمنا پیدا ہوئی کہ محترم حکیم صاحب سے بذریعہ خط ملاقات ہوجائے لیکن دل و دماغ خیالات میں گم ہوجاتے' آج اللہ پاک نے توفیق عطا کی کہ قلم اٹھانے کی ہمت ہوئی (الحمدللہ)۔ حضرت جی ہماری شادی کو تقریباً 18 سال ہوچکے ہیں لیکن ان ظالم جنات نے ہم کو ناکوں چنے چبوائے' پھر ہم مختلف عاملوں کے ہتھے چڑھے رہے لیکن پیسے کے نقصان کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔ ابھی آپ کے رسالہ ماہ جون 2013ء میں علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کے بیان کردہ اعمال ''یَاقَهَّارُ'' کو ہم دونوں میاں بیوی نے ماہ رمضان میں شروع کیا۔ بندہ ناچیز صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اور بعد نماز ظہر پانی میں پاؤں رکھ کر پہلے گیارہ سو مرتبہ لیکن اب تقریباً چار پانچ دن ہوئے کہ میں نے پندرہ سو مرتبہ پڑھنا شروع کردیا اور میری اہلیہ نے صرف رات کو گیارہ سو مرتبہ اور بعد از نماز ظہر گیارہ سو مرتبہ پانی میں پاؤں رکھ کر شروع کیا ہوا ہے۔ ایک رات میری بیوی کہنے لگی کہ دو عورتیں ہیں ان میں سے ایک بوڑھی ہے جو چیخ چیخ کر کہہ رہی ہے اسے مت پڑھو اور اس کے ساتھ دوسری عورت جو ذرا جوان سی ہے وہ کہہ رہی ہے کہ مت پڑھو ہم جلد چلے جائیں گے' چلے جائیں گے۔

لیکن لگتا ہے کہ وہ ابھی تک موجود ہیں کیونکہ میری بیوی کا ایک آدھ روٹی کھاتے ہی دانتوں میں درد شروع ہوجاتا ہے' کھانا جہاں ہوتا ہے وہیں رہ جاتا ہے' درد کی ترتیب یہ ہے کہ اوپر نیچے آدھے دانتوں میں کبھی داہنی طرف اور کبھی بائیں طرف درد شروع ہوجاتا ہے اور درد بھی ایسا کہ برداشت سے باہر تو پھر میں یَاقَهَّارُ کا ذکر بلند آواز سے شروع کردیتا ہوں اور یَاقَهَّارُ والے تعویذ کے پانی سے چھینٹے مارتا ہوں تو پھر کافی فرق پڑ جاتا ہے۔ الحمدللہ یَاقَهَّارُ کا ذکر جاری ہے۔

## یاقہار نے ناامیدی کو امید میں بدل دیا

(شہناز ذکی' لاہور)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** سمجھ میں نہیں آرہا کہ میں کیسے بات شروع کروں' میں کسی عالم دین کی تلاش میں آزمائش پر آزمائش کرتے کرتے مایوسیوں کے اندھیروں میں بھٹک رہی تھی کہ عبقری رسالہ کے ذریعے یَاقَهَّارُ کا وظیفہ اور موتی مسجد کے نوافل پڑھنے سے جو مجھے روحانی خوشی اور کامیابی کی ہلکی سی کرن نے میری مایوسیوں کو کامیابی کی امید میں بدل دیا۔ میری آنکھوں کے سامنے ہر وقت ایک باریش' عمر رسیدہ سی ایک ایسی ہستی رہنے لگی جو مجھے میری دنیا و آخرت کی کامیابی سے ہمکنار کرسکتی تھی' اللہ تعالیٰ نے عبقری کو سبب بنادیا۔ مگر جب آپ کا درس سنا اور آپ کا دیدار کیا تو میں حیران رہ گئی۔۔۔! آپ تو میرے بچوں کے ہم عمر لگے۔ سبحان اللہ! اتنی کم عمری میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھیوں کے دکھوں کا مداوا بنادیا۔ سبحان اللہ!

پہلے میں اپنا واقعہ سناتی ہوں۔ عرصہ ایک سال سے مجھے ہارٹ پرابلم ہوا' مگر علاج چلتا رہا۔ چھ ماہ بعد مجھے تکلیف ہوئی' پنجاب کارڈیالوجی سنٹر میں داخل ہوئی تو ڈاکٹر نے شبہ ظاہر کیا کہ مجھے یقیناً ہارٹ اٹیک آیا ہے۔ میں مالی مسائل کی وجہ سے اپنا علاج یعنی آپریشن کروانا نہیں چاہتی تھی۔ مگر گھر والے بضد تھے کہ وہ مل کر سب سنبھال لیں گے مگر میں کسی طرح کسی بہن' بھائی کی مدد نہیں چاہتی تھی۔ بڑی ہی پریشان تھی کہ عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا دیا ہوا وظیفہ یَاقَهَّارُ کھلا پڑھنا شروع کردیا اور ایک ہی لگن تھی کہ یا اللہ تو میرے پیر صاحب کو بھی ملادے۔ پھر موتی مسجد کو ڈھونڈا اور دو نفل پڑھ کر اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ والا وظیفہ بھی پڑھا۔ تھک کر میں نڈھال ہوگئی اور مختصر دعا کے بعد میں گھر لوٹ آئی۔ دو دن میں خوب وظیفہ پڑھتی رہی۔ پھر ہسپتال داخل ہوئی' گھر والے دعائیں کررہے تھے۔ انجیوگرافی ہوئی تو ڈاکٹر پریشان ہوگئے کہ تجھے ایسی کوئی پرابلم نہیں تھی جس کا وہ شبہ کررہے تھے۔ سب حیران رہ گئے کہ شہناز کا وظیفہ قبول ہوا۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ ڈھونڈا اور آپ تک پہنچی۔

## سورۂ والضحیٰ کا فیض

(سہیل احمد سلفی' لاہور)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** بندہ عرصہ ایک سال سے عبقری کا قاری ہے' فیکٹری میں ملازم ہوں' ایک مرتبہ کسی ملازم کو بس اڈے پر چھوڑنے کیلئے گیا تو وہاں عبقری ملا اٹھا کر پڑھا تو پڑھتے ہی عبقری کا پرستار بن گیا۔ بندہ کی فطرت میں خدمت خلق کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔ بندہ نے فیکٹری میں مبلغ 8000 روپے کا فنڈ رکھا ہوا ہے' مزدوروں کو ادھار دیتا ہے کسی کو پانچ سو' کسی کو چار سو وغیرہ اور دعائیں لیتا ہے۔ بندہ نے مکان کا بیعانہ دے رکھا تھا' ڈیڑھ لاکھ روپے کم تھے' کئی لوگوں سے ادھار لینے کی بات کی لیکن کوئی بھی راضی نہ تھا مجھے ڈر تھا کہ میرے بیعانہ کی رقم بھی نہ ڈوب جائے۔ پھر میں نے عبقری رسالہ میں ''جنات کے پیدائشی دوست'' کالم میں وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ سارا دن کھلا پڑھا۔ وظیفہ کی برکت سے ان لوگوں نے روپے ادھار دے دیئے جو پہلے انکار کرچکے تھے۔ مختلف کتابوں اور عبقری کے نسخہ جات بنا کر مناسب قیمت پر دے رہا ہوں' اللہ شفا دے رہا ہے۔ مثلاً جوڑ درد کیلئے سونٹھ' ریوند چینی' میٹھا سوڈا ہموزن ایک چمچ صبح و شام بنا کر لوگوں کو دے رہا ہوں اللہ نے شفا دی۔

## موتی مسجد میں بزرگ نظر آئے

(محمد عمران)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالے کا تقریباً دو سال سے مسلسل قاری ہوں۔ **محترم حکیم صاحب!** پچھلے تین سالوں سے مشکلات میں مسلسل گھرا ہوا ہوں۔ گزارش یہ ہے کہ میرا ایک بچہ پہلے اللہ کو پیارا ہوچکا ہے اب یہ میرا دوسرا بچہ محمد آنش ہے جس کو ہر ڈاکٹر ایک علیحدہ مرض تشخیص کررہا

میرے گھر میں بڑی ناچاقی تھی۔ مجھے حضرت حکیم صاحب نے ہر وقت اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھنے کیلئے کہا' یہ پڑھنے رہنے سے آناً فاناً سارے مسائل حل ہونا شروع ہوگئے۔ اس کے علاوہ میرے جس میں ہر وقت درد رہتا تھا لیکن جونہی یہ وظیفہ شروع کیا میرے سارے درد غائب ہوگئے۔ **بحوالہ کتاب: مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟**

**جنات کو تکلیف دینے والی سورتیں اور آیات:** جن سورتوں یا آیات کی تلاوت سے جنات کو تکلیف ہوتی ہے وہ یہ ہیں اور ان سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے۔ آیۃ الکرسی' سورۂ یٰسین' سورہ الصافات' سورۂ دخان' سورۂ حشر کا آخری رکوع' سورۂ ہمزۃ اور سورۂ اعلیٰ۔ **بحوالہ کتاب: علمائے اہل حدیث کے آزمودہ عملیات**

جو انسان ہمیشہ اپنی غرض کو ہی سامنے رکھتا ہے اور اپنے نفع کیلئے دوسروں کا نقصان کرنے سے نہیں ہچکچاتا اس کا دل کبھی مضبوط نہیں رہ سکتا اس لیے وہ طویل العمر نہیں ہوسکتا۔ چغلی: دوسروں کی برائیاں کرتے رہنے سے اور ایک کی بات دوسرے کے سامنے کرنے سے بھی دل میں کمزوری آتی ہے۔ بحوالہ کتاب: جنسی

ہے کوئی ڈاکٹر گردوں کا مسئلہ کہتا ہے کوئی گردوں کی نالی میں مسئلہ بتاتا ہے، ہر جگہ دعا بھی کروائی ہے کسی مرض کی تشخیص نہیں ہورہی۔ میں نے عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم میں موتی مسجد کا عمل پڑھا میں نے وہاں جاکر دو نفل حاجت پڑھ کر اللہ سے دعا مانگی، رو رو کر اللہ سے التجائیں کیں۔ موتی مسجد میں جانے سے پہلے جب بھی میں سوتا میرے سرہانے ہروقت ایک عورت کھڑی رہتی تھی مگر جب سے موتی مسجد میں نوافل ادا کیے ہیں وہ عورت اب میرے سرہانے کھڑی نہیں ہوتی اور ایک نہایت نورانی بزرگ ظاہر ہوئے ہیں۔ جب سے وہ ظاہر ہوئے ہیں میرا بیٹا بہتر ہورہا ہے اور مجھے امید ہے کہ اب میرا بیٹا ٹھیک ہوجائے گا۔

## موتی مسجد میں ملا روحانی سکون

(صبیحہ یاسمین، گوجرانوالہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں تقریباً اڑھائی سال سے رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں اور میرا دل کرتا ہے کہ میں دنیا کے تمام کاموں کو چھوڑ کر بس رسالہ ہی پڑھتی رہوں، میرا اس دنیا میں کوئی بھی نہیں ہے اور اسی رسالے کو پڑھنے سے مجھے میرے رشتے ملے، جو مجھ سے کہیں گم ہوچکے تھے۔ میرا ایک ہی بیٹا ہے جو قرآن پاک حفظ کررہا ہے۔ وہ ایک دفعہ اچانک ہی کھیلتے کھیلتے بیمار ہوگیا تھا، اسے عجیب سا دورہ پڑا اور اسے جھٹکے لگنے شروع ہوگئے تھے، منہ میں سے جھاگ نکلنا شروع ہوگئی تھی، اس کا چیک اپ بھی کروایا تھا لیکن رپورٹس بالکل ٹھیک آئی ہیں۔ اس کے بعد سے بیمار تو نہیں ہوا لیکن آئے دن سر، کمر میں درد رہتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ حفظ کرنے کی وجہ سے چیزیں تنگ کرتی ہیں، کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ۔۔۔! نہ جانے اسے کیا ہے؟ میں نے جب رسالے میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' مضمون میں موتی مسجد کے بارے میں پڑھا تو اپنے بیٹے کی صحت یابی کیلئے گئی اور وہاں جاکر نوافل ادا کیے اور جس مسجد کی چھت نہیں ہے وہاں بھی نوافل ادا کیے اور پھر نماز ظہر بھی ادا کی، وہاں جاکر بہت سکون اور دل میں سہارا ملا، واپس آنے کو دل نہیں چاہتا تھا جب وہاں سے واپس آئی تو ایک دن چھوڑ کر اگلی رات خواب میں دیکھتی ہوں کہ موتی مسجد کی نورانی چیزیں ہیں جو مجھے بار بار تنگ کررہی ہیں کہ اور کہہ رہی ہیں کہ نماز ادا کرو جب یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ پر پہنچتی ہوں تو وہ مجھے گھما دیتی ہیں کہ دوبارہ نماز ادا کرو اور التحیات میں کھڑی ہوکر ہی پڑھ رہی ہوں اور جب ان کو پکڑنے کی کوشش کرتی ہوں تو وہ نرم ہوتے ہیں اور ہاتھ سے نکل جاتے ہیں، کبھی وہ میرے آگے ہوتے ہیں اور میں پیچھے اور کبھی میں آگے اور وہ پیچھے لیکن وہ پکڑے نہیں جاتے۔ ایک اور بات کہ جس دن مجھے موتی مسجد جانا تھا تو اسی رات میں خدا کے خوف سے ڈرتی رہی کہ وہاں خدا کے گھر میں اُس کے حضور کس طرح پیش ہونگی۔ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ ان کے موتی مسجد کے عمل کی وجہ سے مجھے اس قدر روحانی سکون ملا۔ الحمدللہ میرے بیٹے کی طبیعت بھی اب پہلے سے کافی بہتر ہے۔

## فیض پیدائشی دوست

(ناہید سلیم)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ رب العزت آپ کے درجات بلند کرے، اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے مجھے آپ جیسے انسان سے ملا دیا۔ اللہ تعالیٰ عبقری کو تا قیامت سلامت رکھے، اس کے دشمن بھی اس کے دوست بن جائیں اور یہ رسالہ سدا کار خیر کا ذریعہ بنا رہے۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو اتنا اچھا سلسلہ چلانے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ میں دل سے ان کی عقیدت مند ہوں، عبقری کے ساتھ ساتھ ہر انسان و جنات پر اللہ اپنی برکات نازل فرمائے۔ میرے کچھ تجربات و مشاہدات ہیں جو میں نے عبقری اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون سے حاصل کرکے لوگوں پر آزمائے اور کامیاب رزلٹ ملے۔ ایک یتیم لڑکی کا رشتہ نہیں ہورہا تھا اس کو میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں سے سورۂ اخلاص کا وظیفہ پڑھ کر بتایا کہ سورۂ اخلاص کو ہر وقت کھلا پڑھو اور اس کے علاوہ عشاء کے بعد 111 مرتبہ اور جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد سنتیں مکمل کرکے ہزاروں کی تعداد میں یَااَحَدُ یَاحَفِیۡظُ یَاوَدُوۡدُ پڑھنے کو کہا۔ اس نے ایسا ہی کیا اللہ کا کرم ہوگیا اور تقریباً تین ماہ بعد اس کا اتنا اچھا رشتہ طے ہوگیا ہے۔ یہ سب حضرت حکیم صاحب اور علامہ لاہوتی پراسراری کی نظر کرم کی وجہ ہے۔ وہ بچی اتنی دعائیں دے رہی ہے۔ اصل دعاؤں کے حق دار تو حکیم صاحب اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب ہیں۔ ایک لڑکی امید سے تھی، میں نے تیسرے مہینے اس کو درود شریف کے ساتھ یَامُصَوِّرُ اور اپنے خاوند کے ساتھ دعا کرنے کو کہا کہ بچے کا نام ''محمد'' رکھیے گا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس کے گھر بیٹا پیدا ہوا اور انہوں نے اس کا نام ''محمد'' رکھا۔ میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست''، میں سے یَاقَہَّارُ کا وظیفہ پڑھ کر اپنی سہیلی کو یہ وظیفہ بتایا۔ اس پر جادو تھا، اس نے صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ یَاقَہَّارُ پڑھا۔ یہ پڑھنے کے بعد اس کا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ اس کی جسمانی اور ذہنی آسودگی ہوئی ہے۔ میری بیٹی عزہ جس کی عمر 15 سال ہے۔ نویں کلاس کے اچھے رزلٹ آنے کیلئے ہروقت یَارَحۡمٰنُ مدد پڑھتی رہی اور سورۃ الم نشرح اور یَاحَسِیۡبُ بھی ساتھ پڑھتی رہی۔ اللہ کا شکر ہے اس کا رزلٹ بہت اچھا آیا ہے۔ **علامہ لاہوتی پراسراری کے نام:** جناب اللہ آپ کی عمر دراز کرے، آپ نے غریب لوگوں، گنہگار لوگوں کو اللہ کے ذکر پر لگایا، اس کی مخلوق جنات کے بارے میں جو غلط فہمی تھی ختم کرکے ان کیلئے بھی دعا کرنے کو دل چاہتا ہے۔ اللہ کی نیک مخلوق کے بارے میں بتایا، موتی مسجد کے نوافل بتائے ورنہ ہم کب اتنی مقدس جگہ پر جاسکتے تھے۔ پہلے سیر کرنے جاتے تھے اب نفل کا ثواب لینے جاتے ہیں۔ اللہ کی نیک مخلوق سے دعا کروانے جاتے ہیں۔ اللہ ہم سب کو نیک ہدایت نصیب فرمائے اور ہماری تمام مشکلات دین و دنیا کی حل کردے۔ آمین!۔

## موتی مسجد میں جنات نے مجھ سے بات کی

(عظمیٰ سعید)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میری دعا ہے کہ آپ جیسے انسانیت کے خدمت گاروں کو اللہ تعالیٰ لمبی عمر عطا فرمائے تاکہ لوگوں کے سالوں کے بگڑے ہوئے کام دنوں میں سنور جائیں۔ آمین! میں آپ کا رسالہ تقریباً چار سال سے پڑھ رہی ہوں اس سے بہترین رسالہ عملیات اور نسخہ جات میں میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ خاص کر رسالے میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔

میں کچھ دن پہلے اپنی دو مرادیں لے کر موتی مسجد گئی تھی۔ مجھے پرہیزگار مخلوقات کو دیکھنے کا شوق تھا تو اپنی مراد کے ساتھ ساتھ میں نے مخلوقات کو دیکھنے کیلئے دعا کی۔ جیسے ہی میں نے نوافل ادا کرکے سلام پھیرا۔ مجھے لگا کہ میرے ذہن میں کچھ آوازیں آنے لگیں ہیں۔ وہ آوازیں کہہ رہی ہیں کہ ہم تمہیں نظر آجائیں گے لیکن تم کسی کو بتاؤ گی نہیں۔ کسی حال میں نہیں، مجھے لگا کہ اگر میرے منہ سے زندگی میں کبھی سچ یعنی یہ بات نکل گئی تو ہوسکتا ہے کہ میرے والدین یا بہنوں میں سے کسی کو نقصان پہنچ جائے تو میں نے اپنے ذہن میں ہی کہہ دیا کہ میں آپ لوگوں کو دیکھنا نہیں چاہتی۔

اس کے تھوڑی دیر بعد حضرت حکیم صاحب وہاں تشریف لے آئے، وہ اتوار کا دن تھا۔ مجھے تھوڑی ڈھارس بندھی کہ حکیم صاحب! بھی وہاں تشریف لے آئے ہیں۔ آپ نے

جو کوئی ہر نماز کے بعد سو دفعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے تو ان شاء اللہ رنج و غم میں کبھی مبتلا نہ ہوگا اور نہایت خوش و خرم زندگی بسر کرے گا۔ اگر تمام مخلوق کو مسخر کرنا ہو تو پھر ہر روز رات کو ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَاعَزِیۡزُ کا وظیفہ رکھیں۔ ان شاء اللہ مخلوق مسخر ہوگی۔ بحوالہ کتاب: کامیاب عامل بنیے۔

وہاں آ کر دعا کرائی اور دو نفل والی دعا کا بھی کہا اور دعا میں رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (بقرہ 127) وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ (بقرہ128) والی آیت کو پڑھنے کا کہا تھا۔ البتہ درس میں آنے اور موتی مسجد میں جا کر نوافل پڑھنے کی برکت ہے کہ مجھے اب اپنا آپ بہت ہلکا پھلکا محسوس ہوتا ہے۔

### ہر اٹکا کام ہوجائے

(پوشیدہ‘ فیصل آباد)

**محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم!** عرض خدمت یوں ہے کہ آپ کا رسالہ ”عبقری“ گزشتہ چار ماہ سے میرے زیر مطالعہ ہے یہ ہمارے ہمسائیوں کے توسط سے مجھے ملا جب پڑھا تو آنکھیں کھل گئیں اور مجھے افسوس ہوا کہ اتنے اچھے اور پاکیزہ رسالہ سے پہلے کیوں محروم رہے۔ میں نے اس سے بہت فیض حاصل کیا۔ سب سے پہلے میں شکریہ ادا کرتی ہوں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کہ ان کے مضمون میں بتائی ہوئی آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ کثرت سے پڑھی‘ رزلٹ بہت ہی اچھا پایا۔ میرے بہت سے مسائل اور اٹکے ہوئے کام اس وظیفے کی وجہ سے ہوئے‘ گھر میں سکون اور برکت آگئی ہے۔ اس کے علاوہ میں نے علامہ صاحب کا ہی وظیفہ یَاقَهَّارُ بھی بہت کثرت سے پڑھا جس کی وجہ سے مجھے جو بھی مشکل پیش آتی ہے اللہ کے حکم سے حل ہوجاتی ہے۔ اس کے علاوہ میں نے عبقری رسالے میں سورۃ انعام کی آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿الانعام ۴۵﴾ کو آزمایا لاجواب پایا۔ یعنی جب بھی کسی بات پر لڑائی جھگڑا شروع ہوا خاموشی سے اکیس مرتبہ پڑھ لیا جھگڑا منٹوں میں ختم گویا ہوا ہی نہیں۔ الحمدللہ! پھر جب کوئی کام اٹک جائے مثلاً سلائی مشین چلتے چلتے رک جائے یا موٹر سائیکل اچانک خراب ہوجائے غرضیکہ کسی کام میں بھی رکاوٹ ہو تین‘ پانچ‘ سات یا اکیس مرتبہ پڑھا‘ کام سدھر گیا۔ سبحان اللہ! اس کے علاوہ آٹا گوندھتے وقت یا جب گھر میں راشن آئے‘ آٹا پس کر آئے‘ بازار سے سبزی گھر میں آئے پانی کا کین آئے اسمائے حسنہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ 40 بار پڑھ کر دم کرلیا‘ بفضل خدا کام احسن طریق سے ہوگیا۔

### جنات کے رونے کی آوازیں

(مسز آصف)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ پچھلے دو سال سے پڑھ رہی ہوں۔ خاص کر پچھلے سال جون کا خاص شمارہ پڑھا تو پتہ چلا کہ لوگوں کو ”جنات کے پیدائشی دوست“ سے کتنا فیض مل رہا ہے۔ میں نے جب یَاقَهَّارُ کے فوائد پڑھے تو میرے دل میں بھی خیال آیا کہ میں بھی اپنی پریشانیوں کے حل کیلئے یَاقَهَّارُ پڑھوں۔ میں نے صبح وشام گیارہ تسبیح اور کبھی ایک ہی بار میں بائیس تسبیح پڑھنا شروع کردیا۔ جیسے ہی میں نے پڑھنا شروع کیا مجھے ہر وقت ڈر لگنا شروع ہوگیا۔ رات کے وقت مجھے اپنے کمرے سے باقاعدہ جاگتے ہوئے رونے کی آوازیں آتیں اور جیسے مجھے کوئی کہہ رہا ہو کہ یہ نہ پڑھو۔ ایک مرتبہ میں یَاقَهَّارُ پڑھتے پڑھتے سوگئی‘ جسم پر بہت زیادہ دباؤ پڑگیا۔ میں بڑی مشکل سے یَاقَهَّارُ پڑھتی رہی اور اچانک دیکھا کہ جیسے میں قبر میں ہوں‘ گلاب کے پھول میرے اوپر ہیں اچانک قبر میں ایک اور میت آئی اس نے مجھ سے کہا ڈرو نہیں باہر کی دنیا الگ ہے یہاں اچھے لوگوں کیلئے اچھی جگہ ہے۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔

### چھوٹے سے وظیفے کے کمال

(ایک بہن‘ ہری پور ہزارہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** عبقری رسالہ میں پچھلے تین سال سے پڑھ رہی ہوں‘ اس رسالے نے میرے بہت طبی‘ نفسیاتی اور روحانی مسائل حل کیے ہیں۔ مجھے یہ رسالہ بہت پسند ہے خاص کر اس میں موجود مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ تو میں سب سے پہلے پڑھتی ہوں۔ اس مضمون میں ایک دفعہ سورۃ تکویر کی آیت ایک تا چار کا وظیفہ چھپا جو کہ طاق اعداد میں صبح وشام یا دن میں کئی مرتبہ بھی پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ‘ سات دفعہ‘ گیارہ دفعہ۔ میں نے یہ وظیفہ کیا تو اس سے میرے اتنے بڑے اور چھوٹے مسائل حل ہوئے کہ میں حیران رہ گئی اب بھی میں یہی پڑھ رہی ہوں۔ میں نے بہت مختصر لکھا ہے‘ اگر میں یہ لکھنے بیٹھ جاؤں کہ کیا کیا مسئلے حل ہوئے ہیں تو ایک چھوٹا کتابچہ بن جائے۔ میں اب بھی حیران ہوتی ہوں کہ چھوٹے سے وظیفے نے کیا کیا کمال کردکھائے۔

### یَاقَهَّارُ اور جن سے لڑائی

(توقیر غفار‘ فیصل آباد)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کو خیریت سے رکھے اور آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رہے۔ میں عبقری رسالہ 2012ء سے ہر ماہ لے رہا ہوں اور خوب مطالعہ کرتا ہوں۔ خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری کا مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ تو میرا پسندیدہ مضمون ہے۔ اس میں موجود وظائف کرتا رہتا ہوں‘ خاص کر وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ ہر وقت پڑھتا رہتا ہوں اور یَاقَهَّارُ کی تسبیح صبح وشام کرتا ہوں۔ ایک مرتبہ خواب میں ایک جن سے لڑائی ہوئی کہنے لگا کہ تم یہ وظیفہ پڑھنا چھوڑ دو مگر میں نے پڑھائی جاری رکھی جس سے میرے بہت سے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ اس میں برکت ہی برکت ہے۔ یَاقَهَّارُ کا وظیفہ میں نے جس کو بھی بتایا اس کو فائدہ ہوا۔

### موتی مسجد سے موتی ملے

(اسماء خالد‘ واہ کینٹ)

**محترم ومکرم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی امان میں رکھے اور آپ بخیر و عافیت ہوں۔ محترم حکیم صاحب! میں تو بہت بھٹکی ہوئی تھی پر آپ کے رسالہ عبقری اور درس نے میرا اللہ کی طرف رجوع کردیا ہے۔ میں بھی اللہ کی معرفت چاہتی ہوں۔ میں رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری کا مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں سے موتی مسجد کا عمل پڑھ کر میں موتی مسجد میں نفل ادا کرنے گئی۔ جب میں واپسی پر موتی مسجد کے دروازے پر کھڑی تھی تو اچانک چھ عدد موتی نمودار ہوئے اور میں نے وہ موتی اٹھالیے۔ وہ موتی اب بھی میرے پاس ہیں۔

## میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت‘ سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو‘ اطلاع دیں‘ مشکور ہوں گا۔

**کتاب نمبر 11: بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟:** قارئین! ایک کتاب شائع ہوئی تھی جس کا نام تھا **”بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟“** ظلم کی کہانی بھارتی مسلمانوں کی زبانی‘ یہ کتاب دراصل ایک ادارے نے پہلے سے شائع کی تھی بندہ نے من وعن اس کتاب کے عنوان کو تبدیل کیا‘ اس کا واقعہ بھی یہ ہے کہ یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں عباس اختر اعوان صاحب کے میگزین میں لکھتا تھا تو وقت کی اشد ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے کتاب کا عنوان تبدیل ہوا اور پھر انہوں نے یہ کتاب چھاپی۔۔۔۔ مسٹر گابا کی لکھی ہوئی یہ کتاب استفادہ اور افادہ عام کیلئے میری تالیف کے طور پر لسٹ میں آئی جبکہ وہ میری تالیف نہیں ہے۔ کاوش اور ترتیب ضرور ہے۔

## ہفتہ میں کئی سال کا بیمار صحت یاب

(منزہ لطیف' رحیم یار خان)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** 2009ء سے ہمارے گھر عبقری آرہا ہے' میری امی بہت شوق سے پڑھتی ہیں' میں اُن سے سنتی تھی' خود کبھی کبھی پڑھ لیتی تھی' اچھا لگتا تھا۔ مگر جب سے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون آیا ہے' بہت دلچسپی ہوگئی ہے' ہم نے کتاب منگوائی اور میں نے پوری کتاب پڑھ لی ہے۔ میں اب عبقری کافی مہینوں سے سارا پڑھتی ہوں' بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ میری امی اور میں آپ کے بتائے ہوئے اعمال کرتے ہیں۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا یَاقَہَّارُ کا وظیفہ کررہی ہوں اس وظیفے کے کرنے سے مجھے ایک ہفتے میں ہی فرق پڑ گیا ہے۔ اس سے پہلے میں کئی سالوں سے بیمار ہوں اور ادویات کھارہی ہوں۔ مگر اب میری طبیعت کافی بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ علامہ لاہوتی پراسراری اور آپ کے درجات بلند فرمائے' اللہ تعالیٰ کے بعد آپ میری آخری امید ہیں اللہ نے آپ کو میری شفا کا وسیلہ بنایا ہے۔ میری بہت ساری دلی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

## موتی مسجد میں خوشبو

(فرزانہ خلیل احمد' لالہ موسیٰ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** خدا آپ کو خوش رکھے۔ آپ کے بارے میں کچھ نہ کہنا آپ کی حق تلفی ہوگی۔ آپ نے صحیح سمت قدم اٹھایا ہے۔ رسالہ عبقری دو سال سے پڑھ رہی ہوں۔ اس نے واقعی لوگوں کی زندگی بدل دی ہے۔ اللہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے آمین۔ عبقری رسالہ میں موجود ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود موتی مسجد کا عمل پڑھا۔ میں اور میری چھوٹی بیٹی موتی مسجد میں گئے۔ علامہ لاہوتی پراسراری کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نفل ادا کیے۔ نفل ادا کرتے ہوئے مجھے تین بار بہت ہی پیاری خوشبو محسوس ہوئی' نفل اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد مجھے اور میری بیٹی کو جائے نماز سے دو عدد خوبصورت موتی بھی ملے جو کہ ہم نے اٹھالیے۔ اس کے بعد رات کو خواب میں کچھ اجنبی لوگوں نے مجھے کلمہ کا نصاب پڑھنے کی تلقین کی۔ میں نے اسی دن سے کلمہ کا نصاب شروع کردیا۔ اس کے علاوہ میں اپنے لیے یَاقَہَّارُ کی گیارہ گیارہ تسبیح صبح وشام پڑھتی ہوں۔ میری تکلیف اب پہلے سے بہت بہتر ہے۔ مجھے بہت سکون ہے۔

## بے روزگار کو روزگار ملا

(ڈاکٹر مہناز اکبر ہمدانی)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ رب العزت آپ کو صحت کاملہ سے نوازے اور آپ کا سایہ ہمارے سر پر قائم رکھے۔ میں عبقری میں موجود وظائف اکثر کرتی رہتی ہوں اور بھرپور فائدہ پاتی ہوں۔ خاص طور پر ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود وظائف سے میں نے بہت کچھ پایا ہے۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے اپنے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں جولائی 2013ء کے رمضان والے شمارے میں سحری وافطاری کے وقت اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 41 دفعہ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿آل عمران ۲۶﴾ والا عمل شائع ہوا تھا۔ میرا ایک بھائی اور میرے بہنوئی دونوں بیروزگار تھے جس کی وجہ سے دونوں گھروں میں بہت زیادہ پریشانی تھی۔ وہ وظیفہ ہم سب گھر والوں نے رمضان میں اول روزے سے آخری تک کیا تھا۔ اس کا ہم سب کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ میرے بھائی کو رمضان میں ہی نوکری مل گئی اور میرے بہنوئی کو بھی نوکری رمضان کریم میں ہی مل گئی۔ الحمدللہ دونوں گھروں کا سب سے بڑا مسئلہ حل ہوگیا۔

## پیدائشی دوست نے گھر آباد کر دیئے

(سید اللہ قادری' کوٹری)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کا عبقری رسالہ 2009ء سے پڑھ رہا ہوں۔ علامہ لاہوتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے انمول وظائف میں فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (اعراف 40) اور وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا (النساء 84) اور بہت سے ورد کیے ہیں۔ جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب جلد اول کا مطالعہ کیا بہت ہی اچھی کتاب ہے۔ اس میں سے وظائف لے لے کر میں نے لوگوں کو دیئے جس کی وجہ سے بہت سے گھر آباد ہوئے اور خاص کر اس ایک آیت وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا (النساء 84) نے تو مجھے حیران ہی کردیا۔ میری بیوی کو کینسر ہوگیا تھا میں یہی آیت پڑھتا رہا جس سے میری بیوی کو بہت فرق پڑا۔ آیت فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (اعراف 40) کے شمسی مؤکلات سامنے آئے' شمسی مؤکلات میرے بہت کام آئے ہیں میں ان کا شکریہ ادا کرتا رہوں گا۔

## یَاقَہَّارُ اور خوفناک چڑیل

(م' خ۔ اسلام آباد)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری پچھلے چند سالوں سے پڑھ رہی ہوں اور ساتھ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی استعمال کررہی ہوں۔ ویسے تو ماہنامہ عبقری سارے کا سارا بہت اچھا ہے لیکن ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس میں موجود وظائف سے مجھے میری ہر پریشانی کا حل مل جاتا ہے۔ میری بہن نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ تم پر جادو ہے (یعنی میری بہن پر) میری اسی بہن نے ایک اور خواب دیکھا کہ ایک لمبے بالوں والی چڑیل ہے جو بہت ہی خوفناک ہے' اس کے اوپر بیٹھی ہوئی ہے اور اس پر چٹکیاں کاٹ رہی ہے۔ میری امی خواب میں ہی میری بہن کو کہتی ہیں کہ یَاقَہَّارُ پڑھو اور جب میری بہن خواب میں یَاقَہَّارُ کا ذکر کرتی ہے تو وہ چڑیل اور بھی سخت چٹکی کاٹتی ہے۔ اتنے میں میری بہن جاگ جاتی ہے اور اس کا کہنا ہے کہ میں جاگی مجھے محسوس ہوا کہ کوئی بھاری چیز میرے اوپر سے اتر گئی ہے۔ یَاقَہَّارُ کے بارے میں میری امی نے عبقری میں ہی پڑھا اور اس دوران وہ یہ وظیفے کا ذکر بھی کررہی تھیں لیکن اس بات کا ذکر انہوں نے ہم بہنوں سے نہیں کیا تھا۔ جب میری بہن نے خواب کا بتایا پھر میری امی نے کہا کہ میں نے یہ وظیفہ شروع کیا ہوا ہے آپ بھی پڑھیں۔ الحمدللہ اس کے بعد کسی چیز نے ہمیں تنگ نہیں کیا اور ہماری بہت سی پریشانیوں سے نجات ملی۔

## یَاقَہَّارُ سے بدبو کا خاتمہ

(ٹ' ش)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** مجھے عبقری رسالہ بہت پسند ہے۔ اس میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت

## بواسیر کیلئے عجیب مگر زبردست عمل

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات سے بہت فوائد حاصل کرتا ہوں اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ میرے پاس بواسیر سے نجات کا ایک زبردست عمل ہے جو قارئین عبقری کو تحفہ کے طور پر پیش کررہا ہوں امید ہے قارئین اس کی قدر کریں گے۔ **برائے بواسیر:** اکن کوناں کون مکونا ہریڑ مریڑ مریا۔ اے دو چٹے جانے کو۔ بواسیر کبھی نہیں ہوگی اسے بار بار پڑھتے رہیں۔ اس کے علاوہ جب بھی لیٹرین میں جانے سے پہلے تین مرتبہ درج ذیل الفاظ پڑھیں: کر کرونی بر بیرونی بیرون شُد خدا بزرگ است لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ **(ملک رب نواز)**

پسند ہے۔اس میں یَاقَھَّارُ کا وظیفہ ہم سب گھر والے کر رہے ہیں اور مشکلات سے نجات پا رہے ہیں۔ہم جس گھر میں رہتے ہیں وہاں درخت ہیں اوران درختوں پر چیلوں کا بسیرا بھی جو بہت ہی گندے کپڑے لا کر ہمارے گھر میں پھینکتی ہیں اور بہت عجیب وغریب آوازیں نکالتی ہیں اور اکثر و بیشتر ایسی شدید بدبو آتی ہے کہ دماغ پھٹنے لگتا ہے۔مگر جب سے ہم نے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کیا ہے بدبو بالکل ہی ختم ہوگئی ہے۔اب تو ہم نے یَاقَھَّارُ کے ساتھ کلمہ طیبہ کا ورد بھی شروع کردیا ہے جس سے ہمیں بہت فائدہ ہو رہا ہے۔اللہ پاک علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور حکیم صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔آمین!

## سورۂ اخلاص کے عمل نے رنگ دیا

(ا۔ص)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** سب سے پہلے تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش وخرم رکھے۔آمین! دوسال قبل ہماری فیکٹری میں اخبار والا کھڑا تھا اس کے پاس عبقری دیکھا‘ وہ میں نے خرید لیا۔یقین کریں اتنا اچھا لگا کہ دوسال سے ہر ماہ عبقری خرید رہا ہوں۔میں اور میرے سارے گھر والے پڑھ رہے ہیں۔پھر میں نے عبقری میں سے وظائف شروع کیے اور پڑھتا رہا۔میں نے کچھ عرصہ پہلے ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں سے سورۂ اخلاص والا وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔اس کے بہت زیادہ کمالات دیکھے‘اللہ نے مجھے بہت ساری برائیوں سے بچایا۔ایک دفعہ میرے بیوی بچے گاؤں گئے ہوئے تھے اور میں گھر میں اکیلا تھا۔ ہمارے پڑوس سے ایک خاتون ہمارے گھر پانی لینے کیلئے آئی۔ہم نے گھر میں بور کروایا ہوا ہے ہمارے علاقے میں پانی کا بہت مسئلہ ہے۔وہ عورت گھر پر آئی جب اسے پتہ چلا کہ ان کے گھر میں کوئی نہیں ہے یہ اکیلا ہے تو وہ بار بار آتی رہی اور ایسی ادائیں دکھاتی کہ میں کسی طرح برائی کی طرف مائل ہوجاؤں مگر اس دوران میری زبان پر سورۂ اخلاص کا وظیفہ جاری رہتا اور میرا دل بالکل بھی برائی کی طرف مائل نہ ہوتا اور میں اللہ سے دعا کر رہا تھا یا اللہ اس برائی سے مجھے بچالے اور میرے ذہن میں ہر وقت یہی آتا رہتا کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔اللہ تعالیٰ نے مجھے اس برائی سے بچالیا۔شام چار بجے میں ڈیوٹی پر چلا گیا رات بارہ بجے چھٹی کر کے گھر آیا اور سورۂ اخلاص پڑھتے پڑھتے سوگیا۔رات کو خواب میں دیکھا کہ آسمان پر چاند بہت روشن ہے۔اس چاند کے اندر اور اس کے چاروں طرف روضہ رسول ﷺ دیکھ رہا ہوں۔مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ایک دفعہ ایسے ہی بیٹھے بیٹھے میں نے آسمان کی طرف دیکھا اور دل میں دعا کی یا اللہ میرے اوپر بھی اپنا فضل اور کرم کردے یک دم میرے دل میں خیال آیا کہ تم داڑھی رکھ لو۔پھر میں نے اسی وقت داڑھی کا ارادہ کرلیا اور داڑھی رکھ لی۔پھر میں سورۂ اخلاص پڑھتا رہا۔اس کے بعد مجھے بہت سارے اچھے خواب نظر آئے۔ایک دن دیکھتا ہوں کہ گاؤں میں قبرستان کے قریب ایک بزرگ قرآن پاک کھول کر بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کے گرد پھولوں سے دیوار بنی ہوئی ہے اور ان کے پاس میں اور ایک آدمی بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کا قرآن پاک سونے سے لکھا ہوا ہے اور قرآن پاک پڑھ کر سنا رہے ہیں۔ایک دفعہ دیکھتا ہوں ہمارے گاؤں کی ایک چھوٹی سی مسجد ہے‘ میں نہا کر مسجد میں جاتا ہوں وہاں بہت لمبی داڑھی والے بزرگ بیٹھے ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا نام بہت بڑا لکھا ہوا ہے اور میں نے وہ نام اٹھا رکھا ہے۔گزشتہ محرم الحرام کی 18 اور 19 کی درمیانی شب میں سورۂ اخلاص پڑھتے پڑھتے سوگیا مجھے خواب میں بزرگ ملے اور فرمانے لگے آج کی رات جو مانگو گے اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے‘اٹھو اور دعا کرو۔

**محترم حکیم صاحب!** میں علامہ لاہوتی پراسراری کا بہت زیادہ شکرگزار ہوں کہ ان کے دیئے سورۂ اخلاص کے وظیفے سے مجھے بہت کچھ ملا‘بہت روحانیت ملی۔

پچھلے دنوں میں نے خواب دیکھا کہ آپ (حکیم صاحب) بہت بڑے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں اور آگے رسہ لگا ہوا ہے سارے لوگ رسے کے پار بیٹھے ہوئے ہیں جو لوگ آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں اور میں بھی آپ کے ساتھ بیٹھا ہوا ہوں حکیم صاحب! میں آپ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں اور کوئی برا کام‘یا کوئی برائی نہیں کروں گا۔اس سے پہلے بھی کافی عرصہ سے ہر برائی سے بچنے کی کوشش کرتا ہوں۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام شائع مت کیجئے گا۔

**سورۂ اخلاص کا عمل درج ذیل ہے:۔**

رات ایک بجے کے بعد 4 نفل اکٹھے ایک ہی سلام کے ساتھ پڑھنے کی نیت کرے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 101 بار سورۂ اخلاص مع تسمیہ پڑھے اس طرح ہر رکعت میں پڑھے بس دھیان اور توجہ اللہ کی طرف اور خاص حضوری ہو (ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں) سلام کے بعد سر برہنہ کرلیں اور دائیں بازو سے قمیص نکال کر بازو و کندھا ننگا کرلیں جیسے حالت احرام میں ہوتا ہے پھر 500 بار سورۂ اخلاص پڑھیں اول وآخر درود شریف 11 بار پھر جتنی دیر سارے عمل میں لگتی ہے اتنی دیر خوب گڑگڑا کر بھکاری بن کر دعا کریں رو رو کر مانگیں کہ جسم کا رواں رواں کھڑا ہوجائے بہت لمبی اور عاجزانہ دعا کر کے پھر 100 بار سورۂ اخلاص پڑھیں اور پھر سورۂ اخلاص پڑھتے ہوئے لیٹ جائیں۔ یہ عمل کچھ عرصہ یا کچھ دن مستقل کریں۔اور قدرت کے کمالات اور حمایت اپنی طرف متوجہ ہوتے دیکھیں آپ حیران رہ جائیں گے۔

## موتی مسجد کے بزرگ نے دیا وظیفہ

(م۔ن)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری صرف چار ماہ سے پڑھ رہی ہوں مگر ان چار ماہ میں میں نے عبقری سے بہت کچھ پایا ہے۔خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ کی تو کیا ہی بات ہے۔علامہ صاحب کی کتاب ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ جلد اول پڑھ کر میری تو روح تک بیقرار ہوگئی کہ کسی طرح علامہ صاحب سے ملاقات ہوجائے جب میں عبقری کے دفتر گئی تو پتہ چلا کہ ان سے صرف خط پر ہی ملاقات ہوسکتی ہے۔علامہ صاحب کا کالم میں بہت شوق سے پڑھتی ہوں اس میں جو وظائف آتے ہی ان پر عمل کرتی ہوں۔اپنی مشکلات کے حل کیلئے میں موتی مسجد میں نوافل ادا کرنے گئی۔میں جب موتی مسجد گئی تو اسی رات خواب میں کوئی بزرگ آئے اور انہوں نے فرمایا کہ اپنی مشکلات کے حل کیلئے زیادہ سے زیادہ تیسرا کلمہ پڑھو۔میں تب سے تیسرا کلمہ پڑھ رہی ہوں اور الحمدللہ بہت فائدہ ہورہا ہے۔

## پیدائشی دوست سے مشکلات آسان

(ش،ہری پور ہزارہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں‘ اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات نے میرے بہت سے طبی و روحانی مسائل حل کیے ہیں خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ کے وظائف میں بڑے شوق سے کرتی ہوں۔جون 2013ء کے ماہنامہ عبقری میں ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں ایک وظیفہ دیا گیا یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ میں نے یہ وظیفہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھا ہے۔میں رات کو جس وقت بھی اٹھتی ہوں‘ یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیتی ہوں اس وقت میرا وضو تو نہیں ہوتا مگر میں دل میں پڑھتی رہتی ہوں۔یہ پڑھنے سے مجھے بہت سکون ملتا ہے۔اس کے علاوہ

بخل کا علاج: نفس پر جبر کرو اور خرچ کرنے کی بہ تکلف عادت ڈالو خصوصاً ورثوں کے وقت خرچ کرنے کی خوبی کا تصور باندھ کر اس تقاضہ کو دبا کر خرچ کرنے کی رغبت ہونے لگے اور بتدریج برے خیالات اور مذموم اخلاق کو دور کرتے رہو یہاں تک کہ بخل کی جڑ کٹ جائے اور اب مال کا خرچ کرنا خالصتاً لوجہ اللہ بن جائے۔ بحوالہ کتاب: بدترین خصلتوں کا بہترین علاج

اگر طلوع آفتاب کے وقت بالمقابل آفتاب نظر جما کر تین سو تیرہ درود شریف اور تین سو تیرہ بسم اللہ شریف روزانہ معمول بنالے ایسی جگہ سے رزق کی فراخی ہو کہ اس کے وہم و گمان میں بھی نہ آئے اور خدا خود علیم ہے۔ ایک سال گزرنے نہ پائے امیر کبیر ہوجائے اور لوگوں کی نظروں میں وقیع ہو۔ بحوالہ کتاب: ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری۔

علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا یَاقَہَّارُ والا وظیفہ بھی میں نے سوا لاکھ مرتبہ پڑھا ہے اس سے میری چھوٹی چھوٹی بہت سی مشکلات آسان ہوئی ہیں۔

## صحابی بابا نے ہمت بندھائی

(پوشیدہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ پچھلے ایک سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ میں مشکلات کی دلدل میں دن بدن دھنستی جارہی تھی‘ عبقری میرے لیے امید کی ایک کرن ثابت ہوا۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں موجود وظیفہ یَاقَہَّارُ نے میری بہت سی پریشانیاں حل کی ہیں۔ میں ہر طرف سے اتنا پریشان تھی کہ دل چاہتا تھا کہ خودکشی کرلوں‘ میری زندگی میں سکون نام کی چیز آئی ہی نہیں۔ ایک دن میں یَاقَہَّارُ پڑھتے پڑھتے سوگئی تو میرے خواب میں صحابی بابا تشریف لائے انہوں نے کہا کہ بائیں آنکھ بند کرکے ایک آنکھ سے دیکھو تمہیں پتہ چلے گا کہ تمہارے ساتھ کوئی طاقت ہے تم اکیلی نہیں ہو۔ الحمدللہ! اُس دن کے بعد مجھے واقعی پتہ چلتا ہے کہ میرے ساتھ کوئی ہے۔ اب میں پرسکون رہتی ہوں۔

## بے سکونی سکون میں بدل گئی

(ج،ر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** ہم پریشانیوں میں گھرے ہوئے تھے‘ گھر میں عجب بے سکونی تھی‘ ہر وقت لڑائی جھگڑے‘ گھر سے کئی دفعہ میں نے خود تعویذات اٹھائے۔ گھر میں جاؤں تو دل نہیں لگتا‘ دل کرتا ہے اس گھر سے کہیں دور بھاگ جاؤں جب گھر سے باہر کسی کے گھر مہمان جاؤں تو دل میں بہت خوشی سی محسوس ہوتی ہے مگر جیسے ہی اپنے گھر جائیں تو اُسی وقت لڑائی جھگڑا شروع ہوجائے گا۔ میری والدہ کو تو اب بات بات پر غصہ آتا۔ پھر مجھے کسی نے عبقری دیا‘ میں نے پڑھا مجھے امید کی کرن نظر آئی۔ اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں یَاقَہَّارُ کا وظیفہ پڑھا تو میں نے یہ وظیفہ اپنی والدہ کو بتایا‘ میری والدہ نے یَاقَہَّارُ کا وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ ابھی میں نے اور میری والدہ صرف دس دن ہی یَاقَہَّارُ کا وظیفہ کیا تھا کہ ہمارے دلوں میں جو بے سکونی تھی وہ بالکل ختم ہوگئی اور گھر میں عجب سکون سا ہوگیا۔ میری والدہ اب جتنی دعائیں آپ کو اور علامہ صاحب کو دیتی ہیں یہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں یا میں۔۔۔!

## فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ کا مراقبہ

(سعداللہ خان قادری)

**محترم علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم!** میں اپنے بچپن کے دوست کے گھر گیا تو انہوں نے میرا تعارف عبقری سے کروایا‘ میں نے پہلی مرتبہ دوست کے گھر ماہنامہ عبقری مئی 2010ء کا رسالہ پڑھا اور پھر میں نے پچھلے تمام رسالے پڑھے۔ آپ کی سلسلہ وار آپ بیتی کی تمام اقساط پڑھیں‘ بہت فائدہ ہوا۔ عبقری کا ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے۔ جب پڑھ لیتا ہوں سکون سا آجاتا ہے۔ علامہ صاحب اس سلسلے میں میں کچھ لکھنا چاہتا ہوں علامہ لاہوتی حزب البحر کے عالم آپ کی سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 16 سے کچھ نام میں نے لیے ہیں جیسا کہ صحابی بابا‘ حاجی صاحب اور باورچی جن بابا‘ حضرت احمد علی لاہوری صاحبؒ۔ آپ نے لکھا ہے کہ سرکش جن مکلی کی جیل سے نکل کر سیدھا سمندر کی طرف گیا ہے اور سمندر کی گہری تہہ میں بیٹھا ہوا ہے اس کو تلاش کیسے کیا جائے‘ آپ نے لکھا ہے کہ حضرت سلیمان کا ورد جو انہوں نے مجھے حالت مراقبہ میں بتایا تھا۔ میں محرم کی 8 تاریخ کو صبح فجر کی نماز کے بعد مراقبے میں بیٹھا اور یہی مراقبہ آپ نے عبقری میں لکھا تھا۔ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ (اعراف 40) جب پڑھا تو پڑھتا ہی چلا گیا۔ مراقبے کی حالت میں رب العالمین نے مجھے وہی زمین دکھائی جو مکلی کی زمین وہ علاقہ دیکھا‘ مراقبہ ختم کیا تو میں نے رب العالمین کا شکر ادا کیا اور مجھے بہت خوشی ہوئی۔ محترم کی 9 تاریخ کو حضرت عبداللہ شاہ اصحابی بابا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار پر بیٹھ کر مراقبہ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ (اعراف 40) کیا۔ تو مجھے بہت انوارات ملے۔ مراقبہ ختم کرکے باہر نکلا تو کھانے پینے کی فکر تھی اچانک کچھ دور ایک آدمی نے آواز دے کر بلایا اور بٹھالیا۔ دل میں سوچا کہ میں کھانا کہاں اور کیسے کھاؤں؟ اچانک اس آدمی کی چھوٹی سی بیٹی چھوٹے سے تھیلے میں کھانا لے آئی جب اس آدمی نے وہ کھانا بڑے سے تھال میں ڈالا تو وہ اُوپر تک بھر گیا۔ کہنے لگا کہ آپ کھاؤ۔ میں نے جب کھانا شروع کیا تو وہ مجھے دیکھتا کا دیکھتا رہ گیا۔ بات یہ ہے کہ تھوڑے سے کھانے سے تھال کیسے بھر گیا۔ یہ رب العالمین کی مہربانی تھی۔ کھانا کھانے کے بعد پھر ایک اور درویش کی تربت پر حاضر ہوا اور یہی مراقبہ کیا وہاں سے بھی مجھے بہت فیوض و برکات نصیب ہوئیں۔ میرا دل نہیں کررہا تھا کہ وہاں سے واپس آؤں۔ اس خوشی میں ساری رات جاگتا رہا۔

## نماز میں سرور

(پوشیدہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کو تندرستی‘ صحت اور سلامتی دے‘ ایسا ایمان دے جو کبھی بھی اپنی جگہ سے نہ ٹلے اور مدینہ طیبہ کی مٹی آپ کا مقدر بنے۔ آمین۔ آپ کے مرشد اور آپ کے والدین کی قبروں کو اللہ نور سے بھر دے۔ آپ کی نسلیں تاقیامت متقین کی امام بنتی رہیں۔ میرے بھائی بیٹے جو جہاں جہاں سے‘ جس جس طریقے سے عبقری اور تسبیح خانہ کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں کریم قیامت کے دن ان کو بغیر حساب کتاب کے جنت الفردوس میں داخل کردے۔ **محترم حکیم صاحب!** اللہ آپ کو اتنی جزائے خیر دے جتنی اس کی عطاؤں کی حد نہیں ہے۔ آمین ثم آمین۔ میں عبقری رسالہ کی شروع سے قاری ہوں۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں موجود موتی مسجد کا عمل پڑھ کر میں موتی مسجد میں نوافل ادا کرنے گئی۔ نفل پڑھنے کے بعد محسوس ہوا جیسے ہی میں گھر واپس داخل ہوئی تو جسم پر پانی کے قطرے گرنے شروع ہوگئے جیسے پھوار محسوس ہوتی ہے۔ یہ عمل کرنے کے دوران یعنی نوافل کے دوران بھی مجھ پر پھوار گرتی رہی۔ الحمدللہ تب سے طبیعت بہت ہلکی پھلکی محسوس ہوتی ہے نماز میں بہت سرور ملتا ہے۔

## یَاقَہَّارُ سے روزگار ملا

(والدہ محمد زین)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میرے شوہر نے مجھے کہیں سے عبقری رسالہ لاکر دیا‘ اللہ آپ کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے‘ ہم سب آپ کیلئے بہت دعا کرتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میرے شوہر بے روزگار تھے جس کی وجہ سے ہم سب بہت پریشان تھے‘ آپ کے رسالہ میں علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ میں سے یَاقَہَّارُ کا وظیفہ میں اور میرے شوہر نے کھلا پڑھا۔ اللہ نے ان کو بہترین روزگار عطا کیا ہے۔

## یَاقَہَّارُ کا فیض

(پ،ج)

**محترم علامہ لاہوتی صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں برکتیں عطا فرمائے اور امت کو آپ جیسے محسن سے ہمیشہ مستفید فرمائے۔ آمین! میں آپ کا مضمون عبقری میں شروع سے پڑھ رہا ہوں۔ ہر دفعہ بے چینی لگتی رہتی ہے

**زخم معدہ کا علاج:** ھوالشافی: کندر 2 گرام، دم الاخوین 2 گرام، کہربا شمعی 2 گرام، گل ارمنی 2 گرام، اصل السوس مقشر 2 گرام۔ ان ادویات کو باریک پیس کر شربت خشخاش یا شربت انجبار 25 ملی لیٹر میں شامل کر کے مناسب وقفوں سے چاٹ لیں۔ بحوالہ کتاب: امراض معدہ علاج نبوی اور جدید سائنس

**نفس کا کمال دیکھنے والی آنکھ کوئی دے:** نفس کا کمال دیکھنے والی آنکھ کوئی دے اور جو آنکھ خدا کو دیکھنے والی ہو اس کو کھول دے اور اگر ایسا نہیں کرے گا تو حق کے کمال کو دیکھنے سے اندھا بنا دیا جائے گا۔ بحوالہ کتاب: اقوال اولیاء

کہ کب اس ماہ کا مضمون آئے گا اور میں پڑھوں گا۔ بہت مزہ آتا ہے اور رہنمائی ملتی ہے اور زبردست قسم کے وظائف ملتے ہیں جو کہ اس آسانی کے ساتھ اس دور میں ملنے مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہیں۔ میں نے آپ کے مضمون میں سے دیکھ کر بہت سے اعمال کیے لیکن مجھے یَاقَھَّارُ سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں نے یہ وظیفہ صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود کے ساتھ پڑھا۔ میری معاشی حالت بہت خراب تھی جو کہ یَاقَھَّارُ کے عمل کی وجہ سے دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔

## یَاقَھَّارُ پڑھیں جلد شادی کروائیں

(مسز غزالہ ریحان، لاہور)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** امید ہے کہ بفضل اللہ تعالیٰ بخیریت ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ جیسے نیک بزرگوں کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ میں عبقری میگزین میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ذوق و شوق سے پڑھتی ہوں۔ میگزین کا مجھے ہر مہینے بہت شدت سے انتظار رہتا ہے اور اس میں آپ کے بتائے وظائف بھی پڑھتی ہوں۔ ان سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے بلکہ میری کزن کی شادی نہیں ہو رہی تھی اس نے یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پڑھا۔ اس نے یہ وظیفہ صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود کے ساتھ پڑھا۔ اس کی شادی بہت جلدی اور اچھی جگہ ہوگئی اور آج کل وہ دبئی میں اپنے شوہر کے ساتھ ہوتی ہے۔

## بیماری سے شفاء

(محمد جاوید اختر، راولپنڈی)

**محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم!** چند ماہ سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے، بے حد مفید ہے، آپ نے جو سلسلہ شروع کیا ہے اس سے بہت سے لوگوں کو جسمانی اور روحانی فوائد مل رہے ہیں۔ اللہ آپ کو اس کوشش کا اجر دونوں جہانوں میں عطا فرمائے۔ آمین! میرا مسئلہ یہ تھا کہ میری ناک سے ہر وقت خون بہتا رہتا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا اور دن بدن کمزور ہوتا جارہا تھا، بہت علاج کرائے مگر فرق نہیں پڑا۔ آپ کے رسالے میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یَاقَھَّارُ میں نے پڑھنا شروع کیا صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھتا اور باقی سارا دن کھلا پڑھتا رہتا۔ الحمدللہ! جس دن سے یہ پڑھنا شروع کیا ہے میری ناک سے خون آنا بند ہوگیا ہے۔

## صحابی بابا سے ملاقات

(ش، غ۔ حسن ابدال)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں مال و دولت میں، اولاد میں، صحت و عزت میں تاقیامت برکتیں جاری رکھے اور اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ اور دست شفقت میرے شوہر اور میرے بیٹے اور ہماری تمام اولاد پر ہمیشہ ہمیشہ قائم و سلامت رکھے اور اللہ تعالیٰ آپ کی برکتوں سے ہمیں مستفید ہونے اور آپ کی نسبت سے جڑے رہنے کی بابرکت سعادت ہمیشہ قائم رکھے۔ **محترم حکیم صاحب!** عبقری رسالہ نے میری زندگی میں بہت آسانیاں پیدا کردی ہیں۔ میری بہت سی پریشانیاں ختم ہوگئی ہیں، عبقری میرے لیے کڑکتی دھوپ میں ٹھنڈی چھاؤں ہے۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' نے تو مجھے نئی زندگی دی ہے۔ اس میں موجود وظائف میں کرتی رہتی ہوں اور ان کا ثواب صحابی بابا کو ہدیہ کرتی ہوں۔ میری اکثر صحابی بابا سے ملاقات ہوتی رہتی ہے۔ میری ان سے بات اس طرح ہوتی ہے کہ آنکھیں بند کرتی ہوں تو سامنے دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے ایک دفعہ مجھے فرمایا تھا کہ تم مجھے بیٹیوں کی طرح عزیز ہو اور جب بھی کوئی پریشانی ہو تین دفعہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے دائیں کندھے پر پھونک مارنا میں جہاں بھی ہوا تم سے بات کرلوں گا۔ **محترم حکیم صاحب!** انہوں نے مجھے بہت تسلی دی اور ہمیشہ تاکید کرتے رہے کہ تم صرف بیعت کی تسبیحات صبح و شام پابندی سے پڑھتی رہو تو تمہارا رابطہ تمہارے مرشد سے روحانی طور پر مضبوط رہے گا اور اللہ کی مدد ساتھ رہے گی۔ صحابی بابا نے یہ بھی فرمایا تھا کہ تمہارا دل جتنا صاف ہے تمہاری نیت جتنی خالص ہے تم دیکھنا اللہ کی مدد اتنی ہی تمہارے ساتھ رہے گی اور تمہیں تمہارا حق مل کر رہے گا اور میرے محترم آپ کی دعاؤں اور صحابی بابا کی توجہ و مہربانی سے اللہ تعالیٰ نے مجھے میرے شوہر کو واپس دے دیا ہے۔

## کالے جادو سے نجات

(پوشیدہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** تقریباً ایک سال سے میں باقاعدگی سے عبقری سے وابستہ ہوں۔ عبقری میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' مجھے بہت پسند ہے۔ محترم حکیم صاحب! ہم پر کسی نے جادو کیا ہوا ہے، ہمارے گھر ہر روز خون کے چھینٹے گرتے ہیں جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں۔ میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود یَاقَھَّارُ کا وظیفہ اس مقصد کیلئے کرنا شروع کیا۔ صبح و شام گیارہ سو مرتبہ 91 دن کیا جس سے خون کے چھینٹوں میں ستر فیصد کمی ہوگئی ہے۔ ابھی وظیفہ جاری ہے اور گھر میں بھی کافی سکون آگیا ہے، مشکلات بھی دن بدن کم ہوتی نظر آرہی ہیں۔ حکیم صاحب! آپ جو کار خیر کر رہے ہیں اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام شائع ہرگز نہ کیجئے گا۔

## مشکلات کا حل

(محمد مصدق، اسلام آباد)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں رسالہ عبقری چند ماہ سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اور اس سے بھرپور فیض اٹھا رہا ہوں۔ خاص کر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو ہم سب گھر والوں کو بہت پسند ہے۔ میں بہت سی مشکلات میں گھرا ہوا تھا اور ان مشکلات کے حل کیلئے میں نے یَاقَھَّارُ گیارہ سو مرتبہ صبح اور گیارہ سو مرتبہ شام کو پڑھنا شروع کردیا اور سارا دن کھلا پڑھتا اور اس وجہ سے ہمارے حالات دن بدن بہتر ہونے شروع ہوگئے ہیں۔

## موتی مسجد میں سجدے

(ث، خ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کا عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ لوگوں کے مسائل کے حل کیلئے اعمال بتاتے ہیں، اللہ آپ کو اس کا اجر عظیم دے گا۔ عبقری رسالے میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے میں نے موتی مسجد کا عمل پڑھا۔ میں اپنے شہر سے خصوصی طور پر موتی مسجد میں نفل ادا کرنے کیلئے بڑے شوق سے گئی۔ میں نے نماز اور اس کے بعد میں نے وہاں نوافل پڑھے تو جیسے علامہ صاحب نے طریقہ بتایا تھا کہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر تکرار کرنی ہے تو میں نے جب ویسے کیا تو میرا سر خود بخود دائیں طرف گیا جیسے کسی نے پکڑ کر کیا ہو، پھر خود بخود سیدھا کروایا گیا، پھر میں نے دوسری رکعت میں تکرار کی پھر ایسے ہی ہوا۔ نوافل کے بعد کسی چیز نے مجھ سے تین مرتبہ سجدہ کروایا، سجدہ کے بعد مجھے سبز سی کوئی چیز گول دائرے میں نظر آتی رہی پھر غائب ہوگئی۔ اس کے بعد میرے کندھوں میں درد ہوا جو کہ ایک ہفتہ کے بعد ٹھیک ہوگیا۔ اس واقعہ کے بعد میرا بڑا دل کرتا کہ میں موتی مسجد میں جاؤں کیونکہ موتی مسجد میں مجھے وہ سکون ملا جو شاید پہلے کبھی نہیں ملا تھا۔ میں اس کے بعد موتی مسجد میں جا تو نہ سکی مگر میں نے گھر میں ہی

بروایت حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اپنے بھائی کیلئے کوئی شخص پیٹھ پیچھے دعا کرے تو مقبول دعاؤں کے برابر ہوتا ہے اور خدا اس پر ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے جو کہتا ہے آمین اور تیرے لیے بھی ایسا ہی ہو۔ بحوالہ کتاب: آسمان نیکیوں کے تحفے، گنجینہ فضائل

جو شخص اللہ تعالیٰ سے جتنی زیادہ محبت کرتا ہوگا مخلوق بھی اتنی ہی اس سے محبت کرے گی اور جو شخص اس سے کہیں زیادہ یقین سے محبت کرے گا مخلوق بھی اتنی ہی زیادہ اس سے محبت کرے گی۔ بحوالہ کتاب: آداب معرفت

موتی مسجد کا تصور کیا اور کھڑے ہو کر نوافل ادا کیے تو ایسے لگا مجھے کوئی آہستہ آہستہ سجدے میں لے کر جا رہا ہے۔ آہستہ آہستہ میرے ہاتھ کھلتے گئے اور سجدے میں کوئی چیز مجھے لے گرگئی' دو تین بار میں نے ایسے ہی تصور کر کے کیا تو ایسے ہی کوئی سجدے میں لے کر جاتا ہے۔ میں جو کچھ بھی پڑھتی ہوں وہ میں صحابی بابا کو ہدیہ کرتی ہوں۔ الحمدللہ! میری بہت سی پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں۔

## جلد رشتہ کیلئے

(ل۔ب)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی فیملی کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔محترم حکیم صاحب! میری کچھ ناگزیر وجوہات کی بنا پر منگنی ٹوٹ گئی ایسے لگتا تھا جیسے سب کچھ ختم ہو گیا ہے۔ پھر میرا تعارف میری دوست کی وجہ سے عبقری سے ہوا۔ عبقری میں موجود وظیفوں نے تو میری زندگی ہی بدل دی' زندگی کا اصل مقصد مجھے اب سمجھ آنے لگا ہے۔ عبقری میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست''میں موجود موتی مسجد کا عمل پڑھا اور نوافل پڑھنے کیلئے موتی مسجد گئی۔ میرا سب سے بڑا مسئلہ رشتے کا تھا۔ میں نے موتی مسجد میں نوافل ادا کر کے رو رو کر اللہ سے دعا مانگی۔ کچھ ہی دنوں کے بعد ایک ہی رشتہ پلٹ پلٹ کر آتا رہا' آخر مجھے اور میرے گھر والوں کو لگا کہ اسی میں اللہ کی بہتری ہے اور میرا ایک بار پھر رشتہ ہو گیا۔

## موتی مسجد کا عمل اور شاندار رزلٹ

(عثمان یاسر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہا ہوں۔ میں نے علامہ صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موتی مسجد کا عمل پڑھا۔ میرے پیپر ہو چکے تھے اور مجھے معلوم تھا کہ کچھ خاص نہیں ہوئے۔ میں نے موتی مسجد میں جا کر نوافل ادا کیے اور اللہ سے دعا کی کہ میں بورڈ کے پیپر میں اچھے نمبروں سے پاس ہو جاؤں۔ الحمدللہ! جب رزلٹ آیا تو میں حیران ہو گیا کہ میرے اتنے اچھے نمبرز کیسے آگئے۔ یہ سب موتی مسجد میں نوافل ادا کرنے کی برکت ہے۔

## موتی مسجد نے مسائل حل کر دیئے

(پوشیدہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میرا عبقری سے تعلق ابھی بالکل نیا ہے' میں اپنے شوہر کے کاروبار اور بیٹے کی بیماری کے سلسلے میں بہت پریشان تھی اور کچھ دنوں بعد میرے بیٹے کے پیپرز بھی تھے۔ میری ہمسائی نے مجھے موتی مسجد کے عمل کا بتایا اور ساتھ ایک عدد عبقری رسالہ دیا۔ میں اپنے شوہر کے ساتھ موتی مسجد میں چند دن مسلسل گئی اور نفل حاجت پڑھے اور گڑگڑا کر اللہ سے فریاد کی۔ اللہ نے میری دعا قبول فرمائی۔ اب الحمدللہ! میرا بیٹا بھی صحت یاب ہو گیا ہے اور شوہر کا کاروبار بھی کافی بہتر ہے۔ ابھی چند دن پہلے ہی میں نے موتی مسجد میں جا کر شکرانے کے نوافل پڑھے ہیں اور حسب توفیق مٹھائی بھی تقسیم کی ہے۔

## بیٹے کو ملازمت مل گئی!

(ایک ماں)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ دو سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' اس رسالے نے میری بہت سی مشکلات آسان کر دی ہیں۔ میرا بیٹا کافی عرصہ سے بیروزگار تھا' لاکھ کوشش کے باوجود اسے نوکری نہ ملتی۔ میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون میں سے موتی مسجد کا عمل پڑھا اور نوافل کی ادائیگی کیلئے موتی مسجد حاضر ہو گئی۔ میرا تعلق میرپور آزاد کشمیر سے ہے' میں ایک لمبا سفر طے کر کے اور پورے یقین کے ساتھ موتی مسجد گئی تو اللہ پاک نے میری دعا کو قبول فرمایا۔ اللہ نے میرے بیٹے کو سرکاری ملازمت عطا کی۔ میں دوبارہ موتی مسجد گئی اور جا کر شکرانے کے نوافل ادا کیے۔

## رشتوں کے مسائل ختم

(غ۔ش)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں نے اب تک صرف ایک ہی عبقری رسالہ پڑھا ہے۔ میری عبقری سے ملاقات میری ایک رشتہ دار کی وجہ سے ہوئی۔ ہم سعودی عرب میں رہائش پذیر ہیں اور آج کل پاکستان میں کچھ عرصہ کیلئے آئے ہوئے ہیں۔ ہمارے خاندان میں کافی عرصہ سے رشتوں کا مسئلہ تھا اور اس میں بہتری نظر نہیں آرہی تھی اور کافی پریشانی بھی تھی پھر مجھے میری رشتہ دار نے بتایا کہ آپ شاہی قلعہ لاہور میں موتی مسجد ہے وہاں جا کر نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں ان شاء اللہ آپ کے معاملات بہتر ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ آپ کو اس پریشانی سے نجات دیں گے چنانچہ ہم نے کچھ دن موتی مسجد میں جا کر نوافل پڑھے اللہ سے مانگا۔ ہمیں یقین نہیں آیا کہ اتنی جلدی ہماری دعائیں قبول ہوئیں۔ ہمارے خاندان میں جو رشتوں کے معاملات تھے اللہ پاک نے حل فرما دیئے' اب ہم واپس سعودی عرب جا رہے ہیں۔ دوبارہ جب پاکستان آئیں گے تو موتی مسجد ضرور حاضر ہونگے۔

## بے اولاد کو اولاد ملی!

(عرفان علی)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں کافی عرصہ سے عبقری رسالہ کا قاری ہوں اور خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بڑے شوق سے پڑھتا ہوں۔ میرے ایک رشتہ دار جو کہ بے اولاد تھے اور تقریباً ان کی شادی کو آٹھ سال کا عرصہ ہو چکا تھا۔ میں نے ان کو علامہ صاحب کے بتائے موتی مسجد کے عمل کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے موتی مسجد میں جا کر حاجت کے نوافل ادا کیے اور رو رو کر اللہ سے اولاد مانگی۔ آج موتی مسجد کے عمل کی برکت سے اللہ نے انہیں بیٹے سے نوازا ہے۔

## موتی مسجد کا عمل اور زیارت رسول ﷺ

(م۔ر۔ا)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' ہر ماہ شدت سے انتظار رہتا ہے۔ خاص کر علامہ لاہوتی صاحب کا کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' تو میں سب سے پہلے اور بار بار پڑھتی ہوں۔ میں نے اسی کالم میں موتی مسجد کا عمل پڑھا۔ میں موتی مسجد میں نوافل حاجت کے ادا کرنے کیلئے گئی۔ اُسی رات کچھ جنات میرے خواب

## روزے کے دوران چست اور ہشاش کیسے رہیں؟

سالہا سال کے تجربات کے بعد ستر شفائیں ایک ایسی چیز ہے جو اگر روزے کے دوران اس ترتیب سے استعمال کی جائے تو آپ کو اس سخت گرمی کے روزے میں تھکن' پیاس' نڈھالی اور کمزوری ہرگز نہیں ہوگی' ہزاروں نے آزمایا آپ بھی آزما کر دیکھیں۔ **ترکیب:** سحری کے بعد ستر شفائیں چنے کے برابر لیں' سارا دن جسم میں تقویت رہتی ہے۔ افطاری کے بعد ایک بڑے چنے کے برابر لینے سے کھانا ٹھیک ہضم' گیس تبخیر اپھارہ بالکل نہیں ہوتا اور پیاس کی شدت ختم ہو جاتی ہے۔ اگر رمضان میں سوتے وقت منہ میں ستر شفائیں رکھ کر سوئیں آپ کے تیس روزے ایسے ہشاش بشاش ہوں گے کہ آپ گمان نہیں کر سکتے ہیں۔ رمضان المبارک کے بعد اگر کمزوری ہو گئی ہو تو مسلسل ستر شفائیں کا استعمال چند دنوں میں اس کمزوری کو ختم کر دیتا ہے۔

**حضرت حکیم صاحب رمضان میں مصروفیات کی وجہ سے بیرون ممالک کی فون کالز نہیں سنیں گے۔**

میں آئے اور انہوں نے بتایا کہ ہم موتی مسجد سے آئے ہیں اور انہوں نے مجھے دوبارہ موتی مسجد میں آنے کی دعوت دی' اسی طرح مسلسل دو ماہ وہ میرے خواب میں آتے اور مجھے موتی مسجد میں آنے کی دعوت دیتے۔ پھر ایک مرتبہ خواب میں تمام جنات حضور نبی اکرم ﷺ کو ساتھ لیکر آتے ہیں۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ (م) یہ تمہیں اتنے پیار سے بلا رہے ہیں تم کیوں نہیں جاتی ہو؟ اس طرح موتی مسجد کے جنات نے مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کروادی۔

## علامہ صاحب کے نام خط

(مشتاق احمد' تلہ گنگ)

**محترم جناب علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم!** آپ نے جس انداز' سادگی اور سخاوت کے ساتھ دکھی انسانیت اور پریشان حال لوگوں کے مسائل کا حل سوچا ہے وہ انتہائی قابل تحسین اور آفرین ہے۔ روحانیت کے نام نہاد عاملوں نے جس طرح اس کو پیچیدہ بنا دیا ہے کہ عام لوگ ان کے محتاج بن کر رہ گئے ہیں۔ آپ نے نہایت سادہ انداز میں بالکل آسان طریقہ سے مسائل کا حل اپنے کالم میں پیش کیا ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ انہی چند الفاظ میں اعتراف حقیقت کرتا ہوں۔

## یَاقَھَّارُ سے سب ٹھیک

(شاہد فاروق' فیصل آباد)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ اور آپ کے سب اہل وعیال کی سلامتی اور خیر و برکت کیلئے دعا گو ہوں اللہ سے دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کا سایہ تا دیر اپنے خاندان اور تمام مسلمانوں پر سلامت رکھے۔ آمین! گزشتہ رمضان میں مجھے چند دن تسبیح خانہ میں گزارنے کا موقع ملا۔ اس سعادت کے دوران آپ کے رسالہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یَاقَھَّارُ صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھتا رہا۔ پڑھنے کے دوران میری بیوی' والدہ کے کندھوں اور جسم پر کافی بوجھ رہتا تھا جو آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتا گیا۔ اس کے علاوہ سر اور جسم کے بائیں طرف اور پھر دائیں طرف درد ہوتی رہتی تھی جو کہ الحمدللہ اب ٹھیک ہے۔

## سورۂ والضحیٰ سے فائدہ ہی فائدہ

(حافظ آصف مسعود)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ آپ کو قوت' خیر و عافیت' امن وایمان اور صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! میں آپ کا رسالہ پچھلے تین سال سے پڑھ رہا ہوں۔ علامہ صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا تو میں دیوانہ ہوں۔ میں نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب جلد اول بھی دفتر ماہنامہ عبقری سے خرید رکھی ہے' اس کتاب کے مطالعہ سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اس کتاب میں ایک عمل دیا گیا وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ کی آیت کھلا پڑھنی ہے۔ میں دو ماہ سے اس آیت کو چلتے' پھرتے' اٹھتے' بیٹھتے تلاوت کر رہا ہوں۔ بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں اس کے فوائد آپ سے کیسے بیان کروں۔۔۔ بس اتنا کہوں گا جیسے فوائد علامہ صاحب نے اس کتاب میں بیان کیے ہیں بالکل ویسے ہی فوائد مجھے حاصل ہو رہے ہیں۔

## یَاقَھَّارُ سے سکون

(ا،ر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** امید ہے کہ آپ اللہ کی رحمت سے دنیا کے لیے رحمت ثابت ہو رہے ہیں۔ میں رسالہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' پہلی مرتبہ میری ایک کزن نے مجھے رسالہ سے متعارف کروایا اس وقت سے اب تک ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور دیئے گئے وظائف بھی کرتی ہوں جس سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ خاص کر یَاقَھَّارُ کا عمل میں نے گھریلو پریشانیوں' مشکلات اور الجھنوں کیلئے کیا تھا جس سے مجھے بہت فائدہ ہو رہا ہے اور زندگی میں ایک سکون سا آ رہا ہے' الحمدللہ! وظیفہ ابھی جاری ہے۔ میں نے خوش ہو کر اس وظیفہ کا ذکر اپنی والدہ سے بھی کیا اور اب وہ بھی پڑھ رہی ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام شائع مت کیجئے گا۔

## محمد رسول اللہ کا فیض

(چ۔س)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں رسالہ عبقری ابھی ایک سال ہی ہوا پڑھ رہی ہوں اور اس ایک سال میں میں نے اس سے بہت کچھ پایا ہے۔ خاص کر ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے۔ اسی کالم میں ایک وظیفہ آیا کہ دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں اور پھر ایک دفعہ کلمہ پڑھ کر پچاس لاکھ مرتبہ محمد رسول اللہ پڑھنا ہے۔ میں نے خود بھی یہ عمل شروع کیا اور والد صاحب کو بھی بتایا' ابو قرض دار ہیں' چچا نے اپنی گاڑی سیل کرنی تھی۔ ابو کو یہ وظیفہ شروع کیے دو دن ہی ہوئے کہ کوئی وسیلہ ہوا اور گاڑی سیل ہونے سے بچ گئی۔

## یَاقَھَّارُ نے مشکلات سے نکالا

(ص،ب)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** عبقری رسالہ کا مجھ پر بہت بڑا احسان ہے' اس رسالہ نے مجھے مشکلات سے نکالا' میری زندگی کو آسان کر دیا ہے۔ میں ڈیپریشن کا شکار تھی' چھوٹی سی چھوٹی بات بھی دل کو بے چین رکھتی' دماغ ماؤف سن ہو جاتا' کرنا کچھ ہوتا اور کرتی کچھ۔۔۔ پھر مجھے میری ایک دوست نے یَاقَھَّارُ والا وظیفہ بتایا اور ساتھ عبقری گفٹ کیا۔ میں نے پانی میں پاؤں رکھ کر صبح وشام گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھا۔ اس وظیفے سے مجھے بہت سکون ملا اور میں دن بدن بہتر سے بہتر ہو رہی ہوں۔

## علامہ صاحب کے وظیفہ سے زیارت

(ت،ر)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ آج سے تقریباً دو سال پہلے ہاکر میرے پسندیدہ ڈائجسٹ کے ساتھ یہ رسالہ بھی ہمارے گھر میں پھینک گیا۔ میں نے پڑھا اور پڑھتی ہی گئی۔۔۔ یقین جانیے میں نے عبقری پانچ مرتبہ اُسی دن مکمل پڑھ لیا اور اپنی پسندیدہ ڈائجسٹ کو بھول ہی گئی کہ وہ بھی میرے پاس پڑا ہے۔ میں نے اُسی دن دفتر ماہنامہ عبقری فون کیا اور عبقری کی تمام گزشتہ فائلیں منگوالیں۔ تب سے لے کر آج تک میں مسلسل عبقری پڑھ رہی ہوں۔ میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں ایک عمل پڑھا اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ اس آیت کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ' سوتے اور اٹھتے وقت بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اور جب بھی کوئی چیز کھائے یا پیئے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ یہ عمل میں نے کچھ دن کیا تو مجھے ہر روز خواب میں کسی نہ کسی متبرک مقام کی زیارت یا کسی بزرگ کی زیارت ہوتی۔

## موتی مسجد نے سچی توبہ کرادی

(فرحان احمد' احمد پور شرقیہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ آپ کی عزت' علم اور حکمت میں اضافہ فرمائے۔ آمین! میں بہت زیادہ پریشانیوں میں گھرا ہوا تھا ہر طرف سے مشکلات ہی مشکلات تھیں۔ نماز میں بالکل ہی دل نہیں لگتا تھا باوجود کوشش کے خشوع وخضوع کے ساتھ نماز نہ پڑھ پاتا۔ میں نے علامہ

گھبراہٹ اور خوف کا علاج: صبح ورزش کریں' کھلی فضا میں لمبے لمبے سانس لیں' ناک کے راستے سانس لیں' دو چار سیکنڈ سانس روک کر منہ کے راستے سانس خارج کریں' پورا سانس خارج ہوجائے تو زور سے پھونک ماریں اس طرح پھیپھڑوں میں رکی ہوئی زہریلی گیسیں نکل جائینگی۔ بحوالہ کتاب: الجھے لوگ سلجھے اصول

لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں سے ایک دفعہ موتی مسجد کا عمل پڑھا اور موتی مسجد میں حاضر ہو کر حاجت کے نوافل ادا کیے اور اللہ سے رو رو کر دعا مانگی۔ اچھے اخلاق اور خلوص سے نماز پڑھنے کی دولت سے اللہ نے نواز دیا اور اپنے آگے رونے کی اور سچی توبہ کی توفیق دے دی ہے۔

## ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی عاشق

(ر۔گ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کا ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور ساتھ اپنے سٹاف کو بھی پڑھواتی ہوں۔ عبقری میں جو بھی وظیفہ آیا میں نے دوستوں کو بتایا' جو بھی ٹپس آپ نے شائع کیں ہم نے اس پر عمل کیا' عبقری رسالہ شائع کرنے پر آپ کے شکر گزار ہیں۔ مجھے ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت پسند ہے۔ میں اس مضمون کی عاشق ہوں' مجھے جنات سے بہت دلچسپی ہے۔ مجھے علامہ صاحب سے ملنے کا بہت شوق ہے مگر مل نہیں سکتی۔ آج کا دور جو کہ جادو اور تعویذ کا دور ہے اور ساری قیامت کی نشانیاں ہیں۔ میں نے جادو اور گھریلو پریشانیوں کے حل کیلئے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا وظیفہ یَاقَھَّارُ جس کو بھی بتایا وہ اسی کا ہو گیا اور اس کی اللہ نے ساری پریشانیاں حل کر دیں۔

## نفس کی آزمائش ختم

(م۔ت)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے' عبقری کافی عرصے سے پڑھ رہی ہوں مگر مطالعہ کی حد تک۔۔۔ پچھلے دنوں طبیعت میں گناہ کی طرف مائل ہونے کا بہت زور تھا۔ نماز پڑھنے کو بالکل دل نہ چاہتا' نمازیں قضا ہونا شروع ہو گئیں۔ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میں نے اس میں موجود وظیفہ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ۔ اس آیت کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ' سوتے اور اٹھتے وقت بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اور جب بھی کوئی چیز کھائے یا پیئے اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ چند روز پڑھا۔ حیرت انگیز طور پر بہت زبردست فوائد سامنے آئے اور نفس کی آزمائش کم کیا ختم ہی ہو گئی۔

## سب مسئلے ہی حل

(عابد حسین' جہلم)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں مختلف بیماریوں میں مبتلا تھا جن میں دل کی تکلیف' کمر درد' گردن کے مہروں کا مسئلہ' چیسٹ پرابلم' معدہ کا مسئلہ' ایک بیماری ٹھیک ہوتی تھی تو دوسری شروع ہو جاتی تھی۔ اسی طرح میں دل والے ڈاکٹر کے پاس گیا اور اس کو چیک اپ کرایا تو ڈاکٹر کہنے لگا کہ آپ کو دل کی تکلیف ہے۔ آپ یہ ادویات استعمال کریں' دوائی کو نہیں چھوڑنا' 28 دنوں کے بعد مجھے تکلیف زیادہ ہو گئی رات تین بجے کا وقت تھا۔ مجھے سانس کی شدید تکلیف ہوئی' گھر والے سب میرے پاس آگئے۔ کہنے لگے کیا ہوا میں نے کہا کہ بس سانس ابھی بند ہونے والا ہے۔ پھر میں صبح صبح ڈاکٹر کے پاس گیا' ڈاکٹر نے ٹیسٹ کیے اور کہا تمہیں دل کی تکلیف نہیں ہے' تمہیں چھاتی کا مسئلہ ہے۔ مجھے انہوں نے ایک ہفتہ کی دوائی دی مگر آرام نہ آیا میں پھر گیا تو کہنے لگے کہ تیرا معدہ کا مسئلہ بھی ہے۔ اس کے بعد مجھے کمر درد شروع ہو گیا اور میں نے بیٹھ کر نماز پڑھنی شروع کر دی' پھر میں نے ایک عامل سے پوچھا تو اس نے کہا تمہیں بیماری نہیں ہے یہ سب جادو کا مسئلہ ہے۔ کچھ تعویذ وغیرہ دیئے جو کہ پانی میں ڈال کر پینے تھے پانی پینے سے بیماری میں کچھ کمی تو واقع ہوئی مگر مکمل آرام نہیں آ رہا تھا۔ ایک دن میں نے ایک بک سٹال پر عبقری رسالہ دیکھا' اس کے عنوان پڑھے تو میں نے کہا یہ جو بھی لوگ ہیں یہ صحیح ہیں کیونکہ اس میں مولانا کلیم صدیقی دامت برکاتہم العالیہ کا نام لکھا ہوا تھا کیونکہ ان کے ہاتھ پر لاکھوں لوگوں کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی ہے۔ میں نے رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' سے یَاقَھَّارُ والا عمل پڑھا کہ یہ بکثرت پڑھنے سے جادو جنات کا مسئلہ ختم ہو جاتا ہے۔ یہ بات میں نے اپنے مولانا صاحب سے کی جو کہ تلہ گنگ کے رہنے والے ہیں تو وہ کہنے لگے کہ آپ ایسا کریں کہ یہ عمل اس طرح کریں جس طرح عبقری رسالہ میں چھپ چکا ہے۔ ایک ایسا برتن لیں جس میں پاؤں ڈوب جائیں' وضو کی حالت میں صبح و شام گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ اول و آخر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ میں نے یہ عمل گیارہ دن کیا' جگہ اور وقت کا خیال کر کے کیا تھا اور جو پانی تھا اس کو کسی نالی میں ڈالنا ہوتا ہے کیونکہ بیماری اس کے اندر چلی جاتی ہے۔ جب میں نے یہ عمل شروع کیا تو تیسرے دن خواب دیکھا کہ ایک کتا میرے پاس آیا میرے ہاتھ میں کوئی چیز ہے وہ مجھ سے چھیننا چاہتا تھا' اس کتے نے میرا بازو پکڑ لیا مجھے ایسی خواب کبھی بھی نہیں آئی تھی اور اس کتے کی شکل بھی ایک بندے سے ملتی جلتی تھی۔ میں اٹھ کر بیٹھ گیا اُس دن سے لے کر آج تک میرا وہ کمر درد' دل کا مسئلہ' چھاتی کا مسئلہ' معدہ کا مسئلہ' اس سے پہلے میرا گردن کے مہروں کا مسئلہ جس کا علاج میں بہت سے مشہور دواخانوں سے بھی کروا چکا تھا۔ سب کے سب مسئلے ختم ہو گئے۔ اس کے بعد پھر اللہ پاک کی ذات مجھے عبقری لے آئی اور ایک اللہ والے کی بات یاد آ گئی کہ دور سے ہر آنے والی مصیبت جب نزدیک آتی ہے تو رحمت بن جاتی ہے۔

## 12 سے 15 سکیل میں ترقی

(پوشیدہ)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے آپ خیریت سے ہونگے۔ حکیم صاحب! میں یہ تیسری بار اپنے مشاہدات آپ کو بذریعہ خط لکھ رہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی دے اور مخلوق خدا کی خدمت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین!

**محترم حکیم صاحب!** ویسے تو پورا رسالہ ہی پڑھنے کے قابل ہے لیکن اس میں حیران کن صفحہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا کالم ''جنات کا پیدائشی دوست'' ضرور پڑھتی ہوں۔ میری ترقی کافی دیر سے رکی ہوئی تھی بہت کوشش کے باوجود میری ترقی نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے اپنی کیلئے علامہ صاحب کا وظیفہ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ۵﴾ ہر اپنی وقت اٹھتے بیٹھتے پڑھتی ہوں ابھی میں نے اپنی ترقی کیلئے کچھ دن ہی پڑھا تھا تو مجھے 12 سکیل سے 15 سکیل ملا ہے۔ اس کے علاوہ بھی جس بھی مسئلہ کیلئے اس وظیفے کو پڑھتی ہوں تو میرا مسئلہ دو تین روز میں حل ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔

## موتی مسجد کا فیض

(ظ۔س)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ جس طرح دکھی انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اللہ رب العزت آپ کو صحت و تندرستی اور ایمان کے ساتھ لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون **''جنات کا پیدائشی دوست''** بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ میں نے اس کالم میں موتی مسجد کا عمل پڑھا اور اپنی مشکلات کے حل کیلئے موتی مسجد میں حاجت کے نفل پڑھنے کیلئے گئی۔ میں نے صرف دو مرتبہ ہی موتی مسجد میں جا کر حاجت کے نوافل ادا کیے تو اللہ رب العزت نے میری سن لی اور میری سب سے بڑی مشکل ایسے حل ہوئی کہ میں خود پریشان ہوں۔ **موتی مسجد کا خاص عمل صفحہ نمبر 19 پر ملاحظہ کریں۔**

آلو بخارا: موسم گرما کیلئے بہترین پھل قدرت نے پیدا کیا ہے۔ یہ معدے کی تیزابیت دور کرتا ہے' ایک پاؤ آلو بخارا میں دو روٹیوں کے برابر غذائیت اور ڈیڑھ پاؤ دودھ کے برابر کیلشیم ہوتا ہے۔ کمزور' مریض اور جلد صحت حاصل کرنے والوں کیلئے آلو بخارا بہترین پھل ہے۔ بحوالہ کتاب: رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی' غذا بھی' شفا بھی۔

جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار ہو اور اس کی عبادت اور اس کی یاد میں ہر وقت مصروف عمل ہو تو وہ اللہ کا ولی بن جاتا ہے اور جب بندہ اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے تو سرکش جن بھی اس کی اطاعت پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ بحوالہ کتاب: روحانی دنیا کے انوکھے بھید

## یَاقَھَّارُ نے سب ٹھیک کر دیا

(وقاص احمد' راولپنڈی)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** مجھے اللہ پر یقین ہے کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ بمعہ عبقری کے مخلص ساتھیوں کے ٹھیک ہوں گے اور اللہ آپ کو اور آپ کے ساتھیوں پر کرم فرمائے۔ میرا آپ سے اور رسالہ عبقری سے تعارف ہوئے ایک سال ہو گیا ہے اور اس میں مجھ پر اللہ کا بہت کرم بھی ہوا ہے اور پچھلا رمضان جو کہ میں نے انٹرنیٹ پر آپ کے ساتھ گزارا' بہت اچھا گزارا' میں نے کبھی نماز تراویح نہیں پڑھی تھی مگر رمضان سے پہلے آپ نے سورۂ مائدہ والی آیت 11 مرتبہ اول وآخر درود شریف شعبان سے پڑھنا شروع کر دیا تھا جس کی برکت سے مجھے روحانی اور جسمانی دونوں رزق ملے ہیں ایک سال سے زائد نوکری کی تلاش میں تھا جو کہ آپ کی دعا اور توجہ اور اللہ کریم اور سورۂ مائدہ سے مجھے مل گئی۔ رمضان میں الحمدللہ پورا مہینہ مراقبہ بھی کیا ہے اور بہت فیض ملا ہے۔ محترم حکیم صاحب! میرے والد صاحب گاڑیوں کے رنگ کا کام کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ان کو دورے بھی پڑتے ہیں جو کہ اب عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا وظیفہ یَاقَھَّارُ کا نقش انہیں پہنے اور یَاقَھَّارُ انہیں پڑھنے کو دیا ہے۔ جب سے انہوں نے یَاقَھَّارُ کا نقش پہنا ہے اور ذکر کر رہے ہیں سب کچھ ٹھیک ہے۔ **یاقہار کا نقش درج ذیل ہے:** جو شخص یَاقَھَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی'' علیحدہ، ''ا'' علیحدہ، ''ق'' علیحدہ، ''ہ'' علیحدہ، پھر ''ا'' علیحدہ، اور ''ر'' علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں' پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

## یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا فیض

(ر،د)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میری دعا ہے کہ آپ جیسے انسانیت کے خدمت گاروں کو اللہ تعالیٰ لمبی عمر دے تاکہ لوگوں کے بگڑے ہوئے کام سنور جائیں۔ آمین۔ میں رسالہ عبقری اور آپ کے درس بڑے شوق سے سنتا ہوں۔ میں ایک مرتبہ آپ کا درس سننے بروز جمعرات لاہور میں آیا تھا تو میرا بیٹا میجر رینک کا ہے ہم واہگہ بارڈر پر گاڑی پر جا رہے تھے۔ سخت بارش شروع ہوئی۔ بیٹے نے کہا ابو کچھ پڑھو۔ آپ بھی بڑے وظیفے پڑھتے ہو' آج پتہ چلتا ہے۔ بہت زور کی بارش تھی' گاڑی خراب ہونے کا خطرہ تھا۔ لہٰذا میں نے عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری کا وظیفہ جو ''جنات کا پیدائشی دوست'' کالم میں چھپا تھا۔ جو کہ صرف گیارہ دن تین تسبیح پڑھنے کا ہے۔ چنانچہ میں نے صرف 11 مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھا۔ بارش ایک دم رک گئی۔ ورنہ گاڑی کے پلگ میں پانی آجاتا اور گاڑی اُدھر پانی میں کھڑی رہتی' لہٰذا ہم صحیح سلامت واہگہ بارڈر پہنچے میں نے جس جگہ بھی یہ وظیفہ آزمایا ہے پورا کام ہوا ہے۔

## عبقری کا دل اور حسن

(محمد سلیم)

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ کی ہم قارئین سے دلی محبت ہے۔ علامہ صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھ کر بہت سے مشکل مسائل حل ہوئے اللہ تعالیٰ کا نام لینا آیا اور دوسروں کو اس کا حق دینا اور اپنی ذمہ داری کا احساس ہوا۔ شروع میں جب میں نے اس کو پڑھا تو کچھ سمجھ نہیں آتی تھی پھر دل کا برتن بڑا ہوتا گیا اب اس کی دل میں بہت قدر ہے۔ عبقری کا دل ''حال دل'' ہے اور حسن ''جنات کا پیدائشی دوست'' ہے۔ جیسے قرآن کا دل یٰسین شریف اور حسن خوبصورتی سورۂ رحمٰن ہے۔ میں ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں' قلیل آمدن ہے' پڑھتا ہوں ایک ٹانگ سے معذور ہوں۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھ کر ایک نئی زندگی ملی جس میں اللہ کی یاد ہے۔ سکون ہے' شکر ہے' بےفکر ہوں' گناہ سے نفرت ہو گئی ہے نیکی سے پیار ہے۔

## موتی مسجد میں نوافل کا طریقہ عمل

جو شخص شاہی قلعہ کے اندر شاہی دور کی بنی ہوئی مسجد میں جا کر دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور سورہ فاتحہ میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر جب پہنچے تو اس کا تکرار کرنا شروع کر دے اور بار بار اس آیت کو پڑھتا رہے چاہے آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ یا جتنی دیر بھی کھڑا رہ سکے، اسکے بعد **سورہ فاتحہ** مکمل کر کے دوسری رکعت میں اسی طرح تکرار کرے جیسے پہلی رکعت میں کی تھی پھر یہ رکعت بھی پوری کرے اور پھر اپنے گناہوں، نافرمانیوں پر نادم ہوتے ہوئے تقریباً بیس منٹ دعا کرے۔

## یاقہار کے خاص الخاص عمل کا طریقہ

کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہو گا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## گھریلو ٹوٹکے ہی ٹوٹکے

کاغذی لیموں کا رس اگر دن میں چند بار پی لیں تو ملیریا کا حملہ نہیں ہو گا۔ 2۔ آٹے میں خمیر جلد آنے کیلئے خربوزہ کے چھلکوں کو خوب سکھائیں اور باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔ تھوڑا سا سفوف آٹے میں ڈال دیا کریں اور سبزیوں کو جلد گلانے کیلئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ 3۔ روغن زیتون دانتوں پر ملنے سے مسوڑھے اور ہلتے ہوئے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ 4۔ کچھ بچے مٹی کھاتے ہیں انہیں روزانہ تھوڑی سی اجوائن کھلانے سے یہ عادت دور ہو جاتی ہے۔ (کلیم اللہ شیخ' پہاڑ پور)

## جنات کے پیدائشی دوست میں حصہ دار بنیں صدقہ جاریہ کا بہترین موقع' ہاتھ سے نہ جانے دیجئے گا

مقبول عام وخاص ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں موجود جو حالات و واقعات عام عقل انسانی اور سوچ سے اونچے اور ماورا ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں اس سے پہلے بھی صحابہؓ، اہل بیتؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ، اولیاء اللہؒ جیسے خاص بندوں کے ساتھ انوکھے واقعات ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے **''جنات کے پیدائشی دوست جلد دوئم''** کی تیاری جاری ہے۔ قارئین بھی اس روحانی و مقبول سلسلے میں بھرپور حصہ لیں۔ اس سلسلے میں آپ کو انٹرنیٹ، کتاب، رسالے، میگزین یا کسی اللہ والے بزرگ سے کوئی بات ملی ہو تو باحوالہ بغیر کسی تاخیر کے ہمیں بھیجیں۔ جدید سائنسی تحقیقات میں روحانیت کے معاملات اور جنات سے ملاقاتیں، جنات کے بارے

جس طرح اسلام نے عورت کو مرد سے کمزور اور کمتر رکھا ہے اور سائنس نے اپنی تحقیقات جدیدہ میں بھی اسے کمزور قرار دیا ہے بلکہ اسلام نے عورت کو چھپا کر رکھنے والی چیز بتایا ہے۔ لیکن جب چھپی ہوئی چیز عیاں ہوئی تو اس کے نقصانات موجودہ یورپی زندگی میں واضح نظر آتے ہیں۔ بحوالہ کتاب: خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق

قسط نمبر

# جنات کا پیدائشی دوست

**جنات کے اندر جستجو کا مزاج اور میرے تجربات:** چاند کا عمل بہت آسان۔۔۔! لیکن اگر انسان اس پر کچھ توجہ کرے تو اس کے کمالات بہت ملتے ہیں۔ کتنے لوگ ایسے ہیں جو چاند کے اس عمل یعنی سورۃ الشّمس ہر دفعہ بسم اللہ اکتالیس بار اول وآخر درود ابراہیمی اس کو دیکھتے ہوئے جتنے لوگوں نے پڑھا ان لوگوں نے اس کے انوکھے کمالات بتائے۔ خود میرا اپنا تجربہ اور سب سے بڑا تجربہ تو خود اس جن کا ہے جس نے مجھے یہ عمل بتایا۔ جنات کے اندر جستجو کا مزاج بہت زیادہ ہوتا ہے یہ میرے بارہا کے تجربات میں ہے' وہ ہر چیز کو باریکی سے لیتے ہیں اور باریکی سے محسوس کرتے ہیں اور جنات بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں۔ **جدید ایجادات میں جنات کا ہاتھ:** ایک دفعہ مجھے ایک جن نے بتایا کہ جتنی بھی اس دنیا میں ایجادات ہیں ان میں ہمارا حصہ ضرور ہے' جو کسی چیز یا جستجو کے پیچھے پڑ جائے اور کسی چیز کو بھی حاصل کرنے کیلئے دن رات محنت کرے ہم اُس کا ساتھ ضرور دیتے ہیں خاص طور پر نیک وصالح جنات۔ **غریب' فقیر اور تنگدست جن کی آپ بیتی:** میں نے ایک محفل میں ایک جن کو یہ عمل بتایا کہ تو چاند کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھ مجھے کہنے لگے میں نے یہ عمل کیا ہوا ہے۔ میں حیران ہوا تجھے کس نے بتایا کہا میرے ماموں جن تھے وہ کچھ سال پہلے فوت ہو گئے ہیں وہ بہت بڑے عامل تھے' بڑے بڑے جنات کے ہاں انہوں نے زندگی گزاری' پھر خود ہی کہنے لگے آسام میں غاروں کا سلسلہ ہے اور جنگلات کا ایک بہت بڑا سلسلہ ہے' میرے ماموں وہاں رہتے تھے اور نیک اولیاء جنات کے ساتھ رہتے تھے اور وہ اولیاء جنات وہ تھے جنہوں نے صدیوں بہت زیادہ محنت کی تھی اور بہت قربانیاں اور مجاہدے کیے تھے اور بہت قربانیاں اور مجاہدے کے بعد خفیہ اور مخفی علوم حاصل کیے۔ ویسے تو ہر جن کے پاس خفیہ اور مخفی علوم ہوتے ہیں لیکن کچھ جنات ایسے بھی ہوتے ہیں جو خفیہ اور مخفی علوم کے حصول میں مزید ترقی کرنے کیلئے قربانیاں اور مجاہدے کرتے ہیں تو کہنے لگے کہ میرے ماموں وہاں سالہا سال رہے جہاں انہوں نے اور بہت سے عمل سیکھے وہاں سورۂ والشّمس کا عمل بھی وہاں کے جنات سے سیکھا میرے ماموں خود ہی فرماتے تھے یہ عمل جس کے پاس ہو اسے دنیا کے اور کسی عمل کی ضرورت نہیں کیونکہ اس عمل میں اللہ نے اپنی قسمیں بیان کی اور اللہ جس عمل کے وقت اللہ قسمیں اٹھاتا ہے تو اس عمل کی طاقت اور تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ اس واقعہ کے بعد کہنے لگے کہ اگر آپ کہیں تو میں سورۂ والشّمس کے اپنے اوپر بیتے تجربات بیان کروں میں نے کہا ضرور بیان کریں۔ کہنے لگے کہ ہوا یہ کہ میں بہت غریب اور فقیر ہو گیا اور تنگدست ہو گیا۔ **جن کا چلتا کاروبار اچانک ٹھپ:** حالانکہ اس سے پہلے میرا بہت اچھا کھانے پینے کا کاروبار تھا' میں وہ چیزیں انسانوں میں بھی بیچتا تھا اور جنات میں بھی بیچتا تھا۔ انسان اور جنات میری چیزوں کو بہت پسند کرتے تھے لیکن نامعلوم قدرت کے نظام نے کیا پلٹا کھایا اور میری غربت کے دن ایسے آئے جیسے آسمان سے بارش کے قطرے گرتے ہیں اور میں غریب سے غریب اور فقیر سے فقیر ہوتا گیا اور اتنی غربت اور تنگدستی میرے قریب آئی کہ میں حد سے زیادہ پریشان ہو گیا اور پریشانی کی انتہا یہاں تک پہنچی کہ مجھے اس پریشانی نے بھیک مانگنے پر مجبور کر دیا۔ خیر میں نے بھیک تو نہ مانگی لیکن کچھ ایسے محسوس ہوا کہ میں بھیک مانگنے پر مجبور ہو گیا۔ **غربت' تنگدستی' بدحالی دور کرنے کا خاص عمل:** اسی دوران ایک دفعہ میرے ماموں مجھے ملنے میرے گھر آئے اور فرمانے لگے دیکھو اگر تم چاہتے ہو تمہاری غربت' تنگدستی و بدحالی دور ہو جائے تو میں تمہیں ایک عمل بتاتا ہوں اور انہوں نے یہی عمل چاند کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے کا بتایا۔ میں نے عمل کرنا شروع کر دیا ہر مہینے جب بھی چاند اپنی روشنی میں یعنی روشن چاند ہوتا تھا تو میں یہ عمل کرتا تھا' ایک مہینے' تین مہینے' پانچ مہینے' سات مہینے میں نے یہ عمل کیا تو مجھے اس کا نتیجہ نہ ملا بلکہ میری غربت اور تنگدستی اور بڑھ گئی اور میں پریشان ہو گیا کہ آخر کار میں کروں تو کیا کروں؟ میں اپنے ماموں کے پاس گیا اور ان سے جا کر بات کی کہ میں کیا کروں؟ فرمانے لگے معلوم ہوتا ہے کہ تیرے اوپر سخت کالا جادو ہے اور کسی جن نے کیا ہے۔ **انسان عورت سے محبت اور جن کا کالا جادو:** میں سوچنے لگا کہ آخر کس نے کیا؟ لیکن پھر مجھے اچانک یاد آیا کہ دراصل میں ایک انسان عورت سے محبت کرتا تھا اور اسی عورت سے ایک جن اور بھی محبت کرتا تھا' انسان عورت کردار کے اعتبار سے ٹھیک نہیں تھی وہ ہر وقت غیر مردوں کے پیچھے رہتی تھی' مجھے پتہ چلا تو میں بھی اس سے محبت کرنے لگا جبکہ دوسرا جن بھی اس سے مسلسل محبت کر رہا تھا۔ اسی دوران مجھے احساس ہوا کہ میری طبیعت خراب ہونا شروع ہو گئی' میں نے اس کی پرواہ نہ کی اور میں اس عورت سے محبت کرتا رہا میرا آنا جانا اس کے پاس لگا رہا۔ اس عورت نے مجھے یہ نہ بتایا کہ اس کے پاس ایک اور بھی جن آتا ہے لیکن کچھ دن آنے جانے کے بعد میں نے محسوس کر لیا جب میں نے اس سے پوچھا تو اس نے صاف انکار کر دیا کہ نہیں میں ایسا ہرگز نہیں کرتی۔ اس کے اس انکار پر مجھے افسوس ہوا کہ یہ میرے ساتھ سنجیدہ نہیں۔ آخر کار میں نے اس عورت کو خود ہی چھوڑ دیا لیکن وہ جن اپنا کام کر گیا تھا۔ مجھے بعد میں پتہ چلا کہ میں نے نہیں چھوڑا تھا' اس نے جادو کے ذریعے مجھ سے چھڑوایا تھا اور اس جادو کی وجہ سے میں معاشی طور پر بھی' کاروباری طور پر بھی بدحال ہو گیا۔ اس سے پہلے کھانے پینے کی چیزیں مجھ سے لوگ لیتے تھے لیکن جب سے میں نے اس عورت کو چھوڑا تو کھانے پینے کی چیزیں بھی مجھ سے دور ہو گئیں اور لوگ بھی مجھ سے دور ہونا شروع ہو گئے اور غربت اور تنگدستی میرے اتنا قریب آئی اتنا قریب آئی کہ میں خود پریشان ہو گیا تنگدست اور بدحال ہو گیا اور یہ تنگدستی اور بدحالی ایسی بڑھی کہ میں مانگنے کے قریب ہو گیا۔ **جادو کے خاتمہ کیلئے بھی یہی عمل کر:** یہ بات میں نے اپنے ماموں کو بتائی کہ آپ کہتے ہیں کہ جادو ہے تو شاید جادو کی وجہ یہی چیز

**آم سے اچھی صحت:** کچے آم یعنی کیری کے استعمال سے گرمی اور صفراوی تکالیف' متلی' قے اور پیاس دور ہوتی ہے بھوک کھل کر لگتی ہے اس کے شربت سے پیشاب کھل کر آتا ہے اور مثانے کی پتھری کی مٹی اس سے خارج ہو سکتی ہے۔ بحوالہ کتاب: حسن و صحت کیلئے انمول ٹانک

**ابلتا ہوا پانی:** اگر آپ پر کھولتا ہوا پانی چھلک پڑے تو فوراً ہی اس حصے پر سے کپڑے کو ہٹا دیں جہاں پانی جذب ہوا ہے۔ نائلون یا پولیسٹر کے ملبوسات خاص طور پر موزوں ہے اور یہ گرمی کو برقرار رکھتے ہیں اور نقصان کو بڑھا دیتے ہیں۔ آئس پیک یا ٹھنڈا پانی اس کا بہترین علاج ہے۔ بحوالہ کتاب: حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

ہوسکتی ہے تو فوراً فرمانے لگے ہاں جادو کی وجہ یہی کچھ ہے اور اسی عورت اور جن کی وجہ سے تیرے اوپر جادو ہے۔ اب تو ایسا کر کہ اس عمل کو پھر سے جاری کر اور اس عمل کی پھر سے توجہ بڑھا۔ انشاء اللہ تجھے اس عمل کا بہت زیادہ اجر ملے گا۔ میں نے پھر عمل شروع کیا وہی چاند، وہی سورۃ والشمس اور وہی میری توجہ اور وہی ٹکٹکی۔۔۔ اس بار جو میرے ماموں نے مجھے ترتیب بتائی اس میں یہ چیز خاص طور پر بتائی کہ جب بھی عمل کرنا ہے اس تصور کے ساتھ ضرور کرنا ہے کہ تو چاند کو دیکھ رہا اور چاند کی نورانی کرنیں اس سورت کی نورانیت کے ساتھ مل کر تیرے جادو کو توڑ رہیں، تیری بندشوں کو ختم کر رہیں اور تیرے اندر کے روگ، بیماریاں، دکھ، تکلیفیں تمام ختم ہو رہیں اور سورت کا نور چاند کے نور سے مل کر روحانیت کی ایک ایسی شکل اختیار کر رہا جس نے جادو کو جلا دیا، بندشوں کو جلا دیا، مشکلات کو حل کر دیا، بس اس انداز سے فرمایا کہ تو عمل شروع کر دے۔ میں نے عمل شروع کیا اور عمل مستقل کرتا رہا، کرتا رہا۔۔۔ ایک ماہ کیا، تین ماہ کیا، پانچ ماہ کیا، سات ماہ کیا لیکن اب مجھے احساس ہونا شروع ہوا کہ واقعی میرے دن پھرنا شروع ہوگئے اور اللہ کے فضل اور کرم سے میرے دن اتنے پھرے اتنے پھرے اب عالم یہ ہے کہ وہی کھانے پینے کے کاروبار میں سب سے آگے ہوں اور لوگ بھی یہ کام کرتے ہیں لیکن میرا کام سب سے بہتر ہے اور سب سے اچھا ہے اور میں یہ کام کر رہا ہوں اور بہت زیادہ لوگ میری چیزیں پسند کرتے ہیں اور بہت زیادہ لوگ خود آ کر مجھ سے چیزیں مانگتے ہیں اور بہت اس میں ذائقہ بھی ہے لذت بھی ہے۔ مجھے اس بات کا احساس بعد میں ہوا کہ اس جن نے اس عورت کو مجھ سے دور کرنے کیلئے مجھ پر سخت جادو کیا تھا اور اس جادو سے جہاں میں عورت سے دور ہوگیا وہاں میرا رزق ختم ہوگیا مشکلات بڑھ گئیں، پریشانیاں اور مسائل اتنا زیادہ آگے سے آگے بڑھ گئے کہ میں بھیک مانگنے پر مجبور ہوگیا۔

اس جن نے مجھے اپنا یہ تجربہ بتایا لیکن چونکہ پہلے ہی بتا چکا تھا کہ میرے ماموں فوت ہوچکے ہیں۔ میری چاہت تھی کہ میں اس جن سے ملتا اور اس سے پوچھتا کہ تجھے یہ عمل کس نے بتایا۔ خیر! اس محفل میں ایک اور نوجوان جن بھی بیٹھا ہوا تھا جو اجناس کا کاروبار کرتا تھا، اس نے مجھے کہا چاند کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے کے میرے پاس بھی واقعات ہیں۔ میں نے اس جن سے کہا پہلے والے آپ کے دوست کے تو روزگار کے مسائل حل ہوگئے، رزق کی مشکلیں دور ہوگئیں اور رزق کی پریشانیاں دور ہوگئیں۔ اب آپ بھی بتادیں کہ آپ کو یہ عمل کیسے ملا اور اس عمل نے آپ کو کیا فائدے پہنچائے۔ وہ جن کہنے لگا میں نے اس عمل کو بارہا دفعہ آزمایا ہے، ایک دفعہ نہیں بے شمار دفعہ آزمایا ہے اور جب بھی اس عمل کو میں نے آزمایا اس کے فائدے اور اس کے کمالات بہت زیادہ میں نے پائے۔ کہنے لگے میں اس سلسلے میں دو واقعات اور سناتا ہوں۔

**میری والدہ کی تنگدستی خوشحالی میں کیسے بدلی؟:** پھر خود ہی کہنے لگا ایک واقعہ تو میرا ہے اور ایک واقعہ میری والدہ کا ہے۔ والدہ کا واقعہ یہ ہے کہ ہم پانچ بہن بھائی ہیں اور میری والدہ نے زندگی بہت غربت، تنگدستی اور پریشانی کی گزاری کیونکہ بچپن ہی میں میرے والد فوت ہوگئے تھے تو اس لیے انہوں نے زندگی کچھ ایسی گزاری جس میں بس روزگار کا تھوڑا سا گزارہ ہی ہوجاتا تھا۔ میری والدہ کے پاس ایک چکی ہوتی تھی اور اس چکی سے وہ گندم، مکئی، جوار، باجرہ اس کا آٹا بنا کر ہمیں کھلاتی تھیں۔ ہم اس وقت ایک ایسے بڑے جنگل میں رہتے تھے جہاں ہر وقت خونخوار درندے رہتے تھے وہاں انسانوں کا گزر بہت کم ہوتا تھا بلکہ میں نے اپنی آنکھوں سے کئی انسانوں کو درندوں کے ہاتھوں چیختے، چھاڑتے اور ٹکڑے ٹکڑے ہوتے دیکھا۔ میری والدہ کی تنگدستی بہت تھی، میں بہت چھوٹا تھا چونکہ میں بھائی بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں اور باقی سب بہن بھائی بہت چھوٹے تھے، ہم پانچوں کے پانچوں ماں سے جب بھی روٹی اور کھانا مانگتے اور کھانے کی کوئی چیز مانگتے تو ماں کی آنکھوں میں ہم آنسو ہی دیکھتے۔۔۔ بس یہ آنسو ہمارے دل کو پگھلا دیتے، اس وقت ہمیں سمجھ ہی نہیں آتی تھی کہ ماں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے ہم کہتے تھے کہ بس ہمیں دے۔ اسی دوران وہاں سے ایک قافلہ گزرا وہ انسانوں کا قافلہ تھا وہ لوگ حج کو جا رہے تھے بہت بڑا قافلہ تھا ان کے ساتھ حفاظت کا پورا سامان تھا کہ راستے میں اگر کوئی ڈاکو آئیں یا درندے آئیں تو ان کیلئے نیزے بھالے تیر تلوار اور پورا نظام تھا۔

**ولی اللہ نے دیا وظیفہ خاص:** ان میں کچھ اولیاء لوگ بھی تھے۔ قدرت کا نظام دیکھئے انہوں نے ہمارے گھر کے قریب پڑاؤ کیا اور دو نمازیں ظہر اور عصر پڑھیں اس دوران کھانا بھی پکایا اور کھایا۔ پہلے ظہر پڑھی پھر کھانا پکایا کھایا پھر عصر پڑھی۔ میری والدہ نے ان نیک لوگوں کو دیکھا اور پتہ نہیں نامعلوم کیا خیال آیا کہ میری والدہ کے پاس ایک حلوہ رکھا ہوا تھا جو اس نے چھپا کر رکھا ہوا تھا کہ شاید گھر میں کوئی مہمان آئے تو کچھ بھی نہ ہو تو چلو یہی حلوہ ہی ہے ان کے سامنے رکھ دیں۔ میری والدہ انسانی روپ میں ان میں سب سے بڑے بزرگ کے پاس گئیں اور ان کو جا کر وہ حلوہ پیش کیا وہ تو حیران ہوئے کہ یہاں انسان کا تو وجود نظر نہیں آتا تم کون ہو؟ والدہ نے واضح کہہ دیا کہ ہم جنات ہیں اور میں انسانی روپ میں آپ کی زیارت کرنے اور دعائیں لینے آئی ہوں۔

**مایوسی، پریشانی، تنگدستی دور:** وہ صاحب نظر بھی تھے اور صاحب کشف بھی تھے، میری والدہ کو بھانپ گئے اور بھانپنے کے بعد کہنے لگے میں تیری حالت کو سمجھ گیا ہوں، مایوس نہ ہو پریشان نہ ہو میں تیرا ساتھ دوں گا اور پھر میری والدہ کو انہوں نے یہی والشمس والا عمل بتایا۔ میری والدہ فرمانے لگیں میں پڑھی لکھی نہیں ہوں، انہوں نے ایک تنکا اٹھایا اور اس تنکے پر کچھ پڑھا، نامعلوم کیا پڑھا اور میری والدہ کو فرمایا اس کو چباؤ اور چباتے چباتے اس کو نگل جاؤ۔۔۔ جب تم نگلو گی اس وقت تمہارا دل کھل جائے گا پھر تم کسی پڑھانے والے سے چند بار پڑھو گی تمہیں یاد ہوجائے گا اور واقعی ایسا ہوا میں خود حیران ہوا کہ میری والدہ نے وہ سورۃ پڑھی اور اسی طرح تنکا منہ میں رکھا اور تنکا منہ میں رکھتے ہی اللہ پاک نے دل کی دنیا کھول دی وہ بزرگ دعائیں دیتے ہوئے چلے گئے۔ ان کا قافلہ حج کو جا رہا تھا۔ میری والدہ نے یہ عمل شروع کر دیا میری والدہ چونکہ پریشانیوں میں مبتلا تھی اس کے علاوہ بھی سارا دن یہی پڑھتی رہتی تھی اسے یاد ہوگیا لیکن جب بھی چاند روشن ہوتا تو ان دنوں میری والدہ یہی عمل کرتی تھی اور بہت توجہ سے کرتی تھی۔ ان کی توجہ اتنی زیادہ کہ وہ اتنا اونچا اونچا پڑھتی ہم سب بہن بھائیوں کو سنتے سنتے وہ سورت یاد ہوگئی اور سورت ایسی یاد ہوگئی کہ میں خود حیران۔۔۔ میں نے اپنی والدہ کو وہ عمل کرتے دیکھا۔ چند مہینوں میں ہی میں نے محسوس کیا ہمارے حالات اچھے ہونا شروع ہوگئے اور اچھا ہونے میں اللہ نے ایک سبب انوکھا پیدا فرمایا اور انوکھا پیدا یہ فرمایا کہ ایک ہمارے دور پرے کے رشتے دار ہمیں ملنے آئے، وہ میری والدہ کی خالہ زاد بہن تھیں، ان کا شوہر ان کا

## لیکوریا سے نجات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے لیکوریا کا مرض کافی پرانا تھا، علاج کروا کروا کر تھک گئی تھی، پھر مجھے کسی نے بتایا کہ نیم کی نمولیاں صبح نہار منہ تین سے چار عدد کھا لیا کروں، میں نے جب وہ کھائیں تو اس سے میرے پرانے لیکوریا کو بہت فائدہ ہوا۔ الحمدللہ علاج جاری ہے۔ اس کے علاوہ مجھے جب بھی ماہواری شروع ہوتی تھی تو ٹانگوں میں شدید تکلیف ہوتی تھی لیکن جب سے میں نے آپ کا تجویز کردہ "پوشیدہ کورس" دفتر ماہنامہ عبقری سے لے کر استعمال کرنا شروع کیا ہے اب ماہواری کے وقت درد نہیں ہوتا۔ (م۔ش۔س)

اگر کھانسی کے ساتھ سانس کی تنگی سے آئے تو لونگ، علیحدہ بادیان ہر ایک چار ماشے، تخم زرد، تین عدد، اسطخودوس پانچ ماشے، گاؤزبان میں جوش دے کر شہد خالص روغن ملا کر پلائیں۔ اگر بچوں میں یہ مرض لاحق ہو اور وہ بہر (کالی کھانسی) تک نوبت پہنچ جائے تو اس کا باقاعدہ علاج کروائیں۔ بحوالہ کتاب: خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی تجزیہ

بوڑھوں کی یادداشت ختم ہوجانا ایسی ہی بات ہے جیسے یہ کہا جائے کہ پرکار اتنے برسوں کے بعد ٹوٹ جاتی ہے حالانکہ کار ٹوٹی نہیں، پرانی ہوگی اور اس پرانی کار کی اگر درست طریقے سے دیکھ بھال کی جائے تو وہ کارکردگی میں کسی سے کم نہیں ہوگی۔ بحوالہ کتاب: جاندار جوانی شاندار

سارا خاندان کوئی پندرہ بیس لوگ آئے۔ **مہمانوں نے دیا برکت والا گندم کا تھیلا:** میری والدہ پریشان ہوگئی گھر میں تو وہی حلوہ تھا جو میں نے ان مسلمان حاجی مہمانوں کو کھلا دیا اب میں کیا کروں۔۔۔؟ وہ حالات کو بھانپ گئے ان کے پاس اپنا کھانے پینے کا بہت زیادہ سامان تھا انہوں نے کہا تسلی کرو ہمارے پاس سامان ہے ہم آپ کے پاس ویسے ہی ملنے آئے ہیں بچوں کی چاہت تھی چونکہ میری والدہ بہت بااخلاق و بامروت تھیں وہ چند دن ہمارے پاس رہے اور ان چند دنوں میں ان کے پاس اتنا سامان تھا کہ وہ ہمیں بھی کھلا یا اور خود بھی کھایا اور جاتے ہوئے باقی سارا بچتا ہوا سامان تھوڑا سا سفر کیلئے اپنے پاس لیا اور باقی ہمیں دے گئے اور دیتے دیتے ایک چیز اور دے گئے وہ گندم کا ایک تھیلا تھا فرمانے لگے اس کو بیچ دینا اس میں ہم نے برکت والا عمل کیا ہوا ہے۔ میری والدہ نے پوچھا وہ برکت والا عمل کیا ہے؟ فرمایا وہ برکت والا عمل سورۂ شمس کا عمل ہے۔ میری والدہ حیران ہوئیں کہ یہی سورت تو میں خود پڑھ رہی ہوں اور یہ بھی پڑھ رہے ہیں۔ **ایک تھیلے سے بڑے بڑے گودام بن گئے:** بس وہ تھیلا میری والدہ نے کسی کو بیچ دیا اس کے جو پیسے آئے اس سے گندم کے اور تھیلے لے لیے اور وہ آگے بیچ دیئے۔ بس وہ ذرہ سے ایسا پہاڑ بنا اور ذرے سے ایسا دریا بنا کہ ہمارے دن پھر گئے اور پھر میں کچھ بڑا ہوگیا میری والدہ نے اپنے ساتھ لگایا اور ہم نے اجناس کا کاروبار کرنا شروع کردیا اور اجناس کے کاروبار میں بس وہ ایک تھیلا۔۔۔ ہمارے لیے پھر بڑے بڑے گودام بن گئے اور ہم اشرفیوں میں کھیلنے لگے۔ ہمارے لیے رزق بڑھ گیا‘ ہمارے گھر کے اندر خیریں بڑھ گئیں‘ برکت کے دروازے بڑھ گئے‘ رحمت کے دروازے بڑھ گئے۔ ہم بہن بھائی خوشحال ہوگئے پھر ہم نے اپنے گھر کے ساتھ ایک سرائے بنوائی مسافروں کے قافلے آتے تھے پھر اس سرائے میں رہتے تھے۔ **جو لوگوں کو کھلاتا ہے اللہ اس کو کھلاتا ہے:** وہ سرائے ہم نے اس طرح بنوائی کہ جنات بھی اس سے فائدہ اٹھائیں اور انسان بھی اس سے فائدہ اٹھائیں اور واقعی ایسا ہوا جنات اور انسان اس سے فائدہ اٹھانے لگے‘ بس سرائے کیا بنا تھی لوگوں نے کیا کھانا تھا‘ ہمارے دن اور پھرے اور واقعی احساس ہوا جو لوگوں کو کھلاتا ہے اللہ اس کو کھلاتا ہے جو لوگوں کو پلاتا ہے اللہ اس کو پلاتا ہے جو لوگوں کا درد بانٹتا ہے اللہ اس کا درد دور کردیتا ہے۔ بس کچھ اس طرح ہمارے ساتھ بھی معاملہ ہوا اور ہمارے دن رات پھر گئے اور اس کی بنیاد وہی سورۂ والشّمس اور وہ چاند کا عمل بنی۔ **غربت‘ تنگدستی‘ پریشانیوں سے بھرے گھرانے کی کہانی:** ایک تو اس جن نے اپنی والدہ کا واقعہ بتایا اور دوسرا واقعہ ایک اور بتایا کہنے لگے میں اجناس کے سلسلے میں ایک دفعہ اپنے گھر سے دور دراز کہیں جارہا تھا۔ میں اڑا جارہا تھا نیچے ایک گھر میں میں نے جھگڑا دیکھا۔ بچے‘ ماں باپ‘ بہن‘ بھائی آپس میں بہت زیادہ الجھ رہے تھے۔ ان کے گھر میں شور شرابہ تھا‘ ان کے گھر میں ایک کہرام تھا‘ میں نامعلوم کیوں رک گیا؟ اور کیوں مجھے ایک احساس ہوا کہ ان کے گھر میں کوئی وجہ ہے سہی۔۔۔ جس کی وجہ سے ان کے گھر میں شور شرابہ ہے‘ میں اس شور شرابے کو سننے کیلئے ان کے گھر میں اتر گیا۔ میں انہیں نظر نہیں آرہا تھا لیکن میں انہیں دیکھ رہا تھا۔ بس ان کے گھر کے اندر لڑائی کی بنیادی وجہ جو میں نے دیکھی وہ یہی دیکھی کہ ان کے گھر کے اندر غربت‘ تنگدستی اور بدحالی اور پریشانی تھی۔ بیوی شوہر سے کہہ رہی تھی تو کماتا نہیں‘ شوہر کہہ رہا تھا کہ میں کماتا ہوں لیکن میری روزی روٹی لگتی نہیں۔ میاں بیوی بھی لڑرہے تھے‘ بچے بھی لڑرہے تھے اور ان کی لڑائی کی بنیادی وجہ وہی غربت اور تنگدستی تھی اور یہ غربت اور تنگدستی ایسی چیز ہے جو انسان کو کہاں سے کہاں پہنچادیتی ہے اور انسان کو کیا کچھ نہ کرنے پر مجبور کردیتی ہے۔ کچھ ایسے ہی حالات انہی لوگوں کے تھے۔ **میں لینے والا نہیں دینے والا فقیر ہوں:** میں نے ان کی جب یہ حالت دیکھی‘ دلی طور پر مجھے ترس آیا اور ان پر رحم آیا۔ میرے دل میں آیا کسی طرح ان کو کچھ عمل ایسے بتاؤں جس عمل سے ان کی زندگی کے دن رات سنور جائیں۔ مجھے تو اور کچھ نہ سوجھا میں نے ایک فقیر کا روپ دھار لیا اور فقیر کا روپ دھار کر ان کا دروازہ زور سے کھٹکھٹایا لڑائی کی وجہ سے اندر آواز تھوڑی جارہی تھی لیکن ان میں سے ایک بچہ باہر آیا اور اس نے آتے ہی کہا کہ بابا ہمارے پاس کھانے کو کچھ نہیں! ہم آپ کو کیا دے سکتے ہیں؟ میرے پاس کھانے پینے کا سامان تھا۔ میں نے کہا نہیں میں لینے والا فقیر نہیں ہوں‘ میں دینے والا فقیر ہوں۔ آپ کے گھر کچھ کھانے کی چیزیں دینے آیا ہوں۔۔۔ وہ حیران اور خوش ہوا اور اس نے جاکر اپنی والدہ کو یہ بات بتائی کہ باہر ایک فقیر آیا ہے اور وہ کھانے پینے کا سامان لایا ہے۔ **فقیر تو مانگنے آتے ہیں یہ کیسا فقیر ہے۔۔۔؟:** میں جب ان کے دروازے پر کھڑا تھا تو اندر سے عجیب و غریب آوازیں آنا شروع ہوگئیں اس میں حیرت بھی تھی کہ فقیر تو مانگنے آتے ہیں یہ کیسا فقیر ہے جو دینے آیا ہوا ہے؟ ان کے والد باہر آئے میں نے انہیں اپنے طور پر کہہ دیا میں ایک درویش فقیر ہوں‘ مجھے آپ کے گھر کے حالات کی خبر ہوئی‘ میں کچھ کھانے پینے کی چیزیں آپ کے لیے لایا ہوں‘ آپ میرے لیے کھانے پینے کی چیزیں قبول کریں آپ کا مشکور ہوں گا۔ انہوں نے لینے سے انکار کردیا۔ دراصل وہ خاندانی اور باعزت لوگ تھے جو کسی کی چیزوں پر پلنے والے نہیں بلکہ اپنے زور محنت پر کام کرنے والے تھے۔ میں نے ان کی منت کی کہا کہ آپ نے مانگا نہیں‘ اسے اللہ کی طرف سے نعمت سمجھیں اور اسے ضرور قبول کریں۔ میرے زیادہ اصرار پر انہوں نے وہ نعمتیں قبول کرلیں بلکہ میری چاہت تھی کہ مجھے اپنے گھر بلائیں تاکہ انہیں میں یہ عمل دوں۔ وہ خود اللہ سے مانگنے والے بنیں۔۔۔! پھر خود ہی کہنے لگے آپ آئیں آپ بھی ہمارے ساتھ کھائیں۔ **محل نما حویلی مگر گھر میں کھانے کو کچھ نہیں:** میں ان کے گھر چلا گیا گھر کی غربت‘ تنگدستی‘ بدحالی۔۔۔ لیکن عجیب بات یہ کہ گھر بہت پرانی طرز کا ایک محل یا حویلی نما بنا ہوا تھا۔ میں جب گھر پہنچا تو میں نے ان سے حالات پوچھے؟ تو موصوف جو تقریباً ستر سال کے قریب تھے کہنے لگے میرے پڑدادا بہت بڑے جاگیردار تھے اور بہت مالدار تھے۔ ان کے ہاں سے روزانہ دو تین سو غریب لوگ کھانا کھاتے تھے‘ ان کا دسترخوان بہت وسیع تھا‘ لنگر چلتا تھا‘ مال و دولت کی کمی نہیں تھی۔ گھوڑے‘ سرائے‘ کھیت کھلیان‘ ہر چیز ان کے پاس وافر مقدار میں موجود تھی۔ **ہم پر غربت تنگدستی کیوں آئی؟:** پھر یہی چیز میرے دادا کے پاس رہی۔ لیکن دادا کے بعد میرے والد کو کچھ زوال آنا شروع ہوا اور اس زوال کی جو بنیاد تھی وہ انسان بابا جی مجھے کہنے لگے حالانکہ انہیں احساس نہیں تھا کہ میں جن ہوں وہ بھی مجھے انسان سمجھ رہے تھے اس زوال کی بنیاد میرے مطابق کچھ چیزیں۔۔۔ یہ بات کہتے ہوئے ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ کہنے لگے دراصل میرے والد کچھ ایسی صحبت میں چلے گئے جو میں نیک صحبت نہیں کہہ سکتا۔ اس صحبت کی وجہ سے میرے والد نے اپنی والدہ اپنے بہن بھائیوں کا اور


## اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی گاڑیوں پر لگا کر دُکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دُکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ **نوٹ:** ایسے سٹیکر جو رات کو اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا‘ لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں۔

(قیمت -/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

(چھوٹا سٹیکر اب صرف 20 روپے

موٹر سائیکل کا سٹیکر صرف 10 روپے میں دستیاب۔)


ہر وقت بچے کی ہمت بڑھائیں اور اس میں خود اعتمادی پیدا کریں۔ اگر بچہ دہشت زدہ ہوجائے تو والدین اسے یقین دلائیں کہ فکر کی کوئی بات نہیں۔ بعض والدین خیال کرتے ہیں کہ اگر بچے کو زیادہ محبت دی جائے تو بڑا ہو کر وہ کمزور اور بزدل ثابت ہوگا حالانکہ ایسا درحقیقت نہیں۔ **بحوالہ کتاب: تربیت اولاد اسلام اور جدید**

ماہرین کہتے ہیں کہ صحت کی تکون کے دو خط غذا اور ورزش ہیں اور تیسرا خط نیند ہے۔ اس سے دل کی دھڑکن کو صحیح رفتار پر رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ خلیوں کی بافتوں کی مرمت ہوتی رہتی ہے اور خون کے خلیوں کی تشکیل نو ہوتی ہے۔ **بحوالہ کتاب: پرسکون نیند نبوی طریقے اور جدید**

معدہ کمزور ہو اور کچھ کھانے پینے کو دل نہ چاہتا ہو کمزوری بڑھ رہی ہو تو ایک سیب ترش کا پانی نکال کر اسے آٹے میں ملا کر ٹکیہ پکا کر کھائیں۔ چند روز کے استعمال سے بھوک از خود پیدا ہوگی۔ کمزور معدے والے لوگ ایک سیب بھوبل میں دبا کر بھرتا کر کے ہر روز کھائیں۔ **بحوالہ کتاب: پھلوں سے صحت و خوبصورتی**

اپنے رشتے داروں کا خیال کرنا چھوڑ دیا جبکہ میرے دادا پڑدادا جہاں غیروں کا خیال رکھتے تھے وہاں اپنوں کا خیال زیادہ رکھتے تھے حالانکہ اپنے باتیں بھی کرتے تھے۔۔۔ بس میں نے ان سے ایک بات سنی تھی جب اللہ کیلئے کرنا ہے تو پھر باتوں پر توجہ نہیں کرنی۔ بس یہ بات تھی جو ان کو اپنوں کی خدمت کرنے پر مجبور کرتی تھی۔ **صلہ رحمی نہ کرنے کا بھیانک انجام:** میرے والد سے غلطی یہ ہوئی کہ میرے والد نے اپنوں کیلئے خدمت کرنا چھوڑ دی‘ بہن بھائیوں‘ رشتے داروں کو چھوڑ دیا بس کہنے لگے کہ میرے دادا اور میرے والد ایسی خانقاہ کیلئے ان لوگوں پر خرچ کر کے چلے گئے۔ انہوں نے نہ ماننا ہے‘ نہ کبھی مانیں گے جو کھا کر بھی ناشکری کرتے ہیں۔ بس شاید یہی وجہ تھی اب دوسرا میں نے اپنے دادا کو دیکھا‘ پڑدادا کو نہیں دیکھا۔ میں نے ان کے بارے میں یہی سنا ہے کہ وہ نماز‘ تسبیح‘ روزہ‘ اعمال‘ حلال و حرام‘ عشر اور زکوٰۃ کے بہت پابند تھے‘ میرے والد نے اس میں کوتاہی کرنا شروع کر دی‘ بس پھر وہاں سے زوال شروع ہوا اور زوال یہ شروع ہوا کہ میرے والد کا جب آخری دن تھا تو ان کی آخری جائیداد بکی تھی تو ان کی تجہیز و تکفین ہوئی تھی۔ بس جو تھوڑا بہت تھا میں نے زندگی کے کچھ دن گزارے اب محل نما حویلی تو ہے اور بہت بڑی عمارت تو ہے لیکن سوائے غربت اور تنگدستی کے اور کچھ نہیں ہے۔

**یا تو اللہ مجھے موت دیدے یا بیوی بچوں کو:** بچوں نے اپنے باپ دادا اور پڑدادا کی کہانیاں سنیں‘ بچے کہتے ہمیں وہی نعمتیں ملیں۔۔۔ وہی غذائیں ملیں۔۔۔ وہی آسائشیں اور وہی آرام ملیں اب وہ میں کہاں سے لے آؤں۔ مشقت والا کام میں کر نہیں سکتا اور بے مشقت کام پر روزی نہیں ملتی بس ہمارے گھر میں روز یہی جھگڑا ہوتا ہے اور اس جھگڑے سے میں تنگ آ گیا ہوں یا تو اللہ مجھے موت دے دے یا پھر ان بچوں کو یا اس بیوی کو موت دے دے یہ کہہ کر وہ صاحب پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ ان کے ساتھ بیٹھی ان کی بیوی اور بچے بہت زیادہ رونے لگے۔ **غربت اور تنگدستی دور کرنے کا عمل:** مجھے ان کے رونے پر ترس آیا میں نے کہا ٹھیک ہے‘ میں فقیر ہوں‘ میں اللہ کے ایک ولی کا دوست ہوں اور میں نے ولایت کے مقامات اور منازل طے کیے ہیں۔ آپ کو ایک عمل بتا کر جاتا ہوں۔ آپ مسلمان ہیں‘ انسان ہیں‘ یقیناً آپ نے قرآن پڑھا ہوگا۔ سب کہنے لگے ہاں ہم قرآن پڑھے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا آپ ایسا کریں آپ سب کچھ چھوڑ دیں‘ آپ صرف اور صرف سورۂ شمس کا عمل چاند والا میں نے ان کو بتایا اس کو ضرور کریں اور بہت یقین سے کریں۔ بہتر تو یہ ہے کہ گھر کا ہر فرد کرے‘ چھوٹے بچے نہیں کر سکتے کوئی حرج نہیں۔ ورنہ گھر کے جتنے زیادہ افراد کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا اور گھر کا ہر فرد کرے۔ ہر چاند کو کبھی ضائع نہ کریں ہر روشن چاند میں ہر روز یہ عمل کریں۔ دنیا ادھر سے اُدھر ہو جائے لیکن اس عمل میں کوتاہی نہ کریں۔ میں نے انہیں یقین دلایا آپ کی غربت اور تنگدستی دور ہوگی کچھ اپنے واقعات سنائے اور کچھ اور واقعات سنائے جس سے انہیں یقین ہو گیا کہ یقیناً ایسا ہوگا۔ **ہم حسنی حسینی سید ہیں:** خاندانی لوگ تھے‘ شریف لوگ تھے جب میں اٹھنے لگا تو مجھے کہنے لگے ہم آپ کے مشکور ہیں۔ آپ نے ہم سادات پر بہت زیادہ بہت زیادہ احسان کیا۔۔۔ جب یہ لفظ سنا تو چونک اٹھا میں نے ان سے پوچھا کیا آپ سادات میں سے ہیں؟ کہنے لگے: ہاں ہم حسبی نسبی سادات ہیں حسنی حسینی سادات ہیں۔ آپ جو چیزیں دے رہے تھے اس لیے نہیں لے رہے تھے جب آپ نے یہ کہا یہ صدقہ خیرات زکوٰۃ نہیں ہے اس لیے ہم نے لی۔ **وسیع کاروبار اپنی جگہ مگر عمل کبھی نہ چھوڑا:** میں نے ان سے عرض کیا کہ ٹھیک ہے آپ یہ عمل کریں میں کچھ ماہ کے بعد آپ کے پاس خود چکر لگاؤں گا وہ میرا پتہ مانگتے رہے۔ میرا کوئی پتہ ہوتا تو میں دیتا۔ بس میں نے کہا میں خود آؤں گا آپ مایوس نہ ہوں۔ آپ کا پتہ میں خود پوچھوں گا۔ میں وہاں سے چلا گیا مجھے ان کی کسمپرسی‘ ان کی خاندانی عظمت ان کی شرافت بس یہ سب چیزیں یاد آتیں تو میں ان کیلئے دعا کرتا کہ یااللہ ان کے حالات تو بہتر کر دے‘ ان کے مسائل حل کر دے‘ ان کی مشکلات دور کر دے اور ان کی زندگی میں کامیابیاں اور خیریں بھر دے۔ بس میں یہ ان کیلئے دعا کرتا رہتا۔ میں اپنے کاموں میں مشغول ہو گیا۔ میں اجناس کا کام کرتا تھا کاروبار بہت وسیع تھا‘ فرصت نہیں ملتی تھی۔ ہاں ایک بات میں اپنی بتاتا چلوں‘ اتنے وسیع کام کے باوجود میں نے کبھی خود سورۂ والشّمس اور چاند کا عمل نہیں چھوڑا میں نے اپنے آپ کو یہ نہیں سمجھا کہ اب مجھے اس کی ضرورت نہیں میں نے ہمیشہ یہی سمجھا کہ میں خود اس کا ہر وقت محتاج ہوں اور اس کی محتاجی ہی میرے مسائل کا حل ہے اور اس کی محتاجی ہی میں میری مشکلات کا حل ہے۔ عمل میں نے بھی اور میرے گھرانے نے بھی جاری رکھا۔ یہ عمل ہم جتنا توجہ سے کرتے اتنا اللہ کی نعمتیں ملتیِ۔ **چھ ماہ میں ہی غربت‘ پریشانی‘ تنگدستی ختم:** کوئی پانچ چھ ماہ کے بعد میرا ادھر سے گزر ہوا تو میں نے اسی فقیر کا روپ دھارا اور ان کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اندر سے اس خاتون کی آواز آئی‘ مرد گھر میں نہیں تھے تو میں نے اپنا تعارف کرایا۔ خاتون کے ساتھ بچے بھی آ گئے‘ دروازہ کھولا۔ مجھے عزت و احترام سے بٹھایا۔ اب کی بار میں نے ان کے گھر میں بہت زیادہ حالات کو اچھا ہوتے دیکھا۔ ان کے گھر کے اندر تنگدستی‘ غربت‘ پریشانی‘ مسائل اور مشکلات کو بہت سنورتے اور سنبھلتے دیکھا۔ خود ہی بیٹھے ہوئے کہنے لگے بس آپ تو کوئی رحمت کا فرشتہ بن کر آئے تھے۔ ہمارے حالات بہت اچھے ہو گئے‘ ہمارے مسائل حل ہو گئے اور ہماری مشکلات دور ہو گئیں۔ ہم نے ایک سودہ کیا تھا ہماری ایک جاگیر تھی جو ہمارے دادا نے بیچی تھی‘ اس کی بہت ساری رقم ایک شخص نے دبا لی تھی اور اس نے اُس وقت نہیں دی تھی نامعلوم اسے کیا ہوا وہ بہت بڑا بدمعاش آدمی تھا‘ وہ کسی کے بھی پیسے دبا لیتا تھا دیتا نہیں تھا۔ ایک دفعہ صبح صبح ہمارے دروازے پر آیا اور آ کر کہنے لگا کہ یہ آپ کی رقم ہے اور وہ رقم لاکھوں کے حساب سے تھی۔ ہم تو اسے بھول ہی گئے تھے۔

**بدمعاش کو نظر آئے جہنم کے نظارے:** کہنے لگے کہ ہم نے پوچھا آپ کون ہیں؟ کہا میں فلاں شخص ہوں! آپ کے دادا سے جاگیر لی تھی اور اب میں بڑھاپے میں ہوں‘ میری اولاد جوان ہو گئی ہے‘ میری عمر کتنی لمبی ہے مجھے پتہ نہیں۔۔۔ میں کس وقت مر جاؤں۔ کئی راتوں سے مسلسل ایک خواب دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے دادا آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میری رقم واپس کر دو پھر ایک طرف جہنم کے نظارے دیکھتا ہوں کہ

## قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

**باری آنے پر ضرور شائع ہونگی‘ جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔**

طلعت چوہدری۔ شاہد ارشد‘ سرگودھا۔ سائرہ زاہد۔ فرحت‘ لاہور۔ عبدالمجید‘ ڈیرہ غازیخان۔ نصیر احمد‘ ایبٹ آباد۔ محمد حسین‘ پشاور۔ عبدالرحمٰن‘ ملک امجد‘ بورے والا۔ فصیح الدین‘ ایبٹ آباد۔ حافظ محمد اسرائیل۔ وقار عظیم‘ راولپنڈی۔ صدیق ظہیر احمد خان‘ ملتان۔ سلطان صلاح الدین ایوبی۔ محمد زاہد‘ وہاڑی‘ میرب۔ آذان محمد۔ شازیہ اسد۔ مہرین رحمان‘ حنا ناز‘ لاہور۔ محمد وقاص۔ وسیم نذیر‘ واہ کینٹ۔ محمد ناصر‘ لودھراں۔ محمد عثمان ظفر‘ اسلام آباد۔ سعدیہ شاہد۔ محمد شاکر‘ لاہور۔ مولانا سلیم اللہ سومرو‘ کنڈیارو۔ حکیم فاروق۔ دلشاد احمد‘ میلسی۔ شبنم فردوس۔ محمد ظاہر شاہ‘ سوات۔ محمد اسد‘ پشاور۔ محمد اعجاز‘ نواب شاہ۔ محمد عزیز‘ مردان۔ محمد اکمل فاروق‘ سرگودھا۔ نگہت شفیق‘ اٹک۔ حماد علی۔ انور کمال چوہدری۔ سیالکوٹ۔ سید شاہد حسین‘ کراچی۔ زاہد حسین‘ اٹک۔ بشریٰ یوسف‘ کراچی۔ نائلہ شاہد‘ ڈیرہ غازیخان۔

لہسن کی کچی پوتھیوں کے چند روز استعمال سے خون‘ بلغم اور رگوں میں چمٹنے والی چربی پگھل جاتی ہے اور بدن چست ہو جاتا ہے جو لوگ کچا لہسن استعمال نہیں کر سکتے انہیں چاہیے کہ وہ دو یا تین پوتھیاں تھوڑے سے گھی میں بھون کر کھائیں۔ **بحوالہ کتاب: قدرتی ٹانک اور علاج نبوی ﷺ**

میں نے رقم واپس نہ کی تو جہنم کی آگ' ہولناکیاں' سانپ' بچھو اور اس کی دہشت۔۔۔ یہ سب مجھے دکھائی دیتی تھیں۔

**لاکھوں کی رقم چند لمحوں میں واپس مل گئی:** بس اس کی وجہ سے میں ڈر گیا اور وہ ساری رقم لے کر میں آپ کے دروازے پر آیا ہوں۔ وہ رقم ہمیں دے کر چلا گیا ہم نے اسے لاکھ کہا بیٹھے کچھ کھانا پینا۔۔۔ کہنے لگے نہیں بس امانت ہے مجھے معاف کردیں' بس بار بار معافیاں مانگ رہا تھا۔ ہم نے اسے معاف کیا۔ وہ رقم ہمارے ہاتھوں میں آئی ہمارے سانس اکھڑ گئے۔ آج تک اتنی رقم ہم نے دیکھی نہیں تھی' رقم آئے تھوڑی دیر گزری تھی کہ ہمارے رشتے کے ایک صاحب ہمارے گھر آئے۔ ایسے حال احوال پوچھے تو کہنے لگے کہ کوئی کاروبار کرلو۔۔۔ پھر خود ہی کہنے لگے تمہارے پاس ہے تو کچھ نہیں۔۔۔ حال تمہارے میں جانتا ہوں اگر تم کچھ رقم کا بندوبست کرلو تو میں کاروبار کرتا ہوں اس کاروبار میں تمہارے ساتھ شراکت کرلوں گا۔ **یہ سورۂ والشّمس کے عمل کی برکت ہی تھی:** ہمارے پاس وہ رقم تھی ہم نے اٹھا کر انہیں دی وہ حیران ہوگئے یہ کیا۔۔۔ کہاں سے آئی؟ ہم نے انہیں سارے حالات بتائے اس طرح دادا کی زمین تھی اور اس میں رقم تھی وہ شخص آ کر دے گیا اس شخص کا نام سنتے ہی کہنے لگا وہ شخص تمہیں خود آ کر دے جائے حیرت کی بات ہے۔ سورج ادھر سے کیوں نہیں نکلا کہ وہ شخص رقم تمہیں خود آ کر اپنے ہاتھوں سے دے گیا۔ بہرحال رقم تو وہ دے ہی گیا اب ہم کیا کہہ سکتے تھے اس نے وہ رقم لی ان میں سے تھوڑی سی رقم ہم نے اپنے پاس رکھی گھر کے اخراجات کیلئے باقی ساری رقم اس کو دے دی۔ یہ اس سورۂ والشّمس کا عمل تھا اور اس کی برکت تھی۔ **دن ایسے پھرے کہ سب حیران۔۔۔!:** اس نے ہماری رقم کو امانت سمجھا اور پہلے مہینے ہی اس نے اس میں سے کہا کہ آپ کی رقم اتنی برکت والی تھی کہ ایک سودا ہوا اس سودے میں بڑی بچت ہوئی۔ آدھا نفع میں نے رکھا' آدھا آپ کو دیا اور وہ آدھا نفع ہمارے لیے اتنا زیادہ تھا جس میں ایک سال کا ہمارے لیے راشن بہت آسانی سے نکل آیا۔ بس دن ایسے پھرے کہ سب حیران رہ گئے۔ اب ہم نے دو بیٹیوں کی شادی کی نسبت طے کردی ہے۔ **رزق' صحت رحمت' برکتیں لوٹ آئیں:** ہمارے گھر میں رزق' صحت اور رحمت واپس لوٹ آئی ہے اور ہماری برکتیں واپس آگئی ہیں۔ **چاند میں نبی کریم ﷺ کا دیدار پورے گھرانے نے کیا:** ایک چیز جو انہوں نے خاص طور پر بتائی کہ ایک دفعہ یہ بات ان کی بیوی نے بھی بتائی اور شوہر نے بھی اور ان میں سے ایک بیٹی نے بتائی جو بڑی سے چھوٹی تھی۔ کہنے لگی ایک رات ہم عمل کر رہے تھے تو چاند میں ہم نے ایک عجیب چیز دیکھی' ایک بہت نورانی ہستی اور بہت نورانی چہرہ اور خوبصورت چہرہ جس سے نور ہی نور نکل رہا تھا اور اس چہرے کے اردگرد کلمہ لکھا ہوا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پھر تھوڑی دیر کے بعد کلمہ ختم ہوگیا اور صرف لکھا ہوا دائیں طرف سرکل کر رہا تھا محمد رسول اللہ محمد رسول اللہ۔۔۔ ہم سمجھ گئے کہ حضور اقدس ﷺ کی شبیہ مبارک ہے۔ آپ ﷺ کی شکل مبارک ہے۔ کہنے لگے ہم اتنے شاد اور خوش ہوئے کہ ہمارے حالات پھرے رزق آیا' صحت آئی' خوشحالی آئی' اس پر اتنی ہمیں خوشی نہیں ہوئی جتنا کہ اس پر خوشی ہوئی کہ ہمیں کملی والے ﷺ مدینے والے ﷺ کی چاند میں زیارت ہوئی۔ ہم حیران ہوئے۔ پھر وہ سادات گھرانہ کہنے لگے کہ ہم یہ عمل اپنے دو تین رشتے دار اور پڑوسیوں کو دے چکے ہیں اور وہ بھی یہ عمل کر رہے ہیں ان میں سے ایک بندے کے حالات پھر گئے ہیں۔ باقی دو ایسے ہیں جن کے حالات پھرنے کے آثار بہت محسوس ہورہے ہیں۔

**بے اولادوں کو اولاد' بے گھروں کو گھر ملے:** ایک بات جو اس جن نے مجھے بتائی' وہ یہ بتائی کہ جن کے رشتوں کی بندش ہو' رزق کی بندش ہو' صحت کی بندش ہو' کالے سے کالا جادو ہو' اولاد کسی شکل میں نہ ہوتی ہو' انسان اولاد کے بہت جتن کرکے تھک گیا ہو تو سورۂ والشّمس کا یہ عمل اولاد کیلئے' رزق کیلئے' کالا جادو کے توڑ کیلئے' مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے پریشانیوں اور زندگی کی الجھنوں کو دور کرنے کیلئے ایک انوکھا عمل ہے۔ اس نے بہت اس کے کمالات پائے اور بے اولادوں کو اولاد ملی' بے گھروں کو گھر ملے' بے روزگاروں کو رزق ملے۔ بے اولادی کے سلسلے میں قارئین میں اپنا واقعہ سناتا ہوں اب تک یہ باتیں ساری جنات کی سنائیں۔ **بے اولاد اب مایوس نہ ہوں۔۔۔!:** میں نے بے اولادوں کو یہ عمل بہت دیا' ایسے لوگ جو اولاد کے سلسلے میں مایوس ہوچکے تھے سالہا سال گزر گئے اب تو معالجین نے کہہ دیا تھا کہ عورت اس قابل نہیں کہ وہ اولاد جن سکے یا مرد اس قابل نہیں کہ اس سے اولاد پیدا ہوسکے۔ میں نے ان میاں بیوی کو کہا کہ یہ والشّمس کا عمل مستقل کریں اور گھبرائیں نہیں۔ چند مہینے اور چند مہینوں سے زیادہ مہینے بھی ہوجائیں تو عمل نہیں چھوڑنا کیونکہ کوئی جلدی' کوئی دیر سے اس عمل سے ضرور فائدہ پاتا ہے اور واقعی یہی ہوا کہ اس عمل کی برکت سے ان لوگوں کو بہت زبردست رزلٹ ملا اور ان لوگوں کو بہت فائدہ ملا۔ بہت زیادہ حیرت انگیز ان کو اس کے تجربات ملے۔ **عمل کی برکت ستائیس سال بعد اولاد ہوئی:** ایک صاحب روتے ہوئے ایک دفعہ آئے اور ہاتھ میں کاغذ تھا تو کہنے لگے یہ کاغذ ناموں کا ہے' ان میں سے کچھ نام سوچے ہیں آپ ان میں سے جس نام کا انتخاب کردیں اللہ پاک نے مجھے ستائیس سال کے بعد بیٹی عطا فرمائی ہے۔ میرے لیے یہ بیٹا بھی ہے بیٹی بھی ہے' میری اولاد نہیں تھی' رزق تھا۔ **انیس سال بعد اللہ نے بیٹا دیا:** ایک صاحب نے خود بتایا کہ انیس سال کے بعد اللہ نے اولاد دی ہے اور بیٹا دیا ہے اور یہ اس سورۂ والشّمس کی برکت ہے۔ سورۂ والشّمس کے اندر انوکھی تاثیر ہے انوکھی طاقت ہے انوکھی قوت ہے۔ عجیب تسخیر یہ ہے کہ ہر جگہ عزت' شان وشوکت رزق کی وسعت ہر قدم کامیابی' کمالات ہی کمالات' برکات ہی برکات' دولت قدموں میں' رزق بہت زیادہ' عزت شان وشوکت بہت زیادہ اس سورۃ کے بارے میں جو جنات سے میں نے تجربات سنے ہیں۔ **انسان آگے اور دولت' عزت' شہرت پیچھے:** جنات نے مجھے اپنے تجربات میں یہ بات بتائی ہے کہ اس سورۃ کو پڑھنے والا یعنی چاند کو دیکھ کر پڑھنے والے کی مثال ایسے ہے جیسے وہ آگے دولت' عزت' شہرت' برکت اس کے پیچھے۔ یہ اس عمل کی ایک خاص تاثیر ہے۔ اس عمل کی ایک خاص طاقت ہے جو کہ صرف اسی

## ہر قسم کے یرقان اور ہیپاٹائٹس کا آزمودہ

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** یہ میرا خاندانی نسخہ ہے جو آپ کی دریا دلی دیکھ کر آپ کو پیش کررہا ہوں' یہ نسخہ ہر قسم کے یرقان کیلئے اور بہت کام کا نسخہ ہے۔ ھوالشافی: کھیکوار مغز 2 کلو' عرق گلاب سہ آتشہ ایک بوتل' سرکہ انگوری ایک بوتل' چینی ایک کلو' پتری فولاد بیس گرام' ہیرا کسیس 10 گرام' نوشادر ٹھیکری پانچ گرام' نمک سیاہ پانچ گرام' شورہ قلمی دس گرام۔ ترکیب تیاری: ان ساری چیزوں کو پیس لیں' عرق' سرکہ' کھیکوار کا مغز سب کو آپس میں مکس کرلیں رات کو بھگودیں۔ صبح کو ہاتھ سے ملیں اور کپڑے سے چھان لیں اب یہ تیار ہے۔ بوتلوں میں بھر لیں۔ ترکیب استعمال: 50 گرام شربت کا ایک پاؤ پانی مکس کرکے پلائیں' پھر قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ نوٹ: ایک مریض کو دو بوتل پلائیں' محترم حکیم صاحب میں نے دل کا راز اور دل کا ٹکڑا پیش کیا ہے مجھے امید ہے قارئین عبقری اس کی قدر کریں گے۔ (حکیم مراد علی مبارکپوری' سکھر)

دائمی قبض کے مریضوں کیلئے گندم یا سویابین کا دلیہ دودھ یا پانی میں پندرہ منٹ پکا کر میٹھا ملا کر بطور ناشتہ کھانا از حد مفید اور تقریباً صد فیصد علاج ثابت ہوتا ہے۔ 2: مصطگی رومی اور چینی مساوی الوزن لے کر باہم آمیز کریں اور دو ماشہ کی مقدار میں سادہ پانی کے ساتھ صبح وشام کھلائیں۔ **بحوالہ کتاب: دائمی قبض سے چھٹکارا**

حضرت جابر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' رات کے کھانے کو ہرگز نہ چھوڑنا' خواہ مٹھی بھر کھجوریں ہی کھالی جائیں' کیونکہ رات کے کھانے کو ترک کرنا بڑھاپے اور کمزوری کو طاری کرتا ہے۔ (ابن ماجہ) **بحوالہ کتاب: فیضان سنت اور جدید سائنس**

عمل کے ساتھ ہے اور ہے بھی حیرت انگیز۔۔۔!

**غریب جن کی بیٹی کی شادی:** کچھ عرصہ پہلے جنات کی ایک شادی میں مجھے جانے کا موقع ملا‘ موصوف سفید پوش لیکن بہت مخلص۔۔۔ بہت زیادہ نیک‘ غربت اپنی جگہ لیکن نیکی اپنی جگہ اور ان کی زندگی میں میں نے بہت نیکی دیکھی۔ سالہاسال سے ان کا مجھ سے تعلق ہے‘ مجھے ہر دفعہ کہتے تھے اگر کبھی ہماری شادی ہوئی تو آپ نے ضرور تشریف لانا ہے اور ضرور بالضرر آنا ہے اور میں بھی ان سے وعدہ کرتا رہا کہ میں ضرور آؤں گا۔۔۔اب کی بار ان کی بیٹی کی شادی تھی مجھے انہوں نے بلایا۔ میں ان کی شادی پر گیا۔۔۔ مختصر لوگ تھے۔

**بغدادی جن سے ملاقات:** میں نے ایک جن دیکھا‘ جن کی شکل وصورت اور چہرے سے نورانیت روحانیت اور برکت میں محسوس کر رہا تھا۔ نامعلوم مجھے کیا محسوس ہوا اور میں خود ان کی طرف متوجہ ہوا اور ان کے پاس جا کر خود میں نے ان کو سلام کیا۔ انہوں نے سلام کا جواب دیا۔ میں نے ان سے پوچھا آپ کہاں سے تشریف لائے۔۔۔؟ فرمایا میں بغداد سے آیا ہوں اور میں حضرت پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تربت کے پاس بیٹھا مستقل درود پاک پڑھتا رہتا ہوں۔ میں حیران ہوا۔۔۔! میں نے ان سے پوچھا کہ آپ یہاں کیسے آئے؟ کہنے لگے دراصل یہ لوگ دور پرے سے میرے رشتے دار ہیں اور میں کہیں آتا جاتا نہیں ہوں کیونکہ میرے لیے سب صحبتیں‘ چیزیں‘ جنوں کی کوئی حیثیت نہیں۔ میرے سامنے صرف اور صرف ایک درود پاک کی حیثیت ہے۔ میں وہ نہیں چھوڑ سکتا لیکن ان لوگوں کا اصرار تھا ان لوگوں کی شرافت‘ غربت نے مجھے مجبور کیا میں ان کے ہاں جاؤں۔ وہ جن مجھے نہیں جانتے تھے نہ ہی ان سے میرا کوئی تعارف تھا لیکن اس وقت تعارف بنا اور اس تعارف کے اندر مجھے خوشی ہوئی کہ میں نے ان کو بہت زیادہ بہت زیادہ قریب سے دیکھا اور وہ قریب ایسے تھے کہ بہت قریب۔۔۔

**نورانیت سے بھرپور کھانا:** کھانا آ گیا‘ ہم نے مل کر کھانا کھایا۔ سادہ سا کھانا تھا‘ سادہ سی غذائیں لیکن ان میں نور تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان سفید پوش جنات کا رزق پاکیزہ تھا۔ دوران کھانا ایک اور جن آ گئے جو مجھے جانتے تھے‘ انہوں نے آتے ہی میرا تعارف کروایا۔ بغدادی جن بہت متاثر ہوئے اور بہت خوش ہوئے اور مجھے فرمانے لگے کہ آپ نے اپنا تعارف کیوں نہیں کرایا۔ میں خاموش رہا اور اس جن نے جو خود وہاں کا میزبان تھا میرا تعارف مزید تفصیلی کرایا۔ جب مزید تفصیلی تعارف کروایا تو اس تعارف نے ان کی توجہ کو میری طرف مائل کیا۔

**انگ انگ سے نورانیت‘ فقر اور برکت:** وہ بغدادی جن تو بوڑھے زیادہ نہیں تھے‘ زیادہ عمر کے نہیں تھے لیکن ان کے انگ انگ روئے روئے اور ان کی ایک ایک ادا سے مجھے نورانیت‘ فقر اور بہت برکت محسوس ہو رہی تھی تو میں نے انہیں عرض کیا کہ شیخ آپ تشریف لائے ہیں‘ بغداد سے تو مجھے بھی کوئی برکت عطا فرمائیں۔

**عبقری تعارف بغدادی جن سے:** پھر میں نے انہیں اپنا تعارف کرایا کہ ایک رسالہ ہے‘ میں اس میں لکھتا ہوں‘ لاکھوں سے زیادہ لوگ انسان اور جنات اس رسالے کو پڑھتے ہیں اور اس میں خاص طور پر میرا کالم بہت مقبول ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مخلوق خدا کو اس سے بہت فائدہ اور نفع حاصل ہو رہا ہے۔ اسی دوران میزبان جن رسالہ لے آئے اور اس رسالے میں چلنے والی قسطیں دکھائیں۔ انہوں نے تھوڑا سا سرسری سا دیکھا۔

**بغدادی جن بھی میرے مشن میں میرے ساتھ:** کہنے لگے آپ بہت بڑی مخلوق کی خدمت کر رہے ہیں اگر آپ کا مشن یہی ہے تو ضرور میں آپ کا ساتھ دوں گا اور اس مشن میں آپ کا حصہ دار بنوں گا‘ آپ کے ساتھ حصہ ملاؤں گا۔ پھر ان سے پوچھا اپنی زندگی کے تجربات اور اپنی زندگی کے مشاہدات اور اپنی زندگی کی کیفیات بتائیں۔ مجھے فرمانے لگے کہ اگر مجھ سے استفادہ کرنا ہے تو مجھ سے سوال کریں۔

**بغدادی جن نے دیا طاق راتوں کا شاندار عمل:** میں نے ان سے عرض کیا کہ محترم میرے سوال تو بے شمار ہوں گے‘ میں چاہتا ہوں کہ آپ بغیر سوال کے کچھ مجھے عنایت فرمائیں۔ وہ کہنے لگے کہ ٹھیک ہے میں آپ کو ایک چیز دیتا ہوں اور وہ چیز آپ کو شاید اور کہیں نہ ملے۔۔۔! پھر انہوں نے مجھے ایک ایسا عمل دیا جو طاق راتوں میں یا طاق دنوں میں کرنے کا تھا یعنی تین دن، پانچ دن، سات دن، گیارہ دن۔۔۔ اسی طرح آپ ہر طاق دن میں آگے بڑھتے جائیں۔ وہ کام تین دن میں ہو جائے تو عمل چھوڑ دیں‘ پانچ دن میں ہو جائے تو عمل چھوڑ دیں۔ سات دن میں ہو جائے تو عمل چھوڑ دیں اور بالفرض ان دنوں میں آپ کا کام نہیں ہوتا تو آپ عمل نہ چھوڑیں عمل مسلسل کرتے رہیں ان شاء اللہ آپ کا کام ہو جائے گا اور آپ کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ میں یہ تحفہ آپ کو دیتا ہوں۔ میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور میں نے کاپی قلم اٹھائی اور میں نے اس عمل کو لکھنا چاہا تو فرمانے لگے کہ یہ عمل کاپی قلم میں لکھنے کا نہیں آپ سن لیں آپ کو یاد ہو جائے گا۔

**خاص عمل کا خاص طریقہ:** میں نے کہا ٹھیک ہے پھر خود ہی فرمانے لگے: ایسا کریں کہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ تسلی سے فارغ ہوں‘ ہر کام سے فارغ ہوں‘ کسی تنہائی کے کمرے میں یا کسی ایسی جگہ جہاں کہیں شور شرابہ اور زیادہ آوازیں نہ ہوں وہاں بیٹھیں بہتر تو یہی ہے کہ غسل کر لیں ورنہ وضو کر کے صاف ستھرا لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر آپ مسلسل اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ لفظ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے اور اس تصور کے ساتھ پڑھنا ہے کہ ساری دنیا کی مخلوق زبان‘ بے زبان‘ جاندار بے جان‘ انسان‘ فرشتے‘ جنات کائنات کی کوئی مخلوق ہے جو میری نظر یا شعور میں ہے یا نہیں ہے وہ میری طرف سے استغفار کر رہی ہے اور ایک طرف یہ تصور اور ایک طرف یہ تصور ہو کہ میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں اور اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تو ٹھیک ورنہ اگر معاف نہ کیا تو یہ دنیا میرے لیے جہنم اور آخرت میرے لیے جہنم بن جائے۔ ستر منٹ یہ عمل کرنا ہے‘ اس کے بعد اٹھ کر سو جانا ہے اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔

**سات صدیوں سے زیادہ آزمایا وظیفہ:** آپ کا کوئی بھی مقصد ہو اور وہ مقصد ایسا ہو آپ سمجھتے ہوں کبھی پورا نہیں ہو سکتا اور وہ مشکل ایسی ہو کہ آپ سمجھتے ہیں کہ کبھی ختم نہیں ہو سکتی اور پھر بغدادی جن خود ہی فرمانے لگے یہ عمل میں سات صدیوں سے زیادہ آزما چکا ہوں۔ خود بھی ہزاروں لاکھوں جنات میں بھی اور ہزاروں انسانوں میں بھی۔ فرمایا میرا کام دراصل میرے مرشد نے خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مزاج کا لگایا ہے۔ اللہ نے میرے رزق کی کفایت کی ہوئی ہے۔ میں سارا دن پھرتا ہوں‘ دکھی لوگوں کے کام آتا ہوں اور مجھے کوئی بھی دکھی نظر آئے اس کا دکھ بیماری کا ہو‘ تکلیف کا ہو‘ پریشانی کا ہو‘ بیروزگاری کا ہو‘ کاروبار کی بندش‘ رشتوں کی بندش‘ میاں بیوی کی تکلیف‘ میاں بیوی کی بندش‘ ایک دوسرے سے دوری ہو‘ کوئی دل کی مراد ہو‘ کوئی پریشانی پوری نہ ہوتی ہو‘ زندگی الجھنوں میں الجھی ہوئی ہو‘ زندگی مسائل میں جکڑی ہوئی ہو‘ پریشانی ایسی ہو جس نے وقت سے پہلے بوڑھا اور دہرا کر دیا ہو ان سب پریشانیوں کیلئے میں یہ عمل بتایا کرتا ہوں اور یہ عمل بتا کر مجھے سات صدیاں ہو گئی ہیں اور سات صدیوں سے میں نے آج تک نہیں دیکھا کوئی شخص ایسا ملا ہو جس نے یہ عمل کیا ہو اس کا کام نہ بنا ہو اس کی مشکل نہ ٹلی ہوئی۔ اس کی پریشانیاں دور نہ ہوئی ہوں‘ مجھے آج تک یاد

ہمیشہ صحت مند رہنے کیلئے: غم وغصہ‘ فکر‘ حسد‘ بے خوابی‘ تنگ نظری‘ مردہ دلی اور دماغی الجھنوں سے دور رہیں۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ: ’’سیدھے سادھے رہو‘ میانہ روی اختیار کرو اور ہشاش بشاش رہو‘‘ بحوالہ کتاب: صحت مند عادات‘ نبوی ﷺ طریقے اور جدید

علاج طبی برائے شوگر: گلو خشک کوٹ کر چھان کر پانچ تولہ میں چینی بھی اتنی ہی ملا کر سفوف بنا لیں اور اس میں سے صبح خالی پیٹ سات ماشہ سادہ پانی سے کھلا دیں۔ ذیابیطس میں مفید ہے۔ 2۔ مغز بنولہ ایک تولہ نیم کوفتہ رات کے وقت نصف سیر گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت پکا کر جب نصف پاؤ رہ جائے چھان کر پئیں۔ بحوالہ کتاب: شوگر کا سائنسی اور روحانی

نہیں۔ **نہ گھبرانا نہ مایوس ہونا بس عمل پر توجہ رکھنا:** بس یہ عمل مستقل طاق دنوں میں کرتے رہیں حتیٰ کہ بعض کو کرتے ہوئے کچھ ہفتے ہو جاتے ہیں' بعض کو کرتے ہوئے کچھ ماہ بھی ہو جاتے ہیں نہ گھبرانا ہے اور نہ مایوس ہونا ہے۔ بس اس عمل کی کوئی شرط نہیں' کوئی پرہیز نہیں بس یہی پرہیز ہے کہ گھبرانا بھی نہیں اور مایوس بھی نہیں ہونا۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ بس یہی لفظ مستقل پڑھتے رہنا ہے اور تصور جو میں نے بتایا ہے اس تصور کو مستقل قائم ودائم رکھنا ہے۔ جتنا تصور مضبوط ہوگا اور جتنا تصور طاقتور ہوگا اور جتنا تصور میں جان ہوگی اتنا اس تسبیح وذکر کے کمالات آپ کو زیادہ ملیں گے۔ **عمر کم مگر طاقت' وجاہت اور ہیبت بہت زیادہ:** یہ بات کر کے وہ جن سانس لینے کیلئے رکے کیونکہ جنات کا سانس بہت لمبا سانس ہوتا ہے اور بعض جنات سانس لیتے ہوئے اس طرح سانس بھی لیتے ہیں کہ ان کے سانس نکالنے سے ان کے اندر سے شعلے نکلتے ہیں۔ میں نے خود محسوس کیا بغدادی جن عمر کے اعتبار سے کچھ زیادہ تو نہیں تھے لیکن تجربہ' طاقت اور قوت وجاہت اور ہیبت کے اعتبار سے بہت ہی زیادہ طاقتور تھے تو اس بغدادی جن نے کہا میں نے جو کچھ پایا ہے درود پاک سے پایا ہے۔ میں نے جو کچھ حاصل کیا ہے درود پاک سے حاصل کیا ہے لیکن یہ جو عمل میں بتا رہا ہوں یہ بھی اس درود پاک کی برکت سے ملا پھر اس عمل کا حاصل خود بتایا۔ **حضرت پیران پیر کی زیارت:** فرمایا: ایک دفعہ میں حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر بیٹھا مستقل درود پاک پڑھ رہا تھا اور مسلسل پڑھ رہا تھا' فرمایا کہ میں جب بھی درود پاک پڑھتا ہوں قبلہ رخ پڑھتا ہوں۔ حضرت پیران پیر کے مزار کے ساتھ جو مسجد ہے ہمیشہ اسی میں بیٹھ کر پڑھتا ہوں۔ تو فرمانے لگے مزار کے قریب بیٹھ کر درود پاک یعنی اس مسجد میں درود پاک بیٹھا پڑھ رہا تھا تو میں نے محسوس کیا میرے پیچھے کوئی آدمی ہے' وہ بھی یہی درود پاک پڑھ رہا ہے۔ میں اپنی مستی میں مست تھا آدھی رات سے زیادہ کا پہر گزر گیا تھا' میں نے محسوس کیا کہ اس شخص کے درود پاک کی ہیبت میرے اوپر پڑھ رہی ہے اور مجھ سے درود پاک نہیں پڑھا جا رہا۔۔۔ آخر میں خاموش ہو گیا اور پیچھے مڑ کر دیکھا ایک بہت نورانی شکل' بہت بہت مبارک بزرگ' سر پر سفید پگڑی' سفید ڈاڑھی اور مبارک قد اور خوبصورت آنکھیں وہ بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے مصافحہ کیلئے ہاتھ بڑھایا انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور میرا ہاتھ چوم لیا اور مجھے گھسیٹ کر اپنے گلے سے لگا لیا اور فرمانے لگے تیرا درود جہاں اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اچھا لگتا ہے وہاں مجھے بھی اچھا لگتا ہے' یہ درود پڑھتے رہنا۔ **"میں عبدالقادر ہوں":** تو میں نے پوچھا آپ کا تعارف؟ آپ کون ہیں؟ فرمایا جس کی تربت مزار پر آیا بیٹھا ہے میں وہی ہوں۔ میں حیران ہوا۔۔۔ یعنی آپ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں فرمانے لگے ہاں "میں عبدالقادر ہوں" اور بنفس نفیس تمہیں ملنے اور تمہارا حال پوچھنے آیا ہوں۔ **شیخ نے بتایا عمل کی قبولیت کا ایک راز:** مجھے پتہ ہے تم پڑھتے پڑھتے تھک بھی جاتے ہو اور کبھی کبھی گھبرا بھی جاتے ہو، نامعلوم میرا پڑھا ہوا درود قبول ہے یا نہیں؟ بس ایک بات یاد رکھنا جب ایک عمل قبول ہوتا ہے اور اس ایک عمل کے بعد دوسرا عمل اور دوسری دفعہ اگر عمل کی توفیق مل جائے تو سمجھ لو کہ پچھلا عمل قبول ہے اور پھر فرمانے لگے دیکھو اس درود پاک کو کبھی نہ بھولنا اور وہ جانے کیلئے مصافحہ کرنے لگے تو میں نے شیخ کا ہاتھ پکڑ لیا میں نے کہا شیخ اگر آپ تشریف لائے ہیں تو آج مجھے اپنی عنایات میں سے کچھ عنایت کرتے جائیں۔ اللہ نے آپ کو اپنا تعلق اور ولایت دی ہے' اپنا پیار اور محبت دی ہے تو میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے کچھ دیتے جائیں۔ **شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے دیا طاق راتوں کا خاص عمل:** شیخ رک گئے اور فرمانے لگے اگر تو کائنات کے خزانے چاہتا ہے' رزق کے' وسعت کے' برکت کے' مشکلات کا حل اور چاہتا ہے کہ تیرا کام طاق دنوں میں ہو جائے اور جلد سے جلد ہو جائے تو پھر یہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رات کو سوتے وقت جس وقت ہر کام سے فارغ ہو جاؤ اور اس کو بیٹھ کر روزانہ ستر منٹ پڑھ۔ لیکن پھر فرمایا ستر منٹ ایسے ہوں کہ وہ اس تصور کے ساتھ ہوں جو تصور میں نے آپ کو پہلے بیان کیا۔ اگر بے تصور کے پڑھا تو اس سے فیصلے نہیں ہوں گے اور اگر تو پڑھتے ہوئے اونگھ رہا ہے تو اس سے فیصلے نہیں ہونگے جو تو چاہتا ہے اور یہ عمل دے کر شیخ ایک دم غائب ہو گئے اور میں اپنے آپ کو دنیا کا خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ میں نے اتنی بڑی ہستی کی حالت بیداری میں زیارت کی۔

**جس نے یقین سے کیا اسے ضرور ملا:** بس اس دن کے بعد درود تو میں نے پڑھنا نہ چھوڑا میری خود اپنی دل کی کچھ مرادیں تھیں میں نے ان کیلئے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ عمل پڑھنا شروع کر دیا' بس یہ عمل پڑھنا تھا کہ میرے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے اور میری مشکلات دور ہونا شروع ہو گئیں اور میری زندگی کے ناکامیاں ختم ہو کر کامیابیوں کی طرف بڑھنا شروع ہو گئیں حتیٰ کہ میرا ایک مسئلہ حل ہوا' دوسرا حل ہوا' تیسرا حل ہوا پھر میرے پاس اپنے مسائل کیلئے لوگ آتے تھے' پہلے میں کچھ اور عمل بتاتا تھا لیکن شیخ کی ملاقات کے بعد میں نے لوگوں کو یہی عمل بتانا شروع کر دیا اور اس عمل کی طرف متوجہ کرنا شروع کر دیا۔ آج سات صدیاں ہو گئی ہیں اور سات صدیوں سے مجھے یاد نہیں میں نے آج تک کسی کو یہ عمل بتایا ہو اور کسی نے وہ عمل کیا ہو اور اس کا فائدہ نہ ہوا ہو۔ کسی کی غفلت اور بے چینی بے یقینی کا تو میں کچھ کہہ نہیں سکتا لیکن جس نے بھی یقین سے یہ عمل کیا اس کو ملا اور بہت کچھ ملا۔ **برکت' عزت' رزق' ولایت' قید سے خلاصی:** رزق ملا' عزت ملی' رشتوں کی بندش دور ہوئی' گھریلو جھگڑے' گھریلو پریشانیاں' دل کی مرادیں پوری ہوئیں' جیلوں سے خلاصی ملی اور گناہوں سے خلاصی ملی۔ کچھ ایسے تھے جنہوں نے صرف ولایت کے حصول کیلئے پڑھا' روحانیت' نورانیت کیلئے پڑھا' برکت کیلئے پڑھا ان کو برکت ملی' رحمت ملی اور کرم اور فیض ملا۔ ان کی دنیا بھی بنی آخرت بھی بنی' رزق بھی ملا' عزت بھی ملی' شان وشوکت بھی ملی' وجاہت بھی ملی۔ یہ عمل مجھے اس بغدادی جن نے ہدیہ دیا اور قارئین! جب سے یہ میں نے عمل سنا ہے' میں نے اس دن سے یہ عمل کئی لوگوں کو بتایا اور بے شمار لوگوں کو بتایا جس کو بتایا اس کو جو مسئلہ بھی تھا طاق دنوں میں حل ہوا' واقعی یہ عمل اثر کرتا ہے اگر کسی کا طاق دنوں میں اثر نہیں ہو رہا ہے وہ اس کا کوئی گناہ یا نافرمانی ہے وہ عمل نہ چھوڑے عمل کو جاری رکھے عمل یقیناً اس کو فائدہ دے گا۔ عمل یقیناً اس کو

## لمحہ فکریہ!!!

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب خدائی مال کو اپنی ملکیت' امانت کو مال غنیمت اور زکوٰۃ کو ٹیکس قرار دے دیا جائے' علم دنیا کمانے کیلئے حاصل کیا جائے' مرد بیوی کی فرماں برداری اور ماں کی نافرمانی کرنے لگیں' باپ کو غیر اور دوست کو اپنا سمجھیں' مسجدوں میں شور ہونے لگے' آدمی کی عزت اُس کے شر سے ڈر کر کی جائے' گانے والیوں اور باجوں کا رواج عام ہو جائے' شرابیں پی جائیں' ناخلف لوگ سلف صالحین کو بُرا کہنے لگیں۔ ایسے وقت میں انتظار کرو! سرخ آندھیوں کا' زلزلوں کا' زمین میں دھنسائے جانے کا' چہرے بگاڑ دیئے جانے کا' آسمان سے پتھر برسنے کا اور مسلسل آنے والے عذابوں کا' گویا کہ ایک لڑی ہے جس کا دھاگہ ٹوٹ گیا ہے اور دانے جلدی جلدی گر رہے ہیں۔ (حاجی غلام نبی خان)

**بے خوابی کا علاج:** انسان اللہ کا خوف دل میں رکھے ہر وقت اللہ کا ذکر کرے ور موت کو کثرت سے یاد کرے اور قبرستان جا کر ان سے عبرت حاصل کرے اور سوتے وقت باوضو ہو کر سوئے اللہ کا ذکر کرے' نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقے پر سوئے اور پھر موت کو یاد کرے۔ **بحوالہ کتاب: شاداب زندگی کے راز' نبوی طریقے اور جدید**

اگر آپ پیار مانگتے ہیں تو پہلے اپنے جیون ساتھی کو پیار دیں' اگر آپ دوسرے کی آنکھوں میں محبت کی جھلک چاہتے ہیں تو پہلے اپنی آنکھوں میں یہ جھلک پیدا کریں۔ سرد مہری دور کرنے کیلئے ایسی ہی ایک "نظر" اور ایسے ہی "لمس" کی ضرورت ہے۔ **بحوالہ کتاب: شادی شدہ زندگی کو ہنسی خوشی گزارنے کا راز**

تاثیر دے گا اور اس کے کام ہوتے ہیں اور اس کی مشکلیں ٹلتی ہیں اور اس کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں اور سو فیصد ہوتی ہیں۔ عمل آپ کو میں نے بتادیا اور اس عمل کی طاقت اور تاثیر میں نے آپ کو بتادی اس میں بے شمار واقعات ہیں جو میں چاہتا ہوں کہ آپ کو بتاؤں لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ کو کائنات کے کچھ اور راز بھی بیان کروں۔ **جنات مجھ سے علاج اور دم کراتے ہیں:** چونکہ میری ملاقات مسلسل جنات کے ساتھ ہوتی ہی رہتی ہے اور جب بھی میں نے جنات سے کوئی عمل لیا ہے یا انہیں دیا ہے جنات نے ہمیشہ ایک نئی کہانی ضرور سنائی ہے کہ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ جنات پھرتے پھراتے رہتے ہیں وہ ایک جگہ نہیں رہتے' وہ سفر میں رہتے ہیں' ہوائی مخلوق ہیں اللہ پاک نے ان کی پروازیں بہت اونچی کی ہیں ان کے لیے فاصلے سمیٹ دیئے ہیں ان کیلئے میلوں کو لمحوں میں اور گھنٹوں کو منٹوں میں کر دیا ہے۔ ابھی پچھلے دنوں کچھ جنات اپنے علاج کی غرض سے میرے پاس آئے کیونکہ اکثر جنات میرے پاس اپنے علاج کیلئے بہت زیادہ آتے ہیں۔ خاص طور پر روحانی علاج اور جسمانی علاج کیلئے۔۔۔ بہت زیادہ آتے ہیں۔ بچوں کو دم کرانے آتے ہیں' بوڑھوں کے علاج کیلئے آتے ہیں' بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ شادی سے پہلے اپنی بیٹی کو دعا کیلئے ضرور لاتے ہیں یا اپنے بیٹوں کو دعا کیلئے ضرور لاتے ہیں۔ **بیٹوں کی شادی کے سلسلے میں پریشان ضرور پڑھیں!** ایک جن میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میرے پاس شادی کے اسباب نہیں ہیں اور میں پریشان ہوں اگر شادی کا کوئی سبب مجھے میسر ہوجائے تو میں سہولت سے اپنی اولاد کی شادی کر سکتا ہوں اولاد بہت زیادہ تھی' میں نے ان سے کہا کوئی پریشانی نہیں۔۔۔ آپ یہی عمل طاق راتوں اور طاق دنوں والا عمل مستقل کریں' بلکہ اگر سارا گھر کرے تو بہت فائدہ ہوگا۔ انہوں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا اور عمل کی وہ تاثیر انہیں ملی چند ہی مہینوں میں انہیں اللہ پاک نے اتنا نوازا اتنا نوازا کہ خود ان کی عقل دنگ رہ گئی کہ عمل نہیں ہے کوئی نشانے کا تیر ہے میں نے کہا نہیں نشانے کا تیر تو پھر بھی خطا ہوجاتا ہے یہ عمل نہیں اللہ کی خاص عنایت ہے اور اللہ کی خاص طاقت اور قدرت اس میں پنہاں ہے اور اس عمل میں راز ہی راز ہیں۔ وہ جن کہنے لگے کہ میری بڑی بیٹی کی شادی ہوچکی ہے اور اس کے تین بچے ہیں اس کو بھی غربت تنگدستی تھی میاں بیوی کے جھگڑے' مشکلات اور مسائل بہت زیادہ تھے میں نے ان سے جاتے ہی اسے بھی یہی عمل بتادیا اور اس نے بھی کرنا شروع کردیا۔ اس نے کرتے ہی اس عمل کی بہت تاثیر اور طاقت پائی اور اس کے مسائل ایسے حل ہوئے گھر میں ایسی محبت اور پیار' بچوں میں محبت اور پیار پہلے ہر وقت بیماریاں' تکلیفیں' مسائل' پریشانیاں اور مشکلات رہتی تھیں' دوائی پر دوائی' علاج پر علاج' بات بات پر جھگڑا۔۔۔ کچھ بھی نہیں ہوتا تھا لیکن مشکلات ہی مشکلات لیکن جب سے یہ عمل شروع کیا اللہ نے آسانیاں فرمادیں مسئلے حل فرمادیئے۔ مشکلیں دور فرمادیں اور میں بہت مطمئن ہوں۔ **بے گناہ قیدی کی خلاصی:** کل رات کا معاملہ ہے کہ ایک صاحب کہنے لگے کہ ہمارا ایک قیدی ہے' بے گناہ ہے اگر آپ ہمارے ساتھ چلیں تو ٹھٹھہ کی جیل میں قیدی ہے اور وہ آپ کے کہنے پر چھوڑ دیں گے' میں نے کہا واقعی بے گناہ ہے کہ آپ ایسے ہی کہہ رہے ہیں؟ کہنے لگے کہ اگر ہم سچ نہ بولیں تو آپ ہمیں جو چاہے سزا دیں۔۔۔ خیر! میں ان کے ساتھ ان کی اڑنے والی مخصوص سواری پر بیٹھ گیا۔ جیل کے دربان نے بہت محبت پیار سے استقبال کیا جیل کا ناظم ملا۔۔۔ آمد پر حیران ہوا۔۔۔ کہنے لگا خیریت ہے' میں نے ان سے کہا کہ یہ قیدی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مطابق تو یہ مجرم ہے اور انہوں نے سخت قید میں رکھا ہوا ہے۔ خیر میں ان کے ساتھ گیا اور ان کے ساتھ جانے کے بعد ان سے جاکر ملا جب میں نے تحقیق کی تو پتہ چلا کہ واقعی وہ بے گناہ ہے لیکن جو مدعی ہیں وہ کسی طور پر ماننے کو تیار نہیں۔ میں نے اس قیدی سے کہا ایسا کر یہ ذکر شروع کردے۔ طاق راتوں والا۔ بہت کثرت یقین طاقت اور توجہ سے اور قیدی کے وارث جنات سے بھی کہا کہ وہ بھی اپنا سارا وقت یہی ذکر مستقل اُسی ترتیب کے ساتھ یعنی طاق راتوں میں کریں۔ **مدعی پارٹی سے ملاقات' مگر۔۔۔!** پھر میں نے ان کے وارثوں کو بلایا میرے بلانے پر وہ نہ آئے۔ ان کی مخصوص سواری پر بیٹھ کر تقریباً سوا گھنٹے کی مسافت سے میں جب وہاں پہنچا واضح رہے کہ یہ سوا گھنٹے کی مسافت جتنی دیر میں ہوتی ہے اتنی دیر میں وہ سواری ہزاروں میل سفر کرجاتی ہے اور یہ ہزاروں سے ہزاروں ہوتا ہزاروں میں سینکڑوں نہیں ہوتا نامعلوم کس پہاڑی وادی میں وہ سواری مجھے لے گئی۔ میں ان کے پاس وہاں پہنچا تو انہوں نے بے رخی کا اظہار کیا۔ **باورچی بابا' حاجی صاحب' صحابی بابا اور عبدالسلام جن کی آمد:** میں خاموشی سے ایک طرف بیٹھ گیا میں نے باورچی بابا' حاجی صاحب' صحابی بابا اور عبدالسلام ان تمام حضرات کو اطلاع دی اگر وہ میرے پاس آسکتے ہیں تو آجائیں۔ ان حضرات نے کمال شفقت اور کمال مہربانی سے اپنے وقت میں سے مجھے وقت عنایت فرمایا۔ جب وہ پہنچے تو وہ جنات حیران ہوگئے کہ کتنی بڑی ہستیاں ہمارے پاس آگئی ہیں۔ مجھے خود ہی کہنے لگے آپ نے اپنا مکمل تعارف کیوں نہیں کرایا؟ میں نے کہا آپ تو بات سننے کو تیار نہیں تھے۔ آپ کو میں تفصیلی تعارف کیا کراتا۔ آپ کو پہلے ٹھٹھہ کی جیل میں بلوایا وہاں نہیں آئے پھر میں آپ کے پاس خود چل کر آیا۔ آپ نے پھر بے رخی کا مظاہرہ کیا حتیٰ کہ مجھ سے پانی تک بھی نہیں پوچھا۔ نہ میں کھانے پینے کو روا رکھتا ہوں نہ میرے مزاج میں کھانا پینا اور دعوتیں ہیں لیکن آخرکار انسانیت ہے۔ ٹھیک ہے آپ حضرات مسلمان نہیں وہ قیدی مسلمان ہیں' آپ جنات ہیں لیکن آخر آپ کسی نبی کے ماننے والے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی تو ہیں تو اس بات پر شرمندہ ہوئے جو مہمان حضرات تشریف لائے تھے حاجی صاحب وغیرہ۔۔۔ وہ حضرات بیٹھے سب بات سن رہے تھے جب ان کے سامنے کیس رکھا اور کیس کی ساری حقیقت بیان کی تو معلوم ہوا کہ کیس سارا کا سارا جھوٹا تھا اور وہ خود غلط فہمی میں مبتلا تھا بہت زیادہ تفصیلی باتیں ہوئیں اس شخص کو بلایا کیس کیا تھا۔۔۔ **کیس کی روداد آپ بھی پڑھ لیں:** اس کیس کی روداد بھی ذرا پڑھ لیں وہ قیدی جو ٹھٹھہ کی جیل میں تھا اس پر الزام یہ تھا کہ اس نے ان کے گھر سے کچھ زیورات چوری کیے ہیں جبکہ وہ کہتا تھا کہ میں نے کوئی زیورات چوری نہیں کیے۔ انہوں نے اس پر کیس بنایا پھر کیس کے اوپر ایک کیس یہ بنایا کہ اس نے ہماری عورتوں کے اوپر حملہ کیا لیکن زیادتی نہ کرسکا لیکن حملہ کیا۔۔۔ **جنات کے ہاں خطرناک ترین کیس:** جنات کے ہاں یہ کیس بہت خطرناک ہوتا ہے جب ایک جن دوسری جن عورت پر حملہ کرے۔۔۔ ایک بات پر میں حیران ہوں' جنات کے ہاں اس کیس کی ابھی تک طاقتور سزا میں نے نہیں دیکھی کہ جنات انسانی عورتوں پر حملہ کرے ہاں۔۔۔ اس جنات قوم میں یہ بہت بڑا جرم ہے لیکن اس جرم کی جو سزا جنات کے ہاں ملنی چاہیے وہ نہیں مل پا رہی۔ میں اس کوشش میں ہوں لیکن میں نے اتنا ضرور کیا ہے کہ صحابی بابا' حاجی صاحب اور دوسرے بڑے حضرات سے مل کر ٹھٹھہ کی جیل میں یہ انتظام ضرور کیا ہے کہ اگر کوئی جنات انسانی عورت پر حملہ آور ہو یا اس کی عزت پر یا اس کی کسی بھی حرمت پر حرف آئے اس کو باقاعدہ سخت سے سخت اس کی سزا دی جائے اور اس پر واقعی عمل ہورہا ہے۔ تو ان سب کی غلط فہمیاں دور کی گئیں تو

**سرطان کی حفاظتی تدابیر:** بچوں کو اپنا دودھ پلائیں' اپنا دودھ پلانے والی خواتین میں چھاتی کا کینسر کم ہوتا ہے۔ چکنائی والی چیزیں کم استعمال کریں' مٹھائیوں کو ترک کردیں اور فروٹ اپنائیں' ماحول کی آلودگی اور شور سے بچیں۔ پانی ابال کر استعمال کریں۔ ہر عورت مہینے میں ایک دفعہ ضرور اپنی چھاتیوں کا معائنہ کرے۔ بحوالہ کتاب: کینسر کو شکست

**عارضہ قلب سے بچاؤ:** سگریٹ نوشی نہ کریں' بہت زیادہ نمک' غذا میں سیر شدہ چکنائی کا استعمال کم کردیں' انڈے کی زردی استعمال نہ کریں' زیادہ سے زیادہ تازہ سبزیاں اور پھل کھائیں' کبھی کبھی اپنا بلڈ پریشر معلوم کرتے رہیں۔ بحوالہ کتاب: کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج

انہوں نے معافی دی اور معافی تلافی کے بعد انہوں نے ہمیں کھانا کھلایا۔ کھانے میں وہ ایک خاص کھانا لے آئے جو ایک وہاں کی سبزی بنتی تھی اور وہ سبزی تھی اور مکئی کی روٹیاں تھیں وہ کھانا سادہ لیکن بہت لذیذ تھا ہم نے وہ کھانا کھایا۔ صحابی بابا اور حاجی صاحب عبدالسلام باورچی بابا اور دوسرے بہت سے جنات تھے میں نے ان حضرات کو رخصت کیا اور ان کا بہت شکریہ ادا کیا وہ تشریف لے گئے میں واپس اپنی مخصوص جناتی سواری پر بیٹھا اور واپس ٹھٹھہ جیل میں آیا اس بندے کو اور ٹھٹھہ جیل کے منتظم کو ان سب کو ان کے ساتھ ہوئے مذاکرات بتائے۔ **میری خلاصی میں اس وظیفہ کا کمال:** اس کی خلاصی ہوئی اور جو چیز مجھے اس نے بتائی کہ آپ کے جانے کے بعد میں مسلسل ذکر میں لگ گیا تسبیح میں لگ گیا مجھے زیادہ وقت نہیں ہوا آپ نے کہا تھا کہ اسے ہفتہ یا طاق دنوں میں کرنا ہے لیکن یہ اس ذکر کے کمالات ہیں کہ میری ساری مشکلیں حل ہوگئیں اور میں بہت عرصہ سے قید میں تھا کسی طرح سے مدعی مانتے نہیں تھے لیکن میری خلاصی ہوگئی میں سوچنے لگا کہ ابھی تو انہوں نے اَسْتَغْفِرُ اللهَ الْعَظِيْمَ کا ذکر شروع کیا ہے اگر بہت زیادہ کرتا تو نامعلوم کیا کمالات اور کرشمات انہیں ملتے۔

**غربت تنگدستی سے بھرا ایک گھرانہ:** پچھلے دنوں ایک صاحب میرے پاس آئے کہنے لگے کہ ہم تین بھائی ہیں اور تینوں ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور تینوں کے مسائل یہ ہیں کہ ہماری پاکستان کے چھوٹے سے شہر میں ہوزری کی دکان ہے۔ ہم انسان ہیں لیکن آج کل بہت پریشان ہیں‘ اخراجات بڑھ گئے ہیں دکان مختصر سے مختصر ہوتی جارہی ہے‘ سرمایہ کی کمی کی وجہ سے دکان کا اصل مال ہم کھائے جارہے ہیں۔ غربت تنگدستی بہت زیادہ ہے۔ سفید پوشی کا بھرم ہے آخر کیا کیا جائے؟ میں نے ان سب سے کہا کہ آپ یہی طاق عمل مستقل کریں گھر کا ہر فرد کرے۔ دن رات وضو بے وضو مستقل یہی سارا گھرانہ کرے اور سارے گھرانے کو اسی عمل کی تاکید کی۔

**طاق عمل کی برکت:** بس چند ہی دن گزرے ہوں گے یا شاید چند ہفتے گزرے ہونگے کہ ان کی طرف سے پیغام آیا کہ اللہ کی رحمت سے دن بدلنا شروع ہوگئے ہیں حالات بدلنا شروع ہوگئے ہیں۔ مشکلات اور مسائل میں تبدیلی آنا شروع ہوگئی ہے۔ زندگی بہت زیادہ بدل رہی ہے۔ حالات بہت زیادہ بدل رہے ہیں‘ دکھ ختم ہورہے ہیں‘ وسعت پیدا ہورہی ہے۔ دکان کی آمدنی میں بہتری ہے اخراجات میں بہتری ہے۔ گھر میں سکون چین ہے‘ لڑائی جھگڑے ختم ہیں‘ بیماریاں ختم ہورہی ہیں‘ جو رقم پہلے بیماریوں پریشانیوں تکلیفوں اور حادثوں میں لگتی تھی وہ نہیں لگ رہی۔ **قارئین!** کچھ واقعات اس عمل کے میں نے آپ کو عرض کیے ہیں جو عمل مجھے بغداد کے بزرگ جن نے دیا اور وہ جن ہے جس نے ایک بات بار بار کہی کہ سات صدیوں سے زیادہ اس عمل کو میں نے آزمایا اور سات صدیوں سے زیادہ میں نے اس عمل کو بہت زیادہ بہتر پایا۔

اب میں واپس آتا ہوں بغداد کے جن کی ملاقات پر۔ بغداد کے جن نے اور بہت سی باتیں بتائیں وہ اصل میں عالم جن تھا اور فقہی تھا‘ محدث تھا‘ حدیث کا بہت زیادہ علم تھا لاکھوں حدیثیں اس کو یاد تھیں حدیث کی سند بھی اس کو یاد تھی۔ میں حیران ہوا کہ وہ کتنا بڑا عالم تھا اور کتنی بڑی ہستی ہوکر سفید پوش اپنے رشتوں داروں کے ہاں آیا ہوا تھا اس نے یہاں آنا اپنی توہین نہیں سمجھا۔

**جنات کی موت کی کہانی پڑھیں:** بغداد کا جن کہنے لگا کہ ہمارے ہاں جنات کی موت کا تعلق اس بات سے ہے کہ ان کی عمریں بہت زیادہ ہوتی ہیں اور ان کی عمریں بہت لمبی ہوتی ہیں اور اللہ کا امر ہے کہ جس طرح انسانوں کی روح عزرائیل قبض کرتا ہے اسی طرح جنات کی روح بھی عزرائیل ہی قبض کرتا ہے۔ جنات تو ہوا ہیں لیکن جب ان کی موت آتی ہے تو اللہ ان کو وجود بخشتا ہے ان کو وجود بخشنے کے بعد ان کی موت آتی ہے پھر اس وجود بخشنے میں انہوں نے مجھے ایسی انوکھی اور حیرت انگیز باتیں بتائیں کہ ان کو وجود کیسے بخشا جاتا ہے اور ان کے وجود کے بعد انہیں دفن کیسے کیا جاتا ہے؟ ان کی تدفین کیسے ہوتی ہے؟ ایک بات جو بغدادی جن نے مجھے بتائی کہ کسی بھی سانپ کو مارتے ہوئے اس بات کی ضرور احتیاط کریں کہیں کوئی جن تو نہیں۔ ایک دفعہ دل ہی دل میں یا ہلکی آواز میں اسے کہہ دیں کہ اگر تو جن ہے تو یہاں سے چلا جاورنہ بعد میں تیری موت کا میں ذمہ دار نہیں۔۔۔ اس طرح اور موذی جانور ایسے ہیں جن کو مارتے ہوئے انسان پر جس کا حکم ہے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حکم دیا اس کو ماردینا شرعاً ضروری ہے لیکن بعض اوقات جنات کی موت اس ہی میں پنہاں ہوتی ہے اور وہی بظاہر موذی جانور اور وہی جنات کی موت کا راز ہوتا ہے اور ان کو دفن کردینا اور ان کو گڑھا کھود کر دفنا دینا یا ان کو پھینک دینا بس وہی اس کی قبر بنتی ہے۔

**جن کی موت کا آنکھوں دیکھا واقعہ:** ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ میں جنات کی شادی کی دعوت پر گیا ہوا تھا۔ ان میں امیر غریب سبھی شامل تھے‘ اچانک ایک جن وہیں فوت ہوگیا اور شادی اچانک موت کا ایک منظر بن گئی۔ وہ جن دراصل جوان جن تھا اس کو نامعلوم کیا تکلیف ہوئی‘ شادی اچانک ختم ہوگئی اور وہ میت کو اٹھا کر لے گئے میں نے خود دیکھا جس طرح انسانوں کو کندھا دیتے ہیں اسی طرح اس کی میت کو کندھا دیتے ہوئے لے جارہے تھے اور ساتھ لے جاتے ہوئے مسلسل دل ہی دل میں ذکر کررہے تھے۔ پھر جاکر اس کو غسل دیا‘ اس کو کفن دیا ایک بہت بڑے بزرگ جن نے اس کا جنازہ پڑھایا پھر اس کے جنازے میں میں خود شامل ہوا اس کے جنازے کے بعد باقاعدہ اس کی قبر کھودی گئی جس طرح انسانوں کی قبر کھودتے ہیں اور قبر کھودنے کے بعد اس کو اس میں دفن کیا گیا۔

**جنات کی قبریں ہمارے قبرستانوں میں:** یہ عمل میں مسلسل دیکھتا رہا اور اس عمل میں میں باقاعدہ شامل تھا اور جنات کی قبریں ہمارے قبرستانوں میں ہی ہوتی ہیں‘ ان کی قبریں ہمارے قبرستانوں میں ہی بنتی ہیں لیکن ہمیں نظر نہیں آتیں‘ جنات نظر نہیں آتے‘ جنات کے گھر نظر نہیں آتے‘ جنات کا وجود نظر نہیں آتا‘ اسی طرح جنات کی قبریں بھی نظر نہیں آتیں۔

**جنات کی شادیوں کے رسم و رواج‘ حیرت انگیز معلومات:** جنات کی شادیوں کے رسم و رواج بھی بہت انوکھے ہیں۔ جو جنات دین سے ہٹے ہوئے آخرت سے کٹے ہوئے دنیا و

## شادی کی بندش ایک ماہ میں ختم

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میرے والدین میرے لیے بہت پریشان تھے‘ میرا جہاں سے بھی رشتہ آتا بات ہوتی کچھ دنوں کے بعد بغیر کسی وجہ سے رشتہ ختم ہوجاتا جس وجہ سے ہم سب گھر والے بہت پریشان تھے۔ پھر ہمیں ہماری ایک رشتہ دار نے بتایا کہیں یہ بندش نہ ہو۔۔۔! پھر میرے والدین مجھے ایک عامل کے پاس لے کر گئے‘ انہوں نے بتایا کہ بیٹا آپ پر جادو اور بندش ہے جس کی وجہ سے آپ کا رشتہ کہیں بھی طے نہیں ہورہا۔ خیر۔۔! انہوں نے مجھے سورۂ مریم اور سورۂ طٰہٰ صبح کے وقت پڑھنے کو کہا اور عشاء کی نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کے اسم گرامی يَالَطِيْفُ يَاوَدُوْدُ تھے جو کہ 313 بار تسبیح کرنا تھی۔ انہوں نے فرمایا صرف ایک ماہ یہ پڑھنا ہے ایک ماہ کے بعد اللہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیاں دور فرمادیں گے۔ میں نے اللہ پاک کا نام لے کر اسی دن وظیفہ شروع کردیا اور جب ایک ماہ ہوگیا مجھے پڑھتے ہوئے تو حیرت انگیز طور پر وظیفے کے ختم ہونے کے تیسرے دن بعد میری بات پکی ہوگئی۔ **(پوشیدہ‘ بہاولنگر)**

مردوں کو چاہیے کہ عورتوں کی خوش پوشی اور آرائش کی قدر و تعریف کریں۔ تقریباً تمام مرد یہ بات جانتے ہوئے بھی فراموش کرجاتے ہیں کہ عورتیں لباس میں بے پناہ دلچسپی رکھتی ہیں۔ ہم مردوں کو چاہیے کہ وہ خواتین کے کپڑوں کی نہ صرف ایک بار تعریف کریں بلکہ بار بار کریں۔ **بحوالہ کتاب: کامیاب شادی کے سترہ اصول**

بچوں کی بھرپور بڑھوتری کیلئے حیوانی پروٹین ضروری ہوتی ہے۔ دودھ اور انڈے استعمال کرنے والے بچے بھی اچھی طرح پروان پاتے ہیں جبکہ صرف سبزی خور بچوں کے ٹھٹھرنے کا خطرہ رہتا ہے۔ ضروری ہے کہ بچوں کو دالیں‘ سویابین اور دودھ کافی مقدار میں ملتے رہیں۔ **بحوالہ کتاب: مہلک غذائیں‘ نبوی غذائیں اور جدید سائنس**

آخرت کو فراموش کیے ہوئے۔ ان کی شادیوں میں انوکھے رسم و رواج ہوتے ہیں' جنات کی شادیوں کے رسم و رواج سو فیصد ہندوانہ رسم و رواج ہوتے ہیں۔ لیکن جو مسلمان ہوتے ہیں اسلام میں آئے' ایمان میں آئے' آخرت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں' ان کی شادیوں کے رسم و رواج بھی اسلامی ہوتے ہیں اور ان کے اندر اسلام شریعت' دین' اللہ کا تعلق ہوتا ہے۔ ان جنات کی شادیاں دین کے مطابق ہوتی ہیں۔ ان میں ختم القرآن کیے جاتے ہیں' ایک دوسرے کو قرآن سنایا جاتا ہے' درود پاک پڑھا جاتا ہے' باقاعدہ درویشوں' صالحین اور نیکوں کو بلایا جاتا ہے جس سے وعظ و نصیحت کا عمل ہوتا ہے' آپس میں محبت و پیار بڑھتا ہے۔ جنات کی شادیوں کی ابتدا بھی دین ہوتی ہے اگر وہ دیندار ہیں۔۔۔ انتہا بھی دین ہوتی ہے اگر وہ دین دار ہیں۔ اگر وہ دین دار نہیں ہیں تو ان کے شادی کے رسم و رواج وہی ہوتے ہیں جو سو فیصد ہندوؤں کے ہوتے ہیں۔

**جنات میں محبتیں کم لڑائیاں زیادہ:** اپنے مسائل کیلئے ان کی لڑائیاں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ جنات میں محبتیں کم ہوتی ہیں آگ سے بنے ہوئے ہیں اور اس وجہ سے بہت شعلہ مزاج ہیں۔ جنات کا اسلحہ بہت مہلک ہوتا ہے لیکن یہ اسلحہ وہ نہیں جو ہمارے ہاں ہے ان کا اسلحہ تلواریں' تیر' گولیاں' بندوقیں' بم وغیرہ نہیں ہوتا۔۔۔۔ یہ چیزیں ان کو کچھ اثر نہیں کرتیں ان کا اسلحہ اپنا ایک اسلحہ ہوتا ہے جس کا نام میں کہاں سے لے آؤں اس کی شکلیں میں آپ کو کیسے بتاؤں کیونکہ وہ اس دنیا کے انسانوں نے نہ دیکھی ہیں' نہ آج تک سوچی ہیں' وہ ایسا خطرناک اسلحہ ہوتا ہے کہ آپ اس کی مثال ایسی لے لیں کہ اگر ان میں سے ایک وار جو ایک جن دوسرے پر کرتا ہے اگر ہمارے ہزار انسانوں کو اکٹھا کیا جائے تو ایک وار ایک جن دوسرے جن پر کرتا ہے وہی وار اگر ہزار انسانوں پر کیا جائے تو ہزار انسان ایک پل میں جل کر راکھ ہوجائیں گے اور بعض اوقات بعض ایسے سخت وار ہوتے ہیں تو اگر وہ ایک لاکھ انسانوں پر کیے جائیں تو اتنے سخت وار ہیں کہ میں بلا مبالغہ یقین سے کہہ رہا ہوں کہ اس ایک وار سے ایک لاکھ انسان جل کر راکھ ہوجائیں حتیٰ کہ بعض وار اتنے خطرناک ہوتے ہیں اگر وہ وار عمارتوں پر بھی کیے جائیں تو عمارتیں مٹی کا ڈھیر بن جائیں۔ جنات کی لڑائیاں بہت خطرناک' جنات کی لڑائیاں سالہا سال چلتی ہیں۔ جنات اپنے دشمن کے گھروں کو' نسلوں کو' اولادوں کو آگ لگادیتے ہیں۔ جنات میں انتقام کا جذبہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور جنات انتقام میں بہت آگے ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس لیے انتقام سے نفرت فرمائی ہے۔ جنات انتقام میں لڑائیوں میں بہت آگے ہیں۔ ایک دوسرے کے گھر پر' مال پر اور ایک دوسرے کی چیزوں پر قبضہ کرنا۔ بعض نیک اگر کوئی نیک نہیں تو چوری' ڈاکے لوٹنے کا مزاج بہت زیادہ اور اس طرح کا مزاج جس سے انسانیت لرز اٹھے بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان کی صلح بہت مشکل ہوتی ہے کوئی ایک آدھ آپس میں صلح کرلیں تو کرلیں کیونکہ لڑائی کا مزاج' انتقام کا مزاج' کینہ کا مزاج' حسد کا مزاج آپس میں صلح کرنے سے روکتا ہے اور صلح نہ ہونے سے لڑائیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ دشمنیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں' صلح نہ ہونے کی وجہ سے۔ یہ تو احوال ہیں جنات کی لڑائیوں کا۔

**جنات کی لڑائیوں کا انسانوں کے گھروں پر اثر:** جنات کی لڑائیوں کے معاملے میرے پاس بہت زیادہ آتے ہیں' گھروں میں جنات کی لڑائیاں ہوتی ہیں تو گھروں کی چیزیں ٹوٹ جاتی ہیں' گھروں کی چھتیں ختم ہوجاتی ہیں۔ یہ واقعات بہت زیادہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔

**جنات کا انوکھا مزاج:** اگر ان کی محبت اور پیار دیکھوں تو محبت اور پیار ادب میں جب یہ آتے ہیں تو انتہائی ادب انتہائی محبت انتہائی پیار ان کے اندر ہوتا ہے ان کا دل رگ رگ محبت پیار میں رچی بسی ہوتی ہے۔ ان کے اندر بہت زیادہ الفت' شفقت' محبت اور پیار کچھ اس طرح ہوتا ہے کہ ان کے اندر خیریں ہی خیریں ہوتی ہیں۔ دعوت کھلانے میں' سلام کرنے میں' قرآن پڑھنے میں تسبیح پڑھنے میں' اعمال کرنے میں' درود پڑھنے میں' مسنون دعاؤں کو یاد کرنے میں' اللہ کی محبت اور اللہ کے حبیب ﷺ کا تذکرہ کرنے میں بہت زیادہ آگے ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ تشدد میں بھی زیادہ اور احترام میں بھی زیادہ۔۔۔ جنات کی دنیا میں انتہا بہت ہے' سختی میں بھی اور نرمی میں بھی انتہا۔۔۔ اللہ پاک نے ان کو بہت انوکھا مزاج دیا ہے۔

**جنات کے معاشقے اور افیئرز:** جنات کے اندر بہت زیادہ ایک چیز خاص طور پر ہے کہ ان کی زندگی میں معاشقہ بہت زیادہ ہے۔ عشق کا مزاج بہت زیادہ ہے۔ ان کا ایک ایک فرد عاشقانہ مزاج رکھتا ہے لیکن۔۔۔! عشق جب بدلتا ہے وہ عشق اللہ کے حبیب ﷺ کی محبت میں بدل جاتا ہے اگر عشق نہ بدلے تو پھر یہ عشق جننی سے بھی کرتے ہیں اور عورت سے بھی کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ مرد سے بھی کرتے ہیں۔ انسان مرد سے بھی کرتے ہیں' انسان عورت سے بھی کرتے ہیں' جننی سے بھی کرتے ہیں' ان کے ہاں عشق کا مزاج بہت زیادہ ہے' عاشقانہ مزاج اور عاشقانہ طبیعت ان کے اندر کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔

**انسان عورت کی جن سے عجیب داستان عشق:** ایک کیس میرے پاس ایسا آیا کہ ایک جن کو ایک عورت سے عشق تھا۔ وہ عشق ایسا تھا کہ وہ جن دن رات بس اسی کے گھر کے کام کرتا تھا' ہر نعمت نامعلوم کہاں سے لادیتا' ہر مشکل سے مشکل کام ہوجاتا' گھر کے بجلی کے بل آئے تو اس کی ادائیگی ہوجاتی' پانی گیس کے بل کی ادائیگی ہوجاتی۔ گھر کا ہر کام جھاڑو' کوئی پائپ لیک ہے سیوریج کا یا پانی کا حتیٰ کہ حیرت انگیز بات اس گھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی تھی۔ آپ قارئین کہیں گے یہ کیسی عجیب بات ہے؟ اس گھر میں کبھی گیس کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوئی۔ یہ کیسے ہوتا ہے؟ یہ حقیقت ہے۔ جیسے بھی ہوتا تھا بہرحال حقیقت ہے۔ اس جن کو اس عورت سے عشق تھا اور عورت بھی اس سے عشق کرتی تھی۔

**وہ جن مجھ سے دور ہو۔۔۔ میں نہیں چاہتی:** میری زندگی میں جنات کے انسانی عورتوں کے ساتھ عشق کے بے شمار واقعات آئے ہیں لیکن یہ واقعہ ایسا انوکھا ہے کہ اس میں خود اس عورت کو بھی اس جن سے عشق تھا بلکہ وہ عورت اپنے شوہر سے بہت زیادہ نفرت کرتی تھی اور اپنے شوہر کو اپنے قریب تک نہیں آنے دیتی تھی۔ دن رات بنی سنوری رہتی تھی' مجھے اس واقعہ کا علم اس لیے ہوا کہ میرے پاس وہ گھر والے اس واقعہ کو لے کر آئے۔ کہنے لگے کہ وہ خاتون آپ کے پاس آنے کو تیار نہیں کہ کہیں آپ ایسا عمل کریں اور وہ جن مجھ سے دور ہوجائے یہ میں نہیں چاہتی۔

**میری دھمکی کام کرگئی!** گھر والے ایک بات پر مطمئن تھے کہ ان کے گھر کے سارے کام گھر میں بیٹھے بٹھائے ہوجاتے ہیں۔ لیکن وہ کہتے ہیں کہ کوئی ہماری نسلیں نہیں پلیں یعنی اولاد نہیں ہے۔ آج شادی کو تیرہ سال ہوگئے ہیں۔ وہ جن شادی سے پہلے بھی اس عورت کے ساتھ تھا۔ میں نے کہا اس کے آئے بغیر میں کوئی عمل نہیں کرسکتا آخرکار بڑی مشکل سے اس خاتون کو میرے پاس لے آئے وہ خاتون گم سم میرے سامنے بیٹھی تھی' میں اس سے کوئی سوال کرتا تھا تو جواب نہیں دیتی تھی کوئی بات کرتا تھا تو خاموش رہتی تھی۔ آخرکار اسے میں نے دھمکی دی کہ اگر تو نے میرے کسی سوال کا جواب نہ دیا تو پھر تیرے ساتھ میں ایک اور معاملہ ہوگا وہ یہ ہوگا کہ میں اس جن کو جلادوں گا جب میں نے یہ دھمکی دی تو بولی۔

**جن سے عشق کی کہانی خود اُسی کی زبانی:** پھر میں نے اس سے پوچھا وہ جن تیرے پاس کیسے آیا کہنے لگی: میں سترہ سال کی تھی' تو اس وقت مجھے محسوس ہوا کہ

کاش! کہ ہم کسی کا بُرا چاہنے اور دل توڑنے سے پہلے یہ سوچ لیا کریں کہ ہمارے سینے کے اندر بھی ایک دل ہے اور اگر کوئی ہمارا دل توڑے ہمارے ساتھ بُرا کرے تو ہمیں کتنی تکلیف ہوگی۔ کاش! کہ ہمیں یہ بات سمجھ آجائے۔ بحوالہ کتاب: قدرت کا انعام اور انتقام

نسوانی حسن میں اضافے اور ایام کے مسائل کا علاج: عمدہ میٹھے آم کھائیں۔ ٹھنڈک کی چیزوں سے پرہیز کریں۔ بکرے کا گوشت، دیسی مرغ، دیسی گھی میں پکا کر کھائیں۔ بالچھڑ ایک گرام ایک کپ پانی میں جوش دے کر چھان کر چینی ملا کر صبح اور شام کو پئیں۔ بحوالہ کتاب: گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات

میرے بستر میں میرے علاوہ کوئی اور بھی ہے اور میرے بدن پر ہاتھ پھیر رہا ہے‘ مجھے ڈر اور خوف محسوس ہوا۔ میں نے اپنی والدہ سے پہلے تو نہ کہا لیکن آخرکار ایک دن کہہ دیا تو میری والدہ نے کہہ دیا کہ نہیں تیرا وہم ہے۔ **میرا ہر کام خودبخود ہونے لگا:** پھر کچھ ہی عرصے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ میرے کلاس کا ہوم ورک کرنے میں کوئی میری مدد کرتا ہے‘ میرا ہر کام خودبخود ہوجاتا ہے‘ میں پانی کی خواہش کرتی گلاس بھرا ہوا میرے سامنے ہوتا بعض اوقات لائٹ جلانے اور بجھانے کی خواہش کرتی‘ دل میں خیال آتا اور میرا کام ہوجاتا ہے۔ میں حیران۔۔۔! مجھے احساس ہونا شروع ہوا کہ کوئی چیز میرے ساتھ ہے اور وہ ’’جن‘‘ ہے۔ مجھے خوف محسوس ہوا لیکن یہ خدمت کوئی ایسی چیز تھی کہ آہستہ آہستہ میرے اندر کا خوف ختم ہونا شروع ہوگیا۔ **بے چینی و بے قراری سے جن کا انتظار:** اور ایک وقت میرے اوپر ایسا آیا کہ مجھے بے چینی‘ بے کلی اور بے قراری سے اس جن کا انتظار ہوتا جب میرے کام خودبخود نہیں ہوتے تھے تو میں سمجھتی تھی کہ وہ جن میرے پاس نہیں ہے۔ **جن سے باتیں اور پھر پوشیدہ تعلقات:** پھر میں اس سے باتیں کرتی تھی اور مجھے سرسراہٹ اور آہٹوں میں اور ہوا کے جھونکوں کی طرح ان باتوں کا جواب ملتا تھا یا مجھ پر غنودگی طاری ہوجاتی اور میں پھر اس جن کے بالکل سامنے باتیں کرتی۔ وہ انسانی شکل میں آتا اور پھر انسانی شکل میں آنے کے بعد اس نے میرے ساتھ وہ تعلقات قائم کیے جو میں زبان پر نہیں لاسکتی۔ پھر یہ سلسلہ چلتا رہا چلتا رہا۔۔۔ اور میں نے بی ایس سی کرلی۔ اس کے بعد میں نے ایم ایس سی میں ایڈمیشن لیا تو میرے ہرطرف سے رشتے آنے لگے۔ **جن سے عشق بھی اور انسان سے شادی بھی۔۔۔!** شکل وصورت میں کچھ اچھی ہوں بلکہ خوبصورت ہوں تو میرے رشتے آنے لگے‘ مجھے رشتوں سے خوف آتا تھا کہ میرا شوہر ہوگا جبکہ میری جن سے دوستی ہے‘ میرا شوہر کوئی اور کیسے ہوسکتا ہے جب رشتوں کی بات ہوتی تو جن بھی گھبراتا اور کہتا میں نے تمہارا رشتہ نہیں ہونے دیا اگر تم نے رشتہ کرلیا میں اس شخص کو ماردوں گا۔ میں یہ باتیں سنتی تو اور پریشان ہوجاتی اور میرا خوف اور بڑھ جاتا بس یہ خوف بڑھتا چلا گیا لیکن خوف۔۔۔ تھوڑا تھا‘ شوق زیادہ تھا۔۔۔ محبت زیادہ تھی۔۔۔ پیار زیادہ تھا۔۔۔ کچھ عرصہ کے بعد میرے گھر والوں کو بھی احساس ہوا کہ گھر کے کام خود ہونا شروع ہوگئے اور میرے گھر والوں نے بھی محسوس کیا کہ کچھ ایسی طاقت ہے کچھ ایسی قوت ہے جو ہمارے گھر کے کام خودبخود کردیتی ہے پھر۔۔۔ **اور پھر میری شادی ایک انسان سے ہوگئی:** ایک دن میرا رشتہ میرے والدین نے طے کردیا‘ اس دن میں بھی بہت روئی‘ جن بھی بہت رویا۔۔۔ لیکن میں نے اپنے والدین کی خاطر اس جن کو منا لیا کہ میرے والدین کی محبت ہے اگر یہ رشتہ نہ ہوا میری والدہ جو دل اور گردوں کی مریضہ ہیں وہ مرجائیں گی۔ **میں اُس کی بیوی ہوں مگر۔۔۔!!!:** میں نے اسے جیسے تیسے کرکے منا لیا اس بات پر کہ بظاہر میں اس کی بیوی ہوں لیکن میں تجھ سے جدائی برداشت نہیں کروں گی اور اس دن سے لے کر آج تک سالہا سال گزر گئے ہیں میرا شوہر میرے قریب نہیں آیا اگر آنا بھی چاہے تو وہ جن فوراً آکر اسے روک دیتا ہے یا اسے کسی ایسی تکلیف‘ ڈر‘ بیماری میں مبتلا کردیتا ہے کہ وہ اپنی میں پڑجاتا ہے۔ **کیا تجھے اولاد کی چاہت نہیں؟** جب یہ داستان اس نے بیان کی تو میں نے اس خاتون سے سوال کیا کہ اتنے سال تیری شادی کو ہوگئے ہیں کیا تجھے اولاد کی چاہت نہیں؟ کہنے لگی کہ بعض اوقات جب مجھے خیال آتا ہے تو میں جی بھر کر روتی ہوں اور اسی وقت جن آتا ہے اور ایسی باتوں میں بہلاتا ہے اور پھسلاتا ہے کہ میں ایک پل میں پرسکون ہوجاتی ہوں۔ **جنات کا لازوال اور بے مثال عشق:** قارئین! یہ اس جن کا عشق تھا اور محبت تھی‘ ہاں! میں نے اس کا علاج کیا آج اس کا ایک بیٹا ہے اور مجھے پتہ چلا کہ دوسرے بچے کی آمد بھی انشاء اللہ متوقع ہے۔ جنات کا عشق لازوال اور بے مثال ہوتا ہے اور جنات کی محبتیں بہت عجیب ہوتی ہیں۔ **جنات کے عشق کا ایک واقعہ:** میرے پاس کوئٹہ سے ایک کیس آیا اس کیس کے اندر بھی جنات کا ایسا ہی واقعہ تھا۔ اس کی کہانی کچھ اس طرح تھی کہ وہ شخص جننی کی محبت میں مبتلا تھا‘ وہ شخص کوئٹہ سے آیا۔ اس کا ایک جننی سے عشق ومحبت اور پیار لیکن وہ پیار بھی کچھ اس طرح کا لازوال تھا۔ **جنات کے کچھ ایسے افیئر جنہوں نے مجھے خود چونکا دیا:** یہ کچھ واقعات میں کچھ اس لیے بیان کررہا ہوں کہ جنات کی محبت‘ معاشقے اور افیئرز پیار کی کہانیاں تو بے شمار ہیں لیکن چند ایسی بیان کررہا ہوں جنہوں نے مجھے خود چونکایا کہ میرے دماغ میں عجیب وغریب کیفیت ہوئی کہ کیا جنات ایسا بھی کرسکتے ہیں؟ کیا جنات انسانوں کیلئے ایسا کرسکتے ہیں؟ **مجھے جننی سے عشق کیسے ہوا؟:** وہ ایک جننی سے عشق کربیٹھا اور عشق کچھ اس طرح ہوا بقول اس کے کہ میں ہاسٹل میں پڑھتا تھا اور سٹوڈنٹ تھا۔ میں کوئٹہ سے دور ایک گاؤں کا رہنے والا ہوں۔ میں کوئٹہ کے ایک سکول میں آیا اور وہاں پڑھتا تھا۔ ایک کمرے کے بارے میں مشہور تھا کہ یہاں جنات ہیں اور قدرتی وہ کمرہ ہمیں الاٹ ہوگیا۔ ہم تین سٹوڈنٹ تھے۔ ان دو کو محسوس ہوا کہ رات کو کوئی چیز آکر ہمارا بستر ہلاتی ہے ہمیں تنگ کرتی ہے‘ ہمارے کھانے پینے کی چیزیں کھاجاتی ہے۔ وہ دونوں تو کمرہ چھوڑ کر چلے گئے لیکن میں کچھ اور مزاج کا تھا میں نے کہا میں کمرہ نہیں چھوڑوں گا۔ مجھے اور تو کچھ نہیں آتا تھا بس میری والدہ مجھے ایک بات بتائی تھی بیٹا جب کوئی خوف اور پریشانی ہوتو آیۃ الکرسی پڑھتے رہنا میں سارا دن آیۃ الکرسی پڑھتا رہتا تھا۔ **آخر جنات نے مجھے اپنی بیٹی کا رشتہ دے دیا:** واقعات تو میرے ساتھ بھی ہوتے رہے لیکن میں نڈر تھا اور میں مسلسل ان واقعات کو نظرانداز کرتا رہا۔ نظر انداز کرتے کرتے ایک دن میں رات کو سویا تو میں نے خواب دیکھا کچھ لوگ ہیں عورتیں بھی ہیں مرد بھی ہیں۔۔۔ ان میں ایک خاندان کہتا ہے کہ ٹھیک ہے تم اس کمرے سے نہیں جاتے تو پھر ہماری بیٹی سے شادی کرلو۔۔۔ انہوں نے مجھے ایک خوبصورت سی لڑکی دکھائی‘ میں نے کہا آپ کون ہیں؟ کہا ہم جنات ہیں‘ ہم یہاں مستقل رہتے ہیں دراصل اس جگہ ایک بہت پرانا درخت ہوتا تھا‘ ہم اس درخت پر رہتے تھے یہ بلڈنگ بنی اس درخت کو کاٹ دیا تو ہم نے اسی کمرے کا انتخاب کیا اب ہم اپنے علاوہ اس کمرے میں کسی کو نہیں رہنے دیتے‘ اب تک بہت سے لوگ آئے چلے گئے

## ضدی بخار کا آسان علاج

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کے لیے ڈھیروں دعائیں دل سے نکلتی ہیں۔ آپ عبقری کے ذریعے دوسروں کی خدمت کررہے ہیں‘ لاکھوں لوگوں کی رہنمائی اور بھلائی ہورہی ہے۔ ہم سب گھر والے دل سے آپ کے شکرگزار ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی اور لمبی زندگی اور دن دگنی رات چگنی ترقی دے۔ **آمین!** آج میں آپ کو پہلی مرتبہ خط لکھ رہی ہوں۔ میں ایک نسخہ لکھ رہی ہوں جوکہ میرا آزمودہ ہے۔ اگر کسی کو بخار ہو اور ساتھ نہ چھوڑ رہا ہو‘ ذرا سی ہوا چلنے یا ہلکی سی ٹھنڈ لگنے سے بخار ہوجاتا ہو تو جس وقت بخار نہ ہو یعنی تھوڑی دیر کے لیے اترا ہو تو اسی وقت نیم گرم پانی ایک گلاس لیں اس میں آدھا چمچ نمک ڈال کر پی لیں۔ انشاء اللہ دوبارہ بخار نہ ہوگا۔ **(مسز عارف محمود‘ راولپنڈی)**

لیکن تم نڈر رہو اور بہت بے خوف ہو۔ تم ہمیں اچھے لگے تم آیۃ الکرسی پڑھتے رہتے ہو' نماز بھی پڑھتے ہو' ہم مسلمان ہیں' ہم چاہتے ہیں تم ہماری بیٹی سے شادی کرلو۔ اس طرح کے خواب مجھے بار بار آنے لگے میں نے پہلے تو انہیں خواب سمجھا اور پھر ایک دو لوگوں سے پوچھا تو وہ ہنس کر کہنے لگے کہ جنات سے شادی کیسے ہوسکتی ہے؟ **جنی ہر کام میں میری مدد کرتی:** بہرحال میرے ساتھ پھر کچھ واقعات ہونے لگے کہ میرے سب کام خود بخود ہوجاتے' حتیٰ کہ اگر کوئی شخص مجھ سے لڑ پڑتا حتیٰ کہ یہاں تک کہ ایک دفعہ ایک استاد نے مجھے مارا تو ان کا بہت بڑا حادثہ ہوگیا۔ کوئی مجھ سے لڑ پڑتا تو اس کی اسے سزا مل جاتی۔ ایک عرصہ کے بعد میں نے محسوس کرنا شروع کردیا یہ وہی چیز ہے جو ان سے انتقام لیتی ہے۔ میں نے اسے روکا؟ **اب بس وہ جنی تھی اور میں تھا۔۔۔!:** وہ جنی خوابوں میں آکر مجھ سے باتیں کرتی' پھر کچھ ہی عرصے کے بعد اس جنی کے ساتھ میرا تعلق میاں بیوی کی طرح بن گیا اور میں اس کے ساتھ رہنے لگا' مجھے ہاسٹل بھول گیا' تعلیم بھول گئی' دنیا کی ساری رنگینیاں بھول گئی۔ بس وہ تھی اور میں تھا۔ **ستائیس سال سے وہ جنی میرے ساتھ ہے:** آج اس بات کو پورے 27 سال ہوگئے ہیں اور میں اس کے ساتھ رہ رہا ہوں۔ والدین نے میری شادی کردی ہے' میرے تین بچے بھی ہیں حالانکہ اکثر وہ عورتیں جن کے اوپر جنات قابض ہوتے ہیں اولاد نہیں ہونے دیتے یا وہ مرد جن کا جنی عورت سے کوئی تعلق ہوتا ہے یا جنی عورتیں اکثر مرد تو نہیں بلکہ جنی عورتیں ہی مردوں پر عاشق ہوتی ہیں ان کی بھی اولاد نہیں ہوتی لیکن اس کے تین بچے۔۔۔ اور شادی کو 23 سال ہوگئے ہیں لیکن آج بھی 27 سال کے باوجود جنی اس کے ساتھ رہ رہی ہے۔ **میری بیوی اور جنی دونوں سہیلیاں بن چکی ہیں:** وہ کہتی ہے کہ میں نے تجھے کبھی نہیں چھوڑنا۔ میری بیوی کو دوا لا کردیتی' غذا لا کردیتی ہے' اس کے گھر کے کام کرتی ہے' اب دونوں آپس میں سہیلیاں بن گئی ہیں۔ یہ جنی کسی شکل میں اسے اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ میں ہوں۔۔۔! اس کی بیوی بھی اب اس بات سے بے خوف ہوگئی ہے کہ وہ عورت آتی ہے یا وہ میری سوکن کی طرح مجھ سے رہ رہی ہے حالانکہ آپس میں دونوں کی کوئی شادی نہیں۔۔۔ وہ رہ رہے۔ میں نے اس شخص کو روکا کہ شرعاً حرام ہے۔ بے نکاح کسی کے ساتھ رہنا سو فیصد اللہ کے ہاں اس کے حبیب ﷺ کے ہاں جرم ہے۔ لیکن مجھے چند لوگ ایسے ملے جنہوں نے میری بات کو مانا لیکن کچھ ایسے بھی ملے جو میری بات کو ٹھکرا کر چلے گئے ٹھیک ہے اللہ معاف کرنے والا ہے' ہم یہ دوستی نہیں چھوڑ سکتے' ہم یہ پیار محبت نہیں چھوڑ سکتے اور انہوں نے وہ پیار محبت نہیں چھوڑا۔ **جنات کے عجیب معاشقے اور عجیب عشق:** جنات کے معاشقے بہت لمبے ہوتے ہیں' جنات کا عشق بہت عجیب ہوتا ہے اور جنات کی محبت بعض اوقات اولیاء کے خاندانوں کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔ **اولیاء کی نسلوں کی خدمت کرنے والے جنات:** بعض اوقات اللہ کے ولی ایسے ہوتے ہیں کہ جو بہت نیک صالح ہوتے ہیں جن ان سے محبت کرتے ہیں' وہ ولی اس دنیا سے رخصت ہوجاتے ہیں چونکہ جنات کی عمریں زیادہ ہوتی ہیں تو جن ان کی نسلوں سے محبت کرتے ہیں' ان کی نسلوں سے پیار کرتے ہیں اور ان کی نسلوں سے عشق کرتے ہیں اور پھر ان کی نسلوں سے وہ محبت پیار اور عشق بڑھاتے ہیں اور ان کی خدمت کرتے ہیں اور اس طرح بعض ایسے ہیں جو اولیاء کی نسلوں سے انتقام بھی لیتے ہیں کہ ان اولیاء نے ان جنات کو یا ان کو جنات کے خاندان کو جلایا تھا یعنی کوئی کسی مریض سامنے آیا اور وہ جنات اس کو تنگ کررہے تھے۔ انہوں نے جلایا یا جنات کو کسی قبضہ کیے گھر سے نکالا تو اس طرح بعض اوقات اللہ والوں کی نسلوں سے انتقام بھی لیتے ہیں اور بعض اوقات نسلوں کی خدمت بھی کرتے ہیں میرے پاس انتقام کے بھی بے شمار واقعات ہیں اور نسلوں کی خدمت کے بھی بے شمار واقعات ہیں۔ اور بہت زیادہ خدمت بھی کرتے ہیں اور بہت زیادہ انتقام بھی لیتے ہیں۔ **خدمت کرنے والے جن انتقام بھی لیتے ہیں:** ایک دفعہ ایک صاحب پر میں عمل کررہا تھا سامنے ایک جن آگیا اور جن کی حاضری سے فوراً احساس ہوا کہ یہ مرد ہے میں نے اس سے پوچھا: تم کون ہو؟ اور اس کو کیوں تنگ کررہے ہو؟ اُس جن نے کہا: واقعہ دراصل یوں ہے کہ ان صاحب کی پانچ نسل پہلے ایک ولی اللہ تھے' میں ان کا غلام تھا اور ان کی پانچ نسلوں کی میں خدمت کررہا ہوں۔ اب میں انہیں اس لیے تنگ کررہا ہوں کہ انہوں نے اپنے بڑوں کے اعمال' نماز' روزہ' تسبیح کرنا چھوڑ دیا ہے۔ یہ جدید دور کے فیشن' موسیقی اور طرح طرح کی خرافات میں پڑ گئے ہیں۔ میں ان کا دشمن نہیں میں تو ان کا خیرخواہ ہوں اور ان کو راہ راست پر لانے کیلئے یہ سب کچھ کررہا ہوں۔ میں انہیں تب تک تنگ کرتا رہوں گا جب تک یہ اپنے بڑوں کے اعمال پر واپس نہیں آجاتے۔ میں نے ان کی پانچ نسلوں کی خدمت کی ہے اور جب تک میری زندگی رہے گی میں ان کی خدمت کرتا رہوں گا اگر یہ راہ راست پر چلتے رہے تو ٹھیک ورنہ میں انہیں راہ راست پر لانے کیلئے کچھ بھی کرسکتا ہوں۔ اس جن سے گفتگو کے بعد میں نے ان صاحب سے کہا کہ آپ تو کہتے تھے کہ یہ کالا جادو ہے' یا یہ کوئی کافر جن ہے' یہ تو آپ کا خیرخواہ ہے اور آپ کی پانچ نسلوں سے خدمت کررہا ہے۔ ان صاحب سے گفتگو کرنے کے بعد میں نے پھر اس جن کو حاضر کیا اور اس سے معاملات طے کیے اور اس جن کو منایا کہ یہ صاحب توبہ کیلئے مان گئے ہیں اور انشاءاللہ آئندہ یہ اعمال صالح کریں گے۔ میری ان باتوں سے وہ جن مطمئن ہوگیا اور آئندہ اس نے ان صاحب کو تنگ نہ کرنے کا وعدہ کیا اور چلا گیا۔ **ہر بیٹے کے ساتھ ایک غلام جن:** میرے پاس ایک خاندان آیا ان کے سارے خاندان والے اللہ کے ولی تھے ان کی پچھلی نسلیں بہت بڑے اولیاء کی اور محدثین کی تھیں' دہلی کے رہنے والے تھے وہ کہنے لگے کہ ہمارے ہر بیٹے کے ساتھ ایک چیز ہوتی ہے اور یہ بیٹی کے ساتھ نہیں ہوتی۔ ہر بیٹے کے ساتھ ایک غلام جن ہوتا ہے جو پیدا ہوتے ہی اس کی خدمت کرنا شروع کردیتا ہے اور موت تک اس کی خدمت کرتا ہے' اس کے ہر دشمن سے انتقام لیتا ہے' اس کی ہر مشکل میں اس کے ساتھ ہوتا ہے ہر پریشانی میں ساتھ ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ یہاں تک کہ اگر وہ کوئی گناہ بھی کرنا چاہے تو اس کو گناہ سے روکتا ہے اور اس کی منت کرتا

## رزق میں اضافہ کیلئے

اگر معاشی حالات خراب ہوجائیں اور رزق میں تنگ دستی ہوجائے اور کسی طرح رزق میں کمی دور نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا (فاطر 41) انشاءاللہ رزق میں اضافہ ہوگا۔

**بڑا آدمی بننے کیلئے:** بڑا آدمی بننے کیلئے کوئی نصب العین رکھو جس کا تعلق ملک کے حقیقی مفاد سے ہو' پھر دل و جان سے اس کے حصول کیلئے کوشاں رہو۔ لوگ تمہاری مخالفت کریں گے' تم پرواہ نہ کرو اور مسلسل کام کیے جاؤ' کسی کی ناجائز طرف داری نہ کرو اور کسی کو نہ ہی دھوکہ دو۔ اپنے آپ کو بڑا نہ سمجھو بلکہ حقیر اور بے وسیلہ جانو مگر کسی غیبی مدد کے منتظر نہ رہو۔ یقیناً تم ایک دن بڑے آدمی بن جاؤ گے۔ **(حاجی محمد وارث' راولپنڈی)**

برطانیہ میں ایک دھائی کی طویل تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ پیاز خون میں کولیسٹرول لیول کو کم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور خون کو منجمد نہیں ہونے دیتا۔ پیاز میں ایک پروسٹا گلانڈن ہوتا ہے جس کے بارے میں ثابت ہوچکا ہے کہ یہ بلڈ پریشر کو کم کرتا ہے۔ **بحوالہ کتاب: معالجات نبویؐ اور جدید سائنس جلد سوئم**

**جادو سے بچاؤ کا مسنون ومجبوب عمل:** صبح منہ نہار عجوہ کھجور کے سات دانے کھانا جادو کا بہترین علاج ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو صبح عجوہ کے سات دانے کھائے گا اسے اس دن جادو اور زہر نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (کمافی روایۃ البخاری) **بحوالہ کتاب: کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات**

ہے‘ ہاتھ پکڑ لیتا ہے۔ ہمارے ہر مرد کے ساتھ یہ جنات ہوتے ہیں اور اس کا ہمیں اس لیے علم ہے کہ ہمارے بڑے آج سے آٹھ نسلوں پہلے ولی گزرے تھے اور ان کے پاس جنات پڑھتے تھے اور جنات ان کی خدمت کرتے تھے اور ان کے ذریعے بے شمار جنات مسلمان ہوئے تھے اور جنات کو انہوں نے اللہ اللہ اور آخرت سکھائی تھی اسی سلسلے میں جنات کی نسلیں‘ ہمارے خاندان کی خدمت کرتی ہیں اور ہمارے خاندان کے ہر مرد کی خدمت کرتی ہیں اور عورتوں کے قریب مرد نہیں آتے عورتوں کے قریب عورتیں آتی ہیں اور وہ عورتوں کی خدمت کرتی ہیں ہمارے گھر میں پردے کا بہت خیال رکھتے ہیں ہمارے گھر کے ایک ایک فرد کا احساس کرتے ہیں۔

**بغدادی جن نے بتایا ایک خاص راز:** کچھ باتیں کرتے کرتے بہت سی ایسی باتیں جو بس میرے دل میں آیا کہ آپ سے کہہ ڈالوں میں نے کہہ ڈالیں۔ میں بغدادی جن کی باتیں بتا تا بتا تا پھر کہیں اور نکل گیا اور جی میں آیا کہ آپ سے یہ باتیں بھی کہہ دوں۔

**کیا آپ کے گھر میں خزانہ ہے؟:** بغدادی جن نے ایک راز مجھے بتایا اور اس راز کو میں نے پھر بے شمار لوگوں کو دیا اور ان کو بہت فائدہ ہوا اس بغدادی جن نے کہا بعض اوقات انسان محسوس کرتا ہے کہ شاید اس کے گھر میں کوئی خزانہ ہے اور وہ خزانے کی تلاش میں بھی رہتا ہے لیکن اکثر ایسے ہوتا ہے کہ وہ خزانہ نہیں ملتا یا لوگ اس سے طرح طرح کے وعدے کرتے ہیں‘ طرح طرح کی باتیں کرتے ہیں اور خزانہ تلاش ہوتا نہیں بلکہ خزانہ تو تلاش نہیں ہوتا اس خزانے کے نام پر بہت سا مال اور بہت سی دولت اور بہت سی چیزیں ختم ہو جاتی ہیں۔ وہ بغدادی جن کہنے لگے کہ اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کے گھر میں کوئی خزانہ ہے یا پھر آپ کو اس کا احساس نہیں اور آپ پتہ کرنا چاہتے ہیں کہ آپ کے گھر میں خزانہ ہے تو اس بغدادی جن نے ایک عمل دیا۔ وہ عمل قارئین میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں‘ فرمانے لگے کہ ہر جمعرات کو مغرب کے بعد یعنی شب جمعہ کو وضو کر کے صاف ستھرے کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ایک سو اکیس دفعہ سورۂ الم نشرح مع تسمیہ اول و آخر گیارہ دفعہ درود شریف ابراہیمی اور ایک سو اکیس مرتبہ سورۂ والضحیٰ مع تسمیہ اول و آخر گیارہ دفعہ درود ابراہیمی یہ پڑھنے کے بعد مستقل یہ پڑھنا ہے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ یہ سورۂ الم نشرح کی آیت نمبر 3 ہے‘ بس اس کو پڑھنا ہے اور بے حساب پڑھنا ہے۔ تقریباً تین گھنٹے تک مسلسل یہی پڑھنا ہے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ یہ عمل ہر جمعرات کو کرنا ہے یعنی ہر شب جمعہ کو یہ عمل کرنا ہے‘ پہلے سورۂ الم نشرح پھر سورۂ والضحیٰ اُسی تعداد میں کھلا پڑھنا ہے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ اور اس کو مستقل پڑھنا ہے۔

**خزانے کے بارے فوراً اطلاع:** تین گھنٹے مسلسل پوری توجہ سے‘ پورے دھیان سے اور اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے سات جمعراتیں‘ کسی کو کم‘ کسی کو زیادہ‘ کسی کو جلدی‘ کسی کو دیر میں۔۔۔ کوئی آج تک ایسا نہیں کہ کسی کو عمل میں اطلاع نہ ہوئی ہو اگر خزانہ ہوتا ہے تو خواب میں اطلاع ہوتی ہے اگر خزانہ نہیں ہوتا تو خواب میں اطلاع نہیں ہوتی یا بعض اوقات خزانہ نہیں ہوتا تو اطلاع ہو جاتی ہے کہ خزانہ نہیں ہے‘ یہ عمل بہت مؤثر اور طاقتور ہے۔ خزانے کے بارے میں فوراً اطلاع ہو جاتی ہے کہ خزانہ ہے یا نہیں اگر خزانہ ہوتا ہے تو اس کی جگہ دکھا دی جاتی ہے۔

**خزانوں پر جنات کا پہرہ:** بغدادی جن کہنے لگے اکثر خزانے کے اوپر جنات کا قبضہ ہوتا ہے اور وہ بعض اوقات قبضہ نہیں ہوتا دراصل پہرہ ہوتا ہے اور یہ قدرت کی طرف سے پہرہ ہوتا ہے یہ خزانہ کس صدی میں‘ کس سن میں‘ کس سال میں‘ کس دن اور کس وقت کس شخص کی مقدر میں ہے اور کس شخص کیلئے اس کے حصے میں ہے۔

**جنات سے خزانہ ہرگز نہ چھیننا:** فرمایا اگر وہ جنات خزانہ نہ دیں تو ان سے چھیننے کی کوشش نہ کرنا‘ ورنہ وہ رزق‘ وہ مال وبال بن جاتا ہے۔ قتل و غارت کا ذریعہ بنتا ہے۔ مسائل اور مشکلات کا ذریعہ بنتا ہے۔ سکون اور چین کا ذریعہ نہیں ہوتا۔ میں نے بغدادی جن سے پوچھا کہ اب ایک شخص کو خزانہ مل بھی گیا اس پر جنات قابض ہیں تو پھر اس کا اگلا حل کیا ہے کہ جنات کو کیسے راضی کیا جائے؟

**عمل کریں جنات خود مذاکرات کریں گے:** فرمایا کہ بعض اوقات جنات سے اگر اسی عمل کے ذریعے اس عمل کو اگر مسلسل کیا جائے تو اس عمل کے ذریعے خود جنات مذاکرات پر آجاتے ہیں اور وہ کہہ دیتے ہیں کہ ہم اس کو چھوڑنے کو تیار ہیں یا یہ ہے کہ یہ خزانہ آپ نہ لیں یہ آپ کیلئے خیر کا ذریعہ نہیں بنتا۔۔۔ ویسے اس عمل سے اکثر جنات اس کا خود حل نکالتے ہیں اور اس کی خود ترتیب بناتے ہیں اور اگر آپ کو جنات روک دیں تو پھر جنات کو اصرار نہ کریں کیونکہ بعض اوقات حق کسی اور کا ہوتا ہے اور وہ جنات اس پر چوکیدار ہوتے ہیں اور کسی اور کا اگر حق کھایا جائے تو وہ خیر کا ذریعہ برکت کا ذریعہ رحمت کا ذریعہ عافیت کا ذریعہ نہیں ہوتا۔

**ایک انسان کو بغدادی جن نے بتایا خزانہ کا عمل:** بغدادی جن کہنے لگے کہ میں نے ایک دفعہ ایک انسان کو بغداد ہی میں یہ عمل بتایا تھا ہارون الرشید اور مامون الرشید کے پرانے دور کے کھنڈرات تھے‘ وہ کھنڈرات ختم ہو گئے وہاں نئی آبادیاں بن گئیں لیکن اس شخص نے یہ عمل کرنا شروع کیا۔ اسے خواب میں بتایا گیا کہ اس سے تیسرے گھر کے اندر ایک خزانہ ہے وہ گھر اس کا نہیں تھا کسی اور کا تھا۔ اب اس نے بڑی مشکل سے وہ گھر خریدا اس کو منہ مانگے دام دیئے۔ منہ مانگے پیسے دیئے اور وہ گھر خریدا جب گھر خریدا اس گھر میں جا کر اس نے یہ عمل شروع کیا‘ ہر شب جمعہ کو یہی عمل کرتا تھا۔ یہ عمل کرتے ہوئے تقریباً چار گھنٹے لگتے تھے لیکن وہ کرتا تھا آخر کار کچھ ہفتوں کے بعد وہ جنات سامنے آئے جو اس خزانے کی چوکیداری مامور تھے۔

**یہ خزانہ تیرا نہیں۔۔۔!:** وہ کہنے لگے یہ اکیسویں عباسی خلیفہ کا خزانہ ہے اور اس خلیفہ کا اسی جگہ پر محل تھا یہاں اس کا خزانہ جہاں تیرے گھر کا مین ہال ہے اس کے نیچے دائیں طرف کھودو تو وہاں تجھے صرف بارہ تیرہ فٹ کھودنے سے ایک دروازہ ملے گا۔ وہ لوہے کا دروازہ ہے‘ اس پر ایسا کیمیکل لگایا گیا ہے کہ صدیوں کے بعد بھی اس کو زنگ نہیں لگا۔ اس کا تالا ہے‘ اس تالے کو کھولنے کیلئے ایک اسم بتایا پھر فرمایا دیکھ تجھے سب کچھ بتا دیا لیکن یہ خزانہ تیرا نہیں یہ کسی اور کی امانت ہے۔ وہ شخص بہت پریشان ہوا اتنا مہنگا مکان لیا‘ اتنے مہینوں کی محنت کی‘ خزانے کے قریب پہنچ کر بھی کہتے ہیں کہ خزانہ تیرا نہیں۔

**پونے دو سال کی محنت کے بعد۔۔۔!:** بغدادی جن کہنے لگے کہ وہ شخص میرے پاس اور کہنے لگا کہ چونکہ آپ نے نصیحت کی تھی کہ خزانہ کسی اور کا ہو تو اس خزانے کو نہ لینا‘ میں نے جنات سے اصرار نہیں کیا لیکن میں چاہتا ہوں کہ وہ خزانہ مجھے مل جائے۔ میں نے اس سے کہا کہ تم ایسا کرو کہ مسلسل ہر شب جمعہ کو یہی عمل کرتے جاؤ۔ اس نے کرنا شروع کر دیا‘ پونے دو سال تک یہ عمل کیا‘ آخر پونے دو سال کے بعد ان جنات کو

## دل کے امراض کیلئے کامیاب عمل

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری ہم بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہمارے پاس ایک روحانی عمل ہے جو ہمارا اور ہم نے جس کو بھی دیا ان کا بھی بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔ آپ بھی آزمائیں اور دعائیں دیں۔ عمل یہ ہے:۔ اول و آخر درود شریف تین بار‘ سورۃ الحجر کی آخری تین آیات 3 بار۔ دل پر ہاتھ رکھ کر پھونک ماریں۔ اس عمل کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ کرنا ہے۔ **(خالد محمود رضا‘ واہ کینٹ)**

اسلام نے انسانی فکر و عمل کی پاکیزگی اور تندرستی کیلئے جو عبادات و شعائر مقرر کیے ہیں ان میں روزے کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ حکماء نے اس کے طبی فوائد پر روشنی ڈالی ہے مگر اس کے نفسانی اثرات بھی کچھ کم محتاج توجہ نہیں۔ بحوالہ کتاب: معالجات نبویؐ اور جدید سائنس‘ جلد اول

پانی کی کمی کا علاج: انتہائی پانی کی کمی نہ ہونے دیں‘ پانی میں ہر گھنٹے کے بعد نمک کا آدھا چائے کا چمچ حل کر کے استعمال کروائیں۔ یہ پہلی حالت میں کافی فائدہ مند رہتا ہے۔ مرض کی شدت کی صورت میں نمک ملا پانی کافی گھنٹوں تک جاری رکھیں۔ بحوالہ کتاب: معالجات نبویؐ اور جدید سائنس‘ جلد

ترس آیا۔ **نوے فیصد لوگوں کو کامیابی ملی:** ان جنات نے اس خزانے کو حاصل کرنے کا ایسا عجیب حل بتایا اور حل بھی ایسا بتایا کہ بہت بڑا مفتی بھی کہے کہ یہ کیسا زبردست فتویٰ ہے کہ جس میں حرام نام کی کوئی چیز نہیں۔ بغدادی جن کہنے لگے کہ میں خود اس حل پر حیران ہوا اور اس حل کو جان کر حیران ہوا۔ انہوں نے حل بتایا اور آج وہ شخص بغداد کا سب سے مالدار اور رئیس آدمی ہے۔ بغدادی جن کہنے لگے کہ میں نے اس عمل کو بے شمار لوگوں کو دیا' مشقت کا عمل تو ہے لیکن اگر خزانہ موجود ہو تو آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے اور بغدادی جن کہنے لگے کہ اکثر نوے فیصد لوگوں کو وہ خزانہ مل جاتا ہے صرف دس فیصد لوگ ایسے ہوتے ہیں جو یا تو محنت واستقامت سے کتراتے ہیں یا کہتے ہیں جھوٹ ہے عمل میں دھوکہ ہے حالانکہ عمل بالکل سچا ہے' اس میں ایک فیصد بھی دھوکہ فریب نہیں' عمل کے اندر طاقت' تاثیر' قوت اور جان بھی ہے لیکن کوئی محنت کرنے والا ہو۔ اس عمل کے اور انوکھے فائدے بغدادی جن نے بتائے۔ **محبت کے دبے خزانے نکالنے کیلئے:** فرمانے لگے کہ میاں بیوی میں بہت زیادہ نفرت ہوگئی ہو کہ بیوی سالہا سال سے بیٹھی ہے میاں نے بلایا نہیں یا میاں بیٹھا ہے بیوی بلاتی نہیں اور اتنی نفرت ہوگئی ہو کہ محبت زمین میں دفن ہوگئی ہو اور محبت کے خزانوں کو اگر زمین سے نکالنا ہو تو اس کیلئے یہی عمل نہایت کامیاب ہے۔ ہر شب جمعہ کو اسی ترتیب کے ساتھ اگر بیوی ناراض ہے تو شوہر اس کے تصور کے ساتھ' شوہر اگر ناراض ہے تو بیوی اس کے تصور کے ساتھ اس عمل کو کرے۔ اس عمل کے انوکھے کمالات ہیں'

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب**

## عبقری لائبریری کیلئے اونٹ کی ہڈیاں ضرور بھجوائیں

قارئین! سے درخواست ہے عبقری لائبریری کیلئے اونٹ کی وہ ہڈیاں جو پکی ہوئی نہ ہوں یعنی سالن وغیرہ میں' کچی ہڈیاں خشک عبقری کے دفتر ضرور بھجوائیں۔ مخلصین غفلت نہ کریں بلکہ اس کو اکٹھا کرکے اہتمام اور ذمہ داری کے ساتھ عبقری کے دفتر میں بھجوائیں۔ **نوٹ:** ہڈیاں صرف اونٹ کی ہوں' یہ تحقیق کرلی جائے اور کسی جانور کی ہرگز ہرگز نہ ہوں۔ کسی کے دینے پر نہیں خود جا کر تحقیق کرکے صرف اور صرف اونٹ کی ہڈیاں ہی عبقری کے دفتر میں بھجوائیں۔ ادارہ آپ حضرات کا مشکور ہوگا۔

## روحانی پھکی نے گٹکا چھڑوادیا

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ 2006ء سے پڑھ رہا ہوں۔ عبقری کی بہت ساری ادویات استعمال کیں اور لوگوں کو بھی استعمال کروائیں الحمدللہ سب نے دعائیں ہی دیں۔ حکیم صاحب! میں گزشتہ دس سال سے گٹکے کے نشے میں مبتلا تھا' کثرت سے استعمال کی وجہ سے میرے گھر والے' دوست احباب سب مجھے باتیں کرتے تھے' میں نے لاکھ دفعہ چھوڑنے کی کوشش مگر گٹکا میری جان نہ چھوڑتا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں روحانی پھکی کے بارے میں پڑھا اور گٹکا کی جگہ روحانی پھکی پھانکنا شروع کردی۔ ابھی میں نے دو ہی ڈبیاں کھائیں تھیں کہ میری گٹکے کی طلب تو جیسے ختم ہی ہوگئی' اب میں گٹکے کی جگہ روزانہ آدھی ڈبی روحانی پھکی کھا جاتا ہوں' جس سے میری صحت پر کافی مثبت اثرات پڑرہے ہیں معدے کا نظام بھی زبردست ہوگیا ہے جو کھاتا ہوں فوراً ہضم اور بھوک بھی خوب لگتی ہے صحت بھی خوب ہوگئی ہے' چہرے پر سرخی آگئی ہے جس سے میں بھی خوش ہوں اور میرے دوست احباب بھی خوش ہیں۔ **(حافظ محمد عثمان اکرم' کراچی)**

## امتحانات' بیماری اور درس روحانیت وامن

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں بچپن سے ہی مختلف بیماریوں میں مبتلا رہی ہوں' اب بھی میرا بلڈ پریشر ہر وقت لو اور تھکان رہتی ہے۔ میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے M.COM کررہی ہوں۔ میرے مڈٹرم کے امتحانات ہورہے تھے بیماری کی وجہ سے مجھ سے کتاب تک نہیں کھولی جارہی تھی' میں لاکھ کوشش کرتی پڑھنے کی مگر پڑھ نہ پاتی۔ اسی دوران میں میں آپ کے درس روحانیت وامن بھی نیٹ پر ڈاؤن لوڈ کرکے سنتی اور درس کے آخر میں اسم اعظم کے ذکر کے بعد رو رو کر اللہ سے امتحانات میں کامیابی کیلئے دعا کرتی۔ درس سننے کی برکت تھی کہ میری طبیعت بھی اب پہلے سے کافی بہتر ہے اور سب سے زیادہ خوشی اور میرے سب گھر والوں کیلئے حیرانی کی بات کہ میں امتحانات میں پاس ہوگئی۔ اب میں نے فائنل امتحان دیا ہے اور ساتھ ساتھ درس بھی سن رہی ہوں اور درس کے بعد دعائیں بھی جاری ہیں۔ حضرت حکیم صاحب آپ سے اور تمام قارئین سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ **(سحر ایوب ساہی' گوجرانوالہ)**

## تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟

حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں' کسی کے لین دین میں حلال وحرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی' ماں' بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو حتیٰ کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیرخواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کرپارہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے' یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے' درس کسی بھی شکل میں نیٹ' سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## آثار قدیمہ کی حفاظت عبقری کے ذریعے

نیا دور' ہمیں اپنی تہذیب اور ثقافت بھلا رہا ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس افراتفری کے دور میں اپنی تاریخ ہی کو فراموش کربیٹھے۔ وطن کی مٹی سے پیار کریں اور وطن کے ورثے کی حفاظت کریں۔ ہم سب پر ذمہ داری عائد ہے کہ ہم اپنی گزشتہ تاریخ' ثقافت کی بقا چاہتے ہیں تو عبقری کا ساتھ دیں۔ آپ کے پاس کوئی بھی یادگار ہو جیسے مٹی یا کسی دھات کے پرانے برتن' پرانا لکڑی کا کوئی دروازہ' کھڑکی' کرسی یا پرانی طرز کا بنا ہوا فرنیچر یا کسی پرانی بلڈنگ سے اترا ہوا لکڑی کا کوئی ایسا ٹکڑا جس پر پرانے نقش ونگار ہوں' پتھر یا پتھر سے بنی ہوئی کوئی پرانی چیز۔ ہاتھ کی لکھی ہوئی پرانی کتابیں اور چمڑے کی پرانی چیزیں۔ پرانی طرز کی تلواریں یا اسلحہ۔ آپ انہیں ضائع ہونے سے بچانا چاہتے ہوں اور نسلوں تک اس کی حفاظت چاہتے ہوں تو وہ آثار قدیمہ کے قدردان ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کیجئے یا ہمیں اس نمبر 0343-8710009 پر صرف میسج کریں' یا خود بھیجنے کا بندوبست کریں یا اپنے مکمل پتے اور فون نمبر کے ساتھ خط لکھیں۔ **(ادارہ)**

ایک لڑکی کو چھینکوں کا دورہ پڑتا تھا' ایک صاحب نے لڑکی کو لہسن کھانے کا مشورہ دیا جسے کھاتے ہی چھینکوں کا یہ دورہ موقوف ہوگیا۔ لہسن بہترین قدرتی اینٹی بائیوٹک ہے۔ یہ ایک نہایت موثر مانع وائرس ہے۔ بحوالہ کتاب: معالج اور مریضوں کے تجربات

سورۂ نساء سے میاں بیوی میں محبت: اگر کوئی شخص ہر روز سات مرتبہ اس سورۂ شریف کا ورد کرے تو بیوی کو اس سے محبت بہت زیادہ ہوجائے گی اور اگر بیوی پڑھے تو مرد بہت زیادہ محبت کرے گا۔ بحوالہ کتاب: گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے نسخوں کی زنجیر اور روحانی ایٹم بم

کوثر، خیر پور میرس سندھ

# ترقی رزق اور مغفرت ایک ساتھ پایئے

پچیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح سات مرتبہ سورۂ دخان پڑھنا افضل ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سورۂ کو پڑھنے والے کو انشاء اللہ العزیز عذاب قبر سے محفوظ رکھیں گے۔ پچیسویں شب قدر کو بعد نماز عشاء وتراویح سات مرتبہ سورۂ فتح کا پڑھنا ہر مراد کیلئے افضل ترین عمل ہے۔

شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت مسلمہ میں جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہیے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت سے عبادت الٰہی بجالائے تا کہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال بے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔

**پہلی شب قدر:** پہلی شب قدر یعنی ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں تاریخ بعد نماز عشاوتراویح چار رکعت نفل نماز دو سلام سے پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھنی ہے۔ بعد سلام ستر مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ **فضیلت:** انشاء اللہ اس نفل نماز کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔ رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو بعد نماز عشاء و تراویح دو رکعت نفل نماز پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ استغفار پڑھے' انشاء اللہ اس نفل نماز اور شب قدر کی برکت سے باری تعالیٰ اس کی بخشش فرمائیں گے۔ ماہ رمضان کی اکیسویں تاریخ کو بعد نماز عشاء وتراویح اکیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

**دوسری شب قدر:** ماہ رمضان کی تئیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نفل نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ درود شریف پڑھے۔ مغفرت گناہ کیلئے یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔ تئیسویں شب قدر کو بعد نماز عشاء وتراویح آٹھ رکعت نفل نماز چار سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھے اور اللہ تبارک و تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر انشاء اللہ مغفرت کریں گے۔ تئیسویں شب کو بعد نماز عشاء تراویح ایک مرتبہ سورۂ یٰسین اور ایک مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنا بہت ہی افضل ہے۔

**تیسری شب قدر:** ماہ رمضان المبارک کی پچیس تاریخ کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام کلمہ طیبہ ایک مرتبہ پڑھنا ہے۔ بارگاہ رب العزت سے انشاء اللہ العزیز بے شمار عبادت کا ثواب ملے گا۔ پچیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نفل نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ استغفار پڑھے یہ نماز نفل بخشش گناہ کیلئے بہت ہی افضل ہے۔ پچیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ کلمہ شہادت پڑھنا ہے' یہ نفل نماز عذاب قبر سے نجات کیلئے افضل ترین ہے۔ پچیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح سات مرتبہ سورۂ دخان پڑھنا افضل ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سورۂ کو پڑھنے والے کو انشاء اللہ العزیز عذاب قبر سے محفوظ رکھیں گے۔ پچیسویں شب قدر کو بعد نماز عشاء وتراویح سات مرتبہ سورۂ فتح کا پڑھنا ہر مراد کیلئے افضل ترین عمل ہے۔

**چوتھی شب قدر:** ماہ رمضان میں ستائیسویں شب قدر کی بڑی ہی فضیلت ہے۔ اس رات کی عبادت کے ثواب کا شمار ہی نہیں۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح بارہ رکعت نفل نماز تین سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نفل نماز پڑھنے والے کو انشاء اللہ العزیز نبیوں کی عبادت کا ثواب دے گا۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام کے سورۂ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں کی مغفرت مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام پچھلے گناہ معاف ہوجائیں گے۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نفل نماز وسلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** اللہ تعالیٰ اس نفل نماز پڑھنے والے پر موت کی سختی آسان کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس پر سے عذاب قبر بھی معاف ہوجائے گا۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص سات مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ تسبیح استغفار پڑھے۔ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔** انشاء اللہ العزیز اس نفل نماز کو پڑھنے والا اپنے مصلے سے اٹھنے بھی نہ پائے گا کہ باری تعالیٰ اس کے اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرما کہ مغفرت عطا فرمائے گا۔ مغفرت کیلئے یہ نماز افضل ہے۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔ یہ نماز بے شمار عبادت کے ثواب کیلئے افضل ہے۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر تین مرتبہ' سورۂ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام سجدہ میں ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔** اس کے بعد جو حاجت دنیاوی ہو یا دینی ہو مانگے۔ انشاء اللہ العزیز بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح ساتوں حٰمٓ پڑھے۔ یہ عذاب قبر سے نجات اور مغفرت گناہ کیلئے افضل ہے۔ ستائیسویں شب کو بعد نماز عشاء وتراویح سات مرتبہ سورۂ ملک کا پڑھنا مغفرت گناہ کیلئے نہایت افضل ہے۔ ستائیسویں شب قدر کو اس دعا کو کثرت سے پڑھے۔ **اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ**

**پانچویں شب قدر:** انتیسویں شب قدر کو بعد نماز عشاء وتراویح چار رکعت نفل نماز دو سلام سے پڑھنی ہے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ قدر اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ستر مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے۔ یہ نفل نماز کامل ایمان کیلئے افضل ہے۔ انشاء اللہ العزیز اس کے پڑھنے والے کو دنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ انتیسویں شب کو بعد نماز عشاء و تراویح چار رکعت نفل نماز دو سلام سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھنی ہے۔ **فضیلت:** بعد سلام ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے انشاء اللہ العزیز اس کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ بخشش گناہ اور مغفرت عطا کریں گے۔ انتیسویں شب کو سات مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیے۔ یہ ترقی رزق کیلئے

مریم عادل

# ہائی بلڈ پریشر، کینسر اور شوگر کا پھلیوں سے علاج

پھلیوں کے متعلق یہ بات خوش کن ہے کہ گہرے رنگ کی سبزیوں اور پھلیوں کے استعمال سے ذیابیطس، کینسر، ہائی بلڈ پریشر، گردے اور جگر کے امراض کے خطرات سے بھی بچا جاسکتا ہے بلکہ ان بیماریوں میں مبتلا افراد پھلیوں کو استعمال کرکے اپنے مرض کی شدت کو بھی کم کرسکتے ہیں۔

دیہی علاقوں میں اب بھی روایتی کھانے ہی کھائے جارہے ہیں لیکن شہروں میں دسترخوان نت نئی ڈشوں سے آراستہ نظر آتے ہیں۔ بیس سال پہلے جن دسترخوانوں پر صرف پلاؤ ہوتا تھا اب ان کی جگہ بریانی اور چائنیز فرائیڈ رائس اور اس طرح کی دوسری ڈشز نے لے لی ہے۔ قورمے کے ساتھ ساتھ چکن کڑاہی، گوشت، تلی ہوئی مرغی اور دیگر بے شمار ڈشیں نظر آتی ہیں گویا کم از کم ہمارے شہروں کے دسترخوان گلوبلائزڈ ہوگئے ہیں۔ ہمارے دسترخوان سے پھلیاں اور سبزیاں ناپید ہوتی جارہی ہیں یہی وجہ ہے کہ بہت سے غذائی اجزاء ہمارے جسم میں پہنچ ہی نہیں پارہے اور مختلف نت نئے امراض ہمیں اپنی گرفت میں لے رہے ہیں۔ سبزیوں میں پھلیوں کو ایک جداگانہ حیثیت ہے، ان میں وٹامن اے، غذائی ریشہ اور پروٹین وافر مقدار میں ہوتا ہے جو انہیں دیگر سبزیوں سے منفرد بناتا ہے۔ مختلف پھلیوں میں فاسفورس، نائٹروجن اور میگنیشیم کی خاصی مقدار جسم کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ پھلیاں ہائی پروٹین ڈائٹ سمجھی جاتی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ لحمیات کے اعتبار سے بیشتر پھلیاں گوشت کا نعم البدل ہیں۔ پھلیوں کو مناسب مقدار میں استعمال کرکے جسم کے کولیسٹرول کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ پھلیاں جسم میں موٹاپا پیدا کیے بغیر جسم کو تندرست وتوانا رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ پھلیوں کے ذریعہ بچوں کی غذائی ضرورت کو بھی احسن طریقے سے پورا کیا جاسکتا ہے لیکن کیونکہ پھلیاں زود ہضم نہیں ہوتیں اس لیے بچوں کو زیادہ مقدار میں کھلانا مناسب نہیں۔ البتہ دوسری سبزیوں اور غذائی اجناس کے ساتھ بچوں کو مناسب مقدار میں کھلایا جائے تو صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

پھلیوں کے استعمال سے جسم میں ہونے والی بیشتر کمی پوری کی جاسکتی ہے۔ پھلیاں نظام ہضم اور امراض جگر میں مفید ہوتی ہیں جبکہ جلد کو توانائی بخش کر اس کی صحت میں اضافہ کرتی ہیں۔ پھلیوں کو کم پانی میں پکانا چاہیے بھاپ میں پکایا جائے تو اس کی غذائی افادیت میں کمی نہیں آتی۔ پھلیاں اگر گوشت کے ساتھ پکائی جائیں تو دودھ پلانے والی ماؤں کے دودھ میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ پھلیوں کے متعلق یہ بات خوش کن ہے کہ گہرے رنگ کی سبزیوں اور پھلیوں کے استعمال سے ذیابیطس، کینسر، ہائی بلڈ پریشر، گردے اور جگر کے امراض کے خطرات سے بھی بچا جاسکتا ہے بلکہ ان بیماریوں میں مبتلا افراد پھلیوں کو استعمال کرکے اپنے مرض کی شدت کو بھی کم کرسکتے ہیں۔ سبزیوں کی طرح پھلیوں میں غذائی ریشہ بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے جو قبض کشا ہے۔ قبض کے مرض میں مبتلا افراد سبزیاں اور پھلیاں استعمال کرکے قبض سے نجات حاصل کرسکتے ہیں۔ تاہم پھلیاں ہضم ہونے میں عام کھانے کے مقابلے میں زیادہ وقت لیتی ہیں اس لیے بعض اوقات پھلیاں کھانے کے بعد پیٹ میں گرانی اور بھاری پن محسوس ہوسکتا ہے لیکن یہ کوئی تشویش کی بات نہیں ہے۔

پھلیوں کے موسم میں اس نعمت سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ رمضان المبارک میں افطار کے وقت پھلیوں کا سالن آپ کے دسترخوان کا چار چاند لگادے گا۔

## بزرگ کا بتایا ہوا کامیاب استخارہ

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** جب سے ہم گھر والوں کا عبقری سے تعارف ہوا ہے ہمیں بہت فائدہ ہورہا ہے۔ اس میں موجود وظائف کی وجہ سے ہمارے گھر میں اب بہت سکون ہے۔ محترم حکیم صاحب! میرے والد کو کسی بزرگ نے استخارہ کا ایک عمل بتایا، اب ہم نے جو بھی کام کرنا ہوتا ہے پہلے اس استخارہ کو کرلیتے ہیں جس کی وجہ سے ہم بہت سے نقصانات سے بچ جاتے ہیں۔ ہمارے لیے جو بہتر ہوتا ہے اس استخارہ سے ہمیں پتہ چل جاتا ہے۔ استخارہ یہ ہے: دو رکعت نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں، پہلی رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھیں، پھر سلام پھیر کر اول و آخر سات مرتبہ درود پاک اور گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر تسبیح پر دم کردیں۔ اگر تسبیح سیدھی چلے تو کام ٹھیک اگر تسبیح دائیں بائیں چلے تو وہ کام ٹھیک نہیں۔ شرط ہے کہ جو شخص یہ استخارہ کرے وہ اشراق کے نفل کا پابند ہو۔ (چمن ارشاد)

## ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 6 جولائی بروز اتوار دوپہر 11 بجے سے 12 بج کر 21 منٹ تک۔ 16 جولائی بروز بدھ سہ پہر 2 بجکر 33 منٹ سے 3 بج کر 41 منٹ تک۔ 27 جولائی بروز اتوار رات 10 بجے سے 11 بجکر 27 منٹ تک۔ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیرمسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کیساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلاسکتے ہیں۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بناسکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔

**(ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفی عنہ)**

### روحانی محفل سے فیض پانے والے

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کا شمارہ ہمیں بہت پسند ہے، میں مسلسل تین سال سے عبقری کی قاری ہوں اس سے پہلے کبھی کوئی رسالہ یا میگزین نہیں پڑھا۔ جب پہلی دفعہ میں نے عبقری دیکھا تو میں نویں جماعت میں پڑھتی تھی اور یہ رسالہ میں نے اپنی سہیلی کے ہاتھ میں دیکھا تھا، بہت خوشی ہوئی اور اللہ کا شکر ادا کیا کہ ہمیں ہماری مشکلوں کا حل مل گیا، انشاء اللہ اب ہماری مشکلیں حل ہوجائینگی۔ میرے ابو 18 سال سے بیمار تھے، بہت علاج کرایا، لیکن کچھ پتہ نہیں چلتا تھا، ہم بہت پریشان تھے، بہت وظیفے بھی کیے، علاج بھی بہت کروایا، کسی سے کچھ فرق نہیں پڑتا تھا، میں نے (باقی صفحہ نمبر 48 پر)

# قارئین کے سوال قارئین کے جواب

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں یہ جوابات ہم رسالے میں شائع کرینگے۔ کوشش کریں آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## مئی کے جوابات

1۔ آپ میں ہارمونز کا مسئلہ ہے قدرت نے ہر چیز میں اعتدال اور توازن رکھا ہے۔ جب یہ توازن بگڑتا ہے یا کمی بیشی ہوتی ہے تو اس کے مضر اثرات سامنے آتے ہیں۔ آپ میں مردانہ ہارمونز کی مقدار اعتدال سے بڑھی ہوئی ہے۔ آپ پانی زیادہ سے زیادہ استعمال کریں، پھل اور سبزیاں اپنی خوراک میں شامل کریں۔ ہر قسم کے گوشت اور مرچ مصالحہ سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ صبح کی سیر ضرور کریں۔ اس کے ساتھ ادارہ عبقری کی ''ہارمونز شفاء'' لے کر تین ماہ استعمال کریں۔ اس سے آپ کے ہارمونز میں توازن پیدا ہوجائیگا۔ **(محمد شاکر، فیصل آباد)**

2۔ اس کیلئے آپ کو ایک بہت آسان اور مجرب عمل بتارہی ہوں جس میں ثواب بھی ہے، رحمت بھی ہے، عافیت بھی ہے اور شفا بھی ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد یہ درود شریف سات مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلی پر ہلکا ساتھتکار کر اپنی انگلی کو پیشانی کے داغ پر ملیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ۔ **(سائرہ اعجاز، لاہور)**

ii۔ آپ استعمال شدہ لیموں کا چھلکا ایک منٹ اپنی پیشانی پر رگڑیں دن میں ایک یا دوبار یہ عمل کریں۔ اس سے آپ کو بہت جلد اثر محسوس ہوگا۔ **(مائدہ کریم، اسلام آباد)**

3۔ ایک چھٹانک خشک ناریل کا ٹکڑا رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح نہار منہ اسے چبا کر کھالیں۔ اس کے ایک گھنٹہ بعد تک پانی نہ پئیں۔ صرف چالیس دن یہ کریں ساری زندگی دوبارہ نکسیر نہیں پھوٹے گی۔ **(جاوید بٹ، ملتان)**

ii۔ آپ جَو کے پانی میں ایک چھٹانک گوند کتیرا رات کو بھگو دیں صبح مکس کرکے نہار منہ اسے استعمال کریں۔ ایک دن وقفہ چھوڑ کر ایک دن استعمال کریں۔ مسلسل دو ہفتے ایسا کریں۔ آپ بالکل ہشاش بشاش رمضان گزاریں گے۔ **(محمد اکرم، گجرات)**

4۔ آپ یَاقَھَّارُ صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے صبح وشام پانی کے چھینٹے گھر کی چھت کے چاروں کونوں پر ڈالیں اور کمروں میں دیواروں پر چھینٹیں بھی ماریں۔ احتیاط کریں کہ یہ پانی زمین پر نہ گرے۔ صرف

## جولائی کے سوالات

**1۔ محترم قارئین السلام علیکم!** مجھے جنات سے دوستی کرنے کا بہت شوق ہے اگر کسی قاری کے پاس کوئی عمل ہو تو ضرور بتائیے گا، اس کے علاوہ حاضرات کا عمل کسی قاری کے پاس ہو تو ضرور عنایت فرمائیں، عمر بھر دعائیں دوں گا۔ والسلام **(قاری حبیب، گوجرانوالہ)**

**2۔ محترم قارئین السلام علیکم!** میرے ابو جو کہ ڈاکٹر ہیں ان کو شوگر ہے، پتے میں پتھری بھی ہے، ہائی بلڈ پریشر بھی ہے اور سیدھے طرف میں پیپ بھی پڑی ہے۔ ہر جگہ سے علاج کروا بیٹھے مگر کہیں سے بھی آرام نہیں آتا، میرے ابو جب بھی گھر میں ہوتے ہیں سخت بے چین رہتے ہیں، گھر میں ہر وقت جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔ قارئین! اگر یہ جادو ہے تو اس کا کوئی علاج بتادیں، کوئی دعا یا کوئی وظیفہ بتادیں۔ میں آپ کا زندگی بھر مشکور رہوں گا۔ **(عطاء الرحمن)**

**3۔ محترم قارئین السلام علیکم!** میں عبقری میں پہلی مرتبہ خط لکھ رہی ہوں، مجھے ایک مسئلے نے بہت پریشان کررکھا ہے، پلیز! آپ اس کا حل جلدی سے عبقری میں بتادیں کیونکہ اس سے باقی لوگ بھی فائدہ اٹھائیں گے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے پورے گھر میں دیمک بہت زیادہ ہے۔ سنا تھا کہ دیمک صرف لکڑی کھاتی ہے، آپ یقین کریں کہ ہمارے فرش پر جو کارپٹ ہیں ان کے نیچے بھی دیمک ہے، دیواروں میں سیمنٹ میں دیمک نے سوراخ کررکھے ہیں اور لکڑی کی الماریاں اور دروازے تو تقریباً سارے اندر سے دیمک نے کھوکھلے کررکھے ہیں، کسی بھی قسم کی دوائی اور اسپرے صرف وقتی فائدہ دیتے ہیں، تین دن کے بعد پھر سے نمودار ہوجاتی ہے اور گرمی میں تو بہت زیادہ ترقی کرتی ہے۔ براہ مہربانی مجھے اس کا کوئی روحانی حل بتائیں کیونکہ دوائی تو اثر نہیں کرتی۔ **(صدف، راولپنڈی)**

**4۔ محترم قارئین السلام علیکم!** مجھے کوئی ایسا چھوٹا سا ٹوٹکہ بتائیں کہ جس کے استعمال سے میں ساری زندگی صحت مند اور فٹ رہوں، مجھے کبھی کسی دوائی کی ضرورت نہ رہے۔ سدا دعاؤں میں یاد رکھوں گا۔ **(شہریار، لاہور)**

# مناقب صحابہ واہل بیت

**انتخاب: مکی احمد پوری**

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ لوگ مجھ سے حسد کرتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے چار مردوں میں چوتھے تم ہو (وہ چار) میں، تم، حسن اور حسین ہیں۔'' **(امام احمد، امام طبرانی)**

حضرت ابو معدل عطیہ طفاوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہیں ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک دن جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر تشریف فرما تھے ایک خادم نے عرض کیا: دروازے پر علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) تشریف لائے ہیں۔ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا: ایک طرف ہوجاؤ اور مجھے اپنے اہل بیت سے ملنے دو۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں ایک طرف ہٹ کر کھڑی ہوگئی، پس علی، فاطمہ، اور حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین گھر میں تشریف لائے اس وقت وہ کم سن تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں بچوں کو پکڑ کر گود میں بٹھا لیا اور دونوں کو چومنے لگے۔ **(امام احمد بن حنبل)**

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ لوگوں میں ایسی ہستی کو دیکھے جو گردن سے چہرے تک حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے کامل شبیہہ ہو تو وہ حضرت حسن بن علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو دیکھ لے اور جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ لوگوں میں ایسی ہستی کو دیکھے جو گردن سے ٹخنے تک رنگت اور صورت دونوں میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے کامل شبیہہ ہو تو وہ حضرت حسین بن علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو دیکھ لے۔ **(امام طبرانی)**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیائے کرام قیامت کے دن سواری کے جانوروں پر سوار ہوکر اپنی اپنی قوم کے مسلمانوں کیساتھ محشر میں تشریف لائینگے اور صالح اپنی اونٹنی پر لائے جائیں گے اور مجھے براق پر لایا جائے گا جس کا قدم اس کی منتہائے نگاہ پر پڑے گا اور میرے آگے آگے سیدہ فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ہوں گی۔ **(امام حاکم)**

# تربوز کے ساتھ گزاریں رمضان خوشگوار

ماجد شکیل، گوجرانوالہ

**اگر حاملہ عورت آدھ پاؤ تربوز شہد ملا کر روزانہ کھائے تو اس سے خوبصورت اور تندرست بچہ پیدا ہوتا ہے۔ سحری کے وقت تھوڑا سا تربوز سارا دن لو اور گرمی سے بچاتا ہے۔ مختلف بیماریوں سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ موسم گرما میں تربوز ضرور کھایا جائے**

تمام پھل اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں مگر کچھ پھل ایسے ہیں جنہیں سبھی لوگ بڑے چھوٹے' بوڑھے' عورتیں وغیرہ شوق سے کھاتے ہیں۔ پھل کوئی بھی ہو اُسے پانی سے دھو کر کھانا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے اور طبی لحاظ سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ تربوز کو گھر کے سبھی افراد بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ پاکستان میں تین قسم کے تربوز ہوتے ہیں اور یہ تینوں قسمیں اپنی اپنی شکل وصورت وضع قطع اور ذائقے کے لحاظ سے نہایت عمدہ ہیں۔ ایک تربوز کا اوسطاً وزن ایک کلوگرام سے لے کر 12 کلوگرام تک ہوتا ہے بعض جگہوں پر 15 کلوگرام کے تربوز بھی دیکھنے میں آئے ہیں۔ تربوز میں گلوکوز' فاسفورس' نشاستہ دار شکری' روغنی اجزاء' (وٹامن اے' بی' سی) فولاد' پوٹاشیم' کیلشیم اور گوشت پیدا کرنے والے اجزا پائے جاتے ہیں۔ آج کے دور میں پھلوں کو وقت سے پہلے توڑ کر پیٹیوں میں بند کر کے کیمیکلز لگا کر پکایا جاتا ہے پھر جلد از جلد منڈی میں بھیج دیا جاتا ہے۔ ایسے پھلوں کو کھانے سے جلدی بیماریاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ **تربوز کے فائدے:** رات کو تربوز کھائیں اور اوپر سے پانی نہ پئیں' کچھ دیر بعد سو جائیں صبح کی اذان سے پہلے آپ کو اٹھا دے گا اور دائمی قبض کا خاتمہ ہو جائے گا۔ دائمی قبض کے مریض ہی رات کو تربوز کھائیں عام لوگ اگر رات کو تربوز کھائیں تو کم کھائیں۔

جن مریضوں کو پیشاب رک رک کر آتا ہو وہ تربوز استعمال کریں' مثانے کو صاف کرتا ہے' مثانے کی پتھری کو ختم کرتا ہے' مثانے کے درد' مثانے کے زخم کیلئے بہترین چیز ہے۔

دل کو طاقت دیتا ہے' جگر ومثانہ اور گردوں کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے ہاتھ پاؤں کی جلن' ناف کے مقام یا اس کے آس پاس بوجھ معلوم ہو یا طبیعت بے چین رہتی ہو' فائدہ ہوتا ہے۔ معدہ میں جلن ہو تو اس کی اصلاح کرتا ہے۔ رات ہو یا دن اسے کھا کر اوپر سے پانی نہ پئیں اسے فوری کھا کر سونے سے ہیضہ ہو جاتا ہے۔

بلغمی مزاج اور معدہ کے مریض پٹھوں کے درد والے مریض' زیادتی پیشاب کے مریض' شوگر کے مریض اس کو استعمال نہ کریں بصورت دیگر نقصان کے ذمہ دار خود ہوں گے۔

اس کے چھلکے دودھ دینے والے جانوروں کو کھلائے جائیں تو جانوروں کے دودھ میں اضافہ ہوتا ہے اور جانور موٹے ہو جاتے ہیں۔ جن مریضوں کا پیشاب رک جائے وہ خربوزہ کے مغز ایک تولہ' تربوز کے مغز ایک تولہ' ایک پاؤ پانی میں رگڑ کر حسب ضرورت چینی ملا لیں' سردائی بنا لیں' گرمیوں میں ٹھنڈا کر کے پئیں اور سردیوں میں نیم گرم کر کے پئیں۔ انشاء اللہ رکا ہوا پیشاب جاری ہو جائے گا۔

تربوز رمضان المبارک میں سحری کے وقت پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ صفرا دور کرتا ہے۔ ملین طبع ہے۔ گرم مزاج والوں کو خاص کر رمضان المبارک میں موافق ہے۔ گرمی کے بخار کو فائدہ دیتا ہے۔ جس دن تربوز کھائیں چاول ہرگز نہ کھائیں۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ رمضان المبارک میں افطاری کے دو گھنٹہ بعد تربوز کھائیں۔ تربوز جسم کو موٹا کرتا ہے۔ اگر روزانہ قے کی شکایت ہو تو ایک پاؤ تربوز کا پانی کوزہ مصری ملا کر روزانہ صبح کے وقت پی لینے سے یہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔ دل کو فرحت دیتا ہے' تربوز سے خون کی تیزابیت اور گرمی ختم ہو جاتی ہے۔ تربوز ٹائیفائیڈ میں بہترین غذا ہے۔ اگر حاملہ عورت آدھ پاؤ تربوز شہد ملا کر روزانہ کھائے تو اس سے خوبصورت اور تندرست بچہ پیدا ہوتا ہے۔ سحری کے وقت تھوڑا سا تربوز سارا دن لو اور گرمی سے بچاتا ہے۔ مختلف بیماریوں سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ موسم گرما میں تربوز ضرور کھایا جائے۔ کمی خون' ضعف جگر' بدہضمی' فساد خون اور تبخیر دور کرنے کیلئے تربوز بہترین غذا ہے۔

جب جگر بڑھ جائے تو قلمی شورہ' نوشادر اور ریوند چینی کو رگڑ کر سفوف بنا لیں ایک ماشہ سفوف ایک پاؤ تربوز کے پانی جس میں ایک لیموں کا رس ملا ہوا ہو' صبح وشام پلانے سے چند روز میں آرام آجاتا ہے اور مکمل صحت ہو جاتی ہے۔ گرمیوں کے رمضان المبارک میں تربوز سے بڑھ کر کوئی پھل نہیں جو آپ کی پانی کی کمی بھی دور کرے آپ کی توانائی بھی بحال کرے اور سارا دن پیاس کا احساس بھی نہ ہونے دے۔ رمضان میں جی بھر کر تربوز کھائیں اور بالکل فریش رہیں۔

## رمضان حضرت حکیم صاحب کے ساتھ گزارنے کے بعد

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** عبقری اور آپ سے تعلق سے پہلے مجھے ایک شخص فقط ایک شخص کے جنونی عشق نے دین' دنیا' رشتوں اور حتیٰ کہ والدین سے بھی دور کر دیا تھا' میں تو اس کی مجبوری سمجھ کر کہ اس کے والدین کی مرضی میرے لیے نہیں تو پیچھے ہٹ گیا اور اپنے 13 سال کے عشق کی قربانی دی' مگر نہ چین تھا' نہ سکون اور نہ ہی میری زندگی اور نہ عبادات میں برکت۔۔۔ دن رات روتا تھا' اکیلا رہتا تھا اور تین تین چار چار گھنٹے جہاں بیٹھا ہوں وہیں سوچوں میں گم بیٹھا رہتا تھا' نہ میری ملازمت ٹھیک طریقے سے چلتی تھی اور نہ ہی میں اپنی تعلیم مکمل کر سکا تھا' والدین بہت پریشان تھے اور اپنی جگہ میری یہ حالت دیکھ کر روتے تھے' اور کہتے تھے اس کی زندگی گئی' اب یہ برباد ہوا۔۔۔ مگر محترم حکیم صاحب اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو اس کا اجر دے کہ مجھے آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری ملا' مجھے بہت اچھا لگا اور میں اسے ہر ماہ خرید کر پڑھنے لگا۔ پچھلے سال اس میں ایک اعلان لگا کہ ''رمضان حضرت حکیم صاحب کے ساتھ گزاریں''، میں نے جب پڑھا تو دل میں خیال آیا کیوں نہ یہ رمضان حکیم صاحب کے ساتھ گزارا جائے' شاید میری زندگی سنور جائے۔ محترم حکیم صاحب! رمضان تسبیح خانہ میں گزار کر جب واپس گھر آیا تو میرے تمام بگڑے ہوئے حالات درست ہونا شروع ہو گئے' آپ کی نگاہ اور اللہ کریم کے خاص فضل سے میں جب گھر پہنچا تو میرے چہرے کے تاثرات سے ہی والدین اور دیگر خاندان کے لوگوں نے اندازہ لگا لیا کہ یہ اب ٹھیک ہو گیا ہے۔ میں نے جب تسبیح خانہ کے معمولات روز وشب' آپ کے دروس اور عبقری کے بارے میں سب کو بتانا شروع کیا اور یقین اعظم کے ساتھ یہ کہنا شروع کر دیا کہ مجھے دیکھو مجھ پر اللہ نے کتنا کرم کیا ہے' روحانی وجسمانی دونوں اعتبار سے شفایاب ہو رہا ہوں تو سب خوش ہوئے اور مجھ سے آپ کا' عبقری کا' دروس کا پتہ لینا شروع کر دیا۔۔۔!

اب الحمدللہ! میری ایک نماز بھی ضائع نہیں ہوتی' دو انمول خزانہ نمبر 1 ہر نماز کے بعد اور دن میں ایک بار اکیس مرتبہ درود شریف اول وآخر گیارہ مرتبہ پڑھتا ہوں۔ تین تسبیحات ذکر نفی اثبات روز کرتا ہوں۔ دو انمول خزانہ نمبر دو ہر وقت کھلا پڑھتا ہوں اور اس وقت تک تقریباً ایک لاکھ پانچ ہزار پڑھ لیا ہے۔ باقی تمام مسنون دعائیں اور اعمال کی پابندی (باقی صفحہ نمبر 44 پر)

ایک صالح شخص نے بیان کیا کہ اس نے ایک شخص سے رقم ادھار لی اور سود کا بوجھ بڑھتا رہا اور گھر تک فروخت ہو گیا ہم نے دو انمول خزانہ نمبر 2 سوا لاکھ مرتبہ گھر کے تمام افراد نے مل کر پڑھا اور کل 7 لاکھ مرتبہ پڑھا' جیسے جیسے پڑھتے گئے مسائل حل ہوتے گئے۔ **بحوالہ کتاب: دو انمول خزانے**

(Q.M.C) کے ڈاکٹر فاروق احمد صاحب نے اپنی ریسرچ بیان کی ہے {1} جو شخص وضوء کا بچا ہوا پانی پیئے گا تو اس کا پہلا اثر مثانے پر پڑتا ہے اور خوب کھل کر پیشاب آتا ہے اور پیشاب کی رکاوٹ کم ہو جاتی ہے۔ {2} ناجائز شہوت ختم کرنے کے لیے اور قطراتِ پیشاب روکنے کے لیے میرا آزمودہ ہے۔ **بحوالہ کتاب: وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے کرشمات**

سمیرا جبین، کنڈیارو

# درود شریف سے تنگدستی، فقر اور غربت بالکل ختم

سو مرتبہ درود شریف پڑھنا سو حاجتوں کے پورے ہونے کا سبب ہوتا ہے۔ سو مرتبہ درود شریف پڑھنا شہیدوں کے ساتھ رہنے کا سبب ہے۔ سو مرتبہ درود شریف پڑھنے سے فرشتوں کے ایک ہزار درود شریف پڑھنے کا سبب ہے۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''القول البدیع'' میں اور اسی طرح مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''ذریعۃ الوصول'' میں درود پاک کی جو خصوصی فضیلتیں اور فائدے تفصیل سے بیان کیے ہیں اور ان کو روایات سے ثابت کیا ہے میں ان کو یہاں پر اجتمائی طور پر ذکر کرتی ہوں جس سے اندازہ ہوجائے گا کہ درود شریف کی کتنی اہم عظیم فضیلتیں اور برکتیں ہیں جس سے مومن کو کثرت سے درود پڑھنے کا ان شاء اللہ شوق پیدا ہوجائے گا۔ ☆درود ایسی چیز ہے جس سے اللہ تعالیٰ سے موافقت ہوتی ہے کہ وہ خود بھی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں تو مومن کو بھیجنے کا حکم کیا ہے۔ ☆فرشتوں سے بھی موافقت ہوتی ہے کہ وہ بھی حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ ☆درود شریف کا پڑھنا فرشتوں کی رحمت اور دعا کا مستحق بننے کا سبب ہے۔ ☆درود پڑھنے سے دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ ☆درود کا پڑھنا نبی اکرم ﷺ کی رحمت اور دعا کا سبب ہے۔ ☆درود شریف کا پڑھنا نبی اکرم ﷺ کی رحمت اور دعا کا سبب ہے۔ ☆ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا دس رحمتوں، دس گناہوں سے بخشش اور دس درجے بلند ہونے کا سبب ہے۔ ☆سو مرتبہ درود پڑھنا جہنمی نفاق سے نجات کا ذریعہ ہوتا ہے۔ ☆سو مرتبہ درود شریف پڑھنا سو حاجتوں کے پورے ہونے کا سبب ہوتا ہے۔ ☆سو مرتبہ درود شریف پڑھنا شہیدوں کے ساتھ رہنے کا سبب ہے۔ ☆سو مرتبہ درود شریف پڑھنے سے فرشتوں کے ایک ہزار درود شریف پڑھنے کا سبب ہے۔

ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے سے ایک قیراط کے برابر ثواب ملتا ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے والے کیلئے مخلوق استغفار کرتی ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے سے گناہوں کی معافی ملتی ہے۔ ☆درود شریف علم کی زکوۃ اور پاکیزگی ہے۔ ☆غلام کی آزادی سے بھی زیادہ درود شریف کا ثواب ہے۔

☆درود شریف کا ثواب بڑے ترازو میں تولا جائے گا۔ ☆درود شریف پڑھنے والا نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔ ☆ایک درود شریف ستر رحمتوں کا سبب ہے۔ ☆درود شریف نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا سبب ہے۔ ☆درود شریف قیامت کی ہولناکیوں سے حفاظت کا سبب ہے۔ ☆درود شریف ترازو میں نیک عملوں کو بھاری کرے گا۔ ☆درود شریف عرش کے سائے میں جگہ ملنے کا سبب ہے۔ ☆قیامت کے روز نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے والا آپ ﷺ کے زیادہ سے زیادہ قریب ہوگا۔ ☆درود شریف اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور خوش کرنے کا ذریعہ ہے۔ ☆درود شریف حوض کوثر سیر ہو کر پینے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف میدان حشر میں سخت پیاس سے بچنے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف فرشتوں کی محبت اور مدد کا سبب ہے۔ ☆درود شریف پل صراط پر ثابت قدم رہنے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف غزوات کے برابر ثواب کا سبب ہے۔ ☆درود شریف پیارے سے پیارے عمل بننے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف مجلسوں کی خوبصورتی ہے۔ ☆درود شریف تنگدستی اور فقر کو ختم کرنے کا ذریعہ ہے۔ ☆درود شریف کی برکت سالوں تک چلتی ہے۔ ☆درود شریف دل کی سختی اور زنگ دور کرنے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف قیامت کے دن نبی کریم ﷺ سے ہاتھ ملانے کا سبب ہے۔ ☆بھولی ہوئی بات درود شریف پڑھنے سے یاد آجاتی ہے۔ ☆درود شریف نہ پڑھنا جنت کے رستے سے پھر جانے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے والے کاموں میں برکت ہوتی ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے سے رسول اللہ ﷺ کی محبت پیدا ہوتی ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے والا لوگوں کی نظروں میں محبوب اور عزت والا ہوتا ہے۔ ☆درود شریف خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا سبب ہے۔ ☆درود شریف سے ایسا نور عطا ہوتا ہے جس سے دشمن پر غلبہ ہوجاتا ہے۔ ☆درود شریف پڑھنے سے دکھ، غم اور مصیبتیں ختم ہوجاتی ہیں۔ ☆درود شریف ڈوبنے سے بچنے کا سبب ہوتا ہے۔ ☆درود شریف مال میں برکت کا سبب ہوتا ہے۔ ☆درود شریف مرنے سے پہلے دنیا میں ہی جنت میں اپنی جگہ دیکھنے کا سبب ہے۔ ☆درود شریف تہمت سے بری ہونے کا ذریعہ ہے۔ ☆درود شریف سے دین اور دنیا کی ساری برکتیں اور فائدے مل جاتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 44 پر)

سعید احمد، اٹک سٹی

# رمضان کی برکتوں کا بیان

ہر رات میں تین دفعہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہے کوئی سوال کرنے والا کہ وہ مجھ سے سوال کرے اور میں اس کی حاجت پوری کروں

امام الانبیاء وسید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفی ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ رمضان المبارک کے واسطے جنت کو ایک سال سے دوسرے سال تک پاک اور آراستہ کیا جاتا ہے اور اس کو سجایا جاتا ہے اور جب ماہ رمضان کی پہلی رات آجاتی ہے تو اس میں عرش کے نیچے سے ایک ہوا چلتی ہے اس کا نام مثیرہ ہے اور جب یہ ہوا چلتی ہے تو اس سے جنت کے درختوں کے پتے اور دروازوں کے حلقے ہلنے لگتے ہیں اور ان میں سے ایک آواز نکلتی ہے اور یہ ایسی خوش کن آواز ہوتی ہے کہ سننے والوں نے اس سے بہتر کبھی کوئی آواز نہیں سنی ہوتی۔ اس رات میں حوریں اپنے آپ کو زیور اور لباس سے آراستہ کرتی ہیں اور جنت کے بالا خانوں پر کھڑی ہوجاتی ہیں اور پکارتی ہیں کہ کوئی ہے جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ان کیلئے درخواست کرتا ہو جس سے ان کا نکاح کیا جائے۔ اس وقت حوریں داروغہ جنت رضوان سے پوچھتی ہیں کہ یہ کونسی رات ہے وہ جواب دیتا ہے کہ یہ رمضان المبارک کی رات ہے اور اس میں محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت کے جس قدر روزہ دار ہیں ان کے واسطے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ اس رات میں اللہ رب العزت خود حکم فرماتا ہے کہ اے رضوان! جنت کے دروازے کھول دے اور اے مالک! محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت پر دوزخ کے دروازے بند کردے اور جبرائیل علیہ السلام کو حکم فرماتا ہے کہ اے جبرائیل (علیہ السلام) زمین پر اترو اور جس قدر سرکش شیاطین ہیں ان سب کو زنجیروں سے جکڑ لو اور باندھ کر دریاؤں کے گردابوں میں انہیں ڈال دو تاکہ وہ میرے دوست محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت کے روزہ داروں میں فساد نہ ڈالیں اور ہر رات میں تین دفعہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہے کوئی سوال کرنے والا کہ وہ مجھ سے سوال کرے اور میں اس کی حاجت پوری کروں۔۔۔ ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ وہ مجھ سے گناہوں کی توبہ کرے تو میں اس کی توبہ قبول کروں اور ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ مجھ سے بخشش مانگے اور میں اس کو بخش دوں۔ رسول مقبول نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر روزہ دار آدمی سو جائے تو اس کا سونا بھی عبادت میں داخل ہے اس کی خاموشی بھی تسبیح اور اس کی دعا قبول ہوتی ہے اور جو عمل کرتا ہے اس کا اس کو دوگنا ثواب ملتا ہے۔

جو شخص سوتے وقت دل پر دایاں ہاتھ رکھ کر اللہ تعالیٰ کے اسم ''یاباعث یا نور'' دونوں ملا کر گیارہ بار پڑھ کر سوئے گا دل کی بیماریوں سانس کی بیماریوں، سینے کے تمام امراض کا خاتمہ ہوگا، دل نورانی ہوگا، مستقل مزاجی سے ذکر تلاوت تہجد نماز تہجد کی توفیق ہوگی۔ بحوالہ کتاب: سترہ وظائف سے زندگی آسان

میرا دودھ کا کاروبار تھا وہ میں نے ختم کر دیا ... بحوالہ کتاب: مولانا محمد عمل کے کرشمات

# خوشگوار صحت کیلئے ناک کو وقت دیں

بے شمار کیس کہ جن لوگوں کے ناک کی ہڈی بڑی ہوئی تھی آپریشن کروانے کا تقاضا تھا یا ایسے لوگ بھی ملے' کسی نے تین' کسی نے پانچ' کسی نے سات آپریشن کرائے۔۔۔! ورنہ ایک آپریشن کروانے والے تو اکثر ملے کہ ناک کی ہڈی کا آپریشن کروایا لیکن ہڈی پھر بڑھ گئی۔

**قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)**

زندگی کا مدار سانسوں پر ہے اور سانس ہی ہماری دن رات کی حرکت' بول چال' دیکھنا' سننا' سمجھنا بس۔۔۔! ساری زندگی کا نچوڑ یہی سانسیں ہیں سانسوں سے دل زندہ' دل زندہ تو جسم زندہ اور جسم زندہ تو زندگی۔۔۔! اور سانسیں جب مردہ ہوجاتی ہیں تو انسان ہی مرجاتا ہے۔ آپ سارا دن سانس ناک سے لیتے ہیں کبھی سوچا بھی ہے کہ اس ناک کو بھی سروس کی ضرورت ہے۔۔۔؟ موبائل کی سروس' اے سی کی سروس' گاڑی کی سروس' جوتے کی سروس' حتیٰ کہ جوتے پر جو برش استعمال ہوتا ہے اس کی بھی سروس اور جسم کا اہم ترین حصہ ناک ہے' اسی ناک کیلئے فتح اور کامیابی کے دروازے کھولنے کیلئے دولت اور نامعلوم کیا کچھ قربان کردیتے ہیں کہ ناک اونچی رہے۔ ہم کیسے بھولے نکلے۔۔۔؟ کہ ناک کی سروس ہی بھول گئے۔ آیئے! ایک گُر ناک کی خدمت کا۔۔۔ جس سے آپ سدا تندرست توانا اور جوان رہیں۔

اس پر ایک پڑھیے واقعہ لیکن ذرا غور سے۔۔۔! حج کے سفر کے دوران ہمارے ایک دوست الرجی کے پرانے مریض تھے چھینکوں کا طوفان اور ناک سے پانی ایسے کہ جیسے بارش۔۔۔ آنکھوں سے پانی حتیٰ کہ دماغ اور جسم نڈھال ہوجاتا۔ موصوف الماری کے اندر کا کمبل استعمال نہیں کرسکتے تھے' الماری کھلنے سے یا اس کمبل سے جس کو دھوپ نہیں لگی ہوتی' اس سے الرجی کا دورہ پڑتا تھا بعض خوشبوئیں' بند کمرہ' دھول' مٹی' پولن' گندم کی کٹائی یا بہار کا موسم یہ سب ان کیلئے زہر سے کم نہیں اور گولی سے زیادہ تیز۔۔۔! میں نے جب ان کی حالت دیکھی تو انہیں ایک سادہ سا نسخہ بتایا اسے نسخہ کہوں ٹوٹکہ کہوں یا بڑی بی کے تجربات۔۔۔ بس! ایک چیز ایسی تھی جو انہیں ٹھاہ کرکے لگی۔ دوسرے دن کہنے لگے طبیعت میں ایسا سکون آیا کہ میں حیران ہوں یہ آپ نے مجھے کیا بتا دیا۔ میں نے جان بوجھ کر پوچھا کیوں کیا ہوا؟ کہنے لگے مجھے رات سے خوف اور پریشانی ہوتی تھی اب تو مجھے رات سے چین آنا شروع ہوگیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے سکھ کا دن اور سکھ کی رات گزاری۔ سانس بہت بہترین آئی' چھینکوں کا طوفان' نزلے اور زکام کی بارش بالکل نہیں ہوئی۔ طبیعت بہت پرسکون رہی' دماغ ہلکا پھلکا' جسم ہلکا پھلکا' طبیعت میں بے چینی ختم' نڈھالی ختم' جسم اور ٹانگوں میں درد ہوتا تھا جو ہر وقت طبیعت پر بوجھ' بے زاری' گھبراہٹ' اکتاہٹ بالکل ختم بلکہ انہوں نے اپنی صحت یابی کی ایک مختصر تقریر مجھے سنوادی۔ میں خوشگوار موڈ میں ان کی تقریر سن رہا تھا اور دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ شکر ادا کررہا تھا کہ اللہ نے ان چھوٹے چھوٹے ٹوٹکوں میں انسان کیلئے کیا نعمتیں رکھی ہیں اور انسان کیسا غافل ہے کہ چھوٹی شفایابی کی کرنیں چھوڑ کر رنگ برنگی گولیاں شیشے میں بیٹھے ڈاکٹر اور غلافوں سے لپٹی بڑی بڑی مشینوں کے ہتھے چڑھ گیا۔

ویسے بھی اب انسان گولیاں معالج اور مشینوں سے گھبرا گیا ہے اور تھک بھی گیا ہے۔ میرے پاس تو جتنے بھی بہت پڑھے لکھے لوگ آتے ہیں وہ سب بس ٹوٹکے ہی مانگتے ہیں' ہلکا پھلکا علاج مانگتے ہیں' لمبی چوڑی دوائیں کھانے کا وقت ہی نہیں رہا بلکہ اب تو ڈاڑھی کا رواج اس لیے بھی بڑھ رہا کہ شیو کرنے کا وقت نہیں' خاص طور پر مغرب میں۔ قارئین! یہ ایک کیس نہیں ایسے بے شمار کیس کہ جن لوگوں کے ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی تھی آپریشن کروانے کا تقاضا تھا یا ایسے لوگ بھی ملے' کسی نے تین' کسی نے پانچ' کسی نے سات آپریشن کرائے۔۔۔! ورنہ ایک آپریشن کروانے والے تو اکثر ملے کہ ناک کی بڑھی ہڈی کا آپریشن کروایا اور ہڈی پھر بڑھ گئی۔ وہی نزلہ' وہی زکام' وہی بھرپور باآواز بلند خراٹے اور خراٹوں سے گھر بھی پریشان' اولاد بھی پریشان' خود بھی پریشان کیونکہ خراٹوں سے انسان پرسکون نیند سے محروم ہوجاتا ہے۔

ہروقت نزلہ' ہروقت زکام' ہر وقت طبیعت کی اکتاہٹ' گھبراہٹ' بے چینی' بے زاری یہ ساری چیزیں اس وقت ہماری زندگی کا حصہ بن گئی ہیں۔ پھر اس کی وجہ کچھ اور بھی بنی' گاڑیوں کا دھواں' فیکٹریوں اور ملوں کا دھواں' تابکاری فضاؤں میں پھیلے اثرات دھول مٹی' سبزے اور درختوں کی کمی جو ہے ہم اسے کاٹ کاٹ کر ایندھن بنائے جارہے ہیں' مزید سبزہ اور درخت لگانے کیلئے کوئی بہت زیادہ فکرمندی کا جذبہ نہیں اگر کوئی نیک دل حکمران اس طرف متوجہ دلائے بھی تو عوام سبزہ اور درختوں کی طرف توجہ نہیں۔۔۔! بس کچھ ایسے اسباب ہیں کہ ہماری فضائیں اور ہماری ہوائیں دھوئیں اور کیمیکل سے ایسی بھرپور ہیں کہ ہمارا ناک اس دھوئیں اور کیمیکل کو آخر کب تک برداشت کرتا رہے گا پھر ایک وقت آتا ہے کہ ناک احتجاج کرتا ہے' چھینکوں کی شکل میں' نزلے کی شکل میں' زکام کی شکل میں' سردرد کی شکل میں' بہنے کی شکل میں' مختلف شکلوں میں پھر ناک کے ساتھ ساتھ دماغ بھی احتجاج کرتا ہے' مستقل سردرد رہتا ہے' طبیعت میں اکتاہٹ' گھبراہٹ' بے چینی ہوتی ہے پھر ٹینشن' اسٹریس' ڈیپریشن کی طرف پہلا قدم اٹھتا ہے لیکن اصل چیز ناک ہے۔

ناک کی سروس کا فن سیکھ لیں جس پر روزانہ گھڑی کے مطابق صرف ایک منٹ لگتا ہے اگر ایک منٹ سے زیادہ لگے تو آپ میری بات کو قبول ہی نہ کریں اور اگر ایک منٹ آپ ناک دیکھ سکتے ہیں تو پھر یہ ایک منٹ کتنی بڑی بڑی بیماریوں تکلیفوں الجھنوں اور مشکلوں سے بچائے گا کہ خود آپ کی عقل بھی حیران اور آپ کی طبیعت بھی پرسکون ہوجائے گی اور آپ زبان حال سے کہہ اٹھیں گے کہ ہم نے تو آج تک ناک کو عزت' وقار' شان وشوکت اور دنیاداری کا ذریعہ سمجھا لیکن نہیں۔۔۔ ناک صحت اور تندرستی کا ایک راز بھی ہے بلکہ میں اسے صحت اور تندرستی کی غار کہوں گا جس میں آپ کی انگلی غوطہ لگائے تو صحت کے موتی پائیں جس طرح کوئی غوطہ خور جتنا گہرہ غوطہ لگاتا ہے اتنے قیمتی موتی پاتا ہے اسی طرح جتنی آپ گہری انگلی کا غوطہ لگائیں اتنی صحت وتندرستی کا موتی پائیں۔

ایک کالج کی پروفیسر ہاتھ میں ٹشو لیا ہوا' ٹشو کی رگڑ سے ناک بالکل سرخ۔ کہنے لگی کہ اب ناک سے کھرینڈ اترتے ہیں پھر اس میں مرہم لگاتی ہوں پھر زخم بن جاتا ہے۔ تھک گئی ہوں' اینٹی الرجی گولیاں کھا کھا کر معدہ بھی خراب ہوگیا ہر وقت غنودگی سی رہتی ہے' جسم موٹاپے کی طرف مائل اور جگر فیٹی ہوگیا ہے اور بھی بے شمار بیماریاں جسم میں آنا شروع ہوگئی ہیں اور ادھر گولیوں کے یہ سائیڈ افیکٹ اور برے نتائج اور ادھر گولیاں نہ کھاؤں تو پھر وہی نزلہ' زکام' فلو اور الرجی اور چھینکوں کا طوفان۔۔۔ مجبور ہوں کیا کروں اور بہت طریقے' علاج آزمائے لیکن کسی سے فائدہ نہیں ہوا۔ آخر کار آپ کا کسی نے بتایا تو میں نے ان سے عرض کیا آپ نے جسم کے ہر حصے کو وقت دیا جس کو سروس کہہ رہا ہوں۔ آپ نے ناک کو باہر سے وقت دیا' ناک کے اندر کیلئے وقت نہیں نکالا وہ حیران ہوئیں اندر کیلئے وقت کیسے؟ تو میں نے ان سے آسان سی بات کہی زیتون کا تیل لے لیں' سرسوں کا تیل لیں' سادہ ویزلین لیں' دیسی گھی لیں' وکس لیں ان میں جو چیز بھی میسر ہو ہلکی سی چھوٹی انگلی سے لگا کر (بقیہ صفحہ نمبر 44 پر)

قسط نمبر 2

# گمشدہ چیز‘ فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

میرا کاریگر اٹھا کر لے آیا کہ استاد جی یہ انگوٹھی تو یہاں پڑی تھی۔ میں حیران ہوا کہ یہ انگوٹھی یہاں سے کیسے ملی؟ بہت حیرت ہوئی بہرحال مل گئی لیکن ملی کہاں سے یہ آج تک مجھے سمجھ نہیں آئی۔ مجھ سے کہنے لگے کہ جنات تو اٹھا کر نہیں لے گئے؟ میں نے کہا شاید انہی کا کام ہو۔۔۔؟

**قارئین!** ہر ماہ حضرت حکیم صاحب کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔۔۔۔!میرے ایک دیرینہ دوست زرگر ہیں۔ ایک دفعہ پریشان نظر آئے‘ آتے ہی کہنے لگے میرے سارے کاریگر نیک نیت ہیں‘ آج تک میری دکان سے کوئی چیز چوری نہیں ہوئی لیکن آج ایک چیز مجھے نہیں مل رہی‘ وہ یہ ایک بہت بھاری انگوٹھی سونے کی اس کا ٹانکہ لگنے کیلئے آیا تھا لیکن وہ نہیں ہے۔ میں حیران ہوں‘ میں نے خود اپنے ہاتھ سے رکھی‘ لاک لگایا اور چابی جیب میں ڈالی۔ تین چار دن کے بعد کھولا جہاں میں نے رکھی تھی وہاں نہیں ہے۔خیال آیا میں نے کسی اور جگہ رکھی ہوگی وہاں ڈھونڈا وہاں بھی نہ ملی۔ آخر ساری دکان‘ تجوری کے سارے خانے اور الماری کا ایک ایک حصہ چھان مارا کہیں نہیں ملی۔اب تو مجھے اپنے بیٹے اور اپنے کاریگروں پر شک ہونا شروع ہوگیا ہے۔ پھر خیال آتا ہے کہ سالہاسال کے تجربات نے مجھے یہ بتایا کہ ان میں سے کوئی چور نہیں ہے مگر یہ کیا ہوا؟ اور کیوں ہوا؟ بہت پریشان ہوں۔انگوٹھی میں اور بنا کر دے دوں گا لیکن چوری کی روایت اور ریت میری دکان سے آخر کیوں شروع ہوئی‘ غم اور دکھ صرف اس بات کا ہے کہ میری دکان ہو اور چوری۔۔۔بس یہ غم مجھے کھائے جارہا۔

میں نے آج تک خود چوری نہیں کی‘ میری اولاد چور نہیں ہے تو پھر یہ چوری کیوں ہوئی؟ جھنجھلا کر اپنے گھٹنے پر مکا مارا‘ میں نے انہیں تسلی دی۔ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ خیر کرے گا اور آپ کی انگوٹھی کہیں نہیں جاتی اور آپ کو مل جائے گی۔ بس! آپ یسا کریں آپ بھی‘ بیٹا بھی اور تمام کاریگر آپ تمام ہر پل‘ ہر سانس‘ وضو بے وضو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بس بے شمار دفعہ پڑھیں اور انشاء اللہ آپ چند دن پڑھ کر دیکھیں تو سہی آپ کو اس کا ایسا حیرت انگیز رزلٹ ملے گا کہ آپ کی ہر کھوئی ہوئی چیز آپ کو ضرور ملے گی۔ بس بہت زیادہ اور یقین سے پڑھیں‘ جتنا یقین مضبوط ہوگا اتنا آپ کو اس کا کمال ملے گا اور جتنا یقین کمزور ہوگا اتنا دیر ہوگی۔ چونکہ اس سے پہلے انہوں نے میرے کچھ وظائف اور ذکر اور تسبیحات آزمائے ہوئے تھے۔ فوراً کہنے لگے بس جی آپ نے کہہ دیا تو انگوٹھی ضرور ملے گی اور چلے گئے۔ ڈیڑھ ہفتہ کے بعد میرے پاس آئے کہنے لگے عجیب بات ہے انگوٹھی نہیں ملی‘ میں نے فوراً کہا اللہ تعالیٰ کے دینے میں کمی نہیں آپ کے مانگنے میں کمی ہے‘ پڑھنے اور مانگنے میں کوتاہی ہورہی ہے جس کی وجہ سے آپ کو انگوٹھی نہیں ملی۔ آپ اعتمادِ یقین سے یہی ذکر بہت کثرت سے کریں اور معلوم یہ بھی ہوتا ہے کہ آپ تمام نہیں کررہے‘ انہیں میں نے تسلی دے کر پھر بھیجا‘ کوئی پانچ چھ دن کے بعد میرے پاس آئے اور انگوٹھی لے کر آئے اور اس کے ملنے کی جو کہانی سنائی وہ خود انوکھی ہے۔ کہنے لگے:۔

یہ انگوٹھی مجھے میری دکان کی الماری کی چھت سے ملی ہے۔ دکان کی الماری کی چھت پر زیورات کے پرانے باکس پڑے تھے پرسوں ایک باکس نکالتے ہوئے دو تین باکس نیچے گرے اسی دوران انگوٹھی بھی ساتھ نیچے گری۔ میرا کاریگر اٹھا کر لے آیا کہ استاد جی: یہ انگوٹھی تو یہاں پڑی تھی۔ میں حیران ہوا کہ یہ انگوٹھی یہاں سے کیسے ملی؟ بہت حیرت ہوئی‘ بہرحال مل گئی لیکن ملی کہاں سے؟ یہ آج تک مجھے سمجھ نہیں آئی۔ مجھ سے کہنے لگے کہ جنات تو اٹھا کر نہیں لے گئے؟ میں نے کہا شاید انہی کا کام ہو۔۔۔؟ بہرحال انگوٹھی مل گئی چلتے چلتے ایک اور واقعہ بھی سنتے جائیں:۔

وہ واقعہ یہ ہے کہ ہمارے پڑوس میں ایک گھرانہ آباد ہے وہ اللہ تعالیٰ کو باوقت مجبوری مانتے ہیں‘ ویسے ان کو اللہ تعالیٰ کی زیادہ ضرورت نہیں ہے۔۔۔!(معاذ اللہ) انہوں نے اپنا نام ’’روشن خیال‘‘ رکھا ہے‘ نامعلوم روشنی ان کے پاس کہاں سے آئی۔۔۔؟؟؟ یہ خود میرے لیے حیرت ہے۔

وہ خلاف توقع میرے پاس آئے حالانکہ روحانی دنیا کو انہوں نے آج تک ماننا تو بڑی بات۔۔۔ دور سے دیکھنا بھی پسند نہیں کیا اور میری تمام روحانی دنیا کی ترتیب کے وہ سراسر خلاف ہیں جس کا انہوں نے کئی بار میرے سامنے کھلی زبان سے بھی اظہار کیا لیکن میں ان چیزوں کو زیادہ محسوس نہیں کرتا‘ پسند اپنی اپنی‘ ذوق اپنا اپنا لیکن میں ایسے لوگوں کیلئے فکرمند ضرور ہوتا ہوں‘ کچھ بھی نہ کرسکوں تو انہیں اپنی دعاؤں میں یاد ضرور رکھتا ہوں۔ اللہ سے دعا کرتا ہوں دل کی دنیا کو تو ہی جانے تو چاہے تو ایک پل میں دل کی دنیا بدل دے تو ان کی دل کی دنیا بدل دے تو ایک دن وہ صاحب میرے پاس تشریف لائے اور آتے ہی کہنے لگے کہ جی آپ سے ایک کام ہے‘ میں نے عرض کیا: حکم فرمائیں! کہنے لگے: میری بہو کی دو چوڑیاں گم ہوگئی ہیں اور وہ مل نہیں رہیں۔ ہمارا ملازم بھی چھٹی پر گیا ہوا ہے‘ گھر میں میں‘ بہو‘ اس کے بچے اور میری بیوی کے علاوہ اور کوئی ہے ہی نہیں۔ آخر چوریاں کہاں گئیں؟ سنا ہے آپ کوئی تعویذ شاویذ دیتے ہیں‘ میں نے کہا: میں تعویذ شاویز تو نہیں دیتا۔۔۔ میں کوئی وظیفہ شظیفہ دیتا ہوں۔ کہنے لگے: ٹھیک ہے کوئی وظیفہ بتا دیں‘ بڑا تو نہیں ہوگا۔۔۔! میرے گھر والے زیادہ یہ لفظ نہیں پڑھ سکتے‘ میں مسکرا کر کہنے لگا میں آپ کو انگلش میں کوئی وظیفہ بتادوں۔۔۔ کہنے لگے: ہاں۔۔۔! اگر ایسا ہوسکے تو ہمارے لیے ٹھیک رہے گا۔ میں نے کہا میں مجبور ہوں کیوں کہ قرآن انگلش میں نہیں اترا‘ عربی میں اترا ہے۔ میں بحیثیت مسلمان آپ کو عربی میں وظیفہ بتا سکتا ہوں۔ کہنے لگے چلو بتائیں میں نے یہی وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کاغذ پر لکھ کر دے دیا کہ سارا دن‘ سارا گھر پڑھے ہر حالت میں پڑھے اور کوئی پابندی نہیں اور ہر ہر لمحہ پڑھے‘ چلے گئے۔ پھر مجھے نہیں ملے‘ کوئی دو تین ماہ کے بعد راستے میں چلتے ہوئے گلی میں ملے۔ انہوں نے مجھے کچھ نہیں بتایا‘ بس سلام کر کے جانے لگے تو میں نے خود ہی پوچھا کہ وہ آپ نے مجھ سے وظیفہ لیا تھا‘ بہو کی چوڑیوں کیلئے آپ نے پھر بتایا ہی نہیں۔ کہنے لگے کوئی مشکل ہوتی تو بتاتا‘ آپ نے وظیفہ دیا ہم نے کوئی چھ سات دن ہی پڑھا اور چوڑیاں مل گئیں۔ اور پھر خود ٹھہر کر حیران ہوکر کہنے لگے کہ ایک چیز بتائیں چوریاں بیڈروم سے گم ہوئیں‘ مگر ملیں کچن کے چمچ کے دراز میں‘ وہاں کس نے رکھی تھیں؟ میں نے کہا آپ سائنس کی دنیا کے آدمی ہیں‘ آپ ہی بتائیں۔ کہنے لگے: نہیں! میری سائنس یہاں ناکام ہوگئی ہے‘ مجھے سمجھ نہیں آرہی میں کیا کروں؟ بہرحال کچھ ہے سہی‘ کوئی ایسی دنیا ہے جو میری سمجھ اور عقل سے بالاتر ہے۔۔۔! تو میں نے فوراً کہا جہاں سمجھ اور عقل ختم ہوجاتی ہے روح کی دنیا او روحانی دنیا وہیں سے شروع ہوتی ہے۔ اسی لیے تو کہتا ہوں کہ روح کی دنیا اور روحانیت پر کچھ توجہ کریں۔ بس! کوئی قبولیت کا وقت تھا یا انہیں اللہ کے نام سے فائدہ ہوا تھا اس دن سے ان کی توجہ روحانیت کی طرف زیادہ ہوگئی ہے۔ (جاری ہے)

**مزید انکشافات کیلئے آئندہ قسط پڑھنا نہ**



# قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

**قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے**

## قرآن پاک کو رمضان میں مکمل کرنے کا طریقہ

(رابعہ قمر، لاہور)

رمضان المبارک کے مہینے میں قرآن پاک کو مکمل کرنا مشکل لگتا ہے مگر آپ کو درج ذیل طریقے کے ذریعے قرآن پاک مکمل پڑھنا نہایت آسان ہوگا۔ **بس!** آپ اس طریقے پر ضرور عمل پیرا ہوں:۔ **طریقہ:** اگر آپ کے قرآن پاک کے تقریباً 600 صفحات ہیں تو آپ انہیں 30 دن پر اس طرح تقسیم کریں کہ آپ ایک دن میں 20 صفحات پڑھیں۔ اگر آپ کو ایسا کرنا مشکل دکھائی دیتا ہے تو آپ ایسا کریں کہ ان بیس صفحات کو پانچ نمازوں کے درمیان تقسیم کر لیں ایسا کرنا نہایت ہی آسان ہو جائے گا۔ اگر آپ چار صفحات ہر نماز کے بعد رمضان میں پڑھیں گے تو باآسانی قرآن پاک مکمل ہو جائے گا۔ اگر آپ دو مرتبہ قرآن پاک مکمل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو ہر نماز سے پہلے چار صفحات اور ہر نماز کے بعد چار صفحات پڑھنا ہوں گے۔ اس طریقہ پر عمل سے آپ انشاء اللہ دو مرتبہ رمضان میں قرآن پاک مکمل کر سکیں گے تو آپ سے گزارش ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں قرآن پاک کی تلاوت سے اپنا ہر لمحہ قیمتی بنائیں تو ڈھیروں ثواب کمائیں کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ عام دنوں کی نسبت رمضان المبارک میں ہر عمل اور نیکی کا ثواب 70 گنا بڑھ جاتا ہے تو آپ ضرور ان نیکیوں کو کرنے میں بھرپور حصہ لیں اور اپنی جنت بنائیں اعمال کے ذریعے، انشاء اللہ اجر آپ کو عام دنوں میں نیکیوں سے ملتا ہے وہی رمضان میں اللہ پاک بڑھا کر لوٹاتے ہیں۔ لہٰذا ضرور اعمال کریں۔

## میرے طبی و روحانی لاجواب تجربات

(ے، ا)

**گیس اور ہاضمہ کیلئے پھکی:** اجوائن کو پیس کر اس سے تقریباً آدھی مقدار میں کالا نمک مکس کر کے رکھ لیں۔ کھانے کے بعد آدھا چمچ چائے والا کھائیں۔ انشاء اللہ ہاضمہ زبردست رہے گا اور کبھی بھی گیس کی شکایت نہ ہوگی۔

**تیل یا پانی سے جلے پر نہ نشان بنے نہ آبلہ:** جب خدانخواستہ جسم کے کسی حصہ پر گرم تیل، پانی یا چائے وغیرہ گر جائے تو سب سے پہلے شہد لگائیں، شہد سے جلن تو ضرور ہوتی ہے لیکن چھالہ یا آبلہ نہیں بنتا۔ اس کے بعد گھر کے سفید مکھن کو 101 مرتبہ پانی سے دھو کر مردار سنگ پتھر کو کوٹ کر پاؤڈر بنا لیں اور مکھن میں مکس کر دیں اور جلے ہوئے حصہ پر اچھی طرح لگا دیں۔ یہ مرہم لگاتے ہی ٹھنڈ پڑ جائے گی۔ چاہے کتنا ہی جلا ہوا زخم ہو اس کا نشان نہیں پڑے گا۔ دوائی کو موسم کی مناسبت سے فریج میں رکھ سکتے ہیں۔ **نوٹ:** خیال رہے کہ 101 دفعہ دھونے سے مکھن زہر بن جاتا ہے۔

**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کی برکت:** کسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ضرور پڑھیں۔ یہ میرا بارہا کا تجربہ ہے کہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ وہ کام نہ ہو جس پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھی ہو حتیٰ کہ بعض اوقات برسات کے موسم میں نم ہوئی ماچس کی تیلی بھی جل جاتی ہے۔ ایک بار کپڑے سکھانے کی مشین نہیں چل رہی تھی اسے اندر سے گھما گھما کر میرے بازو تھک گئے، اچانک خیال آیا تو میں نے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا شروع کیا اور چند بار ہی پڑھی تھی کہ میں نے بٹن دبایا اور مشین چل پڑی اور میری حیرت کی انتہا ہی نہ رہی کہ بے شک یہ اللہ کے کلام کی برکت اور تاثیر ہے۔

**عبقری کی ادویات لاجواب ہیں:** محترم حکیم صاحب! پچھلے رمضان کے پورے مہینے میں گھر کے بیشتر افراد نے مشروب عبقری افزا استعمال کیا اور پورا دن پیاس کا پتہ ہی نہیں چلتا تھا۔ ٹھنڈک کا احساس رہتا تھا۔ **ستر شفائیں تجھے ستر ہزار دعائیں:** میرا گلا خراب ہوا، گلٹیاں بن گئیں، تھوک بھی نگلا نہیں جاتا تھا، میں ڈاکٹر کے پاس نہیں گئی بلکہ تین دفعہ زیادہ مقدار میں ستر شفائیں منہ میں رکھ لی، گلا ٹھیک ہو گیا اور گلٹیوں کا پتہ بھی نہ چلا کہ کہاں گئیں۔ **الحمدللہ!** بے اختیار ذہن میں آیا کہ ستر شفائیں تجھے ستر ہزار دعائیں۔ **روحانی عطر باکمال ہے:** روحانی عطر باکمال ہے۔ لگانے سے واقعی نماز میں دھیان ہوتا ہے اور سکون ملتا ہے اور رات کو نیند اچھی آتی ہے۔

## مت بھولو! جانا تو اُسی کے پاس ہے

(نور حرا صدیق، ڈیرہ غازیخان)

**آیئے!** آج ہم آپ کو ایسی چیز سے آگاہ کرتے ہیں کہ پرانے زمانے کی عورتیں کیسے پرجوش ہو کر رمضان المبارک کی تیاری کرتی تھیں۔ میری والدہ اور ان کی ہم عمر آپس میں کہتی تھیں کہ میں دس قرآن پاک ختم کرونگی، ساتھ ہی دوسری کی آواز آتی کہ میں اس سے زیادہ کروں گی۔ اسی طرح رمضان المبارک میں کئی کئی قرآن پاک ختم کر لیے جاتے تھے جیسا کہ وہ زمانہ بدل گیا، رمضان کی تیاریاں کی جاتی ہیں دنیا کیلئے، اپنے لیے، آخرت کیلئے نہیں (کیوں) گھر گھر میں ٹی وی ہے، کیبل ہے، رمضان جیسے پاک مہینے کی قدر نہیں۔ آخر کیوں؟ ایسا کیوں؟ آج کل قرآن کی جگہ گانے سنے جاتے ہیں، نماز کی فکر نہیں، خواتین سب بھول گئیں کہ دنیا فانی ہے، کسی کو نہیں رہنا، رمضان میں ایسے مرد عورتیں ہیں جو روزے نہیں رکھتے ہم شاید یہ بھول گئے کہ جانا تو اسی کے پاس ہے، اسی پروردگار کے پاس ہی جانا ہے۔ **میری بہنو!** اپنی اولاد سے کہو کہ نماز قائم کرو ورنہ ان کے ساتھ تم بھی گنہگار ہوگی، پردے میں رہو، پردہ قائم کرو، گناہ سے بچو، کیوں نہیں سمجھ رہے کہ یہ سیلاب کیوں آ رہے ہیں؟ یہ سب ہمارے نتیجے ہیں۔ نماز پڑھو، قرآن کی تلاوت کرو، پھر دیکھنا کہ یہ عذابات جو آ رہے ہیں کیسے ختم ہوتے ہیں اور نماز میں رو رو کر اپنے اللہ سے دعائیں مانگو، اپنی معافی طلب کرو پھر دیکھنا کہ اللہ آپ کو کیسے معاف فرماتا ہے۔ بے شک پروردگار معاف فرمانے والا ہے۔ آج ہم دنیا میں بہت مصروف ہو گئے ہیں۔ آج کس سے محبت کریں؟ پیسہ سے؟ وہ تو آنی جانی ہے، انسان سے؟ وہ تو مطلبی ہے مگر۔۔۔۔ ایک ذات ایسی ہے جو ہمیں سب کچھ دیتی ہے وہ ذات ہے صرف اللہ کی۔ آج ہم اپنا سب کچھ اللہ پر چھوڑ دیں گے تو اللہ رب العزت ہمیں سب کچھ عطا کر دے گا۔ اس رب سے مانگو ضرور مگر ضد نہ کرو، اپنی ہر رضا اللہ کی رضا میں شامل کر دو پھر

حضرت عبدالرحمن بن عوف جب اپنے گھر میں داخل ہوتے تو چاروں کونوں میں آیت الکرسی پڑھتے تاکہ چاروں گوشوں میں آیت الکرسی محافظ بن جائے اور ہر گوشے میں سے شیاطین دفعہ ہو جائیں۔ بحوالہ کتاب: سورۂ بقرہ سے (انشاء اللہ) شرطیہ بیٹا پائیں

ہیپاٹائٹس جگر سے متاثر مریض پر استعمال شدہ انجکشن کی سوئی اگر تندرست فرد پر استعمال کی جائے تو اس سے بھی یہ عارضہ پھیلتا ہے اس لیے سرنج استعمال کرتے ہوئے احتیاط کریں کہ استعمال شدہ سرنج اور سوئی استعمال نہ ہو۔ بحوالہ کتاب: ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی

دیکھنا کہ وہ کس طرح تمہاری رضا اپنی رضا میں شامل کرتا ہے۔ آج بھی وقت ہے' نماز قائم کرو' قرآن پاک پڑھو' پھر دیکھنا تمہارے کام کس طرح آسان ہوجائیں گے۔ **میری بہنو!** وہ بھی خواتین تھیں جو اپنے بچوں کو گود میں لیکر قرآن پاک پڑھتی تھیں میری بہنو لوٹ کر جانا تو اسی رب کے پاس ہے۔ یہاں تو ہر چیز چھوڑ کر جانی ہے گھر بار' اولاد' دولت' کسی کام کی نہیں سب چھوڑ کر جانا ہے اگر ساتھ جائے گا تو اعمال' ایمان' قرآن اور نماز۔۔۔ اگر یہ سب ساتھ جائے گا تو آخرت بھی اچھی ہوگی اور دنیا بھی اچھی جب وہ رب کریم پوچھے گا کہ اے میرے بندے بتاؤ کہ تم نے دنیا میں کیا کیا تو کیا جواب دو گے؟ نماز قائم کرو' قرآن کی تلاوت کرو' روزے رکھو تاکہ کل جب ہم اللہ کے پاس جائیں تو ہمیں شرمندہ نہ ہونا پڑے کیونکہ نماز' قرآن' روزہ ہماری بخشش کا ذریعہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا کرے۔

## سوداگر لدھیانہ کے نسخہ جات

**(محمد افتخار)**

میرے دادا ایک دارالعلوم سے فارغ التحصیل تھے جو کہ اپنی وفات کے بعد کافی زیادہ تعداد میں فقہ' حدیث اور تفاسیر کی کتب چھوڑ گئے تھے۔ ان میں سے ایک کتاب مذکورہ بھی تھی جو کہ 1913ء میں غالباً لکھی گئی تھی۔ اس کتاب کے مصنف بلند پایہ حکیم تھے۔ یہ کتب میرے لیے کم اہم ہے کیونکہ میں حکیم نہیں بلکہ چوبیس سال کا ایک طالب علم ہوں مگر اس کتاب سے کچھ نسخہ جات عبقری کو دے رہا ہوں تاکہ سب کو فائدہ ہو۔ کتاب سے لفظ بہ لفظ نقل کرکے آپ کو بھیج رہا ہوں' لوگ مرحوم حکیم اور میرے دادا ابو کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھ سکیں۔

**آدھے سر کا درد:** اسطخدوس چھ ماشہ' سیاہ مرچ چھ عدد' کشنیز یعنی دھنیا خشک چار ماشہ' مصری دس گرام' ان کو بہت باریک پانی میں پیس کر سورج نکلنے سے پہلے یہ تمام مقدار استعمال کریں۔ چند ہفتے پانی کے ساتھ۔

**دردسر دومنٹ میں دور ہو:** چونکہ یہ نسخہ قیمتی ہے ورنہ ایسا نسخہ دنیا میں نہیں ہے۔ یہ نسخہ میر احمد شاہ ٹوہانوی کے خاص اسراری نسخوں میں سے ہے۔ دارچینی اڑھائی رتی' فینس ٹین دو رتی' کافنتس سٹراس تین رتی' ان کا سفوف کرکے پانی سے پھانکیں' فوراً آرام آجائے گا۔ تین چار روز برابر کھائیں۔

**قبض کشا حبوب:** برگ سنا ایک تولہ صاف کرکے جس میں کوئی ذرا بھی شاخ نہ ہو لیکن اس کو آدھا تولہ بادام روغن میں چرب کرکے گلقند' مربہ ہلیلہ' مویز منقیٰ' مغز کدو' سونف مقشر ہر ایک ایک تولہ' سب کوٹ پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر رکھیں۔ ضرورت کیلئے ایک یا دو گولی صبح اور دو شام کھلانے سے نہایت عمدہ پیٹ صاف ہوجاتا ہے۔ مروڑ بھی نہیں ہوتا۔

**دس برس کا یرقان اکیس روز میں ختم:** درخت بڑ کے زرد پتے اور کیکر کی پھلیاں جس میں ابھی تخم نہ پڑا ہو ایک ایک کلو لیکر ایک پانی کے گھڑے میں اکیس روز رکھیں پھر لوہے کے کڑاہے میں ڈال کر بالکل ہلکی آگ میں جلائیں کہ افیون کی طرف سے گاڑھا ہوجائے پھر نیچے سے آگ نکال دو اور اس میں پھر دس تولہ بہو پھلی کا باریک سفوف بھی ڈال کر خوب لکڑی سے ہلائیں اور گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر صبح پانی سے روزانہ ایک گولی چند روز کھلائیں مجرب ہے۔ **پرہیز:** گرم مصالحہ دار تلی ہوئی چیزیں' ترشی' بینگن' میٹھی' سرخ مرچ وغیرہ۔۔۔ اگر اس سے بھی زیادہ طاقت ور کرنا ہو تو انہی دونوں چیزوں کا رُب اگر بیس تولہ ہو تو اس میں پانچ تولہ بہو پھلی مزید اور دو تولہ طباشیر' دو تولہ چھلکا اسپغول یعنی بھوسی' دو تولہ مغز تخم املی یہ سب ملا کر گولیاں بقدر بیر بنا کر صبح وشام کھلانے سے دس برس کی جریان اکیس روز میں دفع ہو یہ اکسیری نسخہ ہے۔ **دیگر:** تخم سنگھاڑہ دو تولہ' ثعلب مصری عمدہ ایک تولہ' بنولوں کی گری ایک تولہ' مصری تین تولہ' سب کو پیس کر علی الصباح ایک چھٹانک گھی میں ان کا حلوہ بنا کر کھائیں اور رات کو ایک پاؤ دودھ گائے کا یا بھینس کا نیم گرم پی کر سوجائیں۔ مباشرت سے مکمل پرہیز کریں اگر نزلہ کی شکایت ہو تو دودھ میں ایک ماشہ یا دو ماشہ رائی پیس کر ڈالیں اور نیم گرم پی لیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

**نسخہ آنکھ کی بامنی پلک کو مفید:** یہ نسخہ بڑی محنت سے اور روپیہ خرچ کرکے ایک مولوی صاحب سے حاصل کیا تھا اول لید گدھے کی نیم خشک لے کر ایک گڑھے میں ڈالیں اور آگ لگادیں اور اس گڑھے کے منہ پر کانسی کا بڑا کٹورہ دے دیں کہ تمام دھواں اس کٹورے کے اندر لگتا جائے اور گڑھا تنور کی طرح سے نکالیں کہ جس کے ایک دوسری جگہ ہوا نکلنے کو سوراخ ہو۔ خیر تیسرے چوتھے روز کے بعد جب وہ ایک ٹوکرہ لید کا سرد ہوجائے تو اس کٹورہ کو دیکھیں۔ اس میں خوب کاجل لگ گیا ہوگا۔ پس اس کٹورے میں پانچ تولہ مکھن گائے کا جو سو بار پانی سے دھویا گیا ہو اور سمندر جھاگ چھ ماشہ' سرد چینی تین ماشہ' یہ سب اسی کٹورہ میں ڈال کر نیم کی لکڑی سے جس میں ایک روپیہ تانبے والا لگا ہوا ہو اس سے خوب ان کو گھوٹیں چوتھے پانچویں روز تک دوا تیار ہوجائے گی۔ سنبھال کر رکھیں اور آنکھ میں صبح وشام دو دو سلائی لگائیں بال پلکوں پر نکل آئیں گے۔ مجرب ہے۔

**کشتہ پارہ:** ایک تولہ پارہ صاف اور نصف تولہ سم الفار نصف تولہ مغز جمالگوٹہ سب کو کھرل میں ڈال کر ہمراہ آب مولی یا کنوچہ کھرل کریں یہاں تک آب کنوچہ چار تولہ اور اگر مولی ہے تو دس تولہ جذب ہوجائے تو پھر بیضہ مرغ لے کر اس میں سفیدی اور نصف زردی نکال کر پھر وہ دوا بھریں۔ اگر ایک میں دوا نہ آئے تو دو میں دوا بھریں اور خوب عمدہ طرح سے مٹی کا ضماد کرکے خشک کرکے تین سیر مینگنی بکری کی آگ ایک گڑھا میں ہوا سے محفوظ کرکے دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ ہوگا اور استعمال کروا کر نامرد کو مرد کامل بنائیں۔ ایک دانہ سرسوں کے برابر مکھن

## لیموں سے کینسر کا مریض صحت یاب

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں چھ ماہ سے آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں' بہت ہی اچھا لگا۔ اللہ پاک آپ کو اس کاوش پر اجر عظیم عنایت فرمائے۔ آمین! محترم حکیم صاحب! میرا بیٹا جس سکول میں جاتا ہے وہاں ایک بچے کے والد کو کینسر ہے۔ ایک دن بچے کی والدہ سکول آئیں تو میرے بیٹے نے بچے کے والد کی صحت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے جواب دیا۔ ماشاء اللہ اب کافی بہتر ہیں۔ پھر خود ہی بتانے لگیں کہ ان کے علاج کیلئے تو ہم نے لاکھوں روپے خرچ کیے تھے لیکن کوئی خاص فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ کہنے لگیں کہ میرے شوہر کی زبان کا ذائقہ ہر وقت خراب رہتا تھا' پھر انہوں نے لیموں کا استعمال کیا' لیموں کا شربت بنا بنا کر پیتے' لیموں سالن میں ڈال کر کھاتے حتیٰ کہ لیموں کا استعمال بہت زیادہ بڑھا دیا۔ لیموں ہاتھ میں پکڑ کر چاٹتے رہتے' چوستے رہتے۔۔۔ اس عمل سے انہیں کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ جب ٹیسٹ کروانے ڈاکٹر کے پاس گئے تو رپورٹ کافی بہتر تھی۔ ڈاکٹر کو یقین نہ آیا دوبارہ ٹیسٹ لیے تو ڈاکٹرز حیران رہ گئے۔ انہوں نے میرے شوہر سے پوچھا آپ آج کل کون سی دوائی استعمال کررہے ہیں ماشاء اللہ آپ تو کافی بہتر ہیں تو میرے شوہر نے انہیں بتایا دوائی تو اور کوئی نہیں البتہ لیموں کا استعمال بہت زیادہ کررہا ہوں۔ ڈاکٹرز کہنے لگے اب تو ہم بھی ہر مریض کو لیموں کے استعمال کا مشورہ دیں گے۔ اللہ کی شان کہ اس نے ایک چھوٹے سے لیموں میں شفاء لکھ دی۔ برسات میں ہر چیز میں کیڑا لگ جاتا ہے مگر کسی نے لیموں میں کیڑا لگا ہوا نہیں دیکھا ہوگا۔ **(صغیرہ حبیب' ایبٹ آباد)**

تقویٰ: یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ چادریں اور اوڑھنی وغیرہ فروخت کیا کرتے تھے لیکن جب آسمان ابر آلود ہوتا تو فروخت نہ کرتے اور نہ ہی بازار لے کر جاتے' کسی نے اس کا سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا ابر کے دن خریدار کو اکثر معیوب چیز صاف (بے عیب) نظر آتی ہے۔ **بحوالہ کتاب: شگفتہ باتیں' بکھرے موتی اور انمول یادیں**

یہ جان لیں کہ وزن کی زیادتی' بلڈ پریشر کا زیادہ ہونا سگریٹ نوشی اور خوراک میں چکنائی اور زیادہ چینی کا استعمال خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔ ان سے بچیں' پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ **بحوالہ کتاب: ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی سائنسی اور روحانی ترکیب**

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت)

# دین اور ارباب دین سے استفادہ کا ایک کلیدی نسخہ

**حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔**

شیخ کی وجاہت اور بڑی تعداد میں مسترشدین کے حلقہ کے ساتھ مطاف میں صوفی صاحب کو ان سے مناسبت سی ہوئی اور ان کا دل ان کی صحبت کو غنیمت جان کر ان کی مجلس میں بیٹھنے کو چاہنے لگا' وہ روزانہ مغرب کے بعد ان کی مجلس میں بیٹھنے لگے' صوفی انیس صاحب رحمۃ اللہ علیہ خود بھی صاحب دل لوگوں میں تھے' لوگوں سے تحقیق کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ افغانستان کے ایک نقشبندی سلسلہ کے بڑے شیخ ہیں' دو تین روز کے بعد ایک روز مجلس میں بیٹھے صوفی انیس صاحب پر' شیخ کی نگاہ پڑی' قریب بیٹھے اپنے خواص میں کسی سے انہوں نے پیچھے ہٹ کر صوفی صاحب کو آگے جگہ دینے کیلئے کہا اور صوفی صاحب کو آگے اپنے قریب بلایا۔ صوفی انیس صاحب سے ان کا نام اور پتہ معلوم کیا اور معلوم کیا کہ وہ کس شیخ سے اصلاحی تعلق رکھتے ہیں؟ صوفی صاحب نے بتایا کہ میں حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری سے بیعت تھا اور شیخ نے اپنی حیات میں ہی مجھے تربیت کیلئے مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کردیا تھا اب انہیں سے میرا اصلاحی تعلق ہے' وہ حضرت مولانا سے خوب متعارف تھے بلکہ حضرت مولانا سے خوب عقیدت کا تعلق رکھتے تھے' شیخ نے صوفی صاحب سے فرمائش کی کہ وہ شیخ کا کوئی ملفوظ سنائیں' صوفی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے: میں نے عرض کیا کہ ایک بار میں نے اپنے شیخ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ حضرت! اپنے شیخ سے استفادہ کی بنیادی کلید کیا ہے؟ حضرت والا نے جواب دیا کہ کسی بھی دینی ذریعہ سے' مسجد سے' مدرسہ سے' کتاب سے' قرآن مجید سے' حدیث شریف سے' استاد سے' دینی احکام سے' اپنے شیخ سے' غرض ہر دینی ذریعہ سے استفادہ کی بنیادی کلید ہے عظمت۔۔۔

میں نے عرض کیا کہ سب سے بڑی رکاوٹ کیا ہے؟ حضرت نے ارشاد فرمایا: استخفاف' یعنی ہلکا اور معمولی سمجھنا' صوفی صاحب بتاتے تھے کہ ''افغانی شیخ'' صوفی صاحب سے حضرت مولانا کا یہ ملفوظ سن کر پھڑک گئے' وجد میں آگئے' اپنے رفقاء کو بار بار متوجہ کرتے رہے کہ دیکھو عارف کا قول سنو اور ملفوظ دوبارہ صوفی صاحب سے سنانے کی فرمائش کی' صوفی صاحب نے دوبارہ سنایا تو بس یہی فرماتے رہے' کیا بات فرمائی' کیا نسخہ ارشاد فرمایا' بلاشبہ دین اور اسباب دین سے استفادہ کی شاہ کلید عظمت ہے مگر ہمارے زمانے میں اس کی بہت کمی ہوگئی ہے' خصوصاً دینی مدارس اور دینی مشاغل سے لگے افراد اور طلباء میں اس کی بہت کمی محسوس ہوتی ہے' عموماً دینی تعلیم کی مشغولی یا دینی کاموں کی توفیق کو نعمت عظمیٰ سمجھنے کے بجائے مجبوری اور ایک طرح سے احساس کمتری کے ساتھ ہم لوگ دین اور اہل دین اور دینی خدمات سے وابستہ رہتے ہیں' مگر ایسا لگتا ہے کہ دل و دماغ پر دین اور اہل دین اور ذرائع دین کا استخفاف ہم پر سوار ہے بلکہ بعض دفعہ اس سے بڑھ کر ایک طرح سے اہانت تک بات پہنچ جاتی ہے۔

دینی اعمال کے سلسلہ میں بھی ہمارا یہی معاملہ ہے اور ان کی تعلیم و تربیت اور واجب سنت اور مستحب کی ترغیب کی بات جب زور دے کر کی جاتی ہے تو اکثر جواب ہوتا ہے کہ آپ اتنا کیوں زور دے رہے ہیں؟ سنت ہی تو ہے' مستحب ہی تو ہے' بلاشبہ یہ دین اسلام بہت آسان دین ہے اور اس میں بڑا توسیع اور انسان کیلئے بہت ڈھیل اور گنجائش ہے اور ہمارے فقہاء نے اعمال و احکام کے درجے طے کرکے بڑا احسان کیا ہے' سنت اور مستحب اگر چھوٹ جائے تو فقہی لحاظ سے حرام نہیں' مگر یہ انداز کہ سنت ہی تو ہے مستحب ہی تو ہے' یہ دین اور احکام دین اور ذرائع دین کے استخفاف' بلکہ دل میں اس کی اہانت کی نشان دہی کررہا ہے اور اس استخفاف کے ساتھ کسی بھی دینی ذریعہ سے فائدہ اٹھانا محال ہے۔ کاش! ہم

## (بقیہ: اصلاح کا آسان نسخہ)

دوا بھی مت پیو' بدپرہیزی بھی مت چھوڑو' صرف اس تھوڑے سے نمک کا استعمال سوتے وقت کرلیا کرو آپ دیکھو گے کہ کچھ دن بعد غیب سے ایسا سامان ہوگا کہ ہمت بھی قوی ہوجائے گی شان میں بھی بٹہ نہ لگے گا۔ دشواریاں بھی پیش نہ آئینگی غرض غیب سے ایسا سامان پیدا ہوجائے گا کہ آپ کے ذہن میں بھی نہیں ہے۔ (ماخوذ از: ملت ابراہیم ص45) قارئین سے گزارش ہے کہ آپ بھی بخل توڑ کر ثواب کی نیت سے روحانی اور طبی ٹوٹکے رسالہ کیلئے ضرور بھیجیں۔

کلیمی لاہور

# اصلاح کا آسان نسخہ

**درج ذیل ٹوٹکہ ضرور پابندی سے رات کو سوتے وقت انہی الفاظ کے ساتھ ادا کریں۔ یہ ٹوٹکہ برصغیر کی ایک روحانی شخصیت کا عطا کردہ ہے**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ طلب خیر لوگوں کیلئے ایک پلیٹ فارم عبقری رسالہ کی صورت میں مہیا کردیا ہے جس میں روحانی اور طبی ٹوٹکے ہر شخص کی بھلائی اور اپنے ثواب کی نیت سے پیش کرسکتا ہے۔ درج ذیل ٹوٹکہ ان لوگوں کیلئے ہے جو مسلمان مرد و عورت اپنی اصلاح کرنا چاہتے ہوں تاکہ وہ آخرت میں نجات کا ذریعہ بننے والے نیک اعمال کرسکیں مگر اپنی روحانی کمزوری کی وجہ سے نہ کرسکتے ہوں اور یہ حسرت موجود ہو مگر عمل کی ہمت نہ پڑتی ہو تو درج ذیل ٹوٹکہ ضرور پابندی سے رات کو سوتے وقت انہی الفاظ کے ساتھ ادا کریں۔ یہ ٹوٹکہ برصغیر کی ایک روحانی شخصیت کا عطا کردہ ہے۔ (الفاظ نہ بدلے جائیں) روزانہ دو رکعت نفل نماز توبہ کی نیت سے پڑھ کر اس کے بعد اول و آخر درود شریف طاق تعداد میں پڑھیں اور درمیان درج ذیل دعا مانگیں:۔ اے اللہ! میں آپ کا/ کی سخت نافرمان بندہ/ بندی ہوں۔ میں فرمانبرداری کا ارادہ کرتا/ کرتی ہوں مگر میرے ارادے سے کچھ نہیں ہوتا اور آپ کے ارادے سے سب کچھ ہوسکتا ہے میں چاہتا/ چاہتی ہوں کہ میری اصلاح ہو مگر ہمت نہیں ہوتی۔ آپ ہی کے اختیار میں میری اصلاح ہے۔ اے اللہ! میں سخت نالائق ہوں' سخت گنہگار ہوں میں تو عاجز ہو رہا/ رہی ہوں۔ آپ ہی میری مدد فرمایئے۔ میرا دل ضعیف ہے' گناہوں سے بچنے کی قوت نہیں' آپ ہی قوت دیجئے' میرے پاس کوئی سامان نجات نہیں' آپ ہی غیب سے میری نجات کا سامان پیدا کردیجئے۔ اے اللہ! جو گناہ میں نے اب تک کیے ہیں انہیں آپ اپنی رحمت سے معاف فرمادیجئے۔ گو میں یہ نہیں کہتا/ کہتی کہ آئندہ ان گناہوں کو نہ کروں گا/ گی۔ میں جانتا/ جانتی ہوں کہ آئندہ پھر کرلوں گا/ گی لیکن پھر معاف کرالوں گا/ گی۔ غرض اسی طرح سے روزانہ اپنے گناہوں کی معافی اور اپنی عاجزی کا اقرار اور اپنی اصلاح کی دعا اور اپنی نالائقی کو خوب اپنی زبان سے کہہ لیا کرو صرف دس منٹ روزانہ یہ کام کرلیا کرو۔ لو بھائی (باقی صفحہ نمبر 43 پر)

محمد آصف قائم خانی

# بیٹے نے دادا کا بدلہ باپ سے لے لیا

ریل کے ڈبے میں باپ کو بٹھایا اور جب گاڑی چلنے لگی تو باپ کو کہنے لگا ابو میں ذرا پھل لے آؤں اور گاڑی سے اتر گیا اور گاڑی جیسے ہی چلنے لگی تو حامد کے والد نے خوب آوازیں لگائیں لیکن حامد نے ایک نہ سنی اور اس کا باپ چلاتا رہا۔۔۔لیکن حامد کے کان پر جوں تک نہ رینگی

یہ واقعہ 70ء کی دہائی کا ہے۔ ہمارے شہر سے پانچ کلومیٹر دور ایک گاؤں ہے۔اس گاؤں میں حامد نامی شخص اپنے باپ کے ساتھ رہتا تھا' اس کا باپ بوڑھا ہو چکا تھا وہ اپنے باپ کی تیمارداری سے عاجز آ گیا بلکہ باپ جو دعاؤں کا ذریعہ ہوتے ہیں ان سے اپنی جان چھڑوانا چاہتا تھا ایک دن اس نے بہانا بنایا کہ علاج کے بہانے اس کو لے جا کر کہیں چھوڑ آئے اور خود آزاد ہو جائے۔اس وقت کنڈیارو شہر سے ٹرین گزرتی تھی اور حامد اپنے والد کو لے کر سیدھا کنڈیارو پہنچا' ریل کے ڈبے میں باپ کو بٹھایا اور جب گاڑی چلنے لگی تو باپ کو کہنے لگا ابو میں ذرا پھل لے آؤں اور گاڑی سے اتر گیا اور گاڑی جیسے ہی چلنے لگی تو حامد کے والد نے خوب آوازیں لگائیں لیکن حامد نے ایک نہ سنی اور اس کا باپ چلاتا رہا۔۔۔لیکن حامد کے کان پر جوں تک نہ رینگی اور خوشی خوشی گھر آ گیا۔

وقت کا پہیہ گھومتا رہا' حامد کی اولاد جوان ہوگئی اور حامد بوڑھا ہو گیا حامد کا ایک جوان بیٹا بھی اپنے باپ سے ویسے ہی تنگ تھا جیسے حامد اپنے باپ سے تنگ تھا' وہ باپ کی روز روز کی بیماری سے عاجز آ گیا اور ایک دن حامد کا بیٹے نے کہا ابا چلو آپ کو ڈاکٹر کو دکھا دوں اب منظر وہی تھا لیکن چہرے تبدیل ہو گئے تھے۔حامد کا بیٹا بھی باپ کو ریلوے اسٹیشن لے آیا اور ریل کے ڈبے میں بٹھا دیا جب گاڑی چلنے لگی تو حامد کے بیٹا بولا: ابا جان آپ بیٹھیں میں ذرا تھوڑا سا پھل لے آؤں تو جیسے حامد کو جھٹکا لگا اور اس کے سامنے وہی منظر گھوم گیا جو سالوں پہلے اُس نے اپنے باپ کے ساتھ کیا تھا اور آج تک کسی کو خبر تک نہ ہوئی کہ حامد کے باپ کے ساتھ کیا ہوا؟ اور آج حامد خود اس مقام پر تھا وہ سب کچھ اس کے ساتھ ہونے والا تھا۔

ایک دم حامد نے آگے بڑھ کر بیٹے کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگا بیٹا اس روایت کو یہیں ختم کر دو۔۔۔ اور زارو قطار روتے ہوئے اپنے بیٹے کو سارا واقعہ بتا دیا۔بیٹے کو ساری بات سمجھ آ گئی کہ یہ مکافات عمل ہے اسی وجہ سے اس کو باپ سے دن بدن اتنی نفرت ہو رہی تھی۔حامد اپنے بیٹے کے ساتھ گھر واپس آ گیا۔حامد ہر وقت رو رو کر اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا رہتا۔بیٹے نے بھی اس کا خوب علاج کروایا اور خوب باپ کی خدمت کی۔وقت کے ساتھ ساتھ حامد اور اس کا بیٹا تو دنیا سے چلے گئے مگر ان کی اولاد آج بھی زندہ ہے اور سب حافظ قرآن ہیں۔

## (بقیہ: خوشگوار صحت کیلئے ناک کو وقت دیں)

پہلے دائیں نتھنے میں کلاک اور اینٹی کلاک یعنی دائیں بائیں آدھے منٹ کیلئے گھمائیں' اس کے بعد پھر تیل یا ویزلین لگا کر دوسرے نتھنے میں' اس طرح آدھے منٹ کیلئے خوب گھمائیں کم از کم سات دفعہ دائیں اور سات دفعہ بائیں۔۔۔! ورنہ! تین' پانچ دفعہ دائیں بائیں ضرور گھمائیں۔ یہ آپ دن میں تین دفعہ بھی کر سکتے ہیں' پانچ دفعہ بھی کر سکتے ہیں' صبح و شام بھی کر سکتے ہیں۔ کچھ بھی نہیں تو سوتے وقت ضرور کریں۔بس۔۔۔یہی ٹوٹکہ ہے یہی سروس ہے اور یہی انمول ہیرا اور انمول صحت کا خزانہ ہے۔ قارئین! بولیں کتنا مہنگا علاج ہے یا کتنا زیادہ وقت لگتا ہے۔آپ آزما کر دیکھیں تو سہی۔۔۔! آپ کے چہرے کا حسن' آپ کی الرجی' نزلہ' زکام' چھینکیں' فلو' دماغ' سر درد اور ٹینشن ان تمام چیزوں کیلئے آپ کو ایک ایسا تحفہ ملے گا جس تحفہ کے اندر آپ کو انمول صحت کا خزانہ چھپا ہوا خود بولے گا۔آیئے! اس ہلکے سے ٹوٹکے کو آزمائیں بھی' پھیلائیں بھی اپنے لیے بھی اور اپنی نسلوں کیلئے بھی۔قارئین! میرے پاس کوئی سینکڑوں نہیں ہزاروں واقعات ہیں اس ٹوٹکے کی شفایابی کے میں خود سالہا سال سے کر رہا ہوں اور بے شمار لوگوں کو بتا رہا ہوں جس کو بھی بتایا فائدہ ہی فائدہ پایا۔

## (بقیہ: درود شریف سے تنگدستی' فقر اور غربت بالکل ختم)

☆ درود شریف دعاؤں کی قبولیت کا سبب ہے۔☆ درود شریف قرآن پاک کو یاد کرنے کا ذریعہ ہے۔☆ درود شریف منہ اور جسم کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔☆ درود شریف پڑھنے والے کیلئے قیامت میں ایک خاص قسم کا نور ہوگا۔☆ درود شریف پڑھنے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔☆ درود شریف پڑھنے سے رزق میں فراخی ہوتی ہے۔☆ درود شریف پڑھنے والے کو اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔☆ درود شریف پڑھنے والے کی اللہ رب العزت سے ملاقات ہوتی ہے۔☆ درود شریف پڑھنے سے اسی سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔☆ درود شریف پڑھنے سے نفاق اور جہنم سے نجات ملتی ہے۔درود شریف جب تک لکھا رہے گا تب تک ثواب ملتا رہے گا۔

## (بقیہ: رمضان حضرت حکیم صاحب کیساتھ گزارنے کے بعد)

کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہوں اور اللہ کریم و مہربان توفیق بخشتا ہے۔۔۔ برکت والی تھیلی پر پہلے دو بار مگر اب دن میں ایک بار 129 بار سورۂ کوثر پڑھتا ہوں۔۔ کبھی خالی نہیں ہوئی۔محترم حکیم صاحب! الحمدللہ اب میرے حالات پہلے سے بہت بہتر ہو رہے ہیں میں نے آپ کا ایک وظیفہ حم لاینصرون جو کہ ہر وقت کھلا پڑھنا ہے جس کسی کو بھی دیا اور وہ مجھے کچھ عرصہ کے بعد جب بھی ملا مجھے دعائیں ہی دیں۔بہت سے لوگ دو انمول خزانہ اور حم لاینصرون سے مستفید ہو رہے ہیں۔الحمدللہ (ابرار سرور عباسی' مظفر آباد)

قسط نمبر 2

# دیمک سے نجات تجربات کے بعد

قارئین نے دیمک سے نجات کے تجربات لکھے جو سلسلہ وار ہم امانت آپ تک پہنچاتے رہیں گے۔

**جناب محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** جس گھر میں لکڑی' دروازے یا کسی بھی لکڑی کی چیز کو دیمک لگ جائے تو آپ موٹرسائیکل سے جو موبل آئل استعمال شدہ نکالتے ہیں اس سے دروازے' لکڑی کی جگہ جہاں دیمک لگی ہو وہاں پر ملیں۔یہ آئل کسی بھی ورک شاپ سے عام مل جاتا ہے۔اس سڑے ہوئے کالے تیل کو ملنے سے کبھی بھی دروازے یا فرنیچر کو دیمک نہیں لگتی۔ میں ایک گاؤں میں رہتا ہوں ہمارے گھر پر بھی دیمک نے حملہ کر دیا تھا' میں نے موٹرسائیکل مکینک سے سڑا ہوا کالا انجن آئل لے کر دروازے اور بالے جو چھت پر ڈالے جاتے ہیں تیل مل دیا کبھی بھی دیمک نہیں لگی۔اگر آپ دروازے یا لکڑی کا فرنیچر نیا بنوا رہے ہیں تو پہلے چلا ہوا موبل آئل لکڑی کی چیزوں پر مل دیں اس کے بعد ان پر رنگ کر دیں۔**(محمد زاہد جاوید' میلسی)**

**صدقہ سے دیمک کا خاتمہ:** قرآن پاک کے وزن کے برابر کسی کو گندم صدقہ کر دیں' دیمک گھر چھوڑ دیں گے۔**(محمد ابراہیم' گجرات)**۔**دیمک کے خاتمہ کا ٹوٹکہ:** دیمک کے کپڑوں پر مٹی کا تیل ڈالنے سے کیڑے مر جاتے ہیں۔**(مسعود احمد وٹو' قلعہ دیدار سنگھ)**۔**گیہوں میں گھن یا دیمک نہ لگنے کا مجرب عمل:** عبداللہ' عروہ' قاسم' سعید' ابوبکر' سلیمٰن' خواجہ یہ اسماء کاغذ پر لکھ کر گیہوں میں رکھ دیں' گھن اور دیمک کبھی نہ لگے گا' انشاء اللہ۔اس کے علاوہ یہ نام درد سر کیلئے پڑھ کر دم کریں یا لکھ کر گلے میں باندھیں۔ **(ابوعبداللہ' بھٹو کالونی کراچی)**

## ایڈیٹر کی قارئین سے پرزور اپیل

ایڈیٹر قارئین کا مشکور ہے کہ سابقہ اپیل 'دیمک کے بارے میں' قارئین نے اپنے مشاہدات و تجربات بھیجے۔قارئین کی امانت قارئین تک پہنچانے کیلئے ہر مہینے ''دیمک سے نجات تجربات کے بعد'' عبقری میں شائع ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ فوری طور پر دو بیماریوں ''نظر کی کمزوری خاص طور پر بچوں کیلئے یا بڑوں کیلئے اور نیند نہ آنے کیلئے یعنی بے خوابی'' کے بارے میں اپنے روحانی یا طبی تجربات و مشاہدات' کوئی ٹوٹکہ' کوئی نسخہ' کوئی عمل ایڈیٹر عبقری کو بھیجیں ایڈیٹر آپ کا مشکور ہوگا۔**قارئین!** چونکہ ڈاک بہت زیادہ ہوتی ہے۔اس لیے لفافے پر جہاں عبقری کا پتہ لکھا ہوا ایک کونے پر موٹا موٹا یہ لفظ ضرور لکھیں ''نظر کیلئے اور نیند کیلئے''۔تا کہ آپ کا لفافہ فوری طور پر کھولا جائے۔ **(ایڈیٹر عبقری)**

خواہشات کو کچلنے والا کام ہم میں سے ہر ایک کو کرنا ہے۔یہ بہت ہی اہم کام ہے۔یہ کوئی فضائل کا کام نہیں ہے بلکہ فرائض کا کام ہے۔اسی کو تزکیہ نفس کہتے ہیں۔چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''جس نے تزکیہ حاصل کیا وہ فلاح پا گیا اور نامراد ہوا وہ شخص جس نے اس کو خاک میں ملا چھوڑا'' **بحوالہ کتاب: شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر**

اسلام سن بلوغت کے بعد شادی لازم قرار دیا ہے بلکہ اسے سنت اور بعض مواقع پر واجب قرار دیا لیکن یورپ کی ناکام شادیاں یورپین افراد کو شادی کے بغیر حرام کاری پر مجبور کر رہی ہیں۔اسلام کتنا عظیم مذہب ہے کہ اس نے مسلمانوں کو شادی جیسے لازوال علاج کی طرف مائل اور راغب کیا۔**بحوالہ کتاب: سنت نبویؐ اور جدید سائنس جلد سوئم**

محمد ظفر اقبال، اسلام آباد

# رمضان کا شکوہ مسلمانوں سے۔۔۔

**میں تو وہ پاک مہینہ ہوں جس میں ایک رات ایسی بھی آتی ہے جو ہزار راتوں سے بھی زیادہ افضل ہے، مجھے اس پر بہت فخر ہے لیکن تم لوگوں نے اسے پانے کی کبھی سنجیدہ کوشش ہی نہیں کی۔ کیا تم لوگوں میں کوئی ایک بھی دعویٰ کرسکتا ہے کہ میں نے اس بابرکت رات کو پالیا**

میں اسلامی سال کا سب سے افضل اور سردار مہینہ ہوں ہر سال اپنے ساتھ بہت سی عظمتیں، برکتیں اور رحمتیں لے کر آتا ہوں۔ بخشش اور مغفرت کا ایک پیکیج لیکر آتا ہوں لیکن۔۔۔ افسوس ہے مسلمانو! تم پر کہ تم نے مجھے سمجھا ہی نہیں۔ تم نے مجھ سے کوئی فائدہ اٹھایا ہی نہیں۔ ہر سال آتا ہوں اور گزر جاتا ہوں لیکن تمہاری حالت۔۔۔ تمہاری عادتیں۔۔۔ تمہارے اعمال۔۔۔ ویسے کے ویسے ہی ہیں جس طرح میرے آنے سے پہلے تھے۔ میرے جانے کے بعد بھی ویسے ہی ہوتے ہیں۔ درحقیقت اللہ پاک تم لوگوں سے بہت محبت اور پیار کرتا ہے اتنا پیار جتنا ایک ماں اپنے بچے سے بھی نہیں کرتی۔ اسی لیے وہ تمہاری اصلاح چاہتا ہے تم لوگوں کی بخشش چاہتا ہے، تم کو جہنم کے گڑھے سے بچانا چاہتا ہے تاکہ تم لوگوں میں سے کوئی بھی جہنم کا ایندھن نہ بنے کیونکہ اللہ پاک کو تم لوگوں سے بہت پیار ہے۔ اسی لیے اللہ پاک مجھے ہر سال تم لوگوں میں بھیجتا ہے تاکہ تمہاری سالانہ ٹریننگ ہوسکے اور جو کچھ تم سال بھر میں بھول چکے ہو اس کی دوبارہ یاد دہانی ہوسکے اور تمہاری اصلاح ہوسکے۔ لیکن افسوس کہ تم مجھ سے کوئی فائدہ نہیں اٹھاتے۔ تم لوگ روزے بھی رکھتے ہو لیکن صرف برائے نام۔۔۔ صرف اپنے آپ کو روزہ دار کہلانے کیلئے تم روزہ بھی رکھتے ہو نمازیں بھی پڑھتے ہو، نماز تراویح بھی ادا کرتے ہو لیکن۔۔۔ ساتھ ساتھ جھوٹ بھی بولتے ہو، بددیانتی بھی کرتے ہو، لڑائی جھگڑے بھی کرتے ہو، غیبت بھی کرتے ہو، رشوت خوری بھی کرتے ہو، حلال و حرام کی تمیز نہیں کرتے، ملاوٹ بھی کرتے ہو، چغل خوری بھی کرتے ہو، بدنظری بھی کرتے ہو، ناجائز منافع خوری بھی کرتے ہو حتیٰ کہ جو حرکتیں اور اعمال تم لوگ میرے آنے سے پہلے کر رہے ہوتے ہو میرے آنے اور میرے جانے کے بعد بھی تم وہی اعمال کرتے ہو۔ ذرا بھر تمہاری زندگی میں تبدیلی نہیں آتی۔ یہی وجہ ہے کہ آج تم لوگ طرح طرح کی تکلیفوں، مصیبتوں، پریشانیوں میں گھرے ہوئے ہو۔ ذلت و رسوائی تمہارا مقدر بن گئی ہے۔ تمہاری اولادیں تمہاری نافرمان بن گئی ہیں۔ میرے آنے کا مقصد تو تم لوگوں کو تقویٰ اور صبر کی تلقین کرنا ہے۔ لیکن کیا مجال۔۔۔ تم لوگوں نے کوئی تلقین حاصل کی ہو۔ افطاری کے دوران جس بے صبری کا تم لوگ مظاہرہ کرتے ہو، میری روح کو بہت تکلیف پہنچتی ہے، طرح طرح کے پکوان اور کھانے لیکر افطاری کیلئے دسترخوان پر اکٹھے ہوجاتے ہو جیسے جانور چارے پر اکٹھے ہوجاتے ہیں اور اس طرح کھانے پر پڑتے ہو جیسے زندگی میں کبھی کھانا دیکھا ہی نہ ہو۔۔۔ یوں لگتا ہے جیسے تم لوگ دنیا پر صرف کھانے کیلئے ہی آئے ہو۔ حالانکہ روزہ تو صرف ایک کھجور اور ایک گلاس پانی سے بھی افطار ہوجاتا ہے۔ کہاں گیا۔۔۔ وہ صبر جس کی میں نے تلقین کی تھی۔ میری کونسی بات تم لوگ مانتے ہو اور کس پر عمل کرتے ہو۔ کم از کم میرا کچھ تو خیال کیا ہوتا۔۔۔! کچھ تو حیا کیا ہوتا۔۔۔! کچھ تو احترام کیا ہوا۔۔۔! مجھے سال میں ایک دفعہ آنا ہوتا ہے۔ میں تو وہ پاک مہینہ ہوں جس میں ایک رات ایسی بھی آتی ہے جو ہزار راتوں سے بھی زیادہ افضل ہے، مجھے اس پر بہت فخر ہے لیکن تم لوگوں نے اسے پانے کی کبھی سنجیدہ کوشش ہی نہیں کی۔ کیا تم لوگوں میں کوئی ایک بھی دعویٰ کرسکتا ہے کہ میں نے اس بابرکت رات کو پالیا۔۔۔ اس کا نظارہ کرلیا۔۔۔ میرے خیال میں ایسا کوئی شاید ہی ہو۔۔۔ میرے آنے سے عبادات کے ثواب میں کئی گنا اضافہ ہوجاتا ہے۔ یہ سب کچھ میری برکت سے ہوتا ہے لیکن تم لوگ میری ان برکات سے فائدہ نہیں اٹھاتے۔ افسوس ہے تم پر۔۔۔ حضور پاک ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ جس نے رمضان المبارک کا مہینہ پایا اور وہ اپنی بخشش نہ کرواسکا تو اس پر ہلاکت ہے۔ میرے آنے اور جانے سے تمہاری زندگیوں میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ کاش! تم لوگ مجھے اور میری عظمت کو پہچان پاتے تو آج تم لوگ اس طرح ذلیل و خوار نہ ہو رہے ہوتے۔ میں جب بھی آتا ہوں تو بجائے اپنی بخشش کا سامان اکٹھا کرنے کے تم لوگ افطاریوں کا سامان اکٹھا کرنا شروع کردیتے ہو۔۔۔ عید کا سامان اکٹھا کرنا شروع کردیتے ہو۔ غریبوں، یتیموں، بیواؤں اور بے سہارا لوگوں کی عید کا تم لوگ ذرا بھر خیال نہیں کرتے۔ پھر کہتے ہو ہمارے روزے، ہماری نمازیں، ہماری عبادات منظور نہیں ہوتیں۔ (باقی صفحہ نمبر 46 پر)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

# مراقبے سے علاج

**مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔**

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد اَلرَّحۡمٰنُ اَلرَّحِیۡمُ ورد کریں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ”آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں“ یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## مراقبے سے فیض پانے والے

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں عبقری رسالہ پچھلے دو سال سے پڑھ رہی ہوں۔ اس رسالے میں موجود وظائف اور نسخہ جات نے میری زندگی کو آسان بنا دیا ہے۔ اس میں موجود وظائف نے میری بہت سی پہاڑ جیسی مشکلات ختم کردی ہیں جس کیلئے میں آپ کو، آپ کی نسلوں اور ادارہ عبقری کے ہر کارکن کو ہمیشہ دعاؤں میں یاد رکھتی ہوں۔ محترم حکیم صاحب! مجھے مراقبے کا شوق تقریباً پانچ چھ سال پہلے کا تھا، مراقبے کے بارے میں میں نے نیٹ پر بہت ریسرچ بھی کر رکھی تھی لیکن کبھی مراقبے سے کچھ ملا نہیں تھا۔ مگر جب سے عبقری رسالہ میں موجود مراقبہ کا پڑھا اور میں نے چھ ماہ مسلسل مراقبہ کیا تو ایک مرتبہ میں نے دیکھا کہ میں دوسرے آسمان پر ہوں اور ہر طرف مجھے روشنی ہی روشنی نظر آئی، اسی طرح مختلف مراقبوں میں مجھے مختلف متبرک جگہوں کی زیارات کروائی گئیں، مراقبہ کرنے کی وجہ سے میری بہت سی روحانی و جسمانی بیماریاں بھی ختم ہوگئی ہیں۔ (پوشیدہ)

نبی کریم ﷺ نے منہ کے بل لیٹ کر کھانے سے منع فرمایا (ابن ماجہ) فزیالوجی کے لحاظ سے اس کے نقصانات ملاحظہ فرمائیں! اس طرح کھانے سے آکسیجن جسم میں نہیں جا پاتی اس لیے نظام تنفس اور نظام ہضم میں خرابی مستقل رہے گی معدے اور آنتوں پر بوجھ رہے گا خوراک کے ذرات پھیپھڑوں میں جانے کے خطرات رہیں گے۔ بحوالہ کتاب: سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس جلد

احادیث میں جوتے اور موزے جھاڑ کر پہننے کا حکم فرمایا ہے۔ (زاد المعاد) بعض اوقات جوتوں میں کوئی زہریلا جانور گھس جاتا ہے اگر بغیر جھاڑے اس کو استعمال کیا تو وہ ڈس سکتا ہے حتیٰ کہ زندگی کو خطرہ ہوتا ہے۔ بحوالہ کتاب: سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس جلد دوم

# رمضان کے بعد زندگی کیسے گزاریں؟

حذیفہ روستانوی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے بارے میں مروی ہے کہ آپ اختتام رمضان پر فرماتے: اے وہ شخص جس کی عبادتیں قبول ہوئیں' تجھے مبارک ہو اور وہ شخص جس کی عبادتیں مردہ ہوئیں یعنی قبول نہ ہوسکی اللہ تیرے نقصان کی تلافی کرے۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا' اے اللہ کے رسول ﷺ اللہ رب العزت کے ارشاد وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿مؤمنون۶۰﴾ سے مراد کیا شراب نوشی کرنے والے' چوری اور زنا کرنے والے ہیں؟ آیت کا ترجمہ: اور جن لوگوں کو دیا گیا' وہ جو دیا گیا' جبکہ ان کے دل خوف زدہ ہوگئے اس لیے کہ وہ (یقین رکھتے ہیں کہ) اپنے پالنہار اور پروردگار کی طرف لوٹائے جانے والے ہیں۔ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صدیق کی بیٹی' اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں' نمازیں پڑھتے ہیں' صدقہ خیرات کرتے ہیں اور پھر اس بات سے ڈرتے ہیں کہ کیا ان کے اعمال صالحہ قبول ہوئے یا نہیں؟ یہی وہ لوگ ہیں جو خیرات میں سبقت کرتے ہیں۔

اس پوری روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سورۂ مؤمنون کی 60ویں آیت کی مراد سمجھ نہ سکیں تو انہوں نے نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ میں ''يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا'' کی مراد گنہگار بندے سمجھی کہ گناہ کرنے کے بعد وہ خوف زدہ ہوجاتے ہیں اور یوم الحساب کا منظر انہیں یاد آجاتا ہے تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں بلکہ اس سے مراد اعمال صالحہ کرنے والے اور مخلصین ہیں جو عمل صالحہ کرکے مطمئن نہیں ہوتے' بلکہ ڈرتے رہتے ہیں کہ پتہ نہیں ہمارا عمل عنداللہ قبول بھی ہوا یا نہیں؟ اور پتہ نہیں کل قیامت کے دن کیا ہوتا ہے' اجر بھی ملتا ہے یا نہیں؟ کہیں ریاء کاری' بدنیتی' شرک فی العبادۃ جیسی کسی چیز کی آمیزش تو نہیں ہوئی جن کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہیں' یہ ہے اصل حقیقت۔۔۔ ہم لوگوں کی طرح نہیں' اگر ایک نیکی کی ہو تو بس ختم ہوگیا' پوری دنیا میں ڈھنڈورا پیٹیں گے اور مطمئن ہوجائیں گے کہ عمل قبول ہو ہی گیا' لہٰذا کوئی فکر کی بات نہیں' میرے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: **والمخلصون علی خطر عظیم** کہ مخلص بھی عظیم خطرے پر ہے۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' مؤمن کی نشانی یہ ہوتی ہے کہ وہ خوب محنت مجاہدہ سے نیکی کرتا ہے مگر اللہ سے ڈرتا رہتا ہے اور منافق کی نشانی یہ ہے کہ وہ برائی کرکے بھی مطمئن رہتا ہے اور ڈرتا بھی نہیں ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے بارے میں مروی ہے کہ جب رمضان المبارک کی آخری رات ہوتی تو آپ فرماتے ہائے کاش! مجھے معلوم ہوجائے کہ کون ہے وہ شخص جس کی رمضان المبارک میں عبادتیں قبول ہو' تو میں انہیں مبارکباد دیتا اور اگر مجھے معلوم ہوجائے کہ کون ہے جس کی عبادتیں قبول نہ ہوں اور وہ محروم رہا تو ہم اس کی تعزیت کرتے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے بارے میں مروی ہے کہ آپ اختتام رمضان پر فرماتے: اے وہ شخص جس کی عبادتیں قبول ہوئیں' تجھے مبارک ہو اور وہ شخص جس کی عبادتیں مردہ یعنی قبول نہ ہو' اللہ تیرے نقصان کی تلافی کرے۔ حضرت عامر بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ اختتام رمضان پر رونے لگے تو لوگوں نے کہا آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تو فرمایا قسم بخدا متاع دنیا کے ضائع ہونے پر نہیں رو رہا ہوں' میں تو روزے میں پیاس کی شدت پر اور ٹھنڈی رات میں اللہ کے حضور میں کھڑے ہونے کی مشقت کے ہاتھوں سے چلے جانے پر رو رہا ہوں' یعنی روزہ' تراویح اور دیگر رمضانی عبادت اب نہ ہونے کا افسوس ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے عیدالفطر کے خطبہ میں فرمایا: اے لوگو! تم نے تیس دن روزے رکھے اور تیس راتوں میں اللہ کے حضور تراویح اور نمازیں پڑھیں اور آج تم عیدگاہ کی طرف آئے ہو تاکہ اللہ سے دعا کرو کہ وہ تمہاری عبادتوں کو قبول کرے۔ ایک بزرگ کو عید کے دن لوگوں نے غم زدہ دیکھا تو لوگوں نے کہا کہ خوشی اور مسرت کے دن آپ غمزدہ کیوں نظر آرہے ہیں؟ تو فرمایا: بات تو صحیح ہے کہ یہ خوشی اور مسرت کا دن ہے مگر مجھے اس بات نے غم میں ڈال رکھا ہے کہ میں اللہ کا بندہ ہوں جس نے مجھے روزے اور دیگر عبادات کا حکم دیا مگر مجھے نہیں علم کے میرے یہ اعمال عنداللہ مقبول بھی ہوئے یا نہیں؟

علامہ ابن رجب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اسلاف واکابر کا طریقہ یہ رہا کہ وہ چھ ماہ دعا کرتے کراتے' ہمارے لیے رمضان المبارک کا ماہ مبارک مقدر فرما اور چھ ماہ دعا کرتے اللہ ہمارے رمضان کے روزے اور تمام عبادتوں کو قبول فرما! عبدالعزیز بن روّاد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے بے شمار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو دیکھا کہ جب بھی وہ کوئی نیکی کا کام کرتے پھر اس فکر میں مبتلا ہوجاتے کہ پتہ نہیں ان کا یہ عمل اور یہ نیکی قبول ہوئی یا نہیں اور پھر خوب قبولیت کی دعا کرتے۔ بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے دریافت کیا کہ حضرت بہت سے مسلمان ایسے دیکھے گئے جو صرف رمضان المبارک میں خوب عبادت اور مجاہدہ کرتے ہیں اور بقیہ سال بھر پھر کچھ نہیں' تو آپ نے فرمایا: ایسا اس لیے کہ انہوں نے اللہ کو کما حقہٗ نہیں پہچانا اور عارضی صرف رمضان المبارک کی حد تک کی عبادت کس کام کی؟ اصل عبادت اور حقیقی صلاح وتقویٰ تو یہ ہے کہ مسلمان سال بھر عبادت وریاضت' مجاہدہ ومحاسبہ میں لگا رہے۔

حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے دریافت کیا' رجب افضل یا شعبان؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بندہ خدا شعبانی اور رجبی بن کر کیا فائدہ ربانی بن جا۔۔۔ یعنی صرف رجب وشعبان کی فضیلت معلوم کرکے اسی میں عبادت مت کر بلکہ ربانی بن جا۔۔۔ یعنی سرتاپا از شعور تا موت اللہ کا ہوکر اسی کا بن جا۔۔۔ تاکہ کامیاب وبامراد ہوجائے۔

بندہ خدا۔۔۔! کیا تجھے اللہ کے یہ حیرت انگیز فرامین نہیں پہنچے ایک جگہ اللہ رب العزت فرماتے ہیں۔ ترجمہ: لوگو! اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف سبقت کرو اور ایسی جنت کی طرف جس کا طول وعرض آسمان اور زمین کے طول وعرض کے برابر ہے۔ ایک اور مقام پر اللہ رب العزت ارشاد فرماتے ہیں۔ ترجمہ: ''دوڑ پڑو اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف اور ایسی جنت کی طرف جس کا عرض آسمان وزمین کے برابر ہے جو متقیوں کیلئے تیار کی گئی ہے'' ان آیتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤمن کو اللہ رب العزت کی جانب سے یہ تحریض صرف عارضی طور پر صلاح وتقویٰ پر آنے کی نہیں جیسا کہ ہمارے معاشرے کا حال ہے بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اللہ بندہ مسلمان کو اپنی چوکھٹ پر بٹھانا چاہتے ہیں کہ وہ اللہ رب العزت کا ایسا مطیع وفرمانبردار اور عاشق بن جائے کہ اللہ اس سے راضی ہوکر اسے سیدھا جنت میں جگہ دیدے۔

## (بقیہ: رمضان کا شکوہ مسلمانوں سے۔۔۔)

خدا تمہاری حالت پر رحم کرے۔ اللہ کریم ہر سال مجھے آپ کے پاس بھیجتا ہے مگر تم لوگ مجھ سے مستفید نہیں ہوتے۔ اپنی زندگیوں کو میرے بتائے ہوئے اصولوں میں نہیں ڈھالتے۔ تم لوگ خدا کو تو مانتے ہو اس کے رسول ﷺ کو بھی مانتے ہو لیکن خدا کی مانتے ہو نہ اس کے رسول ﷺ کی۔۔۔ اور پھر اپنے آپ کو مسلمان بھی کہلاتے ہو۔ خدارا! اپنے آپ کو دھوکہ نہ دو۔۔۔! ابھی بھی وقت ہے لوٹ آؤ۔۔۔ خدا جانے اگلے سال تم مجھے پاسکو گے یا نہیں۔!

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مسواک منہ کو بہت پاک وصاف کرنے والی اور اللہ کو بہت زیادہ خوش کرنے والی چیز ہے'' مسواک ایک ایسی سنت رسول ﷺ ہے جس کے طبی فوائد اور بہت سے امراض سے تحفظ کی اہمیت سے آج کے باشعور لوگ اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں۔ **بحوالہ کتاب: معالجات نبویؐ اور جدید سائنس' جلد 4**

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کھمبی من میں سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کیلئے شفا ہے۔ **(بخاری' نسائی' مسند احمد)** جدید سائنس کے مطابق کھمبی کا رس نکال کر اور خاص کر اسے بند دیگچی میں ڈال کر بھوننے پر اس وقت جو پانی اس میں سے نکلتا ہے' آنکھ میں ٹپکانے سے آنکھ کا جالا کٹ جاتا ہے۔ **بحوالہ کتاب: معالجات نبویؐ اور جدید سائنس جلد 3**

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

### یورک ایسڈ، جوڑوں کا درد گنٹھیا

**(محمد عرفان)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میرے دفتر کے ساتھی عبدالرزاق نے درج ذیل نسخہ خود بھی استعمال کیا اور کئی دوسرے لوگوں کو استعمال کروایا اور سب نے سو فیصد رزلٹ پایا۔ نسخہ میں شامل اجزا اور مقدار درج ذیل ہے۔

**ھوالشافی:** منقیٰ 50 گرام، بکھڑا 100 گرام، تخم خربوزہ 50 گرام، اناردانہ 50 گرام، تخم قرتم 50 گرام۔

**طریقہ استعمال:** درج بالا ہر چیز کو صاف کرکے اس کے سات سات حصے کرلیں پھر ہر حصے کو ملا کر سات پڑیاں بنالیں۔ روزانہ ایک پڑی لے کر رات کو ایک گلاس پانی میں بھگودیں۔ صبح کے وقت چند بار جوش دیں کہ پانی کی مقدار آدھا گلاس رہ جائے اور پھر اس پانی کو تازہ پانی جیسا ٹھنڈا کرکے نہار منہ استعمال کریں اور پھر سارا دن پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ مدت استعمال صرف سات دن یا جب تک آرام نہ آئے۔ **پرہیز:** ہر قسم کا گوشت، دال چنا، بادی اشیاء، تلی ہوئی اشیاء و بیکری کی اشیاء۔۔۔!

**آزمودہ علاج برائے احتلام و برے خواب:** سالوں سے آزمودہ اور مجرب علاج کہ رات کو سوتے وقت دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر اکیس مرتبہ یَامُھَیْمِنُ پڑھ کر سوجائیں۔ شیطانی چیز، وسوسہ، خیال جو کہ احتلام کا موجب ہوسکتے ہیں سب سے اللہ پاک کی ذات محفوظ رکھے گی اور کبھی بھی احتلام نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ عزوجل۔

### جادو ختم، کاروبار بہتر

**(عابد حسین، جہلم)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** گزشتہ کچھ عرصہ سے جادو کی بیماری میں مبتلا تھا، بہت سے لوگوں نے کہا لیکن میں نہ مانا، اسی دوران میری کمر میں بھی شدید تکلیف شروع ہوگئی، میرا کاروبار بالکل ختم ہوگیا، 2012ء کے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں میرا کمر کا درد شدید ہوگیا، آخری عشرہ بیٹھ کر بمشکل نماز پڑھی، میرا نقصان ہورہا تھا، مجھے پہلی دفعہ احساس ہوا کہ جادو بھی ہوسکتا ہے۔ میرے ایک دوست جن کا تعلق تلہ گنگ سے ہے۔ ان کو فون کیا، انہوں نے میری والدہ کا نام پوچھا تو میں نے بتایا۔ کہنے لگے پانچ منٹ کے بعد فون کرنا میں نے جب دوبارہ فون کیا تو کہنے لگے پرانا مسئلہ ہے، جادو ہے۔ کچھ سال پہلے کی بات ہے۔ ہمارے کھیت سے گوشت کے گیارہ ٹکڑے ملے تھے، اس وقت ہم گھر کے افراد بھی گیارہ تھے، دکان اور گھر پر جادو ہے۔ انہوں نے مجھے ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھنے کو کہا۔ پہلے ہی دن سے حیرت انگیز طور پر فرق محسوس ہوا۔ چالیس دن پڑھا، بہت زیادہ بہتری ہوگئی۔ دکان کا کام بھی بہت بہتر ہوگیا ہے۔

### خواتین کیلئے وظیفہ خاص

**(س، ش، بہاولپور)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** سب سے پہلے عبقری جیسا ماہنامہ نکالنے پر اور اس کی کامیابی پر مبارکباد دیتی ہوں۔ لاکھوں لوگ مستفید ہورہے ہیں اور آپ کو دعائیں دے رہے ہیں۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ عبقری کو اتنے سال ہوگئے ہیں لیکن مجھے اس بات کا افسوس رہے گا کہ یہ مجھے پہلے کیوں نہ ملا، میں نے صرف چار ماہ پہلے اپنے شوہر کے توسط سے پڑھنا شروع کیا جب سے شروع کیا جاننے والوں کو بھی پڑھنے کی ترغیب دی اور میں نے عبقری کی سابقہ فائلیں بھی منگوائی ہوئی ہیں ان کو پڑھتے ہوئے اچھا وقت گزر جاتا ہے۔ میں اپنا ایک مشاہدہ عبقری کے قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں، یقیناً قارئین اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور مجھے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

میرا بیٹا حمزہ شاہد سات سال بعد پیدا ہوا، ڈاکٹرز نے کہا تھا کہ اگر آپ ماں بنیں گی تو یہ ایک معجزہ ہوگا کیونکہ تمہاری دونوں سائیڈ کی ٹیوبیں گل کر ختم ہوگئی ہیں۔ ہر طرف سے مایوس ہوکر میں نے سوالاکھ دفعہ درود پاک اور سوالاکھ مرتبہ یَااَللّٰہُ یَاسَلَامُ پڑھا۔ بعد میں چیک کروایا تو ڈاکٹرز نے کہا تمہاری ٹیوبیں بالکل ٹھیک ہیں۔ اُسی سال اللہ نے بیٹے سے نوازا۔ محترم حکیم صاحب! میرا نام شائع مت کریں۔

### کالا و پیلا یرقان کیلئے لاجواب نسخہ

**(ملک محمد عمر فاروق، ڈیرہ غازیخان)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** میں آپ کا ماہنامہ عبقری کافی عرصہ سے پڑھ رہا ہوں۔ اس میں موجود ٹوٹکے اور وظیفے کرتا بھی ہوں اور لوگوں کو بتاتا بھی ہوں۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں جو وظیفے اور جو انہوں نے اپنی زندگی کے تجربات بتائے ان کی تحریریں پڑھ کر بہت کچھ حاصل ہوا۔

**محترم حکیم صاحب!** آپ سے پہلی ملاقات ملتان میں ہوئی تھی اس وقت میں روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان تھا آپ نے مجھے سورۂ فاتحہ کا درج ذیل عمل بتایا کہ جمعرات کی رات سوتے وقت 70 بار سورۂ فاتحہ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں، اول و آخر سات بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ دوسرے دن اسی وقت 60 بار پڑھیں۔ بس روزانہ ایسے ہی دس مرتبہ کم کرتے جائیں آخرکار بدھ کو دس مرتبہ پڑھیں۔ ہر بار اپنے مقصد کا تصور توجہ، دھیان اور گریہ زاری کریں۔ جمعرات کو پھر نیا ہفتہ اور سابقہ ترتیب کے ساتھ ستر مرتبہ یہ عمل کریں اور روزانہ اسی طرح دس مرتبہ کم کرتے جائیں۔ یہ عمل سات، چودہ یا اکیس ہفتے کریں۔ میں نے یہ عمل کیا، تقریباً چھ ماہ میں میری گورنمنٹ ملازمت ہوگئی۔ میں اور میرے گھر والے آپ کے بے حد مشکور ہیں، اللہ آپ کو صحت وتندرستی عطا فرمائے۔

**محترم حکیم صاحب!** میرے پاس ایک لاجواب آزمایا ہوا نسخہ کالا و پیلے یرقان کا ہے جو میں عبقری کے قارئین کو ہدیہ کررہا ہوں۔ **ھوالشافی:** نیم کے پتے آدھا پاؤ، ایک کلو پانی میں ڈالیں، اگر سردی ہو تو یہ پتے پانی میں ڈال کر شام کو انگاروں میں رکھ دیں، صبح معمول کا ناشتہ کرلیں، ناشتہ کے بعد نیم کے پانی کا ایک گلاس صبح، ایک گلاس شام کو پی لیں۔ **پرہیز:** صرف چاول۔ اگر گرمی ہو تو نیم کے پتے رگڑ کر چھان کر پی لیں، دن میں تین بار۔ چند ہفتے۔

نسخہ: مرغابی کی قسم کا جب سے زیادہ تیز رفتار ہے ایک عام اندازے کے مطابق اس کی پرواز کی رفتار 70.60 میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔ جب یہ مرغابیاں جھنڈ کی شکل میں اڑتی ہیں تو زمین پر دور دور تک ان کی آواز سنائی دیتی ہے۔ بعض اوقات ان کے شکاری کا دل دہل جاتا ہے۔ بحوالہ کتاب: جانوروں کے انوکھے حیرت انگیز دلچسپ واقعات

1۔ اگر کان دکھ رہا ہو تو ادرک کے عرق کو ہلکا سا گرم کرکے کان میں ڈالنے سے درد ختم ہوجاتا ہے۔ 2۔ پیاز کا عرق نکال کر کسی چھوٹی شیشی میں محفوظ کرلیں اور بوقت ضرورت کان کی تکلیف میں استعمال کریں۔ بحوالہ کتاب: خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی تجزیہ

**نسخہ نمبر 2 برائے یرقان:** تین کلو بورمبا کی جڑیں تازہ اکھاڑ کر ان کو صاف کریں‘ پھر اس کو ٹکڑے ٹکڑے کریں‘ تین کلو گندم کے دانے اور بورمبا کی جڑیں‘ چھ کلو پانی میں ڈالیں اور جب پانی سوکھ جائے اتار دیں اور دونوں کو کسی صاف جگہ پر نکال کر گندم علیحدہ کرلیں اور اس کو چھاؤں میں سکھائیں اور جب گندم اچھی طرح سوکھ جائے تو اس کو کسی برتن میں بھون لیں‘ جلانا نہیں‘ چاہیں تو دانوں کو کوٹ کر پھکی بنائیں‘ دن میں دوبار کھانا کھانے کے بعد۔ جڑیں ضائع کردیں۔ اس دوائی کے کھانے کے بعد تھوڑی سی چوری پندرہ منٹ کے بعد کھانی ہے۔ **نوٹ:** اس دوائی سے تقریباً تین سے پانچ دن تک دست ہونے کا خدشہ ہے‘ آپ بغیر گھبراہٹ کے استعمال کریں‘ شوگر کیلئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ **محترم حکیم صاحب!** یہ نسخہ مجھے میری ملازمت کے دوران ایک آدمی نے دیا اور اس کا خود کا بھی آزمودہ ہے اور اس نے ان لوگوں کو بھی دیئے جن کا میڈیکل فٹنس ان فٹ تھا جو سعودیہ‘ دبئی نہیں جاسکتے تھے۔ تقریباً 25 لوگوں کو دیئے اور وہ آج بیرون ملک میں ہیں۔

## اسم اعظم کا حصار

**(محمد زاہد‘ ٹبہ سلطان پور میلسی)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** یہ میرا کامیاب عمل ہے جس نے بھی کیا جس جس کو بتایا ان سب کو بہت فائدہ ہوا۔ عمل درج ذیل ہے:۔ اگر آپ کے گھر میں کسی کو جنات تنگ کرتے ہوں‘ گھر میں بچے روتے ہوں یا بچہ نہ سوتا ہو‘ گھر میں دشمن کے وار کا خطرہ ہو‘ راستے میں جاتے وقت جان کا خطرہ ہو‘ ہر طرح سے آپ کی حفاظت ہوگی‘ یہ عمل بہت طاقتور ہے‘ سابقہ عبقری کے رسالہ سے ملا تھا‘ آپ جس قبر پر پڑھیں گے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے قبر کا عذاب بھی رک جائے گا۔ اپنی حفاظت کیلئے آپ روزانہ صبح کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد ایک بار پڑھیں‘ اپنے چاروں طرف حصار کریں‘ عمل بہت کامیاب ہے‘ اسم اعظم ہے۔

**عمل:** ایک بار درود پاک پڑھیں‘ ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھیں‘ ایک بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور چاروں قل پڑھیں‘ آخر میں پھر ایک بار درود شریف پڑھیں اور اپنے چاروں طرف حصار کریں انشاء اللہ ہر شر پہنچانے والی چیز سے حفاظت ہوگی۔

## معدے کے امراض میں مبتلا ضرور پڑھیں!

**(محمد اسحاق)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور سلامتی والی زندگی عطا فرمائے جس طرح آپ دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں‘ اس کا اجر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی دیں گے۔ میں پچھلے کئی ماہ سے عبقری کا مطالعہ کررہا ہوں۔

عبقری قارئین کیلئے معدے کا ایک نسخہ حاضر خدمت ہے جو کہ میرے ایک بزرگ سے مجھے ملا ہے‘ یہ نسخہ میں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ **ھوالشافی:** ہلدی ایک پاؤ‘ میٹھا سوڈا ایک چھٹانک‘ نمک دو چھٹانک‘ نوشادر ایک چھٹانک۔ **خوراک:** ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی صبح وشام دیں۔ معدے کے تمام امراض کیلئے مفید ہے لیکن جن احباب کے معدے میں زخم ہوں ان کو نہ دیا جائے۔ **ساقط حمل کا علاج:** وہ بہنیں اور بیٹیاں جن کا حمل ساقط ہوجاتا ہو وہ یہ مفت کا نسخہ استعمال کریں‘ انشاء اللہ مایوسی نہ ہوگی۔ **ھوالشافی:** گیرو 3 ماشہ دن میں چار دفعہ ہمراہ تازہ پانی یا دودھ صرف ایک ہفتہ استعمال کریں۔ ساتھ ساتھ سرکار دو عالم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود کی کثرت کریں اور مراد حاصل کریں۔

## درود شریف سے معجزہ

**(گلزار احمد‘ گوجرانوالہ)**

میں ایک ادارہ میں منیجر ہوں۔ پچھلے دنوں میرے پاس ایک آدمی آیا۔ وہ سرائے عالمگیر کا رہنے والا تھا‘ وہ مجھ سے اپنے کچھ کاغذات لینے آیا تھا میں نے کہا آپ کو تو کئی سال پہلے کاغذات واپس لے لینے چاہیے تھے آپ اتنی دیر سے کیوں آئے؟ اس نے بتایا کہ اس کی نظر بند ہوگئی تھی۔ وہ مکمل طور پر نابینا ہوگیا تھا۔ بہت سارے ڈاکٹروں کو چیک کروایا تقریباً 35 ڈاکٹرز کی رائے تھی کہ نظر مکمل اور ہمیشہ کیلئے ختم ہوچکی ہے۔ میری دنیا تاریک ہوگئی‘ کاروبار ختم ہوگیا‘ میں گھر تک محدود ہوگیا‘ بیوی یا بیٹا مجھے روٹی کھلاتا۔ باتھ روم میں لے کر جاتا‘ میں کچھ بھی نہ کرسکتا تھا۔ میں تاریک دنیا کا مسافر بن چکا تھا‘ جس کو ڈاکٹروں نے بھی مایوس کردیا تھا۔

پھر مجھے کسی نے کہا تم درود شریف پڑھا کرو‘ میں نے درود ابراہیمی پڑھنا شروع کردیا‘ میرے لیے دن رات برابر تھے‘ نہ اخبار‘ نہ ٹی وی‘ نہ کاروبار‘ نہ سیر‘ نہ تفریح‘ نہ دوستیاں‘ نہ گپ شپ۔۔۔ میں سارا دن صرف درود شریف پڑھتا رہتا‘ دن رات‘ جاگتے سوتے‘ وضو بے وضو‘ بلاتعداد‘ بے حساب۔۔۔ بس میں تھا اور درود شریف تھا۔

پھر ایک دن مجھے روشنی سی محسوس ہوئی‘ میں نے بیوی کو بتایا اس نے کہا درود شریف ہی پڑھتے رہیں۔ دوسرے دن میری دنیا مکمل طور پر روشن ہوگئی‘ مجھے سب کچھ نظر آرہا تھا۔ نہ دم‘ نہ دوا‘ نہ ٹیکا نہ ٹانکا۔۔۔ درود شریف نے میری دنیا روشن کردی۔ آج میرا کاروبار بھی ہے‘ سفر بھی کرتا ہوں‘ اخبار بھی پڑھتا ہوں‘ عینک کی بھی ضرورت نہیں۔۔۔ اللہ کو یاد کریں‘ اللہ کا ہوکر پھر دیکھیں ہر اسم اسم اعظم ہوگا۔

## ہزاروں کا آزمایا شوگر کا کامیاب نسخہ

**(محمد طاہر فاروق‘ مظفر گڑھ)**

**محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** تقریباً عرصہ تین سال سے آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہا ہوں اور آپ کی کتب بھی لے رکھی ہیں لیکن آپ کو خط پہلی دفعہ لکھ رہا ہوں اور یقیناً آج کے اس دور میں لوگوں کی بھلائی اور رہنمائی کرنا کسی عام آدمی کے بس کا کام نہیں بلکہ ایک نیک دل‘ سخی اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے کا کام ہے۔ **محترم حکیم صاحب!** ایک نسخہ عبقری کے قارئین کیلئے جو کہ شوگر کیلئے ہے اور ایسے شخص سے یہ نسخہ ملا ہے جس کی ساری عمر بڑے بڑے ڈاکٹروں اور حکیموں کے ساتھ گزری ہے جب حضرت حکیم صاحب کچھ نہیں چھپاتے تو ہم کیوں چھپائیں؟ نسخہ یہ ہے۔ **ھوالشافی:** دار چینی ایک انچ کا ٹکڑا‘ موٹی الائچی ایک عدد‘ چائے دانے دار ایک چھوٹا چمچہ‘ دیسی گھی ایک چمچ‘ پانی ڈیڑھ پاؤ۔ سب چیزیں ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں یہاں تک کہ پانی آدھ پاؤ رہ جائے‘ اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے دیں اور آخر میں شہد کا چمچ ڈال دیں اور پی لیں‘ سوتے وقت استعمال کریں۔ اس شخص کا دعویٰ ہے کہ شوگر جتنی بھی زیادہ ہو وہ صبح بالکل نارمل ہوچکی ہوگی۔

**(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)**

اور میری بہن نے صرف دوبار ہی روحانی محفل کی تھی کہ اللہ کے کرم سے اب ہمارے ابو چلنے پھرنے کے قابل ہوگئے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میں آپ کو بتا نہیں سکتی کہ یہ ہمارے لیے کتنی خوشی کی بات ہے۔ اللہ آپ کو اس کا اجر دے۔ (آمین) **(بنت ملک تیمور خان‘ کوہاٹ)**

## جانوروں کی حفاظت اور برکت کیلئے دم

بعض اوقات گائے‘ بھینسوں کو نظر بد لگ جاتی ہے یا حاسدین کالے علم کے تعویذ وغیرہ کروا دیتے ہیں تو جانوروں میں بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں اور ان کے دودھ میں کمی ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ ان سب عوارضات سے بچاؤ کیلئے سات مرتبہ سورۂ تغابن مع اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرلیں اور اس پانی کا جانوروں پر چھڑکاؤ بھی کریں اور یہ دم والا پانی دوسرے پانی میں ملا کر انہیں پلاتے رہیں۔ ایک ہفتے میں دو تین بار یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ جانور بیماریوں سے محفوظ بھی رہیں گے اور ان میں برکت بھی ہوگی۔ **(محمود فرمان‘ شرقپور)**

انڈے کی سفیدی کا ماسک: ایک انڈے کی سفیدی کو پھینٹ لیں اور اسے چہرے پر لگا لیں اگر چاہیں تو ایک چمچ لیموں کا رس شامل کرلیں پندرہ منٹ بعد دھولیں آپ خود واضح فرق محسوس کریں گی۔ بحوالہ کتاب: خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز

مشتاق نے لکھا ہے جو سورۃ فاتحہ کو ایمان اور یقین کی طاقت کے ساتھ پڑھے گا وہ ہر بیماری سے شفا پائے گا۔ بیماری روحانی ہو یا جسمانی ہو ظاہری ہو یا باطنی ذہنی ہو یا جسمانی ان سب بیماریوں سے شفا پائے گا۔ بحوالہ کتاب: خطبات عبقری جلد 2

# عید سے پہلے لیں گوری رنگت کا راز

سعدیہ شریف

داغوں کو دور کرنے کیلئے بھنی ہوئی پھٹکڑی میں چنبیلی کا تیل ملا کر کریم سی بنالیں اور رات کو سوتے وقت چہرے پر اس کی مالش کریں اور صبح کو کسی اچھے صابن سے دھولیں۔ یہ ایک بہترین سکن ٹریٹمنٹ ہے جو داغ دھبوں کو یکسر ختم کر دیتا ہے۔

میلانن مادے کی تیاری میں کمی کر کے گوری اور خوبصورت رنگت حاصل کی جاسکتی ہے۔ رنگت کو خوبصورتی جانچنے میں اہم مقام حاصل ہے، لڑکیاں لڑکے اور مرد، خواتین کی ایک بڑی تعداد رنگ گورا کرنے والے مختلف قسم کے لوشن، کریمیں اور صابن وغیرہ طویل عمر تک اپنی جلد پر لگاتے رہتے ہیں جو اکثر و بیشتر بے کار ثابت ہوتے ہیں اور اگر فائدہ ہو تو بھی چند گھنٹوں بعد رنگت پھر ویسی اپنی جگہ آجاتی ہے، لہٰذا سیاہ رنگت کے تدارک سے پہلے ہم اس مسئلے کی وجہ معلوم کرتے ہیں کہ رنگ سیاہ کیوں ہوتا ہے تاکہ اس کے مطابق مسئلے کو حل کیا جائے۔

طویل میڈیکل ریسرچ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جلد کی گہرائی میں واقع خلیات میلانن، نامی ایک مادہ تیار کرتے ہیں، میلانن دراصل قدرت کی طرف حفاظتی تدبیر ہے، یہ مادہ جلد کو سورج کی شعاعوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے جب بھی سورج کی تیز شعاعیں جلد پر پڑتی ہیں تو میلانن کی تیاری میں اضافہ ہوجاتا ہے اور یہ تیاری ہونے کے بعد جلد کی گہرائی سے نکل کر اوپری سطح پر آجاتے ہیں کیونکہ میلانن مادے کی رنگت سیاہ ہوجاتی ہے۔ لہٰذا جلد کی رنگت بھی سیاہ پڑ جاتی ہے جبکہ گوری جلد میں میلانن کے نیچے سے اوپر منتقلی رک جاتی ہے چنانچہ جلد سیاہ نہیں ہوتی۔ بعض حساس قسم کی جلدوں میں یہ بہت تیزی سے ہوتا ہے چنانچہ اگر ایسے افراد شدید دھوپ میں مستقل رہیں تو ان کی جلد بھی تیزی سے کالی پڑنے لگتی ہے کچھ افراد کی جلد میں میلانن نیچے سے اوپر سطح تک آنے میں بتدریج تباہ ہوجاتا ہے۔

اس طرح یہ نقصان ہوتا ہے کہ جلد پر سورج کی شعاعوں کے مضر اثرات رونما ہونے لگتے ہیں اور مختلف جلدی امراض کا خطرہ بڑھ جاتا ہے بعض اوقات جلد کے اندر میلانن کی تیزی اور اس کی اوپری سطح پر منتقلی کی راہ میں پیتھالوجیکل مسائل بھی حائل ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے جلد پر سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں کیونکہ سورج کی روشنی میں میلانن زیادہ ہوتا ہے لیکن جب جلد کی بیرونی سطح پر جانے میں اسے رکاوٹ ہوتی ہے تو یہ جلد پر دھبوں کی صورت میں نمودار ہوتا ہے اور اگر اس کے باوجود احتیاط نہ کی جائے اور شدید دھوپ میں کالج جایا جائے تو یہ دھبے اور بھی گہرے اور پکے ہوجاتے ہیں مذکورہ سطور میں سیاہ رنگت کی وجہ سے میلانن کا کردار سامنے آتا ہے جو جلد کی حفاظت کیلئے ضروری تو ہے مگر اس کی زیادہ سیاہ رنگت کا سبب بن جاتی ہے۔ سیاہ رنگت کے تدارک میں سب سے زیادہ اہمیت اس بات کو حاصل ہے کہ مختلف طریقوں سے میلانن کی تیاری میں کمی کر دی جائے۔ یہ بات مشاہدے میں آتی ہے کہ بعض افراد کی جلد پیدائشی طور پر سلونی یا سیاہ ہوتی ہے کچھ افراد کی جلد وقت کے ساتھ سیاہی مائل ہوتی جاتی ہے اور بعض افراد ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان کی جلد پیدائشی طور پر صاف رنگت کی حامل ہوتی ہے اور وقت اور دھوپ وغیرہ کا بھی جلد پر کوئی خاطر خواہ اثر نہیں ہوتا، ایسے افراد میں جلد کے خلیات میلانن کی تیاری بہت کم کرتے ہیں لیکن ایسے افراد کی جلد سورج کی شعاعوں سے زیادہ متاثر ہوتی ہے اور انہیں جلدی امراض کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، بہرحال سیاہ رنگت چاہے پیدائشی ہو یا وقتی اس میں سب سے اہم تو یہ ہے کہ سورج کی شعاعوں سے عکس ممکنہ حد تک خود کرنوں کو روکنے والی حفاظتی اشیاء، سن سٹروک لگا کر باہر جائیں۔ سن اسکرین کی دواؤں کا انتخاب کرتے وقت ان باتوں کا خیال ضرور رکھیں کہ وہ سورج کی شعاعوں کو مؤثر ثابت ہوں۔

اگر درج بالا احتیاطوں کے ساتھ ساتھ کچھ کارآمد نسخے بھی آزما لیے جائیں تو آپ اپنی نازک جلد اور خوبصورتی کو ہمیشہ برقرار رکھ سکتے ہیں۔ ناقص خوراک اور خوراک کی کمی کی وجہ سے داغ دھبے نمودار ہوجاتے ہیں۔ ان داغوں کو دور کرنے کیلئے بھنی ہوئی پھٹکڑی میں چنبیلی کا تیل ملا کر کریم سی بنالیں اور رات کو سوتے وقت چہرے پر اس کی مالش کریں اور صبح کو کسی اچھے صابن سے دھولیں۔ یہ ایک بہترین سکن ٹریٹمنٹ ہے جو داغ دھبوں کو یکسر ختم کر دیتا ہے۔

**رنگت کے نکھار کیلئے:** جلد کی ہفتہ وار صفائی بہت ضروری ہے۔ اس رمضان میں صرف چار بار فیس ماسک سے جلد کو صاف کریں اور عید والے دن پائیں رنگت کا عجب نکھار۔ تقریباً تمام جلدی امراض کے ماہر اس سے متفق ہیں کہ فیس ماسک چہرے کی تمام کثافتوں کو دھوڈالتا ہے اور آپ کی جلد بے داغ اور ہر قسم کے نقص سے پاک ہوجاتی ہے۔ چہرے کیلئے گلاب کا عرق، گلیسرین اور لیموں کا رس بہترین ٹانک ہے۔

**آپ کی گردن:** چہرے کے بعد گردن کا نمبر آتا ہے، گردن پر بھی اتنی ہی توجہ کی ضرورت ہے جتنی کے چہرے پر۔۔۔ اکثر خواتین حسن کے اس اہم مرکز کو بھول جاتی ہیں۔ چہرے کے ساتھ ساتھ گردن کا خوب صورت ہونا بھی ضروری ہے۔ گلاب کا عرق، گلیسرین اور لیموں کا آمیزہ گردن کیلئے بھی بے حد مفید ہے۔ رات کو سونے سے پہلے اس ٹانک سے گردن پر اتنی دیر تک مالش کریں جب تک یہ آمیزہ جلد میں جذب نہ ہوجائے۔ یہ عمل ہفتے میں تین بار کریں۔ اس عمل سے گردن کے حسن میں اضافہ بھی ہوتا ہے اور گردن کی جلد صاف و شفاف ہوجاتی ہے۔ چہرے کے عضلات اور جلد بہت نازک ہوتی ہے اس کے ساتھ ہمیشہ نازک برتاؤ کرنا چاہیے ہمارے ہاں کے موسموں کی شدت کا اثر چہرے کی جلد پر خاص طور پر پڑتا ہے اس لیے موسموں کے ردوبدل میں اس کی حفاظت ضروری ہوتی ہے۔ چہرے کی کلینزنگ جدید اصولوں کے مطابق اب ہر بیوٹی پارلر پر کی جاتی ہے بلکہ اب پڑھی لکھی خواتین اپنے گھر پر انہی طریقہ کار کے مطابق کلینزنگ کرتی ہیں۔

**چہرے کی کلینزنگ:** اس کیلئے چہرے پر اچھی طرح میک اپ ریموور لگائیں اور نیچے سے اوپر کی جانب مساج کریں۔ آنکھوں کے قریب عضلات خاص طور پر نازک ہوتے ہیں جب آپ کے ہاتھ گردن تک پہنچیں تو ان کی حرکت اوپر سے نیچے کی طرف کریں۔ پانچ منٹ کے مساج کے بعد چہرے کو ٹشو سے تھپتھپائیں تاکہ زائد کریم صاف ہوجائے۔ ایسا کرتے ہوئے بھی ہاتھوں کی جنبش مساج کی مانند نیچے سے اوپر کی طرف ہونی چاہیے، جلد کو رگڑیں نہیں۔ میک اپ اتارنے کیلئے کلینزنگ لوشن استعمال کریں۔ اس مقصد کیلئے تین چار بار کلینزنگ لوشن لگا کر روئی کے پیڈ کے ساتھ صاف کریں۔ جب تک میک اپ بالکل صاف نہ ہوجائے اس وقت تک روئی کا پیڈ تبدیل کرتے رہیں۔ آنکھوں کا میک اپ صاف کرنے کیلئے روئی کا چھوٹا پیڈ لیں۔ میک اپ ریموور میں ڈبو کر آنکھیں صاف کریں۔ آنکھ کے کونے سے ناک کے پل کی طرف ہاتھوں کو جنبش دیں۔ جلد کی نگہداشت کا روزمرہ کا معمول ہونا چاہیے۔ صبح کے وقت کلینزنگ لوشن کو روئی پر لگا کر چہرہ صاف کریں۔ پھر چہرے پر پانی کے چھینٹے ماریں اور نرم تولیے سے چہرہ تھپتھپائیں۔ اب موسچرائزر لگائیں۔ دس منٹ کے بعد میک اپ کریں۔

چلڈرن سیرپ: پیچش، پتلے دست، قے، متلی، فوڈ پوائزنگ اور ہیضہ کیلئے ایک خوش ذائقہ سیرپ' نومولود بچوں کو اسٹیرائیڈ اور اینٹی بائیوٹک ادویات سے بچائیں' دیسی اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا شفاء بخش مرکب استعمال کروائیں۔

# مشروب عبقری افزأ سے لطف اندوز ہونے والے۔۔۔!!!

**سخت پیاس فوری ختم:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی پیاس کے ہاتھوں سخت پریشان تھا' جتنا مرضی پانی پی لوں' شربت پی لوں' کولڈ ڈرنکس پی لوں پیاس تھی کہ مٹنے کا نام ہی نہ لیتی۔ مگر۔۔۔!!! جب میں نے مشروب عبقری افزاء کا تعارف پڑھا اور ایک بوتل مشروب عبقری کی لے آیا۔ یقین جانیے حکیم صاحب! ابھی آ کر میں نے صرف ایک ہی گلاس پیا تو ایسے لگا جیسے جلتے ہوئے کوئلوں پر کسی نے ٹھنڈا پانی ڈال دیا ہو۔ مجھے اتنا سکون آج تک نہ ملا تھا۔ پچھلی گرمیوں میں مجھے پیاس کی وجہ سے کوئی پریشانی نہ ہوئی اور الحمدللہ اس بار بھی مشروب عبقری افزاء ہر وقت میرے ساتھ ہوتا ہے' اب تو میں ایک بوتل گھر میں رکھتا ہوں اور ایک بوتل اپنے دفتر میں۔۔۔ **کمزور اور نڈھال بچوں کو بنائیے چست و پہلوان:** میں اپنے بچوں کی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھی' جو مرضی دے دو کھاتے ہی نہ تھے' عبقری میں مشروب عبقری کا تعارف پڑھ کر ایک بوتل منگوائی۔ پہلے دن اپنے بچوں کو مشروب عبقری افزاء ایک گلاس میں ڈال کر دیا۔ مجھے یقین نہ آیا کہ میرے بیٹے نے پہلے ڈرتے ڈرتے تھوڑا سا پیا اور پھر۔۔۔ پورا گلاس غٹا غٹ پی گیا۔ آج تک میرے بیٹے پورا گلاس دودھ نہ پیا تھا۔ ناشتے میں بھی سلائس پر تھوڑا سا مشروب عبقری افزاء لگا کر دیا تو میرا بیٹا بڑے مزے سے دو سلائس ڈبل روٹی کے کھا گیا۔ الحمدللہ! اب میرا بیٹا پچھلے سال سے اس سال کافی زیادہ چست و چالاک اور صحت مند ہے۔ **مشروب عبقری پی کے "ٹھنڈ پے گئی": محترم حکیم صاحب السلام علیکم!** حکیم صاحب! ہم نے گھر ڈبل سٹوری کرنا تھا تو اس سلسلے میں گھر میں مزدور کام کر رہے تھے' سخت گرمی کے دن تھے۔ ایک دن میں نے صبح کے وقت انہیں ایک ایک گلاس مشروب عبقری کا پلا دیا۔ شام کو جاتے ہوئے کہنے لگے کہ آج صبح آپ نے ہمیں کونسا شربت پلایا ہے' ہمیں سارا دن دھوپ میں کام کرنے کا پتہ ہی نہ چلا' نہ ہی پیاس لگی' صحیح پوچھیں تو وہ شربت پی کے "جسم وچ ٹھنڈ پے گئی سی"۔ **خون کی کمی فوراً ختم:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج آپ کو مشروب عبقری افزاء کا ایک کرشمہ بتانا چاہتا ہوں۔ ہوا یوں کہ ہماری ایک رشتہ دار کو زچگی کے چند دن بعد خون کی شدید کمی ہو گئی' ڈاکٹرز نے کہا کہ ان کو دو بوتلیں خون کی لگوائیں یا چند دن ادویات استعمال کروائیں۔ مجھے جب پتہ چلا تو میں نے فوراً گھر سے مشروب عبقری افزاء بوتل کی اٹھائی اور ان کے گھر جا کر ان کو بتایا کہ ان کو نیم گرم دودھ میں دو چمچ بڑے مشروب عبقری کے ڈال کر چند دن پلائیں۔ (یہ واقعہ موسم سرما کا ہے) ابھی انہوں نے صرف دو بوتلیں ہی مشروب عبقری کی استعمال کیں اور وہ میری رشتہ دار بالکل ہشاش بشاش اور مکمل فٹ ہو گئیں۔ **دوران حمل کمزوری بالکل ختم:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! جن دنوں میں امید سے تھی تو دوران حمل مجھے بہت زیادہ کمزوری محسوس ہوتی۔ میں نے اس کمزوری کو دور کرنے کیلئے دودھ میں مشروب عبقری ڈال کر پینا شروع کر دیا' کچھ دن ہی استعمال کیا تو میری حمل کی کمزوریوں کے علاوہ اعصابی کھچاؤ' پٹھوں اور اعصاب کا تناؤ' نسوانی مسائل بالکل ختم ہو گئے۔ **لیکوریا سے نجات:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں لیکوریا کی دائمی مریضہ تھی' جگہ جگہ سے اشتہاری ادویات کھا کھا کر تنگ آ چکی تھی' ایک دن اسی نامراد بیماری کا ذکر اپنی سہیلی سے کیا تو اس نے مجھے مشروب عبقری افزاء استعمال کرنے کو کہا اور ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری کا ایڈریس بھی دیا' میں نے بھائی کو بھیج کر وہاں سے مشروب عبقری افزاء منگوا کر صرف تین بوتلیں دودھ میں اور پانی میں بنا بنا کر استعمال کیں تو میرا سالوں پرانا لیکوریا صرف ان تین بوتلوں نے ٹھیک ہو گیا اور میری صحت بھی پہلے بہت بہتر اور چہرے پر رونق آ گئی ہے۔ **ڈیپریشن سے نجات:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں ڈیپریشن کا مریض تھا' رات کو جب تک نیند کی گولی نہ کھاتا مجھے نیند نہ آتی' کسی نے مشروب عبقری افزاء کا بتایا' مشروب گھر لا کر استعمال کرنا شروع کر دیا صرف دو ماہ مسلسل استعمال سے مجھ سے ڈیپریشن کی بیماری ایسے ختم ہوئی جیسے مجھے کبھی یہ بیماری تھی ہی نہیں۔ **مردانہ امراض کا آخری حل:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی جب بھی آتی میرے لیے بے چینی' بے قراری' گھبراہٹ لے کر آتی' گرمیوں میں میرے چہرے کا رنگ سیاہ ہو جاتا' قے' بخار' دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی اور آنکھوں کے گرد حلقے پڑ جاتے' ہاتھ پاؤں میں جلن ہوتی' پیشاب میں پیپ آتی' قطرے اور مثانے کی گرمی نے مجھے نڈھال کر دیا تھا۔ پھر مجھے میرے ایک دوست نے مشروب عبقری افزا کے استعمال کا مشورہ دیا' مجھے تو پہلے یقین نہ آیا میں یہی سمجھا یہ بھی دوسرے لال شربتوں کی طرح کیمیکل سے بھرا یک شربت ہے لیکن جب میں نے اس کو استعمال کرنا شروع کیا تو جیسے جیسے دن گزرتے گئے میرے چہرے پر رونق آتی گئی' میں جب پہلے صبح اٹھتا تھا تو جسم ٹوٹا ٹوٹا رہتا تھا لیکن مشروب عبقری کے استعمال کے بعد میں صبح بالکل ہشاش بشاش اٹھتا' تقریباً چھ ماہ مسلسل استعمال کرنے کے بعد میرے جگر مثانے کی گرمی اور ہاتھ پاؤں کی جلن بالکل ختم ہو گئی اور اللہ نے مجھے مشروب عبقری افزا سے صحت و تندرستی اور نئی زندگی دی۔ **اس کے علاوہ محترم حکیم صاحب!** میری بہن کے چہرے پر دانے اور کیل مہاسے تھے اس کے علاج کیلئے میں خود اس کو کریمیں لا کر دیتا مگر کوئی فائدہ نہ ہوتا۔ میری بہن نے بھی مشروب عبقری افزا کچھ عرصہ استعمال کیا تو اس کے چہرے پر کیل' مہاسے اور دانوں کا اب ہمیشہ کیلئے خاتمہ ہو چکا ہے۔ **گردوں کے امراض:** محترم حکیم صاحب! میرے گردے میں پتھری تھی' جس کی وجہ سے مجھے نہ رات کو چین نہ دن کو سکون تھا' ہر وقت ہلکی یا شدید درد نے میرا جینا محال کر رکھا تھا' مختلف ادویات کھا رہا تھا مگر فائدہ صرف وقتی ہوتا' جب میں نے مشروب عبقری افزاء کا تعارف پڑھا اور گھر لا کر دن میں کم از کم اس کے 8 گلاس پیئے تو صرف پندرہ دن کے اندر اندر میری پتھری ٹوٹ کر پیشاب کے راستے خارج ہو گئی اور الحمدللہ اب میں صحت مندانہ زندگی گزار رہا ہوں۔ **دل کے امراض:** محترم حکیم صاحب السلام علیکم! سات سال پہلے میرا دل کا بائی پاس ہوا اور تب سے لے کر اب تک میں ادویات کھا رہا ہوں' ان ادویات کی وجہ سے ہر وقت میرے دل کی دھڑکن تیز رہتی' ذرا سا چلنے سے سانس پھول جاتا' سینے میں جلن اور موشن لگ جاتے۔ ایک دن میرے بیٹے نے مجھے مشروب عبقری افزاء لا کر دیا اور اس کے فوائد بتائے تو میں نے اسے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ چھ ماہ سے مسلسل مشروب عبقری افزا استعمال کر رہا ہوں اور خود کو پہلے سے بہت زیادہ بہتر محسوس کر رہا ہوں' اب نہ سینے میں جلن ہوتی ہے نہ چلنے سے دل کی دھڑکن بڑھتی ہے اور نہ ہی سانس پھولتا ہے۔ جسم بالکل ہلکا پھلکا ہو گیا ہے۔

0332-7552384 عبقری براہ راست لاہور سے پائیں

شجاع آباد: ادویات وکتب کیلئے حسن دار الشفاء 0300-2539685

خون صفا: خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر قسم کی بیماری کا شافی اور آسان علاج' نکھری نکھری بے داغ جلد کیلئے ملتان کی سابقہ ایجنسی ختم: ادویات کیلئے 0300-8632292۔ رسالہ کیلئے: 0300-6301461